"O My Lord, Increase Me In Knowledge."

*( Holy Qur'an, 20:115)*

# TA'LIM SYLLABUS

(February 2024 to January 2026 - 6 Terms)

LAJNA IMA'ILLAH UK

# Contents


| | |
|---|---|
| **Lajna Ima'illah Pledge (English)** | **2** |
| **Lajna Ima'illah Pledge (Urdu)** | **3** |
| **Salutation & Abbreviations** | **4** |
| **Message from Sadr Sahiba Lajna Ima'illah UK** | **5** |
| **Message from Secretary Ta'lim Lajna, UK** | **7** |
| **Introduction to the Ta'lim Syllabus** | **9** |
| **Syllabus Term 2 - February 2024 to May 2024** | **27** |
| **Syllabus Term 3 - June 2024 to September 2024** | **82** |
| **Syllabus Term 1 - October 2024 to January 2025** | **145** |
| **Syllabus Term 2 - February 2025 to May 2025** | **197** |
| **Syllabus Term 3 - June 2025 to September 2025** | **244** |
| **Syllabus Term 1 - October 2025 to January 2026** | **293** |

# LAJNA IMA'ILLAH PLEDGE

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

I bear witness that there is none worthy of worship except Allah. He is the One and has no partner. And I bear witness that Muhammad (saw) is His servant and His Messenger.
I affirm that I shall always be ready to sacrifice my life, property, time and children for the cause of faith and nation. I shall always adhere to truth and shall always be prepared to make every sacrifice for the perpetuation of the Ahmadiyya Khilafat.
Insha 'Allah

# عہد لجنہ اِماء اللہ

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

میں گواہی دیتی ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ۔ وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور میں گواہی دیتی ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔

میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنے مذہب اور قوم کی خاطر اپنی جان، مال، وقت اور اولاد کو قربان کرنے کے لئے ہر دم تیار رہوں گی۔ نیز سچائی پر ہمیشہ قائم رہوں گی اور خلافتِ احمدیہ کو قائم رکھنے کیلئے ہر قربانی کے لئے تیار رہوں گی۔

ان شاء اللہ

# SALUTATION & ABBREVIATIONS

**Lajna members are advised to recite the full salutations when reading the syllabus. The following abbreviations have been used in the syllabus.**

**SAW** An abbreviation for *Sallallahu alaihi wa sallam* meaning, May peace and blessings of Allah be upon him, is written after the name of the Holy Prophet[sa]

**AS** An abbreviation for *Alaihissalam* meaning, May peace be upon him /her is written after the name of Prophets other than the Holy Prophet Muhammad[sa] and pious women prior to the era of the Holy Prophet Muhammad[sa]

**RA** An abbreviation for *Radiallahu anhu/anha/anhum*, meaning, May Allah be pleased with him/her/them, is written after the names of Companions of the Holy Prophet[sa] and Companions of the Promised Messiah[as]

**RH** An abbreviation for *Rahimullah*, meaning, May Allah have mercy upon him, is written after the names of deceased pious Muslims who are not Companions.

**NB.** Whilst every effort has been made to be consistent in the use of spellings/salutations in this syllabus; readers may come across some which are written differently. Such as (saw) for (SA) and Hadhrat/Hudur for Hazrat/Huzoor. This is because some references and books have been quoted in the syllabus which were published before these were standardised.

بسم الله الرحمن الرحيم

In the name of Allah the Gracious, the Merciful

# LAJNA IMAILLAH UK

## Ahmadiyya Muslim Women's Association

My Dear Sisters — January 2024

*Assalamo Alaikum Wa Rahmatullahe Wabarakatuhu*

*Alhamdolillah* Alhamdolillah the Lajna Imaillah UK Talim Department has prepared the syllabus for the next two years. The components of the syllabus are based, as always, on the Holy Quran, Ahadith, writings of the Promised Messiah[as] and history of Islam.

One of the founding principles of the establishment of Lajna was the increase in knowledge and the spread of knowledge. This syllabus is a foundation on which we can build throughout the year. It is convenient to have the syllabus in a printed format where all the material is in one easily accessible place. However now access to a wide range of literature is available at everyone's fingertips but we must consciously make time in our busy daily lives to use our electronic devices for this purpose too. You can start by spending ten minutes to read a book of the Promised Messiah[as] or the syllabus everyday and then gradually increase the time. Things which are done consistently however small will ultimately provide benefit. The Holy Prophet[saw] understood human nature long ago and said,

"Allah loves deeds which are done regularly, be they only a few." (Sahih al-Bukhari)

Other ways of accessing religious knowledge is to watch or listen to Huzoor[aba]'s Friday Sermons, 'This week with Huzoor', other interesting programmes on MTA as well as audio books and Voice of Islam radio. The Lajna Imaillah UK website also has many new books for Lajna and Nasirat which you can read and gain knowledge from.

The second century of our beloved Lajna Imaillah has begun and our goals have been set. Huzoor[aba] has said that Ahmadi women must not be content unless 100% of Lajna members reach the highest standards of worshipping Allah and strive to spread the teachings of Islam. Huzoor[aba] stressed: "You cannot rest easy until all members of Lajna seek to convey Islam's teachings and fulfil their duties to ensure the moral and spiritual training of the next generation. Only when you reach such heights will you have fulfilled your objectives…"

Aiwan-e-Nusrat Jahan (Head Office) Unit B1, Endeavour Place, Coxbridge Business Park, Farnham, GU10 5EH
+44(0)1252717255 info@lajnauk.org www.lajna.org.uk

Charity Number: 1189468

May Allah enable us all to excel in every type of education that is beneficial for humanity and enables us to fulfil our duty to impart knowledge to our next generation so that we can not only build a heaven for them in the afterlife but a heaven on earth.

Wasalam,

Khaksar

Qurratul-Ain Anni Rehman

Serving as Sadr Lajna Imaillah UK

# Introduction to the Ta'lim Syllabus

## The Importance of seeking knowledge

وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

'O my Lord, increase me in knowledge.' (Holy Quran, 20:115)

My Dear Sisters January 2024

*Assalamo Alaikum Wa Rahmatullahe Wabarakatuhu*

This year the Talim syllabus includes a study programme with a selection of different components from the beautiful teachings of Islam to help us further enhance our religious knowledge and understanding.

Hadrat Anas bin Malik[ra] narrated that the Holy Prophet[saw] said:

'It is the duty of every Muslim to seek knowledge. (*Ibn Majah)*

Another Hadith of the Holy Prophet[saw] carries the statement:

'The learned who are also pious constitute the greatest good of my people.'

(ابن ماجه افتتاح الكتاب - باب فضل العلماء و الحث على طلب العلم)

The Holy Prophet[saw] said that it is a fine act of charity when a Muslim seeks knowledge and then teaches it to another Muslim and that when people have knowledge of something they should impart it to others.

The Promised Messiah[as] has stated:

"Knowledge and wisdom are a treasure that is superior to all riches. All material wealth is perishable, however, knowledge and wisdom do not perish".

(*Malfoozat* [Urdu], Vol. 7, p. 209)

In his Friday Sermon of 18th June, 2004, beloved Huzur[aba] expounded on the significance Islam lays on seeking knowledge. Huzur[aba] explained that when the Quranic verse *'Rabbi zidni Ilma'* (O my Lord! Increase me in knowledge) (20:115) was revealed to the Holy Prophet[saw] he was around the age of 55-56 years, which signifies that there is no age limit or time span set for seeking knowledge. Indeed, the Holy Prophet[saw] enjoined that man should seek knowledge from childhood till old age.

Beloved Huzur[aba] said it is Allah's Promise to the followers of the Promised Messiah[as] that He would grant them knowledge and cognisance, therefore it is the duty of all Ahmadis to work extra hard to acquire knowledge. Huzur[aba] drew attention to the treasure of the books by the Promised Messiah[as] and the wealth of spiritual knowledge they contain.

(Friday Sermon 18th June 2004 https://www.alislam.org/friday-sermon/2004-06-18.html)

May Allah Almighty enable us to enhance and strengthen our religious knowledge in accordance with the beautiful teachings of Islam and to always heed the guidance of our beloved Huzoor[aba]. Ameen.

Wassalaam

**Bushra Abdullah**

**Serving as Secretary Ta'lim Lajna, UK**

## Summary of the components of the Syllabus

Below is a summary of the components of the Talim Syllabus. Please read through the explanation of each of the components. All the components of the syllabus are essential and should be studied in detail. This can be as part of regular self-study or as a workshop or discussion topic within.

### 1. The Holy Qur'an

To enhance our understanding and knowledge of the Holy Quran, we will be studying the following 6 Surahs with translation and commentary:

- Surah Al-Infitar (Term 2)
- Surah Al-Tatfif (Term 3)
- Surah Al-Inshiqaq (Term 1)
- Surah Al-Buruj (Term 2)
- Surah Al-Tariq (Term 3)
- Surah Al-A'la (Term 1)

Please note that the English commentary is taken from "The Five Volume Commentary" and the Urdu Commentary is taken from "Tafseer e Kabeer" by Hazrat Khalifatul Masih II[ra]"

### 2. Commandments of the Holy Quran

The commandments of the Holy Quran guide us towards Taqwa and towards our duty to Allah Almighty and our duty to mankind, thus enabling one to win the pleasure of Allah.

Each term we will be covering some of the commandments laid out in the Holy Quran. Members are encouraged to study each of these commandments in depth and reflect on how we can ensure we implement these directives in our daily lives.

### 3. Attributes of Allah Almighty

For each term we have chosen three Attributes of Allah Almighty and linked these to the relevant Friday Sermon(s). Beloved Huzoor[aba] has beautifully explained in great detail how these Attributes of Allah Almighty reflect in our daily lives and how we should strive towards imbuing those attributes within ourselves. Please listen to the Friday Sermons and understand each of the Attributes.

### 4. Salat

Allah Almighty says in the Holy Quran:

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۙ﴿۳﴾

Surely, success does come to the believers, Who are humble in their Prayers, *(23:2-3)*

In order for us to strive towards perfecting our Salat and its understanding, we would like you to focus on its correct pronunciation and learning the meaning of Salat from the split word translation Section in English and Urdu.

To help us better understand and improve our Salat, we will be covering the topic of Iqamatus Salat – The observance of Prayer and guidance from Beloved Huzoor[aba] in regards to Salat.

**5. Hadith**

A Hadith has been selected for each term with commentary taken from the 'Forty Gems of Beauty' by Hazrat Mirza Bashir Ahmed Sahib[ra]. Please study the Hadith for each term and discuss how we can implement this guidance in our daily practice.

**6. Malfoozat**

We have selected some extracts from Malfoozat Volume I in both English and Urdu to be studied each term. Alongside this, members are encouraged to read the books of the Promised Messiah[as] regularly as part of self-study to enhance their religious knowledge and understanding.

**7. Prayers to memorise**

Prayers to memorise have been selected from the Holy Quran as well as other important prayers. Please learn their meanings and understand their importance and significance.

**8. Qaseedah**

Each term, we have shared with you selected couplets from the Qaseedah to understand its meaning and the significance and blessings of memorising the Qaseedah.

The Promised Messiah[as] wrote the Arabic Qaseedah in his book A'ina'-e-Kamalat-e-Islam addressing the Holy Prophet[saw] expressing his love for him and praising him for his high moral and spiritual qualities, his beauty, his beneficence and the spiritual revolution that he brought about. The Promised Messiah[as] is reported to have said:

> 'If any person committed this Qaseedah to memory, Allah would bless such a person's memory.'

He also said:

"This Qaseedah has been accepted by Allah, and Allah has informed me that whoever memorises this Qaseedah and repeats it constantly, such a person's heart would be granted a deep love for Me and for Prophet Muhammad[saw] and I will reward him with nearness to Me.'

(A'ina'-e-Kamalat-e-Islam, Ruhani Khaza'in, vol. 5)

**9. History of Islam**

We have chosen a selection of topics on the history of islam from the book "The life and Character of the Seal of the Prophets" Volume III by Hazrat Mirza Bashir Ahmad Sahib[ra].

سیرت خاتم النبیین ﷺ-مصنف حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے - جلد سوم

Both the Urdu and the English translation of this book are available online.

https://www.alislam.org/book/life-character-seal-prophets-vol-3/

https://www.alislam.org/urdu/book/سیرة - خاتم - النبیین/

**10. Books of the Promised Messiah[as]**

This year we will study and understand the book "The Philosophy of the Teachings of Islam". (اسلامی اصول کی فلاسفی)

In the monthly lesson plans we will be sharing questions on this book for discussion in your workshops and for self-reflection.

For subsequent year a new book will be prescribed nearer the time.

**OPTIONAL COMPONENTS**

1. **Learning split word translation of the Holy Quran -** Those who have started to learn the split word translation should continue with their learning and inform their Talim secretary at the end of each year. Certificates will be awarded for the parts learnt.

2. **Memorisation of the Holy Qur'an -** Please continue to memorise at least half a Part of the Holy Qur'an each year, starting with Part 30 and then Part 29, 28, 27 and so on. At the end of each Lajna year please inform your local Talim Secretary of the Parts memorised by you in that particular year so that you may receive a certificate for your accomplishment.

## Summary of the Most Common Stop / Pause Signs During the Recitation of the Holy Qur'an

## رموز اَوقاف

| | | |
|---|---|---|
| This sign indicates the end of a verse – one must stop here. | O | یہ علامت آیت کی ہے یہاں ٹھہرنا ضروری ھے |
| This sign (*meem*), indicates *waqf lazim* – one must pause here. | م | لفظِ لازم کا مختصر ہے یہاں ٹھہرنا ضروری ھے |
| This sign (*tua*), means *waqf mutlaq* – one should pause here. | ط | لفظِ مطلق کا مخفّف ہے ٹھہرنا چاہیئے |
| This sign (*jeem*), means *waqf jaa'z* – one may or may not stop here. | ج | علامتِ جائز۔ ٹھہرنا نہ ٹھہرنا دونوں برابر ہیں |
| This sign (*zaa*), means that one should not pause here. | ز | لفظِ تجاوز سے لیا گیا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ یہاں سے گزر جانا چاہیئے |
| This sign means *al-waslul aula* – it is better to join the two verses together and not to read them separately. | صلے | اَلْوَصْلُ اَلْاَوْلٰی کا خلاصہ ہے یعنی ملا کر پڑھنا بہتر ہے |
| This sign (*saad*), means one may or may not pause here. | ص | علامت وقفِ مرخّص ۔ اگر تھک کر ٹھہر جائے تو رخصت ہے |
| This sign (*qaaf*), means that one should not pause here. | ق | یہاں ٹھہرنا نہ چاہیئے |
| This sign (*saktah*), means that one should pause very briefly, holding one's breath. | سکتہ | یہاں تھوڑا ٹھہرے سانس نہ توڑے |
| This sign (*laa*), without the *aayat* sign, indicates that one must not stop here. | لا | بغیر آیت کے ہو تو ٹھہرنا جائز نہیں |
| This sign (*laa*) with the *aayat* sign, means that one may or may not stop here. Both options are available. (Pl. see lesson 37 of *Qaidah Yassarnal Qur'an*). | لا O | لا اگر علامت آیت پر ہو تو یہاں ٹھہریں یا نہ ٹھہریں، دونوں صورتیں درست ہیں۔ مزید تفصیل کے لیئے دیکھیں قائدہ یسّرنا القرآن سبق ۳۷ |

## The Holy Quran

### How should we recite the Holy Qur'an

The Holy Quran should be recited regularly and according to a set plan. One should establish a certain fixed amount that must be read every day. It should not be the case that the Holy Quran is picked up at some random time for some portion to be read from it. On the contrary, it should be read regularly and according to a fixed appointed measure. Irregular reading—that is, reading it sometimes—does not yield any benefit. Thus, with regards to the reading of the Holy Quran, a certain portion should be fixed and that should be completed every day. Whether that portion is one part, or half of one part, or three or four parts, it must be recited daily and one should not fail in completing that. The Holy Prophet[saw] says, 'Allah loves worship which is performed regularly and never missed (Mishkāt al-Masābīh, Kitābus-Salāt, Bāb al-Qasdu fil 'Amal; Hadith 1242) because irregularity indicateslack of enthusiasm and the heart cannot be purified without enthusiasm and heartfelt love. I have observed that whenever the Holy Quran is not recited due to being preoccupied with some writing or for any other reason, the heart suffers on account of it and its effect is felt in other acts of worship as well.So, firstly, the Holy Quran should be recited daily, and secondly, the Holy Quran should be read with understanding and it should not be recited so hastily that its meanings are not understood at all. It should be recited with tarteel [slowly, clearly, and distinctly] so that its meaning is understood and the respect due to the Holy Quran is also kept in mind.

(Zikr e Ilahi (Remembrance of God) by Hazrat Kahlifatul Masih II[ra])

## قرآن کس طرح پڑھنا چاہیئے

اس کے متعلق یاد رکھنا چاہیئے کہ انسان روزانہ پڑھنے کے لئے قرآن کریم کا ایک حصہ مقرر کر لے کہ اتنا ہر روز پڑھا کروں گا۔ یہ نہیں ہونا چاہیئے کہ کبھی قرآن کریم اٹھایا اور کسی قدر پڑھ لیا۔ بلکہ باقاعدگی اور مقرر اندازہ سے پڑھنا چاہیئے۔ بے قاعدہ پڑھنے سے یعنی کبھی پڑھا اور کبھی نہ پڑھا کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ پس قرآن کریم کے متعلق چاہیئے کہ اس کا ایک حصہ مقرر کر لیا جائے اور اس کو ہر روز پورا کیا جائے وہ حصہ خواہ ایک پارہ ہو یا آدھا یا دو یا تین یا چار پارے ہوں۔ اس کو روزانہ پڑھا جائے اور اس کے پورا کرنے میں کوتاہی نہ کی جائے۔ رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کو سب سے زیادہ وہ عبادت پسند ہے کہ جس پر انسان دوام اختیار کرے اور جس میں ناغہ نہ ہونے دے۔ کیونکہ ناغہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسے شوق نہیں ہے اور شوق اور دلی محبت کے بغیر قلب کی صفائی نہیں ہوتی۔

میں نے دیکھا ہے کہ جب کبھی کسی تصنیف میں مشغول ہونے یا کسی اور وجہ سے قرآن کریم نہ پڑھا جائے تو دل تکلیف محسوس کرتا اور دوسری عبادتوں میں بھی اس کا اثر محسوس ہوتا ہے کہ اول تو قرآن کریم روزانہ پڑھنا چاہیئے۔ دوم چاہیئے کہ قرآن کریم کو سمجھ کر پڑھا جائے اور اس قدر جلدی جلدی نہ پڑھا جائے کہ مطلب ہی سمجھ میں نہ آئے۔ ترتیل کے ساتھ پڑھنا چاہیئے تاکہ مطلب بھی سمجھ میں آئے اور قرآن کریم کا ادب بھی ملحوظ رہے۔

(انوار العلوم – جلد 3 – ذکر الٰہی صفحہ: 502-503)

❁❁

# احادیث نبویہ ﷺ

## Traditions of the Holy Prophet Muhammad[saw]

حَسِّنُوا الْقُرْآنَ بِأَصْوَاتِكُمْ فَإِنَّ الصَّوْتَ الْحَسَنَ يَزِيْدُ الْقُرْآنِ حُسْناً

(مشکوٰۃ کتاب فضائل القرآن)

قرآن کو اپنی آواز سے حسین بناؤ کیونکہ اچھی آواز قرآن کے حسن کو زیادہ اور نمایاں کرتی ہے۔

Beautify the Holy Qur'an with your voices. Verily, the beatiuful and melodious voice adds beauty to the Qur'an.

يَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى مَنْ شَغَلَهُ الْقُرْآنُ عَنْ ذِكْرِيْ وَمَسْئَلَتِيْ اَعْطَيْتُهُ اَفْضَلُ مَا أُعْطِى السَّائِلِيْنَ وَفَضْلُ كَلَامِ اللّٰهِ عَلَى سَائِرِ الْكَلَامِ كَفَضْلِ اللّٰهِ عَلَى خَلْقِهِ .

(ترمذی ابواب فضائل القرآن آخری حدیث)

اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ جس شخص کو قرآن کریم سیکھنے سکھانے نے میری یاد اور مجھ سے سوال کرنے سے روکے رکھا۔ اس ( قرآن ) پڑھنے والے کو میں دعائیں مانگنے والوں سے بھی زیادہ دیتا ہوں اور اللہ کے کلام کی تمام کلاموں پر برتری ایسی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کو ساری مخلوق پر حاصل ہے۔

Allah, Lord of Hounour and Glory says:

The one who does not find time to pray to Me because of being engaged and absorbed in learning and teaching the Holy Qur'an, I grant him/her more than the one who prays to Me. And the superiority of the Word of Allah over all other words is as Allah has superiopty over all His creatures.

خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ .

تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن مجید سیکھتا ہے اور سکھاتا ہے۔

The best among you is the one who learns the Qur'an and teaches it.

## A Brief Introduction to the Attributes of Allah

The Holy Quran and *ahadith* refer to over one hundred attributes of Allah. Islam stresses the need to have firm belief in them and to act accordingly. The Holy Prophet of Islam (peace and blessings of Allah be upon him) advises in one of his *Ahadith*: "Follow the attributes of Allah." All these attributes may be roughly divided into three categories as follows:

**Attributes specific to Allah alone**

These are attributes that apply to Allah alone and not related in any way to His creation. For example:

**The Living - اَلْحَيُّ**

**The Possessor of Power and Authority - اَلْقَادِرُ**

**The Noble - اَلْمَاجِدُ**

**Attributes concerning the creation of the universe**

These attributes are related to the creation of the universe and indicate the relationship between Allah and His creation and His attitude towards them. For example:

**The Creator - اَلْخَالِقُ**

**The Sovereign - اَلْمَالِكُ**

**Attributes concerning the actions of His creation**

These attributes come into operation as a result of the good or bad actions of such of Allah's creation as are endowed with will. For example:

**The Compassionate - اَلرَّؤُوْفُ**

**The Pardoner - اَلْعَفُوُّ**

**The Merciful - اَلرَّحِيْمُ**

**The need to know Allah's Attributes**

According to the Holy Quran (51:57), the purpose of our creation is to worship Allah, our Creator. The philosophy of Islamic worship is to establish a relationship of love between Allah and His creatures, which is not possible unless one knows and understands the attributes of Allah. By knowing the attributes of Allah, one would be able to derive abundant spiritual pleasure from one's worship of Allah, the Exalted.

Allah says in the Holy Quran:

"And to Allah alone belong all perfect attributes. So call on Him by these attributes." (7:181)

There is a relationship between the attributes of Allah and the acceptance of one's prayers. When praying to Allah for something, one should invoke the appropriate attribute. For instance, to seek His forgiveness one should invoke His attribute:

اَلْغَفَّارُ

and to seek the protection of Allah we should invoke His attribute:

الْحَفِيْظُ

❁❁

# Split-word-translation-transliteration-of-Salat

| Transliteration (running) | English Meaning | اردو معانی | عربی متن |
|---|---|---|---|
| **Taujeeh** | **Intention of Prayer** | نیت نماز | **توجیه** |
| wajjah-tu | I have turned | میں نے کردی، پھیر دی میں نے | وَجَّهْتُ |
| waj-hi-ya | my full attention | توجہ اپنی | وَجْهِيَ |
| lilla-dhee | towards (Him) Who | اس ہستی کی طرف جس نے | لِلَّذِيْ |
| faTa-rassamaa-waati | created the Heavens | پیدا کیا آسمانوں کو | فَطَرَ السَّمٰوٰتِ |
| Wal-arDa | and the Earth | اور زمین کو | وَالْاَرْضَ |
| Haneefa(n) | being ever inclined (to Him) | خالص ہو کر | حَنِيْفًا |
| wa-maa | and not | اور نہیں | وَّمَا |
| ana | I am | میں | اَنَا |
| minal-mushri-keen. | of those who associate partners with Allah | مشرکوں میں سے | مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ |
| **Thanaa** | **English Meaning** | اردو معانی | **ثناء** |
| SubHaanaka- | Holy are You | پاک ہے تو | سُبْحَانَكَ |
| Allahum-ma | O Allah | اے اللہ | اَللّٰهُمَّ |
| wa-bi-Hamdika | with all Your priase | اور اپنی تعریف کے ساتھ | وَبِحَمْدِكَ |
| wa-tabaara-kasmuka | and blessed is your Name | اور برکت والا ہے تیرا نام | وَتَبَارَكَ اسْمُكَ |
| wa-ta-'Aalaa | and exhalted (is) | اور بلند ہے | وَتَعَالٰى |
| jadduka | Your Majesty | تیری شان | جَدُّكَ |
| wa-Laa | and there is none | اور نہیں | وَلَا |
| ilaaha | worthy of worship | معبود (عبادت کے لائق) | اِلٰهَ |
| ghairuk. | besides You | سوائے تیرے | غَيْرُكَ |
| **Ta'awwudh** | **English Meaning** | اردو معانی | **تعوذ** |
| A'oo-duh-billaa-hi | I seek refuge with Allah | میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی | اَعُوْذُ بِاللّٰهِ |
| mi-na-shai-Taa-ni | from satan | شیطان سے | مِنَ الشَّيْطٰنِ |
| (ar)rajeem | the accursed (rejected) | مردود (دھتکارا ہوا) | الرَّجِيْمِ |

| Transliteration (running) | English Meaning | اردو معانی | عربی متن |
|---|---|---|---|
| **Sura-tul-Fatihah** | | | **سورة الفاتحة** |
| bismillaahi | In the name of Allah | اللہ کے نام کے ساتھ | بِسۡمِ اللّٰہِ |
| rRahmaani | the Gracious | بن مانگے دینے والا، بہت مہربان | الرَّحۡمٰنِ |
| rRaheem | the merciful | بار بار رحم کرنے والا | الرَّحِیۡمِ o |
| al-Hamdu lillaahi | All praise belongs to Allah | تمام تعریف اللہ کیلئے ہے | اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ |
| rabbil-'Aalameen | Lord of All the Worlds | رب ہے تمام جہانوں کا | رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ o |
| ar-Rahmaan-i | the Gracious | نہایت مہربان، بن مانگے دینے والا | الرَّحۡمٰنِ |
| r-Raheem | the Merciful | بار بار رحم کرنے والا | الرَّحِیۡمِ o |
| maalik-e | Master (of) | مالک ہے | مٰلِکِ |
| yaumiddeen | the Day of Judgment | جزا سزا کے دن کا | یَوۡمِ الدِّیۡنِ o |
| Iyyaaka-Na'abudu | Thee alone do we worship | ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں | اِیَّاکَ نَعۡبُدُ |
| wa-Iyyaaka | and Thee alone | اور تجھی سے | وَاِیَّاکَ |
| nasta'een | we implore for help | ہم مدد چاہتے ہیں | نَسۡتَعِیۡنُ o |
| ihdina(a) | Guide us (to) | دکھا ہمیں | اِہۡدِنَا |
| sSiraaTal-Mustaqeem | the right path | سیدھا راستہ | الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ o |
| SiraaTalladheena | the path of those | ان لوگوں کا راستہ | صِرَاطَ الَّذِیۡنَ |
| an'amta | You have bestowed your blessings | تو نے انعام کیا | اَنۡعَمۡتَ |
| Alai-him | upon whom | جن پر | عَلَیۡہِمۡ o |
| ghaeril-maghDoobi | not of those who have incurred (Your) displeasure | نہ کہ غضب نازل ہوا | غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ |
| 'alai-him | on whom | جن پر | عَلَیۡہِمۡ |
| wa-la-Daalleen | nor of (those) who have gone astray | اور نہ گمراہ لوگ | وَلَا الضَّآلِّیۡنَ o |
| **Suratul Ikhlaas** | **English Meaning** | **اردو معانی** | **سُورۃ اخلاص** |
| bismillaahi | In the name of Allah | اللہ کے نام کے ساتھ | بِسۡمِ اللّٰہِ |
| rRahmaani | the Gracious | بن مانگے دینے والا، بہت مہربان | الرَّحۡمٰنِ |
| rRaheem | the Merciful | بار بار رحم کرنے والا | الرَّحِیۡمِ o |

| **Transliteration** (running) | **English Meaning** | اردو معانی | عربی متن |
|---|---|---|---|
| Qul | Say | کہہ | قُلۡ |
| huwallaahu | He is Allah | وہ اللہ ہے | هُوَاللّٰهُ |
| aHad | the One | ایک، اکیلا | اَحَدٌ |
| AllaahusSamad | Allah, the Independent | اللہ بے نیاز ہے | اَللّٰهُ الصَّمَدُ |
| lam-ya-lid | He did not beget | نہیں اس نے جنا | لَمۡ یَلِدۡ |
| walam-yoo-lad | and he was not begotten | اور نہ وہ جنا گیا | وَلَمۡ یُوۡلَدۡ |
| wa-lam ya-kullahu | and there is none | اور نہیں ہے اس کا | وَلَمۡ یَکُنۡ لَّهٗ |
| kufuwan aHad | like unto Him | ہمسر کوئی بھی | كُفُوًا اَحَدٌ |
| **Raku'** | | | رکوع |
| SubHaana | Holy is | پاک ہے | سُبۡحَانَ |
| rabbi | my Lord | میرا رب | رَبِّیَ |
| (yal)-'Azeem | the Most Great | بڑی عظمت والا | الۡعَظِيۡمِ |
| **Tasmee'** | | | تسمیع |
| sami'-Allaah-u | Allah hears | سن لی اللہ نے | سَمِعَ اللّٰهُ |
| liman | for who | اسکی جس نے | لِمَنۡ |
| Hamidah | praises Him | تعریف کی اُس کی | حَمِدَهٗ |
| rabbanaa | Our Lord | اے ہمارے رب | رَبَّنَا |
| wa-laka | and Yours is | اور تیرے لئے | وَلَكَ |
| al-Hamd | all the praise | سب تعریفیں | الۡحَمۡدُ |
| hamdan | praise | تعریف | حَمۡدًا |
| katheeran | (that is) abundant | بہت زیادہ | كَثِيۡرًا |
| tayyiban | pure | پاکیزہ | طَيِّبًا |
| mubaarakan-feeh | (and) full of blessings | برکت والی | مُّبَارَكًا فِيۡهِ |
| **Sajdah** | | | سجدہ |
| subHaana | Holy is | پاک ہے | سُبۡحَانَ |
| rabbi | my Lord | میرا رب | رَبِّیَ |
| (yal)_Aalaa | the Most High | بلند شان والا | الۡاَعۡلٰى |
| **Jilsa** | | | جلسہ |
| (Rabbi) | My Lord | اے میرے رب | رَبِّ |
| ghfirlee | forgive me | بخش دے مجھے | اغۡفِرۡلِیۡ |

| Transliteration (running) | English Meaning | اردو معانی | عربی متن |
|---|---|---|---|
| war-Hamnee | and have mercy on me | اور رحم کر مجھ پر | وَارْحَمْنِيْ |
| wahdinee | and guide me | اور ہدایت دے مجھے | وَاهْدِنِيْ |
| wa'aafinee | and protect me | اور مجھے عافیت عطا کر | وَعَافِنِيْ |
| waj-burnee | and make good my shortcomings | اور اصلاح کر میری | وَاجْبُرْنِيْ |
| war-zuqnee | and provide for me | اور مجھے رزق دے | وَارْزُقْنِيْ |
| war-fa'anee | and elevate me up | اور رتبہ بلند کر میرا | وَارْفَعْنِيْ |
| **Qa'ada** | | | **قعدہ** |
| atta-Hiyyaatu | All verbal worship | تمام زبانی عبادات | اَلتَّحِيَّاتُ |
| lillaahi | is due to Allah | اللہ کے لئے ہیں | لِلّٰهِ |
| wasSalawaatu | and all physical acts of worship | اور سب بدنی عبادات | وَالصَّلَوٰتُ |
| watTayyibaatu | and all financial sacrifices | اور سب مالی عبادات | وَالطَّيِّبَاتُ |
| assalamu | peace | سلامتی ہو | اَلسَّلَامُ |
| 'alaika | be on you | آپ پر | عَلَيْكَ |
| ayyu-hannabiyyu | O! Prophet[saw] | اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) | اَيُّهَا النَّبِيُّ |
| wa raHmatullaahi | and the Mercy of Allah | اور اللہ کی رحمتیں | وَرَحْمَةُ اللّٰهِ |
| wa-barakaatuhu | and His Blessings | اور اس کی برکات | وَبَرَكَاتُهٗ |
| asssalamu | Peace | سلامتی ہو | اَلسَّلَامُ |
| 'alainaa | be on us | ہم پر بھی | عَلَيْنَا |
| wa-'alaa-'ibaadillaah-i | and on the servants of Allah | اور اللہ کے بندوں پر | وَعَلٰى عِبَادِاللّٰهِ |
| (S)saaliheen | the righteous | صالحین (نیک، پرہیزگار) | الصّٰلِحِيْنَ |
| ash-hadu | I bear witness | اور میں گواہی دیتا ہوں | اَشْهَدُ |
| al-laailaaha | that there is none worthy of worship | کہ نہیں کوئی معبود | اَنْ لَّآ اِلٰهَ |
| illallaahu | except Allah | سوائے اللہ کے | اِلَّا اللّٰهُ |
| Wahdahu | He is the One | وہ اکیلا ہے | وَحْدَهٗ |
| La Shareek-a-Lahu | and has no partner | اس کا کوئی شریک نہیں | لَا شَرِيْكَ لَهٗ |
| wa-ash-hadu | and I bear witness | اور میں گواہی دیتا ہوں | وَاَشْهَدُ |
| anna-Muhammadan | that Muhammad[saw] is | کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم | اَنَّ مُحَمَّدًا |
| 'abduhoo | His Servant | اس کے بندے ہیں | عَبْدُهٗ |
| wa-rasooluh | and His messenger | اور رسول اس کے | وَرَسُوْلُهٗ |

| Transliteration (running) | English Meaning | اردو معانی | عربی متن |
|---|---|---|---|
| **Salat Al-Nabi** | **Durood Sharif** | **درود شریف** | **صَلٰوۃ عَلَی النَّبِی** |
| Allaahumma-Salli | O Allah send blessings | اے اللہ فضل کر | اَللّٰھُمَّ صَلِّ |
| 'alaa-Mu-Hamma-din- | upon Muhammad[saw] | محمد (ﷺ) پر | عَلٰی مُحَمَّدٍ |
| wa-'alaa | and upon | اور پر | وَعَلٰی |
| aali Mu-Hamma-din | people of Muhammad[saw] | آل محمد (ﷺ) | اٰلِ مُحَمَّدٍ |
| kamaa | as | جیسے | کَمَا |
| Sallaita | You did send blessings | تونے فضل فرمایا | صَلَّیْتَ |
| 'alaa Ibraa-heema | upon Abraham | ابراہیم پر | عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ |
| wa-'alaa | and upon | اور پر | وَعَلٰی |
| aali- Ibraa-heema | people of Abraham | ابراہیم کی آل | اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ |
| innaka | You are indeed | یقیناً تو | اِنَّکَ |
| Hameed(un) | the Praiseworthy | بڑی حمد والا | حَمِیْدٌ |
| (m)Majeed | the Exalted | بڑی شان والا | مَّجِیْدٌ |
| Allaa-humma-baarik | O Allah grant prosperity | اے اللہ برکات نازل فرما | اَللّٰھُمَّ بَارِکْ |
| 'alaa-Mu-Hamma-din | on (to) Muhammad[saw] | محمد (ﷺ) پر | عَلٰی مُحَمَّدٍ |
| wa-'alaa | and on (to) | اور پر | وَعَلٰی |
| aali Mu-Hamma-din | people of Muhammad[saw] | محمد (ﷺ) کی آل | اٰلِ مُحَمَّدٍ |
| kamaa | as | جیسے | کَمَا |
| baa-rakta | You did prosper | تونے برکات نازل فرمائیں | بَارَکْتَ |
| 'alaa-ibraa-heema | (on) Abraham | ابراہیم پر | عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ |
| wa-'alaa | and upon | اور پر | وَعَلٰی |
| aali-Ibraaheema | people of Abraham | ابراہیم کی آل | اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ |
| innaka | You are indeed | یقیناً تو | اِنَّکَ |
| Hameed(un) | the Praiseworthy | بڑی حمد والا | حَمِیْدٌ |
| (m)Majeed | the Exalted | بڑی شان والا | مَّجِیْدٌ |

| **Transliteration** (running) | **English Meaning** | اردو معانی | عربی متن |
|---|---|---|---|
| **Prayers** | | | ادعیا |
| rabba-naa aa-ti-naa | O Lord grant us | اے ہمارے رب، دے ہمیں | رَبَّنَآ اٰتِنَا |
| fid-dun-yaa | in this world | دنیا میں | فِي الدُّنْيَا |
| Hasa-na-ta(n) | good | بھلائی | حَسَنَةً |
| (w) wa-fil-aakhi-rati | as well as in the world to come | اور آخرت میں | وَّفِي الْاٰخِرَةِ |
| Hasa-na-ta (n) | good | بھلائی | حَسَنَةً |
| (w) wa-qi-naa | and protect us | اور بچا ہمیں | وَّقِنَا |
| 'adhaa-bannaar | (from) the torment of the Fire | آگ کے عذاب (سے) | عَذَابَ النَّارِ۝ |
| | | | |
| rabbij-'alnee | My Lord make me | اے میرے رب، بنا مجھے | رَبِّ اجْعَلْنِيْ |
| muqee-maSSa-lati | observe Prayer | نماز قائم کرنے والا | مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ |
| wa-min dhurriyya-tee | and from among my children | اور میری اولاد میں سے | وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ |
| rabba-naa | Our Lord | اے ہمارے رب | رَبَّنَا |
| wa-taqabbal | and accept | اور تو قبول فرما | وَتَقَبَّلْ |
| du'aa | my prayer | دعا (ہماری) | دُعَآءِ |
| rabba-nagh-fir-lee | Our Lord grant me forgiveness | اے ہمارے رب، بخش دے مجھے | رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ |
| wali-waali-dayya | and to my parents | اور میرے والدین کو | وَلِوَالِدَيَّ |
| wa-lil-Mumi-neena | and to the believers | اور مومنوں کو | وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ |
| Yauma | (on) the day (when) | (جس) دن | يَوْمَ |
| yaqooma | will take place | قائم ہوگا | يَقُوْمُ |
| (al) Hisaab | the reckoning | حساب | الْحِسَابُ۝ |

| **Transliteration** (running) | **English Meaning** | **اردو معانی** | **عربی متن** |
|---|---|---|---|
| **Duaa e Qunoot** | | | **دُعائے قنوت** |
| Allaahumma | O Allah | اے اللہ | اَللّٰهُمَّ |
| inaa | surely | یقیناً ہم | اِنَّا |
| nasta'eenuka | we beseech Your help | تجھ سے مدد چاہتے ہیں | نَسْتَعِيْنُكَ |
| wa-nas-tagh-fi-ruka | and (we) ask for Your forgiveness | اور تجھ سے بخشش طلب کرتے ہیں | وَنَسْتَغْفِرُكَ |
| wa-nu-minu-bika | and (we) believe in You | اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں | وَنُؤْمِنُ بِكَ |
| wa-nata-wakka-lu | and (we) trust | اور ہم توکل کرتے ہیں | وَنَتَوَكَّلُ |
| 'alai-ka | in You | تجھ پر | عَلَيْكَ |
| wa-nuth-nee'alaeka | and (we) praise You | اور ہم تعریف کرتے ہیں تیری | وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ |
| al-khair. | (in) the best (manner) | بہترین، اچھائی کے ساتھ | الْخَيْرَ |
| wa-nash-kuru-ka | and (we) thank You | اور ہم تیرا شکر کرتے ہیں | وَنَشْكُرُكَ |
| wa-laa nak-furu-ka | and (we) are not ungrateful to You | اور نہیں ہم تیری ناشکری کرتے | وَلَا نَكْفُرُكَ |
| wa-nakh-la'u | and (we) cast off | اور ہم علیحدہ ہوتے ہیں | وَنَخْلَعُ |
| wa-natru-ka | and (we) forsake | اور چھوڑتے ہیں | وَنَتْرُكُ |
| man | who | (اسے) جو | مَنْ |
| yaf-juruk. | disobeys You. | نافرمانی کرتا ہے تیری | يَّفْجُرُكَ |

| **Transliteration** (running) | **English Meaning** | **اردو معانی** | **عربی متن** |
|---|---|---|---|
| Allaahumma | O Allah | اے اللہ | اَللّٰهُمَّ |
| iyyaaka | You alone | صرف تیری ہی | اِيَّاكَ |
| na'abudu | we worship | ہم عبادت کرتے ہیں | نَعْبُدُ |
| wa-laka | and for You | اور تیرے لئے | وَلَكَ |
| nu-Sallee | we offer prayer | ہم نماز پڑھتے ہیں | نُصَلِّيْ |
| wa-nas-judu | and (we) prostrate | اور سجدہ کرتے ہیں | وَنَسْجُدُ |
| wa-ilaeka | and to You | اور تیری طرف | وَاِلَيْكَ |
| nas'aa | we rush | ہم دوڑتے ہیں | نَسْعٰى |
| wa-naH-fidu | and (we) present ourselves | اور خدمت کیلئے حاضر ہوتے ہیں | وَنَحْفِدُ |
| wa-narjoo | and (we) hope for | اور امید رکھتے ہیں | وَنَرْجُوْ |
| raH-ma-taka | Your mercy | تیری رحمت کی | رَحْمَتَكَ |
| wa-nakh-sha | and we fear | اور ہم ڈرتے ہیں | وَنَخْشٰى |
| adhaa-baka | Your chastisement | تیرے عذاب (سے) | عَذَابَكَ |
| inna-adhaa-baka | surely Your chastisement | یقیناً تیرا عذاب | اِنَّ عَذَابَكَ |
| bil-kuffaari | to the disbelievers | کافروں کو | بِالْكُفَّارِ |
| mul-hiq. | overtakes | ملنے والا ہے | مُلْحِقٌ |

# SYLLABUS FOR

# Term - 2

# February 2024 to May 2024

# Overview of Ta'lim Syllabus - Term 2
# February 2024 - May 2024

| S.No. | Components | Details |
|---|---|---|
| 1 | Holy Quran<br>(Urdu Commentary from Tafsir-e-Kabir – English Commentary from Five Volume Commentary) | Surah Al-Infitar<br>Chapter 82 – Part 30 |
| 2 | Commandments of the Holy Quran. | 1. Al-Baqarah - 2:22<br>2. Al-Baqarah - 2:44<br>3. Al-Baqarah - 2:44 |
| 3 | Attributes of Allah The Almighty<br>(with summary from relevant Friday Sermons) | Ar-Rabb<br>Ar-Rahmaan<br>Al-Hadi |
| 4 | Salat | Significance of Prayer<br>Iqamatus Salat – The Observance of Prayer<br>by Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib Missionary Incharge UK |
| 5 | Hadith<br>English: Forty Gems of Beauty<br>Urdu: چالیس جواہر پارے | Hadith No: 32<br>No deed is better than good conduct<br>اچھے اخلاق سے بہتر کوئی عمل نہیں |
| 6 | Malfoozat | Malfoozat Volume 1<br>Urdu Pages: 89 – 95<br>English Pages: 101–107 |
| 7 | Prayers to Memorise | The Holy Quran<br>Surah TaHa, Chapter 20, Ver. 26-29 |
| 8 | Al-Qaseedah | Qaseedah Couplets 37 & 38<br>(with Urdu and English translation) |

| | | |
|---|---|---|
| 9 | History of Islam | The Life & Character of the Seal of Prophets. Vol. III – Pages: 36-39<br>سیرت خاتم النبیین ﷺ - حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے - جلد سوم–صفحہ 777-774 |
| 10 | Book of The Promised Messiah[as] | The Philosophy of the Teachings of Islam.<br>اسلامی اصول کی فلاسفی<br>https://www.alislam.org/library/books/Philosophy-of-Teachings-of-Islam.pdf<br>https://www.alislam.org/urdu/pdf/Islami-Usool-ki-Philosophy.pdf |

## 1. Holy Qur'an ......................................................... . 1-قرآن کریم

### Al-Infitar – سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ

*(Revealed before Hijra)*

**Verse-01**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۱﴾

**Translation**: In the name of Allah, the Gracious, the Merciful.

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

**Verse-02**

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۲﴾

**Translation**: When the heaven is cleft asunder,

ترجمہ: جب آسمان پھٹ جائے گا۔

**Commentary:** As mentioned in the Introduction, the Surah deals particularly with the time when Christianity would be very much in the ascendant, and Christian doctrines of the Trinity and the Sonship of Jesus Christ would reign supreme. To this dominance of Christian beliefs, the Quran has referred in very strong language in the words: "The heavens might wellnigh be rent thereat, and the earth cleave asunder, and the mountains fall down in pieces, because they ascribe a son to the Gracious God" (19:91-92). The verse under comment thus signifies that at that time false doctrines of Christianity would dominate the world, and as a result of it, God's wrath would be excited and Divine punishment would overtake the world in various forms. The reference is clearly to the present time. The verse may also signify that God's righteous servants would feel so grieved at seeing sin and iniquity spreading all round in the world as a result of false Christian doctrines that their hearts would, as it were, become rent; the word "heavens" referring to the hearts of the righteous believers which in religious phraseology are called God's Throne.

## اُردو تفسیر- آیت02

اِذَاالسَّمَآءُانۡفَطَرَتۡ میں عیسائیت کے غلبہ کی طرف اشارہ کیا گیاہے۔ سورۂ مریم( ۹۲:۹۱) میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: قریب ہے کہ آسمان پھٹ جائیں اور زمین بھی پھٹ جائے اور پہاڑ بھی ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گر جائیں۔ پس جب عیسائیت کے قلیل غلبہ کے متعلق اللہ تعالے نے فرمایا تھا کہ قریب ہے کہ آسمان پھٹ جائیں کیونکہ یہ لوگ مسیح کو خدا کا بیٹا قرار دے رہے ہیں تو اب جبکہ شرک تمام دنیا میں پھیل چکا ہے اور عیسائیت کا غلبہ اپنے کمال تک جا پہنچا ہے یہ کیوں نہیں کہا جائے گا کہ وہ آسمان جو پھٹنے کے قریب تھا اب شدت شرک کی وجہ سے پھٹ گیا ہے۔ پھر اگر ایسا زمانہ آجائے جب اُس سے سو گُنا زیادہ شرک پھیل جائے تو قرآنی محاورہ کے مطابق ہم یہی کہیں گے کہ آسمان پھٹ گیا۔ بعض لوگ اس بات پر خوش ہو جاتے ہیں کہ یورپ میں دہریت پائی جاتی ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ لوگ عیسائیت سے بیزار ہو چکے ہیں حالانکہ دہریہ ہونے کے باوجود ان کے دلوں سے مسیح ناصری علیہ السلام کی عظمت نہیں گئی یہی رگ تھی جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے پکڑی کہ جب تک مسیح علیہ السلام کو دفن نہیں کیا جائے گا عیسائیت کبھی مر نہیں سکتی یہ صرف مسیح کے پرستار ہیں اور عقائد سے ان کا کوئی واسطہ نہیں اللہ تعالے فرماتا ہے کہ آسمان پھٹ جائے گا کہ بڑی سخت آفت آجائے گی اور اتنا شدید ظلم (شرک) ہو گا کہ اس سے بڑا ظلم اور کوئی نہیں ہو سکتا ایک یہ معنے بھی ہو سکتے ہیں کہ آسمانی وجودوں کے دل اس شرک کو دیکھ کر زخمی ہو جائیں گے۔ خدا تعالیٰ کو یہ بات سخت بُری لگے گی فرشتوں کو اس سے تکلیف ہو گی اور انبیاء کے دل اس کو دیکھ کر تڑپ اٹھیں گے۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے لکھا ہے کہ میں نے حضرت مسیح علیہ السلام کو کشفی حالت میں دیکھا کہ وہ اس تکلیف سے تڑپ رہے ہیں کہ میرے نام پر دنیا میں اس طرح ظلم ہو رہا ہے۔

## Verse-03

وَاِذَا الۡكَوَاكِبُ انۡتَثَرَتۡ ۝۳

**Translation:** And when the stars are scattered,

ترجمہ :اور جب ستارے جھڑ جائیں گے۔

**Commentary:** Metaphorically, the verse means that in the latter days, men possessing true spiritual knowledge and guidance would disappear or become rare. The difference in the words in this and the corresponding verse of the preceding Surah is significant. Whereas the verse under

comment signifies that wealthy people and skilled craftsmen would yield place to Labour and Communist organisations, the corresponding verse of the preceding Surah meant that old aristocratic houses would lose their influence and prestige.

اُردو تفسیر- آیت 03

وَاِذَاالْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ میں اس طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ صاحبِ فن اور ہنر لوگ بھی محض اپنے فن اور ہنر سے وہ رسوخ جو پہلے پیدا کر لیا کرتے تھے نہ کر سکیں گے یعنی یورپ کی ترقی کے سلسلہ میں جو تغیّرات پیدا ہوں گے اُن کے نتیجہ میں بڑے بڑے ماہرین کی طاقتیں بالکل ٹوٹ جائیں گی۔ یہ دونوں باتیں اس زمانہ میں پوری ہو گئی ہیں غیر عیسائی ممالک میں علماء تو موجود ہیں مگر ان کا رسوخ زائل ہو چکا ہے یا بڑے بڑے فنکار تو پائے جاتے ہیں مگر اُن کا اثر باقی نہیں رہا اور عیسائی ممالک میں اِن تغیّرات کی وجہ سے پارلیمنٹس بن گئی ہیں۔ اُمراء اور رؤسا کی طاقتیں بالکل ٹوٹ گئی ہیں اور امراء اور ماہرین فنون کی جگہ لیبر پارٹیوں اور کمیونسٹ پارٹیوں وغیرہ نے لے لی ہے۔

**Verse-04**

وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ۝

**Translation**: And when the rivers are made to flow forth *into canals*,

ترجمہ: اور جب سمندر پھاڑے جائیں گے۔

**Commentary:** The verse signifies that great seas and oceans would be made to flow into one another by means of canals; or their mouths would be dug wide open so to make large ships ply in them. The reference may be to the Panama and Suez canals. The substitution of the word فجرت in the present verse for سجرت in the 7th verse of the preceding Surah is also worthy of note.

اُردو تفسیر- آیت04

اس آیت کے ایک معنے تو یہ ہیں کہ عیسائی اپنی ترقی کے زمانہ میں سمندروں کو پھاڑ کر آپس میں ملا دیں گے چنانچہ اِس کی نمایاں مثال نہر سویز اور نہر پانامہ پیش کرتی ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ دنیا میں بڑی بڑی شاندار نہریں پائی جاتی ہیں ایرانیوں نے بھی نہریں بنائی ہیں پٹھانوں نے بھی بنائی ہیں اور مغلوں نے بھی بنائی ہیں مگر اس آیت میں جو علامت بتائی گئی

ہے کہ سمندر پھاڑ کر آپس میں ملا دئے جائیں گے اس میں یورپ منفرد ہے اس سے پہلے دو سمندروں کو زمین پھاڑ کر نہیں ملایا گیا۔ دوسرے معنی اس کے یہ بھی ہوسکتے ہیں اور ہیں کہ بحر اس جگہ وسیع علم رکھنے والے انسان کے معنوں میں استعمال ہوا ہے اس صورت میں یہ معنی ہوں گے کہ جس وقت مسیحی پادریوں کی طرف سے کثرت سے فسق وفجور منسوب کیا جائے گا۔ تیسرے معنی اس کے یہ ہیں کہ اس زمانہ میں دریاؤں کو وسیع کر دیا جائے گا اور ان کا راستہ کھلا کر دیا جائے گا۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ بڑے بڑے جہاز ان میں سے گزر جاتے ہیں اور اندرون ملک میں چلے جاتے ہیں اور اس طرح اموال تجارت بہ سہولت اور تھوڑے خرچ پر ملک سے باہر بھی جاتا ہے اور اندر بھی آجاتا ہے۔

**Verse-05**

وَاِذَا الۡقُبُوۡرُ بُعۡثِرَتۡ ۙ﴿۵﴾

**Translation**: And when the graves are laid open,

ترجمہ :اور جب قبریں اکھاڑی جائیں گی۔

**Commentary:** The verse may signify that in the latter days, graves will be laid open as has been done in the case of the tombs of the ancient kings of Egypt; or it may mean that towns and monuments submerged and long forgotten would be dug out. These verses (2-5) may also refer to the great spiritual resolution brought about by the Holy Prophet[saw]. In this case "the cleaving asunder of the heaven" would signify that the gates of heaven would be thrown open and heavenly signs in support of the Holy Prophet[saw] would appear in large numbers. And "the scattering of the stars" would mean that the Companions of the Holy Prophet[saw] would spread out in the world and scatter the seeds of the Quranic Message far and wide. "The flowing forth of the rivers" would signify that the rivers of Quranic knowledge would be made to flow and would fertilize the land that had lain dry and parched for long centuries. And "the laying open of the graves" would mean that through the teachings of Islam the spiritually dead people would receive a new life and, as it were, come out of their graves. Or the verse may mean that the earth would throw out its treasures of mineral wealth.

اُردو تفسیر - آیت 05

یہ چیز بھی ہم کو اس زمانہ میں عیسائیوں میں بڑی شدّت سے نظر آتی ہے۔ پہلے زمانوں میں قبرستانوں کی اس قدر عزت کی جاتی تھی کہ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر سامنے قبرستان آجاتا تھا تو لوگ اپنے شہر کا رخ بدل دیا کرتے تھے مگر یہ لوگ جب کسی جگہ شہر بسانے کا ارادہ کریں اور وہاں ان کو قبرستان دکھائی دے تو یہ بڑی جرات سے اس کو اُکھیڑ کر پھینک دیتے ہیں۔ پھر بَعْثَرَة قبور سے مراد پُرانے مقبروں کا کھولنا بھی ہے جیسے مصر میں ہو رہا ہے کہ پُرانی قبریں کھود کھود کر ممّی بنائی ہوئی لاشیں نکالتے رہتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں جب مسلمانوں کو غلبہ حاصل ہو ان کا فرض ہے کہ وہ ان لاشوں کو پھر قبروں میں دفن کر دیں کیونکہ یہ بڑی گندی بات ہے کہ لاشیں نکال نکال کر لوگوں کے سامنے رکھی جائیں اور ان کی تحقیر و تذلیل کی جائے۔ فرعونِ مصر کی لاش کو بھی وہ اسی طرح زمین میں دفن کر دیں اور اس پر ایک کتبہ لگا کر لکھ دیا جائے کہ یہاں فرعونِ مصر کی لاش دفن ہے۔ قبر کا لفظ چونکہ عام دفن شدہ چیزوں کے لئے بھی بولا جا سکتا ہے اس لئے اس کے ایک یہ معنی بھی ہیں کہ اس زمانہ میں پُرانے شہر زمین میں سے نکالے جائیں گے۔ اسی طرح اس کے ایک یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ پُرانے کتب خانے باہر آجائیں گے اور پُرانی عمارات اور قبرستان کا پتہ لگ جائے گا۔

**Verse-06**

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ﴿٦﴾

**Translation**: Each soul shall *then* know what it has sent forth and what it has held back.

ترجمہ: ہر نفس کو علم ہو جائے گا کہ اُس نے کیا آگے بھیجا ہے اور کیا پیچھے چھوڑا ہے۔

**Commentary:** In this and the next few verses the address is to the protagonists and propagandists of the false Christian doctrines. They will come to realize the enormity and heinousness of their false teaching.

اُردو تفسیر - آیت 06

یہاں اللہ تعالیٰ نے عَلِمَتْ كُلُّ نَفْسٍ نہیں فرمایا بلکہ عَلِمَتْ نَفْسٌ فرمایا ہے۔ ایسا کیوں فرمایا؟ میرے نزدیک یہاں تنوین تحقیر کی ہے یعنی یہ نفس جس کا پہلے ذکر کیا جا چکا ہے یعنی نفس عیسائیت یہ ذلیل جان (جو اپنا برا بھلا بھی نہیں سمجھتی یا یہ بھی نہیں سمجھتی کہ کس کام کو کرنا چاہیے تھا اور کس کام کو نہیں کرنا چاہیے تھا) جان لے گی اس کو جو اس نے آگے بھیجا تھا

اور جو کچھ اس نے پیچھے کیا تھا چونکہ قبور کا اکھیڑ نا بڑا گندا کام تھا اور دوسری طرف انہوں نے اتنا بڑا شرک کیا تھا جس سے آسمان پھٹ گیا اور یہ دونوں کام ایسے ہیں جن سے فطرت کو گھن آتی ہے اس لیے ان کی تحقیر کرتے ہوئے فرماتا ہے یہ حقیر جان, جان لے گی مَا قَدَّمَتۡ وَ اَخَّرَتۡ جو کام اسے آگے کرنا چاہیے تھا اسے اس نے پیچھے کر دیا اور جو کام پیچھے کرنا چاہیے تھا اسے اس نے پہلے کر دیا۔ پس مطلب یہ ہوا کہ اس ذلیل جان کو علم ہو جائے گا کہ کون سا کام کرنے والا تھا اور کون سا کام کرنے والا نہیں تھا یعنی وہ کام جو کرنے والے تھے وہ تو انہوں نے نہ کیے اور جو کام نہ کرنے والے تھے وہ انہوں نے کر لیے۔ ایک معنی اس آیت کے یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ جب اوپر کے واقعات ظاہر ہوں گے شرک پھیل جائے گا اور بادشاہوں اور سرداروں کی طاقت توڑ کر رکھ دی جائے گی اور سمندر ملا دیے جائیں گے اور قبریں کھود کر بکھیر دی جائیں گی تو اس وقت اللہ تعالی ایسے سامان پیدا کر دے گا کہ اس جانِ ناتواں کو جو اس طرح خدائی اپنے ہاتھ میں لینی چاہے گی معلوم ہو جائے گا کہ کیا کرنا چاہیے تھا اور کیا نہیں یعنی شرک کی برائی اور دنیا کے انہاک کی غلطی ان پر کھل جائے گی اور یہ پھر ایک دفعہ توحید کی طرف لوٹیں گے اور اپنی غلطیوں پر نادم ہوں گے۔

**Verse-07**

يٰۤاَيُّهَا الۡاِنۡسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الۡكَرِيۡمِ ۝

**Translation**: O man, what has emboldened thee against thy Gracious Lord,

ترجمہ :اے انسان! تجھے اپنے ربِّ کریم کے بارہ میں کس بات نے دھوکے میں ڈالا؟

**Commentary:** The reference in the verse may be to preachers of the false doctrines of Christianity and may imply a subtle rebuke to them, saying in effect: How could they dare invent such self-contradictory doctrines as those of Atonement and the Sonship of Jesus, describing God as a loving Father and at the same time accusing Him of condemning an innocent man—"His own so-called son," that he might wash away the sins of corrupt humanity?

اُردو تفسیر-آیت 07

یہاں بھی اَلۡاِنۡسَان سے مراد ہر انسان نہیں بلکہ وہی عَلِمَتۡ نَفۡسٌ والا انسان مراد ہے۔ بِرَبِّكَ کہہ کر بتایا کہ تجھے اپنے رب پر کس طرح جرأت ہوئی اور کَرِیۡم کہہ کر بتایا کہ اپنے رب کو کریم دیکھ کر تمہارے اندر شرم اور حیا کا مادہ پیدا

ہونا چاہئیے تھا نہ یہ کہ اُلٹا اس کے احسانات سے نافرمان بن جاتے اور محسن کی ہتک کا موجب ہو جاتے۔ میرے نزدیک مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ میں عیسائیت کی طرف نہایت لطیف پیرایہ میں اشارہ کیا گیا ہے۔ کیونکہ عیسائیت خدا تعالیٰ کے رحم پر بڑا زور دیتی ہے اور اس کی بنیاد ہی اس مسئلہ پر ہے کہ خدا محبت ہے خدا مہربان ہے۔ اور پھر ساتھ ہی یہ بھی کہتے جاتے ہیں کہ وہ لوگوں کے گناہ معاف نہیں کر سکتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ عجیب بات ہے کہ ایک طرف تو تم اللہ تعالیٰ کو کریم کہتے ہو اور دوسری طرف تم اس کا ایک بیٹا تسلیم کرتے ہو اور کہتے ہو کہ اُس نے لوگوں کے گناہوں کے بدلہ میں اُسے قربان کر دیا۔ بہر حال رب کریم کے الفاظ لا کر اس قوم کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جو خدا تعالیٰ کو ایک طرف رب کریم قرار دیتی ہے اور دوسری طرف اس پر اتہام بھی لگاتی ہے اور کہتی ہے کہ وہ گناہ معاف نہیں کر سکتا اس وجہ سے اس نے اپنے بیٹے کو صلیب پر قربان کر دیا۔

**Verse-08**

الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ ۝۸

**Translation**: Who created thee, then perfected thee, then proportioned thee aright?

ترجمہ: وہ جس نے تجھے پیدا کیا۔ پھر تجھے ٹھیک ٹھاک کیا۔ پھر تجھے اعتدال بخشا۔

**Verse-09**

فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝۹

**Translation**: In whatever form He pleased, He fashioned thee.

ترجمہ: جس صورت میں بھی چاہا تجھے ترکیب دی۔

**Commentary Verse 8 & 9:** The verse contains a refutation of Atonement. It purports to say that man is not born sinful, and he does not stand in need of the vicarious sacrifice of anybody for His redemption. Instead of being born sinful, he has been endowed with great natural powers and faculties in order that he may rise to the highest peaks of spiritual eminence. The verse may also signify that God revealed His guidance in every age in the form best suited to man's needs.

## اُردو تفسیر - آیت 9-8

اس آیت میں چار باتیں بیان کی گئی ہیں۔اَلَّذِیْ خَلَقَكَ کہہ کر اللہ تعالیٰ عیسائیوں کو اس طرف توجہ دلاتا ہے کہ تمہیں اس خدا کا تو خیال کرنا چاہیئے تھا جس نے تمہیں پیدا کیا۔سَوّٰكَ کہہ کر اسی طرف توجہ دلاتا ہے کہ اس نے تم کو تمام مصائب اور نقائص سے پاک بنایا ہے انسانی فطرت میں جس قدر کمزوریاں تھیں اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ کاملہ سے اُن کا علاج بھی انسانی فطرت کے اندر ہی رکھ دیا ہے۔فَسَوّٰی سے یہ بات بھی ظاہر ہوتی ہے کہ اس نے انسان کے اندر ایسے اعلیٰ درجہ کے کمالات پیدا کر دیئے ہیں جن سے اگر وہ کام لے تو خدا تعالیٰ سے بھی مل سکتا ہے۔اسی طرح فَعَدَلَكَ فرما کر اس طرف توجہ دلائی کہ جس کام کے لئے اس نے انسان کو پیدا کیا تھا یعنی زمین پر خدا تعالیٰ کا نائب بننے کے لئے اس کے متعلق اس نے موازنہ کیا کہ وہ طاقتیں انسان کے اندر موجود ہیں یا نہیں یعنی وہ دوسری مخلوق پر حکومت کرنے کا اہل ہے یا نہیں اور موازنہ کر کے اُس نے انسان کو وہ سب طاقتیں بخشیں جن سے وہ مادی دنیا پر حکومت کر سکتا ہے۔

فِیْٓ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ کا جملہ یا تو تفسیر سمجھا جائے گا خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ کا یعنی اُس نے خلق وہ کیا جو اس کا پسندیدہ تھا۔اس نے تسویہ وہ کیا جو اس کا پسندیدہ تھا۔اس نے عَدل وہ کیا جو اس کا پسندیدہ تھا۔اور یا پھر اس کے یہ معنی ہوں گے کہ اس نے تمام ضروری طاقتیں انسان کے اندر پیدا کر کے اُسے وہ صورتِ روحانی بخشی جو اُس کی پسندیدہ تھی یعنی صفاتِ الٰہیہ کو اپنے پیدا کرنے کی صلاحیت اور تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰهِ کی قابلیت اس میں پیدا کی۔کیونکہ اللہ تعالیٰ کی صورت سب سے اعلیٰ ہے۔

### Verse-10

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۝۱۰

**Translation**: Nay, but you deny the Judgment.

ترجمہ: خبردار! بلکہ تم تو جزا سزا کا ہی انکار کر رہے ہو۔

**Commentary:** Christians are here told that by their false doctrines they, in fact, deny the Last Judgement, that is to say, man's responsibility for his actions and his accountability before God. The doctrine of Atonement and man's sinful birth directly negative man's freedom of action and responsibility.

اُردو تفسیر-آیت 10

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم تمہیں سچی بات بتاتے ہیں بات یہ ہے کہ یہ خیال ہم مسیح پر اپنا ایمان لا کر بخشے جائیں گے یہ تو محض ایک بہانہ ہے اصل بات یہ ہے کہ تمہیں بخشے جانے یا نہ بخشے جانے پر ایمان ہی نہیں اور قیامت کے تم قائل ہی نہیں ہو چنانچہ واقعہ یہی ہے کہ ایک عیسائی پادری کو بھی قیامت کے وجود پر حقیقی ایمان نہیں ہوتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہودی مذہب میں قیامت کا کوئی ذکر نہیں۔ ہمیں اس بات پر یقین ہے کہ تورات میں قیامت کا ضرور ذکر ہو گا۔ اللہ تعالیٰ کا کلام اس ذکر سے خالی نہیں ہو سکتا مگر موجودہ تورات سے قیامت کے وجود کا قطعی ثبوت نہیں ملتا۔

**Verse-11**

وَاِنَّ عَلَيۡكُمۡ لَحٰفِظِيۡنَ ۝۱۱

**Translation**: But there are guardians over you.

ترجمہ: جبکہ یقیناً تم پر ضرور نگہبان مقرر ہیں۔

**Verse-12**

كِرَامًا كَاتِبِيۡنَ ۝۱۲

Translation: Honoured recorders,

ترجمہ: معزز لکھنے والے۔

**Verse-13**

يَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ۝۱۳

**Translation**: Who know *all* that you do.

ترجمہ: وہ جانتے ہیں جو تم کرتے ہو۔

**Commentary Verses 11, 12 & 13:** The verse purports to say that man is born fully free and is responsible for the decisions he takes and for the deeds he does, which are recorded by "noble recorders."

## اُردو تفسیر-آیت 13-12-11

اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسانی اعمال کو محفوظ رکھا جاتا ہے۔اور فرشتے اس کام پر مقرر ہیں۔ہر کافر، دیندار، مومن، مشرک سب کے اعمال محفوظ رکھے جاتے۔لیکن اگر اِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ کو عیسائیت کے لئے مخصوص کر دیا جائے تو اس سے مراد اس وقت کا مامور اور اس کی جماعت ہے۔ایسے لوگ جو اُنکی مشرکانہ باتوں کو نوٹ کریں گے اور ان کو یاد رکھیں گے کیونکہ اُن کا کام یہ ہو گا کہ وہ ان باتوں کارڈ کریں اور مشرکانہ عقائد کی تردید کے لئے کھڑے ہوں۔يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ اور جو کچھ تم کرو گے اس سے وہ خوب واقف ہوں گے۔یہاں یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ عیسائیوں کے تمام اعمال کو جانتے ہوں گے بلکہ مطلب یہ ہے کہ وہ اُن کے اعمال کی حقیقت سے خوب واقف ہوں گے عیسائیت دھوکا دے گی وہ اپنے بُرے کاموں کو بھی اچھی صورت میں پیش کرنے کی کوشش کرے گی مگر وہ لوگ اس دھوکا میں نہیں آئیں گے وہ ان کی نیّتوں کو خوب سمجھتے ہوں گے اور جانتے ہوں گے کہ یہ لوگ اندرونی طور پر کیسے ہیں۔

### Verse-14

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۱۴﴾

**Translation**: Verily, the virtuous will be in bliss;

ترجمہ :یقیناً نیک لوگ ضرور آسائش میں ہوں گے۔

### Verse-15

وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿۱۵﴾

**Translation**: And the wicked will be in Hell;

ترجمہ :اور یقیناً بدکردار ضرور جہنّم میں ہوں گے۔

### Verse-16

يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۱۶﴾

**Translation**: They will burn therein on the Day of Judgment;

ترجمہ :وہ اس میں جزا سزا کے دن داخل ہوں گے۔

اُردو تفسیر- آیت 16-15-14

یہاں بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ مومن نعیم میں ہیں اور فجّار جحیم میں ہیں۔ لیکن آگے چل کر فرما دیا یَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ کہ وہ جزا سزا کے وقت اس میں داخل ہوں گے صَلٰی کے معنے آگ میں داخل ہونے کے ہوتے ہیں۔ اور کفّار کی نسبت یہ فرمایا گیا ہے۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہو گا کہ مرنے کے بعد کے انتظار کی ضرورت ہی نہیں۔ مومن اسی دُنیا میں جنّت میں نظر آئیں گے۔ یعنی وہ اطمینان جو دلوں کو سکون بخشتا ہے کفّار کے دلوں سے کوسوں دُور ہے اور باوجود دولت و ثروت رکھنے کے وہ اپنی تمام کوششوں کا نتیجہ ٹیڑھا نکلتے ہوئے دیکھتے ہیں اور اس کے مقابل مومن باوجود ظاہری مشکلات اور مصائب اور تباہیوں کے یقین اور امید سے پُر ہیں اور اپنے مستقبل کو شاندار اور اپنے دین کو کامیاب دیکھ کر جنّت کے مزے لے رہے ہیں۔

**Verse-17**

وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ﴿١٧﴾

**Translation**: And they will not *be able to* escape therefrom.

ترجمہ :اور وہ ہرگز اس سے غیر حاضر نہ رہ سکیں گے۔

اُردو تفسیر- آیت 17

وہ جنگ جو آج کل ہو رہی ہے یہ خود ایک جہنّم ہے جس نے ان کی طاقتوں میں تزلزل پیدا کر دیا ہے اور وہ محسوس کرتے ہیں کہ اب یورپ کے تنزّل کا وقت آ رہا ہے۔ یہ اس سے بچنے کے لئے کوشش کریں گے کہ جہنّم کے دروازے ان پر بند ہو جائیں۔ جیسے آجکل کہیں لیگ آف نیشنز بنائی جا رہی ہے۔ اور کہیں اس آگ کو فرو کرنے کے لئے اَور تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں۔ مگر جو کوشش بھی اس غرض کے لئے کریں گے الٹی پڑے گی اور وہ انہیں اور زیادہ اس جہنّم کی طرف دھکیل کر لے جائے گی جس میں داخل ہونا ان کے لئے مقدّر ہو چکا ہے۔

**Verse-18**

وَمَآ اَدْرٰكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿١٨﴾

**Translation**: And what should make thee know what the Day of Judgment is!

ترجمہ: اور تجھے کیا بتائے کہ جزا سزا کا دن کیا ہے۔

**Verse-19**

ثُمَّ مَآ اَدۡرٰىكَ مَا يَوۡمُ الدِّيۡنِ ۝١٩

**Translation**: Again, what should make thee know what the Day of Judgment is!

ترجمہ : پھر تجھے کیا بتائے کہ جزا سزا کا دن کیا ہے۔

**Commentary:** This and the preceding verse again signify that man will be punished and rewarded according to his actions and that the vicarious sacrifice of no one will be of any use to him

اُردو تفسیر-آیت 19-18

مَآ اَدۡرٰىكَ کا لفظ قرآن کریم میں جس مقام پر دہرایا گیا ہے وہاں اس بات کی تشریح کرنے کے لئے اسے دہرایا گیا ہے۔ اس آیت میں مَآ اَدۡرٰىكَ مَا يَوۡمُ الدِّيۡنِ کو دہرانا محض اس لئے ہے کہ تم کو کیا پتہ ہے کہ يَوۡمُ الدِّيۡنِ جس کا ہم ان آیات میں ذکر کر رہے ہیں یہ کیا چیز ہے؟ آؤ ہم تم کو بتاتے ہیں کہ جس يَوۡمُ الدِّيۡنِ کا ہم نے ذکر کیا ہے اس سے ہماری مراد کیا ہے؟

**Verse-20**

يَوۡمَ لَا تَمۡلِكُ نَفۡسٌ لِّنَفۡسٍ شَيۡـًٔا ؕ وَالۡاَمۡرُ يَوۡمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۝٢٠

**Translation**: The day when a soul shall have no power to do aught for another soul! And the command on that day will be Allah's.

ترجمہ: جس دن کوئی جان کسی جان کے لئے کسی چیز کی مالک نہ ہو گی اور اس دن فیصلہ کلیۃً اللہ ہی کا ہو گا۔

**Commentary:** The verse constitutes an emphatic repudiation of the doctrine of Atonement. It purports to say that every person shall have to carry his own cross and to answer for his actions. Only God's mercy and grace can help him on the Day of Reckoning, and not anyone's suffering or sacrifice. Applied to this life, the verse may be taken to hold a message of solace and good cheer to the followers of Islam. They are consoled and comforted that they should not be discouraged by the temporary glory and ascendancy of Christian doctrines and political power. The day is fast

approaching when the kingdom of God would be established on earth and Islam would come into its own after routing false Christian doctrines.

اُردو تفسیر- آیت 20

یہاں نَفْسٌ لِّنَفْسٍ سے عیسائیت مراد ہے۔عیسائیت کی بنیاد چونکہ کفارہ پر ہے اس لئے یَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا میں اس امر کی طرف بھی اشارہ ہے کہ تمہارا کفارہ دھرے کا دھرا رہ جائے گا اور وہ تمہارے کسی کام نہیں آئے گا۔ آیت کے دوسرے حصّہ میں بشارت ہے کہ اَلْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ۔ گو عیسائی فتنہ بڑا سخت ہے۔ مگر ہم قرآن اور اسلام کی حکومت دنیا میں قائم کرنے کا فیصلہ کر چکے ہیں۔ اور دنیا کی کوئی طاقت ہمارے اس فیصلہ کو بدل نہیں سکتی۔ ہم پھر اسلام کو قائم کریں گے۔ پھر قرآن کریم کو قائم کریں گے۔ پھر محمد رسول اللہ ﷺ کی حکومت ساری دنیا پر قائم کریں گے۔ اسلام پھر اپنی گم گشتہ عزت کو حاصل کرے گا۔ اور ساری دنیا پر غالب آجائے گا۔

## 2. Commandments of the Holy Quran

| ریفرنس<br>Ref. | ترجمہ<br>Translation | حُکْمُ الْقُرْآن |
|---|---|---|
| البقرہ: 22 | اپنے رب کی عبادت کرو<br>Worship your Lord | اُعْبُدُوْا رَبَّكُمُ |
| البقرہ: 44 | نماز قائم کرو<br>Observe the Prayer | اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ |
| البقرہ: 44 | اور زکوٰۃ ادا کرو<br>And pay the Zakat | وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ |

## 3. Attributes of Allah the Almighty ........................ 3-اسماءالحسنیٰ

| Original Arabic | Transliteration | Meaning in English | Meaning in Urdu |
|---|---|---|---|
| اَلرَّبُّ | Al-Rabb | The Lord | پالنے والا |
| اَلرَّحْمٰنُ | Ar-Rahman | The Gracious | بہت مہربان |
| اَلْهَادِیُ | Al-Hadi | The Guide | ہدایت دینے والا |

### Al Rabb - The Lord

**Resources:**

Friday Sermon 17th November 2006
https://www.alislam.org/friday-sermon/2006-11-17.html
Friday Sermon 24th November 2006
https://www.alislam.org/friday-sermon/2006-11-24.html

Allah has expressed and declared the attribute of Al Rabb in the very beginning of the Holy Qur'an in Surah Al Fatiha with the mention of 'Lord of all the worlds'.

The meaning of the word Rabb encompasses all the in-between stages of the quality of creating something and taking it to the point of excellence. When the word rabb is used for humans in Arabic idiom it is always in terms of one who trains and is always used for others in conjunction of and with an additional word and on its own the word Rabb only indicates Allah.

The Promised Messiah[as] elucidated that the word Rabb has seven meanings. Firstly, that of *Master* and this entails that He has complete possession and absolute authority over everything. Secondly, *Syyed*, which connotes One Who is most Excellent and most Supreme. Thirdly *Mudabbir*, and this connotes One Who has sight of the conclusion of all affairs. Fourthly *Qai'yam* and this denotes One Who watches over things and Who puts things right. Fifthly, *Mu'nim*, and this signifies that Being which grants

prosperity and good and Who bestows favours. Then it is *Mu'tamimum*, One Who meets each and every need. The merger of all these qualities is that Being Who is most High, most Excellent, Whose works have no likelihood of any error, Who fulfils the affairs of His creation and arranges prosperity for them, Who meets all their needs, is Omnipotent and the complete Master.

Allah has mentioned this attribute of His in the Holy Qur'an hundreds of times. In the beginning of the Holy Qur'an He has used it to declare that all beneficence is to be sought from Him and in the end of the Holy Qur'an in Surahs Al Falaq and Al Nas, this Divine quality draws on that protection from all trials and tribulation is in the refuge of Allah.

With reference to elucidation by Hazrat Musleh Maud[ra], in his Friday Sermon Huzur[aba] further expounded the implication of the word Rabb when used for Allah. It signifies One for Whom alone is complete praise, Who bestows all capacity and all ability. The quality of Rabb denotes awareness of the good and welfare of others rather than simply be aware of one's own good. Other than Allah, the quality of rubbubiyyat (the quality of sustaining) in all others is subject to and dependent on evolution. It is Allah's Being alone that is not subject to change and alteration and this proves that all that is subject to change cannot exist on its own accord. Humans were created to achieve endless progress in knowledge, in doing good and in worship of God; it is therefore needed that one is grateful in that by virtue of His Rubbubiyyat He has granted us all this.

The Divine quality of Rabb continues to lead us on never-ending paths of spiritual zenith.

In the Holy Qur'an Allah has stated commandments as well as taught ways to pray with reference to His attribute of Rabb. Every Ahmadi should reflect over this Divine attribute and in doing so inculcate a strong connection with his Lord and to never allow anything or any situation to cause waver in this resolve.

In adversity and in comfort, our progress is linked to our Lord. In the West and elsewhere people are abandoning God, it is the task of those who believe in the Messiah of Muhammad[saw] to impart the significance of adhering to the One God to these people, to enlighten them to relinquish associating partners with Him and to believe in the Seal of all the Prophets, for without this they will not find peace of mind. Huzur[aba] explained that

those who believe in the One God, the Lord, do not just think of their own good rather they also seek good for others.

**رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ** : رب کے معنی ہیں کسی چیز کو پیدا کر کے تدریجی طور پر کمال تک پہنچانا۔ خالی تربیت کے معنی بھی یہ دیتا ہے۔ خصوصاً جبکہ انسان کی طرف منسوب ہو جیسا کہ قران کریم میں ماں باپ کی نسبت آتا ہے یا اللہ میرے ماں باپ پر رحم فرما جس طرح انہوں نے اس وقت میری تربیت کی جب کہ میں ابھی چھوٹا تھا رب کے معنی مالک کے بھی ہوتے ہیں اسی طرح سردار اور مطاع کے بھی۔ رب کے معنی مفسرین نے خالق کے بھی کیے ہیں حقیقی خوشی انسان کو اسی وقت ہونی چاہیے جب اللہ تعالی کی صفت رب العالمین ظاہر ہو جو شخص اپنے فائدے پر خوش ہوتا ہے اور دنیا کے نقصان کی طرف نگاہ نہیں کرتا وہ اسلام کی تعلیم کو نہیں سمجھتا حقیقی خوشی یہی ہے کہ سب دنیا آرام میں ہو یہ فرما کر اللہ تعالی کے رب العالمین ہیں اس طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ اللہ تعالی کے سوا ہر شے ربوبیت کا محل ہے یعنی ارتقا کے قانون کے ماتحت ہے یہ بتایا گیا ہے کہ دنیا میں کوئی چیز نہیں جس کی ابتدا اور انتہا یکساں ہو بلکہ اللہ تعالی کے سوا ہر چیز تغیر پذیر ہے اور ادنی حالت سے ترقی کر کے اعلی کی طرف جاتی ہے جس سے دو امر ثابت ہوتے ہیں اول خدا تعالی کے سوا ہر شے مخلوق ہے کیونکہ جو چیز ترقی کرتی ہے اور تغیر پکڑتی ہے وہ آپ ہی آپ نہیں ہو سکتی دوسرے ارتقا کا مسئلہ ہے ہر شے ادنی حالت سے اعلی کی طرف گئی ہے خواہ انسان ہو خواہ حیوان خواہ نباتات ہوں خواہ جمادات کیونکہ رب العالمین کے معنی یہ ہیں کہ ہر شے کو ادنی حالت سے اعلی کی طرف لے جا کر اللہ تعالی کمال تک پہنچاتا ہے پس ثابت ہوا کہ ارتقا کا مسئلہ دنیا کی ہر شے میں جاری ہے یہ بھی معلوم ہوا کہ ارتقاء مختلف وقتوں اور مدارج میں حاصل ہوتا ہے کیونکہ رب کے معنی ہیں کسی چیز کو مختلف وقتوں اور مختلف درجوں میں ترقی دے کر کمال تک پہنچانا۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ ارتقا اللہ تعالی کے وجود کے منافی نہیں کیونکہ فرمایا الحمد للہ رب العالمین ارتقا کے ذریعے سے پیدائش خدا تعالی کے عقیدے کے خلاف نہیں پڑتی بلکہ اس سے وہ حمد کا مستحق ثابت ہوتا ہے اسی لیے رب العالمین کے ساتھ الحمد للہ کے الفاظ استعمال فرمائے۔

## Al Rahman (The Gracious)

**Resources:**

Friday Sermon 15th December 2006
https://www.alislam.org/friday-sermon/2006-12-15.html
Friday Sermon 19th January 2007
https://www.alislam.org/friday-sermon/2007-01-19.html

It is by virtue of Rahmaniyyat (the quality of being Gracious) that all creation receives God's universally prevalent beneficence. It is a Divine attribute that is mentioned in the Holy Qur'an after the mention of the attribute of Rabb so that the sequence may be noted.

Imam Raghib explained that the word rahmat (mercy, grace) connotes gentleness which brings about favour and kindness meted to a person who is in need of it. However, for Allah this word only denotes granting favour and kindness.

Rahman is the God Who shows mercy, grants favour and kindness and is inclined through goodwill and provides provisions.

The Promised Messiahas said that through the attribute of Rahman, God grants without being asked. He explained that through this Divine quality Allah facilitates the requirements of each living thing in accordance with its specific needs and also provides all that is necessary for its survival. The heavens and the earth were brought into existence thousands of years in advance before living things were created. Humans receive the greatest share from God's Rahmaniyyat for everything is pressed in service for them. This is such a tremendous favour that as a sign of thankfulness man should be ever inclined to God and always turn to Him. However, in practice, majority of humanity does not follow this, they receive God's beneficence and they disregard.

The Holy Prophetsaw was the perfect manifestation of the four main attributes of God: Lord, the Gracious, the Merciful, Master of the Day of Judgement. Just as the term 'Lord of all the worlds' necessitates universal Rububiyyat (quality to sustain and nurture) being 'mercy for all the world' the beneficence of the Holy Prophetsaw was also declared to be for all the

worlds. He was also the perfect manifestation of the quality of Rahman because his beneficence is incomparable.

Unlike others who said that the quality of Rahman was exclusive to God, the Promised Messiah[as] maintained that being the perfect man, the Holy Prophet[saw] had this quality in him more than anyone else and that an ordinary person too should aspire to the paradigm.

The Gracious God is ever inclined to grant all kinds of favours to His people. He has revealed His beautiful teachings and has declared that there is no compulsion in it. If one's faith is true even in private then one will be blessed and will gain further nearness to God.

While Allah has the attribute of Rahman, He also possesses attributes of Al Jabbar (The Subduer) and Al Qahhar (The Most Supreme) through which He chastises. These come into play when, despite being bestowed and granted favours, man continually breaks away. In his Friday Sermon Huzur[aba] explained that in such instances the quality of Rahmaniyyat does not come into dispute because it is through man's own persistent mischief that he is chastised. Huzur[aba] enjoined that therefore one should always engage in Istaghfar. Chastisement is only meted out to those who persistently offend, otherwise the Holy Qur'an is replete with verses that state that sins are forgiven through sincere repentance and remorse.

**اَلرَّحْمٰن:** اللہ تعالیٰ نے قران کریم میں مختلف جگہوں پر مختلف حوالوں سے اپنی صفت رحمانیت کی شان بیان فرمائی ہے۔

اللہ تعالیٰ کی صفت رحمٰن سے مراد ایسی رحمت، مہربانی اور عنایت ہے جو ہمیشہ احسان کے طور پر ظاہر ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی صفت کی وجہ سے بلا تمیز مذہب و قوم ہر انسان کو اپنے اس احسان سے فیض پہنچا رہا ہے۔ بلکہ ہر جاندار اس سے فیض حاصل کر رہا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلاۃ والسلام فرماتے ہیں کہ خدا کا نام سورۃ فاتحہ میں بعد صفت رَبُّ الْعَالَمِیْن، رحمٰن آیا ہے۔ جیسا کہ فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْن ۔اَلرَّحْمٰن۔ رحمان اللہ تعالیٰ کے اَسمائے حُسنیٰ میں سے ایک ہے اور صرف اللہ تعالیٰ سے مُختص ہے اور کسی کے لیے استعمال نہیں ہو سکتا۔ خدا تعالیٰ کی صفت کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ آپ ہی ہر ایک ذی روح کو اس کی ضروریات جن کا وہ حسبِ فطرت محتاج ہے عنایت فرماتا ہے اور بن مانگے اور بغیر کسی کوشش کے مہیا کر دیتا ہے۔ قرآن

شریف کی اصطلاح کی رو سے خدا تعالیٰ کا نام رحمان اس وجہ سے ہے کہ اس نے ہر ایک جاندار کو جن میں انسان بھی داخل ہے اس کے مناسب حال صورت اور سیرت بخشی۔ یعنی جس طرز کی زندگی اس کے لیے ارادہ کی گئی اس زندگی کے مناسبِ حال جن قوتوں اور طاقتوں کی ضرورت تھی، یا جس قسم کی بناوٹ، جسم اور اعضاء کی حاجت تھی وہ سب اس کو عطا کیے۔ اور پھر اس کی بقا کے لیے جن جن چیزوں کی ضرورت تھی وہ اس کے لیے مہیا کیں۔ اور صرف یہی نہیں بلکہ ان چیزوں کے وجود سے ہزارہا برس پہلے بوجہ اپنی صفت رحمانیت کے اجرام سماوی وارضی کو پیدا کیا، پس اس تحقیق سے ثابت ہوا کہ خدا تعالیٰ کی رحمانیت میں کسی کے عمل کا دخل نہیں بلکہ وہ رحمتِ محض ہے جس کی بنیاد ان چیزوں کے وجود سے پہلے ڈالی گئی ہاں انسان کو خدا تعالیٰ کی رحمانیت سے سب سے زیادہ حصہ ہے کیونکہ ہر ایک چیز اس کی کامیابی کے لیے قربان ہو رہی ہے۔ اس لیے انسان کو یاد دلایا گیا کہ تمہارا خدا رحمٰن ہے۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ رَحۡمَانُ الدُّنۡیَا ہے اور رَحِیۡمُ الۡاٰخِرَۃ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کا احسان اس دنیا میں مومن و کافر ہر ایک پر عام ہے جبکہ آخرت میں صرف مومنین سے ہی مختص ہو گا۔

## Al-Hadi - The Guide

**Reference:**

Friday Sermon 6th February 2009

https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-02-06.html

Al-Hadi signifies that Being that teaches His people ways of spiritual knowledge until such time that they begin to acknowledge His Rububiyyat (Divine grace of forming, nurturing and sustaining all creation, by virtue of which God is 'Rabb' – Lord – of all the worlds). These ways and means are taught by God at a time when people have rejected Rububiyyat. This manifests in different ways. Man assumes to be all-powerful, some claim divinity, others prostrate before graves, worldly powers consider themselves invincible. In short there is immense and apparently never-ending disorder in the world. This is when God manifests His Power and shows the world that He is the Lord of all the worlds.

The Promised Messiah[as] said that there are times when people forget the status of man and have no concept of the station of God. It is as if darkness

falls all over. This is when the Gracious God sends an Imam to this world so that he may identify the satanic forces to people. The Imam is triumphant over those who oppose him and remains an Imam of those who are rightly guided. Allah, Who is The Guide, brings His attribute of Rububiyyat into action and makes these signs of triumph evident to the enemy by helping those who are rightly guided and diminishing the rising power of those who create disorder.

The Promised Messiah[as] said that the prophethood of Muhammad[saw] had tremendous power of beneficence and in following it one may be rewarded with the blessing of the love of God. When this obedience and compliance attains supreme excellence, a stage where no deficiency remains, then Allah speaks to individuals and openly grants them knowledge of the unseen. This may, in other words be called prophethood and all Prophets are agreed upon this. How could it be that the Ummah (people) about which it is said in the Holy Qur'an that they are 'the best people raised for the good of mankind;' (3:111) and who are taught the prayer of 'guide us in the right path, the path of those on whom Thou hast bestowed Thy blessings' (1:6-7) remained deprived of this lofty station and from among them not a single person could attain this blessing?

In his Friday Sermon of 6th February 2009 Huzur[aba] said that daily we experience acceptance of prayers made for all sorts of reasons, how could it be that a prayer made for spiritual development is not accepted by God? Huzur[aba] said when this prayer is made earnestly and keeping in mind Allah's promise then indeed He listens and sends a guide. If a prayer made in this way was not accepted, such a situation would be tantamount to making an allegation against Allah. The state of the religion of Islam is terrible, how could it be that despite the dire-straits and the prayers and supplications of the Muslims Allah would not send down a guide? Indeed, the Promised Messiah[as] declared many times that generations upon generations of Muslims will pass away praying but there will be no guide, no Mahdi, no Messiah except him.

**اَلْهَادِیُ:** اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام اَلْهَادِی ہے، جس کے معنی ہیں ہدایت دینے والا، راہ دکھانے والا۔ اس کے یہ معنی بھی ہیں کہ وہ ذات جو اپنے بندوں کو اپنی معرفت اور پہچان کے طریق دکھائے یہاں تک کہ وہ اس کی ربوبیت کا اقرار کرنے لگیں۔ اور یہ اس وقت دکھاتا ہے جب بندے خدا تعالیٰ کی ربوبیت کے انکاری ہوتے ہیں۔ اس وقت خدا تعالیٰ اپنی قدرت کا اظہار فرماتا ہے اور دنیا کو بتاتا ہے کہ وہ رب العالمین ہے۔ پس یہ ہے ہادی خدا، جو ہدایت کے راستوں کی طرف لانے کے لیے اپنی صفت ربوبیت کو بھی حرکت میں لاتا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام سورۃ فاتحہ کی آیت اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ گویا یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ چھٹے ہزار کی تاریکی (چھٹا ہزار وہ زمانہ ہے جس میں مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کی آمد مقدر تھی) آسمانی ہدایت کو چاہے گی اور انسانی سلیم فطرتیں خدا کی جناب سے ایک ہادی کو طلب کریں گی یعنی مسیح موعود کو۔ پس اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے مسیح و مہدی کا یہ مقام ہے جسے اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے دنیا کی ہدایت کے لیے اور اسلام کی نئی زندگی کے لیے بھیجا ہے تا دنیا پر اسلام کی روشن تعلیم واضح اور عیاں ہو۔ اللہ تعالیٰ کی ہدایت حاصل کرنے کے لیے صاف دل ہو کر اس کی طرف قدم بڑھانا بھی ضروری ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا (العنکبوت: 70) اور وہ لوگ جو ہم سے ملنے کی کوشش کرتے ہیں ہم ان کو ضرور اپنے رستوں کی طرف آنے کی ہدایت بخشیں گے۔ اللہ تعالیٰ دنیا کو اس مسیح و مہدی کو قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں بھی توفیق عطا فرمائے کہ ہم اللہ تعالیٰ، جو ہادی ہے، کے بھیجے ہوئے اس مہدی کی تعلیم پر عمل کرتے ہوئے جس راستے پر چلے ہیں اس پر مستقل مزاجی سے قائم رہیں. کبھی ٹھوکر نہ لگے. اور اس منزل مقصود کی طرف چلتے رہیں جو خدا تعالیٰ کی رضا کی طرف لے جانے والی ہے۔

## 4. Salat .............................................................................. 4–نماز

### Significance of Prayer

**_Iqamatus Salat_ – The Observance of Prayer**
**by Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib**

The entire Holy Qur'an is full of the emphatic mention of prayer. Prayer possesses central significance in the prophetic Traditions, the Sunnah, and there is abundant mention of prayer in the Hadith of the Holy Prophet[saw] as well. Benefitting from all three of these means of guidance, and becoming saturated by that fountain of knowledge and understanding, the beautiful manner in which the Promised Messiah[as], the Imam of the Age, has mentioned prayer is a faith-inspiring exposition and one that should be pondered.

The Promised Messiah[as] has stated:

In reality, Salat is but a name for plunging into a fire, and after plunging into a fire of Divine love and fear of Allah, to burn one's being and burn everything except Allah; and it is but a name for such a state wherein God, and only God remains in sight; and man progresses to such a state wherein he speaks when God wishes, and walks when God wishes; the whole of his moving or remaining still, his performing an action or abandoning an action begins to conform to Allah's will and the ego is annihilated.

(Malfuzat, Vol.10, pp.314)

Prayer does not imply that prayer which is observed by the common people as a mere tradition, rather, prayer is that by which the heart of man is tendered, and falls before the Divine threshold becoming so immersed that it begins to melt.

(Malfuzat, Vol.5, pp.402 new edition)

Then he states:

What is prayer? It is a supplication, which is humbly implored with *Tasbih* (glorifying Allah), *Tahmid* (praising Allah), *Taqdis* (proclaiming His Holiness), *Istighfar* (seeking His forgiveness) and *Durud* (invoking blessings on the Holy Prophet[saw]). (Kishti-e-Nuh, Ruhani Khaza'in, Vol.19, pp.65)

Furthermore, the Promised Messiah[as] writes:

What is prayer? It is to present one's humility and supplications and weaknesses before God and to desire the fulfilment of needs from Him; at times, to stand before Him respectfully, to pay homage to His magnificence and fulfil his commandments; at times, to fall before him in prostration with complete humility and modesty, to implore one's needs from Him - this is Prayer. Just like a beggar, to praise Allah saying, 'You are like so and you are like such and such'. To express His magnificence and majesty and inducing His mercy, then imploring of Him.

(Tafsir Masih-e-Mau'ud, Vol.3, pp.612, published in Rabwah, new edition)

Promised Messiah[as] further states:

A prayer in which there is no humility, no attraction towards God the Exalted, no weeping supplication before God the Exalted, is in itself a deficient prayer. Prayer is that in which one feels pleasure in supplication. Stand before God the Exalted with such attention that a state of emotion overcomes you, as if an individual is detained in a dreadful lawsuit and a verdict of imprisonment or hanging is to be announced. What is his state before the judge? Similarly, one should stand before Allah with a fearful heart. A prayer in which the heart is at one place, while the thoughts are somewhere else, and the mouth says something, is a curse, which is thrown back in the face of man, and is not accepted. Allah Almighty says: "so woe to those who pray but are unmindful of their prayer." True prayer is that which feels pleasurable. It is this very prayer, in the description of which, it has been said that prayer is the spiritual apex – *Mi'raj* - of a a believer. Prayer is the means of spiritual progress for a believer.

(Malfuzat, Vol.5, pp.44-45 new edition)

# نماز کی اہمیت

اِقَامَۃُ الصّلوٰۃ کے مضمون کو سمجھنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کیلئے ضروری ہے کہ سب سے پہلے نماز کا حقیقی مفہوم ہم پر پوری طرح واضح ہو اور پھر یہ معلوم کیا جائے کہ اِقَامَۃُ سے کیا مراد ہے؟

ہر مسلمان خوب جانتا ہے کہ سارا قرآن مجید نماز کے ذکر سے اور اس کی تاکید سے بھرا پڑا ہے۔ سنتِ نبوی ﷺ کے تذکرہ میں نماز کو ایک مرکزی حیثیت حاصل ہے اور احادیثِ نبوی میں نماز کا ذکر بہت کثرت سے ملتا ہے۔ ہدایت کے ان تینوں ذرائع سے اکتسابِ فیض کرتے ہوئے اور علم و عرفان کے ان چشموں سے سیر اب ہو کر امام الزمان، حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جس خوبصورت انداز میں نماز کا ذکر کیا ہے وہ ایک ایمان افروز بیان ہے اور حرزِ جان بنانے کے لائق ہے۔

حقیقی نماز کیا ہے اور کس انداز میں نماز ادا کرنی فرض ہے حضرت مسیح پاک علیہ السلام کے مبارک الفاظ میں سنئے،

"صَلوٰۃ اصل میں آگ میں پڑنے اور محبتِ الٰہی اور خوفِ الٰہی کی آگ میں پڑ کر اپنے آپ سے جل جانے اور ماسویٰ اللہ کو جلا دینے کا نام ہے اور اس حالت کا نام ہے کہ صرف خدا ہی خدا اس کی نظر میں رہ جاوے اور انسان اس حالت تک ترقی کر جاوے کہ خدا کے بلائے سے بولے اور خدا کے چلانے سے چلے، اس کی کل حرکات اور سکنات اس کا فعل اور ترکِ فعل، سب اللہ ہی کی مرضی کے مطابق ہو جاوے۔" (ملفوظات جلد پنجم ص590)

پھر فرمایا:

"نماز سے وہ نماز مراد نہیں جو عام لوگ رسم کے طور پر پڑھتے ہیں، بلکہ وہ نماز مراد ہے، جس سے انسان کا دل گداز ہو جاتا ہے اور آستانہ اَحدیت پر گر کر ایسا محو ہو جاتا ہے کہ پگھلنے لگتا ہے۔" (ملفوظات جلد5 صفحہ 402)

پھر آپؑ فرماتے ہیں:

"نماز کیا چیز ہے؟ وہ دعا ہے جو تسبیح، تحمید، تقدیس، استغفار اور درود کے ساتھ تضرع سے مانگی جاتی ہے۔"

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد19 صفحات 68-69)

پھر آپؑ فرماتے ہیں:

''نماز کیا ہے؟ یہی کہ اپنے عجز و نیاز اور کمزوریوں کو خدا کے سامنے پیش کرنا اور اسی سے اپنی حاجت روائی چاہنا۔ کبھی اس کی عظمت اور اس کے احکام کی بجا آوری کے واسطے دست بستہ کھڑا ہونا اور کبھی کمال مذلت اور فروتنی سے اس کے آگے سجدے میں گر جانا، اس سے اپنی حاجات کا مانگنا، یہی نماز ہے۔ ایک سائل کی طرح کبھی اس مسئول کی تعریف کرنا کہ تو ایسا ہے، تو ایسا ہے، اس کی عظمت اور جلال کا اظہار کر کے رحمت کو جنبش دلانا پھر اس سے مانگنا۔''

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 188)

آپؑ نے مزید فرمایا:

''جس نماز میں تضرع نہیں، خدا تعالیٰ کی طرف رجوع نہیں، وہ نماز تو خود ہی ٹوٹی ہوئی نماز ہے۔ نماز وہ ہے جس میں دعا کا مزا آجاوے۔ خدا تعالیٰ کے حضور میں ایسی توجہ سے کھڑے ہو جاؤ کہ رقت طاری ہو جائے، جیسے کہ کوئی شخص کسی خوفناک مقدمہ میں گرفتار ہوتا ہے اور اس کے واسطے قید یا پھانسی کا فتویٰ لگنے والا ہوتا ہے۔ اس کی حالت حاکم کے سامنے کیا ہوتی ہے؟ ایسے ہی خوفزدہ دل کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہونا چاہئے۔ جس نماز میں دل کہیں ہے اور خیال کسی طرف ہے اور منہ سے کچھ نکلتا ہے وہ ایک لعنت ہے جو آدمی کے منہ پر واپس ماری جاتی ہے اور قبول نہیں ہوتی ... نماز وہی اصلی ہے جس میں مزا آجاوے اور یہی وہ نماز ہے جس کی تعریف میں کہا گیا ہے کہ نماز مومن کا معراج ہے، نماز مومن کے واسطے ترقی کا ذریعہ ہے۔'' (ملفوظات جلد 5 صفحہ 45)

## قیام نماز کی اہمیت

نماز کی ادائیگی اسلام کا ایک بنیادی رکن ہے۔ جس کی پابندی ہر سچے مسلمان پر لازم ہے۔ قرآن مجید کی ابتدا میں ذکر ہے کہ حقیقی مومن اور متقی وہ لوگ ہیں جو یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ کا وصف رکھتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ کا تاکیدی ارشاد ہے:

اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ۝ (الروم: 32)

یعنی نماز کو قائم کرو اور مشرکوں میں سے نہ ہو۔ قیامت کے روز جب مجرموں سے سوال کیا جائے گا کہ تمہیں کس چیز نے جہنم میں داخل کیا ہے، تو ان کا جواب ہو گا:

لَمْ نَکُ مِنَ الْمُصَلِّیْنَ ۝ (المدثر: 44)

کہ ہم نمازیوں میں سے نہیں تھے۔ اس وجہ سے ہمارا یہ انجام ہوا۔ خدا تعالیٰ کی نظر میں محبوب اور مقبول نمازی وہ ہیں جو

اَلَّذِیْنَ هُمْ عَلٰی صَلَا تِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۝ (المعارج: 24)

وہ لوگ جو اپنی نماز پر دوام اختیار کرنے والے ہیں۔ وہ لوگ ہی محبوبِ خدا ہیں۔

اَلَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَا تِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝ (المومنون: 3)

وہ لوگ جو اپنی نماز میں عاجزی کرنے والے ہیں۔ اور پھر فرمایا:

اَلَّذِیْنَ هُمْ عَلٰی صَلَا تِهِمْ یُحَافِظُوْنَ ۝ (المعارج: 35)

وہ لوگ جو اپنی نمازوں پر محافظ رہتے ہیں۔

نمازوں پر دوام، نمازوں میں عاجزی اور نمازوں کی حفاظت اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃِ کے بنیادی ستون ہیں۔ اسی طرح نماز باجماعت کا قیام، وقت پر ادائیگی اور جملہ شرائط کو پورا کرتے ہوئے تعہد سے ان کا التزام اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃِ کی بنیادی شرائط ہیں۔ وقت کی پابندی کے بارہ میں تاکیدی حکم ہے کہ:

اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝ (النساء: آیت 104)

یقیناً نماز کی ادائیگی مومنوں پر ایک وقتِ مقررہ کی پابندی کے ساتھ فرض ہے۔ نماز کی حفاظت کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے تاکیدی حکم فرمایا ہے کہ:

حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی ۝ (البقرہ: 239)

یعنی اے مومنو! اپنی نمازوں کی حفاظت پر ہمیشہ کمربستہ رہا کرو، بالخصوص مرکزی نماز کی، یعنی ہر اس نماز کی جو دیگر مصروفیات کے درمیان میں آتی ہے۔ گویا جتنی مصروفیات زیادہ ہوں، اتنی ہی اس نماز کی اہمیت بھی زیادہ ہوگی۔ دیگر سب مصروفیات کو چھوڑ کر نماز کو فوقیت دیتے ہوئے اس کا بروقت اہتمام کرنا ہی درحقیقت اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃ ہے۔ یہی عملی اظہار ہوگا اس عہد کا جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر احمدی کرتا ہے کہ میں دین کو دُنیا پر مقدم کروں گا۔

حدیثِ نبویؐ میں آتا ہے کہ : مَنْ تَرَکَ الصَّلٰوۃَ مُتَعَمِّداً فَقَدْ کَفَرَ۔

(کنز العمال کتاب الصّلوٰۃ من قسم الأقوال الباب الاول فی فضل الصّلوٰۃ ووجوبھاالفصل الاول فی الوجوب حدیث نمبر18876)

جس نے جان بوجھ کر نماز ادا نہ کی اس نے کفر کا ارتکاب کیا۔ ایک اور حدیث میں آتا ہے:

اِنَّ اَوَّلَ مَا یُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مِنْ عَمَلِهٖ صَلٰوتُهٗ۔

(ترمذی ابواب الصّلوٰۃ باب ماجاء ان اول مایحاسب بہ العبد یوم القیامۃ الصّلوٰۃ)

کہ قیامت کے روز بندے سے سب سے پہلے جس چیز کا حساب لیا جائے گا وہ اس کی نماز ہے۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ: اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ ۔ (شعب الایمان للبیہقی کتاب الصلوۃ حدیث نمبر 2550)

نماز دین کا ستون ہے، گویا یہ اسلام کی بنیاد ہے۔ جس کے بغیر ایمان کی عمارت قائم نہیں رہ سکتی۔

قیامِ نماز کے بارہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے تاکیدی ارشادات سے آپ کی کتب بھری پڑی ہیں۔ جماعت میں داخلہ کیلئے آپ نے قرآن مجید اور احادیث کی متابعت میں جو دس شرائط بیعت مقرر فرمائی ہیں، ان میں سے تیسری شرط میں ذکر ہے کہ: ”ہر بیعت کرنے والا بلاناغہ پنج وقتہ نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہے گا۔“

پھر حضرت مسیح پاک علیہ السلام نے تحریر فرمایا ہے:

”جو شخص پنجگانہ نماز کا التزام نہیں کرتا، وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔“

(روحانی خزائن جلد 19، کشتی نوح، صفحہ 19)

پھر فرمایا:

”نماز خدا کا حق ہے، اسے خوب ادا کرو... اگر سارا گھر غارت ہوتا ہے تو ہونے دو، مگر نماز کو ترک مت کرو... قرآن شریف میں دو جنتوں کا ذکر ہے۔ ایک ان میں سے دنیا کی جنت ہے اور وہ نماز کی لذت ہے۔“

(ملفوظات جلد سوم صفحات 591-592)

## 5. Hadith ............................................................ 5-حدیث

### HADITH NUMBER 32

**No deed is better than good conduct**

اچھے اخلاق سے بہتر کوئی عمل نہیں ہے

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ شَيْءٍ أَثْقَلُ فِي الْمِيْزَانِ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ (ابو داؤد)

Narrated by Ḥaḍrat Abū Dardā, Allāh be pleased with him: Said the Prophet of Allāh[saw]:

"Nothing weighs heavier in the scale of God than the excellence of conduct."

(Abū Dāwūd.)

ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ خدا کے تول میں کوئی چیز اچھے اخلاق سے زیادہ وزن نہیں رکھتی۔ (ابو داؤد)

**Explanatory Note:**

Excellent social behavior is half the faith. Islām has laid tremendous emphasis on it, so much so, that according to this Ḥadīth, the Holy Prophet[saw] declared that there was nothing weightier in the Divine scale than excellent conduct. In another Ḥadīth, he says that whoso was not grateful to man was not grateful to God. In fact, excellence of social conduct constitutes the basis of every virtue; even spirituality is but an advanced state of good conduct. It is therefore that our Chief has laid so much stress on the improvement of social conduct and in this behalf the Aḥādīth reported are far too many to be enumerated.

Besides, in so far as the expression of social ethics through individual conduct is concerned, Islām does not omit to satisfy the rights of any claimant. From God down to men and from among men, from the monarch down to the humble servant, good conduct has been enjoined on all. Rights of officers, of subordinates, of the father and of the son, of friend and of

foe, of man and of beast, in short of each and every one, have been assigned. And, again, it has been enjoined to discharge these obligations in the best possible manner. Even minor and secondary virtues have not been left out. The Holy Prophet[saw] went so far as to say that if a person meets his acquaintances with a smiling countenance to please them, it will be considered an act of moral excellence on his part, making him worthy of merit in the eyes of God. On another occasion he advised that thorny or slippery or stinking objects, or stumbling blocks, should be removed from the way lest another brother should suffer thereby.

In regard to merciful treatment of others he said,

“One who showed not compassion to others would not deserve it of God.”

He was personally endowed with such excellence of social conduct that he never turned down the request of anyone for help, never first let go the hand of anybody once he grasped it; he took compassionate care of orphans and supported widows, won over his neighbours through kindly treatment attended to his poorest of companions in their sickness and gave them new heart by the charm of his comforting speech, so full of compassion and love.

A poor old woman, who lived in Medina, used to sweep the Masjid-i-Nabawī, (the Prophet’s mosque). When the Holy Prophet[saw] did not see her for a few days, he enquired of his companions whether she was in good health. The companions submitted that she had passed away after a short illness and considering that it would distress him, they did not inform him when her funeral was taken out. This grieved the Holy Prophet[saw] to no small extent, and he complained that they had not informed him of her death, he[saw] then left to visit her grave and prayed for her departed soul.

On one occasion, probably before the command for the women to observe seclusion was revealed, he was with his honored wife Ḥaḍrat ‘Ā’ishah[ra], when a person called on him. On receiving the intimation, the Holy Prophet[saw] remarked to Ḥaḍrat ‘Ā’ishah[ra] that the visitor was not a good man. But when he came to him, he talked to him in an affectionate and conciliatory tone. As he went away, Ḥaḍrat ‘Ā’ishah[ra] submitted, “O Prophet of Allāh, you do not hold a good opinion of him and yet you have been so engaging to him in your conversation.”

The Holy Prophet[saw] said,

"Ā'ishah! is it not my duty to deport myself in excellent ways in my social contact with the people?"

Before embracing Islām, Abū Sufyān was a bitter enemy of the Holy Prophet[saw]. But when the Caesar of Rome enquired of him about the teachings of the Holy Prophet[saw] to his people and asked if he had ever broken a promise or betrayed a trust, Abū Sufyān had nothing to say about the Holy Prophet[saw] but that he prohibited worship of idols and taught excellent manners and that he had never broken the pledge he made with them.

This excellence of his conduct was not confined to men only. He has included even dumb animals within the fold of his compassion. He would constantly impress on his companions,

فِی کُلِّ کَبِدٍ رَ طْبَةٍاَجْرٌ۔

"It is a good deed to show compassion to all living beings."

Once when a camel was moaning piteously under the weight of excessive load, the Holy Prophet[saw] was deeply moved and walking over to the beast, compassionately patted his head and told his owner that the dumb animal was complaining of it's cruel treatment and that he should treat it with consideration so that he may be shown compassion in the heavens.

Such are the manners as have been taught us by our Master. It grieves one's heart to see many Muslims of today being so very unmindful of their social duties.

## تشریح

اعلیٰ اخلاق دین کا آدھا حصہ ہوتا ہے۔ اور اسلام نے اخلاق پر انتہائی زور دیا ہے۔ حتیٰ کہ اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کہ اخلاق سے بڑھ کر خدا کے ترازو میں کسی چیز کا وزن نہیں۔ اور ایک دوسری حدیث میں فرماتے ہیں کہ جو شخص بندوں کا شکر گزار نہیں بنتا۔ وہ خدا کا بھی شکر گزار نہیں بن سکتا۔ دراصل اعلیٰ اخلاق ہر نیکی کی بنیاد ہیں۔ حتی کہ روحانیت بھی در حقیقت اخلاق ہی کا ایک ترقی یافتہ مقام ہے۔ اس لئے ہمارے آقا نے اخلاق کی درستی پر بہت زور دیا ہے۔ اور اس بارے میں اتنی حدیثیں بیان ہوئی ہیں کہ شمار سے باہر ہیں۔

اس کے علاوہ اسلام نے اعلیٰ اخلاق کے اظہار کیلئے کسی حق دار کے حق کو نظر انداز نہیں کیا۔ خدا سے لے کر بندوں تک اور پھر بندوں میں بادشاہ سے لے کر ادنیٰ خادم تک ہر ایک کے بارے میں حُسن خلق کی تاکید فرمائی ہے۔ افسر ماتحت، باپ بیٹے، خاوند بیوی، بہن بھائی، ہمسایہ، اجنبی، دوست، دشمن انسان حیوان ہر ایک کے حقوق مقرر فرمائے ہیں۔ اور پھر ان حقوق کو بہترین صورت میں ادا کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اور کسی چھوٹی سے چھوٹی نیکی کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر تم اپنے ملنے والوں کو مسکراتے ہوئے چہرہ سے مل کر ان کے دل کو خوش کرو تو یہ بھی تمہارا ایک نیک خلق ہو گا اور تمہیں خدا کے حضور ثواب کا مستحق بنائے گا۔ اور دوسری جگہ آپ فرماتے ہیں کہ رستہ چلتے ہوئے اگر کوئی کانٹے دار چیز یا پاؤں کو پھسلانے والا چھلکا یا ٹھوکر لگانے والا پتھر یا بدبو پیدا کرنے والی گندی چیز وغیرہ نظر آئے تو اسے رستہ سے ہٹا دو۔ تاکہ تمہارا کوئی بھائی اس کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا نہ ہو۔

خود آپ کے اپنے اخلاق فاضلہ کا یہ حال تھا کہ کبھی کسی سوالی کو رد نہیں کیا۔ کبھی کسی کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر اسے چھوڑنے میں پہل نہیں کی۔ یتیموں کے سر پر شفقت کا ہاتھ رکھا۔ بیواؤں کی دستگیری فرمائی۔ ہمسایوں کو اپنے حسن سلوک سے گرویدہ کیا۔ چھوٹے سے چھوٹے صحابی کی بیماری کا سنا تو اس کی عیادت کو تشریف لے گئے اور اس سے شفقت اور محبت کا کلام کر کے اس کی ہمت بڑھائی۔ مدینہ میں ایک غریب بوڑھی عورت رہتی تھی۔ جو ثواب کی خاطر مسجد نبوی میں جھاڑو دیا کرتی تھی۔ وہ چند دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نظر نہیں آئی تو آپ نے صحابہؓ سے دریافت فرمایا کہ فلاں عورت خیریت سے تو ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ وہ بیچاری تو مختصر سی بیماری کے بعد فوت ہو گئی۔ اور ہم نے آپؐ کی تکلیف کے خیال سے آپؐ کو اس کے جنازہ کی اطلاع نہیں دی۔ آپؐ خفا ہوئے کہ مجھے کیوں بے خبر رکھا۔ اور پھر اس کی قبر پر جا کر دعا فرمائی۔

ایک دفعہ غالباً پردہ کے احکام سے پہلے جب کہ آپؐ اپنی زوجہ محترمہ حضرت عائشہؓ کے پاس تشریف رکھتے تھے۔ ایک شخص آپؐ سے ملنے کیلئے آیا۔ آپؐ نے اس کی اطلاع پا کر حضرت عائشہؓ سے فرمایا: یہ آدمی اچھا نہیں ہے مگر جب یہ شخص آپؐ کے پاس آیا تو آپؐ نے بڑی دلداری اور شفقت کے ساتھ اس سے گفتگو فرمائی۔ جب وہ چلا گیا تو حضرت عائشہؓ نے آپؐ سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ اس شخص کو ناپسند فرماتے تھے۔ مگر جب وہ آپؐ سے ملا۔ تو آپ نے بڑی دلداری اور شفقت کے ساتھ اس سے باتیں کیں؟ آپؐ نے فرمایا۔ عائشہ: کیا میرا یہ فرض نہیں کہ لوگوں کے ساتھ اخلاق سے پیش آؤں؟

ابو سفیان اسلام لانے سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بدترین دشمن تھا۔ مگر جب قیصر روما نے اس سے پوچھا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) لوگوں کو کیا تعلیم دیتا ہے۔ اور کیا اس نے کبھی تمہارے ساتھ کوئی بدعہد کی یا غداری کی ہے ؟ تو ابو سفیان کی زبان سے اس کے سوا کوئی الفاظ نہ نکل سکے۔ کہ وہ بت پرستی سے روکتا ہے اور حسن اخلاق کی تعلیم دیتا ہے اور اس نے آج تک ہمارے ساتھ کوئی بدعہدی نہیں کی۔

آپؐ کے یہ اخلاق فاضلہ صرف انسانوں تک ہی محدود نہیں تھے بلکہ آپؐ نے بے زبان جانوروں تک کو بھی اپنی شفقت میں شامل فرمایا۔ چنانچہ آپؐ اپنے صحابہ کو ہمیشہ تاکید فرماتے تھے کہ فِي كُلِّ كَبِدٍ رَطْبَةٍ اَجْرٌ یعنی "یاد رکھو کہ ہر جاندار چیز پر رحم کرنا ثواب کا موجب ہے۔"

ایک موقعہ پر ایک اونٹ جس پر زیادہ بوجھ لاد دیا گیا تھا، تکلیف سے کراہ رہا تھا۔ آپؐ اسے دیکھ کر بے قرار ہو گئے اور اس کے قریب جا کر اس کے سر پر محبت کے ساتھ ہاتھ پھیرا اور اس کے مالک سے کہا کہ یہ بے زبان جانور تمہارے ظلم کی شکایت کر رہا ہے۔ اس پر رحم کرو تا تم پر بھی آسمان پر رحم کیا جائے۔

یہ وہ اخلاق ہیں۔ جو ہمارے آقا ﷺ نے ہمیں سکھائے۔ مگر افسوس ہے کہ آج کل بہت سے مسلمان ان اخلاق کو فراموش کر چکے ہیں۔

## 6. Malfoozat ........................................................ 6-ملفوظات

**Third Address of the Promised Messiah[as]**
**at the Annual Convention on 30 December 1897**

### Sympathy and Compassion for Friends

The Promised Messiah[as] said:

The fact of the matter is that my friends are a part of me, as are my limbs. We observe in our daily lives that even the smallest of parts, such as a finger for example, if subject to pain, agitates and distresses the entire body. Allah the Exalted is well-aware that in exactly the same way, constantly at every moment, I forever remain anxious and concerned about whether my friends are in a state of ease and comfort. This sympathy and compassion which I feel is not the result of any artificial effort or unnaturally. In fact, just as a mother is incessantly absorbed in ensuring that each and every one of her children are in peace and comfort, no matter their number, I find my heart replete, in the way of Allah, with the same tenderness and compassion for my friends. This sympathy is so burning that when I receive a letter from any one of my friends alluding to a grief or illness with which they are suffering, my disposition becomes restless and disturbed, and I am taken aback by grief. As our dear ones increase, this grief increases in equal proportion. There is no hour in which I am free from some form of apprehension and grief, because from among the vast number of my friends, one or the other is afflicted by some form of grief or pain. When they inform me of their worries, my heart becomes perturbed and restless. I cannot describe the amount of time that I suffer from worries. Since there is no being other than Allah Almighty who can deliver one from such worries and concerns, I engage myself constantly in prayers. The foremost prayer that I offer is for my friends to be saved from grief and worry because the thought of them overwhelms me with anguish and agony. Then, I pray in the general sense that if there is anyone who suffers from some form of grief and hardship, may Allah Almighty grant them deliverance. My entire effort and every ounce of my passion moves

me to supplicate before Allah the Exalted. Much hope can be gained from the acceptance of prayer.

## Principles of the Acceptance of Prayer

My Compassionate Master, God Almighty, has promised me clearly:

أُجِيْبُ كُلَّ دُعَائِكَ

*I will accept your every prayer.*

However, I am well aware that the word 'every' (kulla) refers to those prayers which if accepted, cause no harm. On the contrary, where Allah the Almighty desires improvement and reform, rejecting a prayer is also a form of acceptance. At times, a person is unsuccessful in achieving the result of their prayer. One surmises that God Almighty has rejected their supplication, even though He has actually accepted the person's entreaty and acceptance is manifested in the form of a disapproval. In the specific case at hand, behind the apparent veil, in reality, the real advantage and benefit lies in the supplicant's prayer being rejected. Since man is short-sighted and lacks foresight, giving importance to outward appearance, it is advisable that when he prays to Allah the Exalted and does not receive a result that seems apparently beneficial to his own preconceived notion, he should not think ill of God and conclude that his prayer has been rejected. God Almighty hears the prayer of every supplicant.

اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۝

*Pray unto Me; I will answer your prayer.* [al-Mu'min, 40:61]

The mystery and secret is that the greatest good and benefit for the supplicant lies in their prayer being refused. This is the principle of prayer.

In the acceptance of prayer, Allah the Exalted is not subject to our thoughts and desires. One may observe how dear a mother holds her child. She desires that no harm should come to her child. But if a child should cry and insist upon the absurd idea that they be handed a sharp dagger or a bright and glowing piece of coal, would the mother, despite her true love and compassion, ever approve of her child taking hold of a flaming piece of coal and subsequently burning their hand, or cutting their hand on the sharp

blade of a dagger? Of course not. The underlying principle in the acceptance of prayer can be understood in light of this example. I am myself experienced in this regard. Where a detrimental aspect exists in a certain prayer, it is not accepted in the least. One can easily understand that our knowledge is not definitive and without its faults. There are many things we do with great pleasure, considering them to be blessed, and in our own view we consider their outcomes to be blessed as well, but ultimately they turn into a grief and affliction that clings to us. Hence, it cannot be said that all the desires of man are free from harm if fulfilled. Man is but a mixture of faults and errors; thus, as one would assume, and as is the case, some of his desires are injurious. If Allah the Exalted were to accept such desires, this would clearly contravene divine mercy. It is a matter quite sure and certain that Allah the Exalted accepts the prayers of his servants and confers upon them the honour of acceptance, but not every foolish desire. Inner emotion blinds a person to what is best in the long run and moves one to pray to their own detriment. However, Allah Almighty, who desires the best for us in the truest sense and sees the ultimate end of all matters, rejects the prayer which He knows would bring about harm and detriment for the supplicant if it was accepted. This rejection of prayer actually constitutes an acceptance. Hence, those prayers which do not compromise the safety of mankind from calamity and adversity are accepted, and harmful supplications are accepted by God in the form of a rejection. I have received the following revelation countless times:

أُجِيْبُ كُلَّ دُعَائِکَ

*I will accept your every prayer.*

In other words, this means that any supplication that is in essence, beneficial and advantageous, will be accepted. When I reflect over this point, my soul becomes satiated with pleasure and delight. The first time that I received this revelation, about twenty-five or thirty years ago, I was immensely delighted that Allah the Almighty would accept those supplications of mine which I would make for my own person or my dear ones. Thereafter, I understood that even the slightest miserliness must not

be exercised by me in this regard, because this is a divine favour and Allah the Exalted has described the righteous in the following words:

وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ ۙ

*And they spend out of what We have provided for them.*[Holy Quran 2:4]

Hence, I follow an established practice for my friends, whether they remind me or not; whether they inform me of a serious matter or not, I regularly pray for their welfare in matters pertaining to their worldly and spiritual affairs.

## Conditions for the Acceptance of Prayer

However, pay heed with an attentive heart that there are certain preconditions for the acceptance of prayer. Some of them relate to the person making the supplication and some relate to the person for whom supplication is made. It is necessary for a person who solicits someone else to pray for them to first fear Allah Almighty themselves; such people must remain in awe of God's Being as He is the Independent and Besought of all; they must make peaceful relations and worship of God a practice of life; they must please Allah with righteousness and piety. When this is the case, the gate of the acceptance of prayer is opened to such a one. If a person displeases God Almighty, ruins his relationship with Him and wars with Him, his mischief and evil deeds become an obstruction or a mountain that stands in the way of prayer. As a result, the door of acceptance is closed to such a person.

## Save Our Prayers from Being Wasted

Hence, our friends must save our prayers from going in vain and must not allow for their path to be obstructed by any barrier that may be erected as a result of their own unacceptable actions. They ought to adopt a way of righteousness because it is righteousness alone that sums up the shariah. If one were to briefly describe what 'shariah' means, it could be said that its essence is righteousness. There are many ranks and levels of righteousness. However, if a seeker faithfully traverses the elementary ranks and levels of piety with steadfastness and sincerity, they ultimately

attain the highest grades due to their virtue and desire to seek the truth. Allah the Exalted states:

اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الۡمُتَّقِيۡنَ۝

That is to say, Allah Almighty accepts the prayers of those who are righteous [Holy Quran 5:28]. This is a divine promise and God never fails in His promise. In this context, He states:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ۝

*Surely, Allah fails not in His promise.* [Holy Quran 13:32]

Righteousness is a necessary precondition for the acceptance of prayer. Now if a person desires acceptance of prayer in their own favour, despite their own negligence and misguidance, would such a one not be foolish and senseless? And so it is incumbent upon our community that insofar as possible, each and every member must follow the ways of righteousness so that they can experience the pleasure and delight of the acceptance of prayer, and partake of an increase in faith.

## Three States of the Human Soul

One learns from the Holy Quran that the inner self is subject to three states. Firstly, the state known as the self that incites to evil; secondly the reproving self; and thirdly, the soul at rest. In the state where the inner self incites one to do evil, a person is seized by the clutches of Satan and is overly inclined to him. However, in the state of the reproving self, a person feels shame and embarrassment for his ill actions and turns towards God. In this state, however, a battle ensues: at times a person leans towards Satan and at times they incline towards the Gracious God. When a person reaches the stage where the soul is at rest, they become a part of that class of people who are known as the servants of the Gracious God. This rank is the highest point in contrast to which the lowest degree is that of the self which incites one to evil. Between this spectrum there is a middle state known as the reproving self which may be likened to the needle of a scale. If a person leans more towards the lower point, they are reduced to a state that is below and even inferior to animals. However, the more a person inclines towards the higher point, the closer they come to Allah the

Exalted. Such people are freed from the lower, rudimentary states and partake of higher, heavenly grace.

## Nothing in the World is Empty of Benefit

It should also be remembered clearly that everything has a benefit. Simply observe the world around us. From the highest forms of vegetation to insects and mice, there is nothing in this world which does not benefit man in some form or another. All of these things, whether earthly or heavenly, are reflections and traces of the attributes of Allah Almighty. Now when even the attributes of God are nothing but good, how beneficent and advantageous is His Being itself? At this instance, it ought to be remembered also that sometimes we suffer injury from various things due to our own error and lack of understanding, and not because there is an inherent harm in the things themselves; our own misjudgement and error is responsible. In the same vein, due to our own ignorance of certain divine attributes, we are afflicted by pain and hardship. For God Almighty Himself is nothing but mercy and compassion. The underlying mystery behind the cause of hardship and grief in this world is that humans suffer affliction by their own hands, as a result of their misjudgement and deficient knowledge. Therefore, it is through the skylight of God's attributes alone that we find Allah the Exalted to be a most Merciful and Compassionate Being—a Being whose benefit cannot be fathomed. Those who are closest and nearest to God reap the benefits of His Being to a greater degree. This rank is enjoyed by those who are righteous and who are blessed with a place of nearness to Allah Almighty. As a righteous person continues to grow closer to God, they are bestowed with the light of divine guidance, which enlightens his knowledge and reason in an extraordinary manner. When a person moves further and further away from God, a destructive darkness engulfs their heart and mind, until they become a manifestation of:

صُمٌّۢ بُكۡمٌ عُمۡیٌ فَهُمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ۝

This means, they become deaf, dumb and blind so they will not return [Holy Quran 2:19], whereafter such people suffer disgrace and ruin. In contrast, however, a person blessed with divine light and illumination

receives comfort and honour to the highest degree. As such, God Almighty says Himself:

يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۝ارْجِعِىٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً۝

Meaning, O soul at rest that has found comfort through God [Holy Quran 89:28-29]. Some people derive apparent comfort and satisfaction through leadership, others find contentment and satisfaction through their own wealth and status, while others still are satisfied on account of their good-looking and intelligent children and grandchildren. However, this pleasure and other diverse forms of worldly pleasure cannot grant humans true comfort and real satisfaction. Instead, they only give rise to a foul avarice, which breeds further greed and thirst. Their thirst is never quenched like a person who suffers from polydipsia and is never satiated until they perish. However, in this instance, God Almighty speaks of the soul that has found comfort in His Being. This rank may be attained by mankind. In this state, even though a person may possess wealth and riches, and worldly honour, dignity and glory, their true comfort lies in God alone. Gold, jewels and the world with its allures are not the cause of true happiness for these people. Until a person does not feel comfort and pleasure in God Almighty alone, they cannot attain salvation, for salvation is also another word for comfort.

## حضرت اقدس کی تیسری تقریر

## بر موقعہ جلسہ سالانہ 30/ دسمبر 1897ء

### دوستوں کے لئے ہمدردی اور غم خواری

اصل بات یہ ہے کہ ہمارے دوستوں کا تعلق ہمارے ساتھ اعضاء کی طرح سے ہے اور یہ بات ہمارے روزمرہ کے تجربہ میں آتی ہے کہ ایک چھوٹے سے چھوٹے عضو مثلاً انگلی ہی میں درد ہو، تو سارا بدن بے چین اور بے قرار ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ ٹھیک اسی طرح ہر وقت اور ہر آن میں ہمیشہ اسی خیال اور فکر میں رہتا ہوں کہ میرے دوست ہر قسم کے آرام و آسائش سے رہیں۔ یہ ہمدردی اور غم خواری کسی تکلف اور بناوٹ کی رو سے

نہیں، بلکہ جس طرح والدہ اپنے بچوں میں سے ہر واحد کے آرام وآسائش کے فکر میں مستغرق رہتی ہے خواہ وہ کتنے ہی کیوں نہ ہو۔اسی طرح میں لِلّٰہِیْ دلسوزی اور غم خواری اپنے دل میں اپنے دوستوں کے لئے پاتا ہوں اور یہ ہمدردی کچھ ایسی اضطراری حالت پر واقع ہوئی ہے کہ جب ہمارے دوستوں میں سے کسی کا خط کسی قسم کی تکلیف یا بیماری کے حالات پر مشتمل پہنچتا ہے، تو طبیعت میں ایک بے کلی اور گھبراہٹ پیدا ہو جاتی ہے اور ایک غم شامل حال ہو جاتا ہے اور جوں جوں احباب کی کثرت ہوتی جاتی ہے اسی قدر یہ غم بڑھتا جاتا ہے اور کوئی وقت ایسا خالی نہیں رہتا جب کہ کسی قسم کا فکر اور غم شاملِ حال نہ ہو، کیونکہ اس قدر کثیر التعداد احباب میں سے کوئی نہ کوئی، کسی نہ کسی غم اور تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اس کی اطلاع پر ادھر دل میں قلق اور بے چینی پیدا ہو جاتی ہے۔ میں نہیں بتلا سکتا کہ کس قدر اوقات غموں میں گزرتے ہیں۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی ہستی ایسی نہیں جو ایسے ہموم اور افکار سے نجات دیوے اس لئے میں ہمیشہ دُعاؤں میں لگا رہتا ہوں اور سب سے مقدم دُعا یہی ہوتی ہے کہ میرے دوستوں کو ہموم اور غموم سے محفوظ رکھے کیونکہ مجھے تو ان کے ہی افکار اور رنج غم میں ڈالتے ہیں۔ اور پھر یہ دُعا مجموعی ہیئت سے کی جاتی ہے کہ اگر کسی کو کوئی رنج اور تکلیف پہنچی ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے اس کو نجات دے۔ ساری سرگرمی اور پورا جوش یہی ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دُعا کروں۔ دُعا کی قبولیت میں بڑی بڑی اُمیدیں ہیں۔

## قبولیت دُعا کے اصول

بلکہ میرے ساتھ میرے مولیٰ کریم کا خاص وعدہ ہے کہ اُجِیْبُ کُلَّ دُعَا ئِکَ مگر میں خوب سمجھتا ہوں کہ کُلَّ سے مراد یہ ہے کہ جن کے نہ سننے سے ضرر پہنچ جاتا ہے لیکن اگر اللہ تعالیٰ تربیت اور اصلاح چاہتا ہے تو ردّ کرنا ہی اجابت دُعا ہوتا ہے۔ بعض اوقات اِنسان کسی دُعا میں ناکام رہتا ہے اور سمجھتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے دُعا ردّ کر دی حالانکہ خدا تعالیٰ اس کی دُعا کو سن لیتا ہے اور وہ اجابت بصورت ردّ ہی ہوتی ہے کیوں کہ اس کے لئے در پردہ اور حقیقت میں بہتری اور بھلائی اس کے ردّ ہی میں ہوتی ہے۔ انسان چونکہ کوتاہ بین ہے اور دور اندیش نہیں بلکہ ظاہر پرست ہے، اس لئے اس کو مناسب ہے کہ جب اللہ تعالیٰ سے کوئی دُعا کرے اور وہ بظاہر اس کے مفید مطلب نتیجہ خیز نہ ہو

،تو خدا پر بد ظن نہ ہو کہ اس نے میری دُعا نہیں سنی۔وہ تو ہر ایک کی دُعا کو سنتا ہے۔ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ(المومن:61)فرماتا ہے۔رازاور بھید یہی ہوتا ہے کہ داعی کے لئے خیر اور بھلائی ردّ دُعا ہی میں ہوتی ہے۔

دُعا کا اصول یہی ہے۔اللہ تعالیٰ قبول دُعا میں ہمارے اندیشہ اور خواہش کے تابع نہیں ہوتا ہے۔دیکھو بچے کس قدر اپنی ماؤں کو پیارے ہوتے ہیں اور وہ چاہتی ہے کہ ان کو کسی قسم کی کوئی تکلیف نہ پہنچے،لیکن اگر بچے بے ہودہ طور پر اصرار کریں اور رو کر تیز چاقو یا آگ کا روشن اور چمکتا ہوا انگارا مانگیں تو کیا ماں باوجود سچی محبت اور حقیقی دل سوزی کے کبھی گوارا کرے گی کہ اس کا بچہ آگ کا انگارا لے کر ہاتھ جلا لے یا چاقو کی تیز دھار پر ہاتھ مار کر ہاتھ کاٹ لے؟ہر گز نہیں۔اسی اصول سے اجابت دُعا کا اصول سمجھ سکتے ہیں۔میں خود اس امر میں ایک تجربہ رکھتا ہوں کہ جب دُعا میں کوئی جزو مضر ہوتا ہے تو وہ دُعا ہر گز قبول نہیں ہوتی ہے۔یہ بات خوب سمجھ میں آسکتی ہے کہ ہمارا علم یقینی اور صحیح نہیں ہوتا۔بہت سے کام ہم نہایت خوشی سے مبارک سمجھ کر کرتے ہیں اور اپنے خیال میں ان کا نتیجہ بہت ہی مبارک خیال کرتے ہیں مگر انجام کار وہ ایک غم اور مصیبت ہو کر چمٹ جاتا ہے۔غرض یہ کہ خواہشات اِنسانی سب پر صادر نہیں کرسکتے کہ سب صحیح ہیں۔چونکہ انسان سہو اور نسیان سے مرکب ہے اس لئے ہونا چاہیے اور ہوتا ہے کہ بعض خواہش مضر ہوتی ہے اور اگر اللہ تعالیٰ اس کو منظور کرلے تو یہ امر منصب رحمت کے صریح خلاف ہے۔یہ ایک سچا اور یقینی امر ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی دُعاؤں کو سنتا ہے اور ان کو قبولیت کا شرف بخشتا ہے،مگر ہر رطب ویابس کو نہیں،کیونکہ جوش نفس کی وجہ سے انسان انجام اور مآل کو نہیں دیکھتا اور دُعا کرتا ہے مگر اللہ تعالیٰ جو حقیقی بہی خواہ اور مآل بین ہے،ان مضرتوں اور بدنتائج کو ملحوظ رکھ کر جو اس دُعا کے تحت میں بصورتِ قبول داعی کو پہنچ سکتے ہیں،اسے ردّ کر دیتا ہے اور یہ ردّ دُعا ہی اس کے لئے قبولِ دُعا ہوتا ہے۔پس ایسی دُعائیں جن میں انسان حوادث اور صدمات سے محفوظ رہتا ہے اللہ تعالیٰ قبول کر لیتا ہے،مگر مضر دُعاؤں کو بصورتِ ردّ قبول فرما لیتا ہے۔مجھے یہ الہام بارہا ہو چکا ہے۔اُجِیْبُ کُلَّ دُعَآئِکَ دوسرے لفظوں میں یوں کہو کہ ہر ایک ایسی دُعا جو نفس الامر میں نافع اور مفید ہے،قبول کی جائے گی۔میں جب اس خیال کو اپنے دل میں پاتا ہوں تو میری روح لذت اور سرور سے بھر جاتی ہے۔جب مجھے یہ اول ہی اول الہام ہوا قریباً پچیس یا تیس برس کا عرصہ ہوتا ہے تو مجھے بہت ہی خوشی ہوئی کہ اللہ تعالیٰ میری دُعائیں جو میرے یا میرے احباب کے متعلق ہوں گی ضرور قبول کرے گا۔پھر میں

نے خیال کیا کہ اس معاملے میں بخل نہیں ہونا چاہیے کیوں کہ یہ ایک انعامِ الٰہی ہے اور اللہ تعالیٰ نے متقین کی صفت میں فرمایا ہے وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ (البقرہ:4) پس میں نے اپنے دوستوں کے لئے یہ اصول کر رکھا ہے کہ خواہ وہ یاد دلائیں یا نہ یاد دلائیں، کوئی امر خطیر پیش کریں یا نہ کریں۔ان کی دینی اور دُنیوی بھلائی کے لئے دُعا کی جاتی ہے۔

## ہماری دُعاؤں کو ضائع ہونے سے بچائیں

پس ہمارے دوستوں کے لیے لازم ہے کہ وہ ہماری دُعاؤں کو ضائع ہونے سے بچاویں اور ان کی راہ میں کوئی روک نہ ڈال دیں جو ان کی ناشائستہ حرکات سے پیدا ہو سکتی ہے۔ان کو چاہیے کہ وہ تقوٰی کی راہ اختیار کریں، کیونکہ تقوٰی ہی ایک ایسی چیز ہے جس کو شریعت کا خلاصہ کہہ سکتے ہیں اور اگر شریعت کو مختصر طور پر بیان کرنا چاہیں تو مغزِ شریعت تقویٰ ہی ہو سکتا ہے۔تقوی کے مدارج اور مراتب بہت سے ہیں، لیکن اگر طالبِ صادق ہو کر ابتدائی مراتب اور مراحل کو استقلال اور خلوص سے طے کرے،تو وہ اس راستی اور طلبِ صدق کی وجہ سے اعلی مدارج کو پا لیتا ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الۡمُتَّقِيۡنَ (المائدہ:28) گویا اللہ تعالیٰ متقیوں کی دُعائوں کو قبول فرماتا ہے۔یہ گویا اس کا وعدہ ہے اور اس کے وعدوں میں تخلّف نہیں ہوتا جیسا کہ فرمایا ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ (الرعد:32) پس جس حال میں تقویٰ کی شرط قبولیتِ دُعا کے لیے ایک غیر منفک شرط ہے تو ایک اِنسان غافل اور بے راہ ہو کر اگر قبولیتِ دُعا چاہے تو کیا وہ احمق اور نادان نہیں ہے۔لہٰذا ہماری جماعت کو لازم ہے کہ جہاں تک ممکن ہو ہر ایک ان میں سے تقویٰ کی راہوں پر قدم مارے تا کہ قبولیتِ دُعا کا سرور اور حظّ حاصل کرے اور زیادتی ایمان کا حصہ لے۔

## نفسِ اِنسانی کی تین حالتیں

قرآن شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ نفسِ اِنسانی کی تین حالتیں ہیں۔ایک اَمّارَۃ ، دوسری لَوَّامَۃ، تیسری مُطۡمَئِنَّۃ ۔نفسِ امارہ کی حالت میں انسان شیطان کے پنجے میں گویا گرفتار ہوتا ہے اور اس کی طرف بہت جھکتا ہے لیکن نفس لَوَّامَۃ کی حالت میں وہ اپنی خطاکاریوں پر نادم ہوتا اور شرمسار ہو کر خدا کی طرف جھکتا ہے مگر اس

حالت میں بھی ایک جنگ رہتی ہے۔ کبھی شیطان کی طرف جھکتا ہے اور کبھی رحمان کی طرف۔ مگر نفس مُطْمَئِنَّة کی حالت میں وہ عباد الرحمٰن کے زُمرہ میں داخل ہو جاتا ہے اور یہ گویا ارتفاعی نقطہ ہے، جس کے بالمقابل نیچے کی طرف اَمّارَة ہے۔اس میزان کے بیچ میں لوامہ ہے جو ترازو کی زبان کی طرح ہے۔انحضاضی نقطہ کی طرف اگر زیادہ جھکتا ہے تو حیوانات سے بھی بدتر اور ارذل ہو جاتا ہے اور ارتفاعی نقطہ کی طرف جس قدر رجوع کرتا ہے اسی قدر اللہ تعالیٰ کی طرف قریب ہوتا جاتا ہے اور سفلی اور ارضی حالتوں سے نکل کر علوی اور سماوی فیضان سے حصہ لیتا ہے۔

## دنیا میں کوئی چیز منفعت سے خالی نہیں

یہ بات بھی خوب یاد رکھنی چاہیے کہ ہر بات میں منافع ہوتا ہے۔دُنیا میں دیکھ لو۔اعلیٰ درجہ کی نباتات سے لے کر کیڑوں اور چوہوں تک بھی کوئی چیز ایسی نہیں، جو انسان کے لئے منفعت اور فائدہ سے خالی ہو۔یہ تمام اشیاء خواہ وہ ارضی ہیں یا سماوی اللہ تعالیٰ کے صفات کے اظلال اور آثار ہیں اور جب صفات میں نفع ہی نفع ہے تو بتلاؤ کہ ذات میں کس قدر نفع اور سود ہو گا۔اس مقام پر یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ جیسے ان اشیاء سے ہم کسی وقت نقصان اُٹھاتے ہیں تو اپنی غلطی اور نافہمی کی وجہ سے۔اس لئے نہیں کہ نفس الامر میں ان اشیاء میں مضرت ہی ہے۔نہیں، بلکہ اپنی غلطی اور خطاکاری سے۔اسی طرح پر ہم اللہ تعالیٰ کی بعض صفات کا علم نہ رکھنے کی وجہ سے تکلیف اور مصائب میں مبتلا ہوتے ہیں ورنہ خدا تعالیٰ تو ہمہ رحم اور کرم ہے۔دُنیا میں تکلیف اٹھانے اور رنج پانے کا یہی راز ہے کہ ہم اپنے ہاتھوں اپنی سوءِ فہم اور قصور علم کی وجہ سے مبتلائے مصائب ہوتے ہیں۔پس اس صفاتی آنکھ کے ہی روزن سے ہم اللہ تعالیٰ کو رحیم اور کریم اور حد سے زیادہ قیاس سے باہر نافع ہستی پاتے ہیں۔اور ان منافع سے زیادہ بہرہ ور وہی ہوتا ہے جو اس کے زیادہ قریب اور نزدیک ہوتا جاتا ہے۔اور یہ درجہ ان لوگوں کو ہی ملتا ہے جو متقی کہلاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے قرب میں جگہ پاتے ہیں۔جوں جوں متقی خدا تعالیٰ کے قریب ہوتا جاتا ہے، ایک نورِ ہدایت اسے ملتا ہے جو اس کی معلومات اور عقل میں ایک خاص قسم کی روشنی پیدا کرتا ہے اور جوں جوں دور ہوتا جاتا ہے ایک تباہ کرنے والی تاریکی اس کے دل ودماغ پر قبضہ کر لیتی ہے۔یہاں تک کہ وہ صُمٌّۢ بُكۡمٌ عُمۡیٌ فَهُمۡ لَا يَرۡجِعُوۡنَ (البقرة:19) کا مصداق ہو کر ذلت اور تباہی کا مورد بن جاتا ہے، مگر اس کے بالمقابل نور اور روشنی سے

بہرہ ورانسان اعلیٰ درجہ کی راحت اور عزت پاتا ہے چنانچہ خدائے تعالیٰ نے خود فرمایا: یٰۤاَیَّتُهَا النَّفۡسُ الۡمُطۡمَئِنَّةُ۔ ارۡجِعِیۡۤ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرۡضِیَّةً (الفجر:28-29)یعنی اے وہ نفس جو اطمینان یافتہ ہے اور پھر یہ اطمینان خدا کے ساتھ پایا ہے۔ بعض لوگ حکومت سے بظاہر اطمینان اور سیری حاصل کرتے۔ بعض کی تسکین اور سیری کا موجب ان کا مال اور عزت ہو جاتی ہے اور بعض اپنی خوبصورت اور ہوشیار اولادواحفاد کو دیکھ دیکھ کر بظاہر مطمئن کہلاتے ہیں مگر یہ لذت اور انواع واقسام کی لذات دُنیاانسان کو سچا اطمینان اور سچی تسلی نہیں دے سکتیں بلکہ ایک قسم کی ناپاک حرص کو پیدا کر کے طلب اور پیاس کو پیدا کرتی ہیں۔استسقاء کے مریض کی طرح ان کی پیاس نہیں بجھتی یہاں تک کہ ان کو ہلاک کر دیتی ہے۔مگر یہاں خدائے تعالیٰ فرماتا ہے وہ نفس جس نے اپنا اِطمینان خدا تعالیٰ میں حاصل کیا ہے۔یہ درجہ بندے کے لیے ممکن ہے۔اس وقت اسکی خوشحالی باوجود مال و منال کے دنیاوی حشمت اور جاہ وجلال کے ہوتے ہوئے بھی خدا ہی میں ہوتی ہے۔یہ زروجواہر، یہ دنیا اور اس کے دھندے،اس کی سچی راحت کا موجب نہیں ہوتے۔پس جب تک اِنسان خدا تعالیٰ ہی میں راحت اور اطمینان نہیں پاتا،وہ نجات نہیں پاسکتا،کیونکہ نجات اطمینان ہی کا ایک مترادف لفظ ہے۔

## 7. Prayer to Memorise ................................ 7–زبانی یاد کرنے کیلئے دُعا

**Surah TaHa, Chapter 20, Verses 26-29**

قَالَ رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ ﴿۲۶﴾ وَیَسِّرۡ لِیۡۤ اَمۡرِیۡ ﴿۲۷﴾ وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِیۡ ﴿۲۸﴾ یَفۡقَهُوۡا قَوۡلِیۡ ﴿۲۹﴾

**Translation:** *Moses* said, 'My Lord, open out for me my breast, 'And ease for me my task, 'And loose the knot of my tongue, 'That they may understand my speech,

ترجمہ: اس نے کہا اے میرے ربّ! میرا سینہ میرے لئے کشادہ کر دے۔اور میرا معاملہ مجھ پر آسان کر دے۔اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔تا کہ وہ میری بات سمجھ سکیں۔

## 8. Al-Qaseedah ........................................................ 8-القصیدہ

**(37)**

عَيْبَانِ كَانَ شِعَارَهُمْ مِنْ جَهْلِهِمْ

حُمْقُ الْحِمَارِ وَ وَثْبَةُ السِّرْحَانِ

The (Arab nation was marked by) two (main) shortcomings which symbolized their ignorance: (One was) the stupidity (and stubbornness) of a donkey, and (the other was) the fierce attack (like that) of a (Charging) wolf.

اس (قومِ عرب) کے دو عیب، ان کی جہالت کا نشان تھے۔

ایک گدھے کی سی حماقت (اور ضد) اور دوسرا بھیڑیئے جیسا (تند و تیز) حملہ کرنا!

**(38)**

فَطَلَعْتَ يَاشَمْسَ الْهُدٰى نُصْحًالَّهُمْ

لِتُضِيْئَهُمْ مِنْ وَّجْهِكَ النُّوْرَانِيْ

Then, O Sun of Guidance (The Holy prophet[saw]), You rose (on the horizon) for their benefit, so that you may illuminate them (with the divine-light emanating) from your glowing face.

اے آفتابِ ہدایت (آپؐ نے ایسی تاریکی اور ظلمت کی حالت میں) ان کی خیر خواہی کیلئے ان پر طلوع فرمایا

تا اپنے نورانی چہرہ سے انہیں منّور روشن کریں۔

(English and Urdu translation taken from: Basics of Religious Education; Fifth Edition)

## 8. History Of Islam ................................................ 8-تاریخ اسلام

### The Life & Character of the Seal of Prophets

**Hazrat Mirza Bashir Ahmad Sahib M.A[ra]**

### Fundamental Perspective on Islamic Equality

The essence and summary of the Islāmic philosophy on equality is comprised in a few Qur'ānic verses and *Aḥādīth*. Allāh the Exalted states in the Holy Qur'ān:

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّكُمُ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا وَبَثَّ مِنۡهُمَا رِجَالًا كَثِيۡرًا وَّنِسَآءً

*"O Ye People! fear your Lord in mutual affairs. Fear him who created you from a single soul, wherefrom He created its mate. And from them twain spread many men and women."* An-Nisā' (4:2)

In this Qur'ānic verse, Allāh the Exalted has led the attention of man to the eternal truth that they are the children of a single father, and the branches of a single tree, and has established the foundation of true equality in the world. Moreover, He has also informed us of the principle that irrespective of the difference which may come about between various peoples and classes as a result of circumstances, in mutual relations they should never overlook the fact that in their origin they are the progeny of a common forefather.

If from amongst the sons of one father, some children acquire more wealth or authority, or power and influence, and the others are left behind in these areas, do they still not remain brothers regardless of this difference or become strangers to each other? Not at all, not at all. At another place, Allāh the Exalted states:

اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِخۡوَةٌ ...يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا يَسۡخَرۡ قَوۡمٌ مِّنۡ قَوۡمٍ عَسٰۤى اَنۡ يَّكُوۡنُوۡا خَيۡرًا مِّنۡهُمۡ...

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقۡنٰكُمۡ مِّنۡ ذَكَرٍ وَّاُنۡثٰى وَجَعَلۡنٰكُمۡ شُعُوۡبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوۡا ؕ اِنَّ اَكۡرَمَكُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ اَتۡقٰكُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌ خَبِيۡرٌ

*"Verily, all Muslims are brothers...Hence, O Ye Muslims! let not one party from among you deride another party, and think of them as disgraceful, because (when all people are equal in their origin, and the ways of progress are equally open to all), it is possible that the party you deride today may outstrip you tomorrow or it is possible that on account of some of their merits, they may be above you even today. O Ye People! We have created you from the pair of a male and female; And no doubt, We have made you tribes and sub-tribes, but remember, this division is not so that you may boast and act in pride to one another. This division is only for the purpose that a means of recognition and mutual acquaintance may exist between you. Otherwise, the greatest and most honourable among you in the sight of God is the one who is the possessor of greater merits, and is more righteous and more pious. The rule of Allāh the Exalted, which He is presenting before you is based on great farsightedness and great wisdom, for He is All-Knowing, All-Aware."*

1 Al-Ḥujurāt (49:11)    2 Al-Ḥujurāt (49:12)    3 Al-Ḥujurāt (49:14)

Similarly, the Holy Prophet[saw] states in a Ḥadīth:

يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَلَا اِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ وَاِنَّ اَبَاكُمْ وَاحِدٌ. اَلَا لَا فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلٰى اَعْجَمِيٍّ وَلَا لِعَجَمِيٍّ عَلٰى عَرَبِيٍّ - وَلَا اَحْمَرَ عَلٰى اَسْوَدَ وَلَا اَسْوَدَ عَلٰى اَحْمَرَ اِلَّا بِالتَّقْوٰى. اَبَلَّغْتُ قَالُوْا بَلَّغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

*"In the sermon which the Holy Prophet[saw] delivered at the occasion of Ḥajjatul-Wadā' in the middle day of the Ḥajj, at the place of Minā, the Holy Prophet[saw] said to the people, 'O Ye People! your Lord is one, and your father is one. Listen closely, no Arab possesses superiority over a non-Arab, nor does a non-Arab possess superiority over an Arab. Similarly, the red and white coloured possess no superiority over the black, nor do the black coloured possess superiority over the red and white coloured. Of course, one who surpasses others in personal goodness it is they who are most superior. O Ye People! Have I conveyed the message? Everyone responded, 'Undoubtedly, the Messenger of God has conveyed his message.'"*

Musnad, By Imām Aḥmad bin Ḥanbal, Volume 7, p. 760, Ḥadīthu Rajulim-Min Aṣḥābin-Nabiyyisa, Ḥadīth No. 23885, 'Ālimul-Kutub, Beirut (1998)

Then he[saw] states:

قَدْ اَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْكُمْ عُبِّيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَفَخْرَهَا بِالْاٰبَاءِ. مُؤْمِنٌ تَقِيٌّ وَفَاجِرٌ شَقِيٌّ وَالنَّاسُ بَنُوْ اٰدَمَ وَاٰدَمُ مِنْ تُرَابٍ ۝

*"O Ye Muslims! God the Exalted has alleviated the disease of unbefitting arrogance and haughtiness, and unseemly pride on account of one's forefathers from the era of the Jāhiliyyah by means of faith. The Islāmic measure is merely that one individual believes in God and performs good deeds, while the other performs evil deeds and is deprived of good attributes. Remember that all people are from the children of Adam and Adam was created of clay."*

Sunanut-Tirmidhī, Kitābul-Manāqib, Bābu Fī Faḍlish-Shāmi Wal-Yaman, Ḥadīth No 3956

Then he[saw] states:

اَلنَّاسُ مَعَادِنُ خِيَارُهُمْ فِى الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِى الْاِسْلَامِ إِذَا فَقِهُوْا ۝

*"People of the world are like minerals, which despite being composed of similar elements and being buried under a similar type of soil, gradually, take on different colours and different characteristics. However, listen hither! The known characteristics of success and greatness which were recognised prior to Islām (i.e., wisdom and knowledge, generosity and bravery, power and influence, etc.) stand even today. Those people who were considered great on account of these qualities in the era of the Jāhiliyyah shall now be considered great even in Islām (because Islām does not snatch the acquired greatness of any individual). However, the condition is that they adopt the knowledge of religion and personal goodness."*

Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābul-Manāqib, Bābu Qaulillīhi Ta'ālā Yā Ayyuhan-Nāsu Innā Khalaqnākum Min Dhakariw-Wa Unthā..., Ḥadīth No. 3496

From the above mentioned references, which put forward fundamental insights on the perspective of Islāmic equality, the following points may be concluded:

In their origin, all people are the progeny of one forefather and the branches of a single tree, and no individual or nation possesses distinction over another individual or nation, merely on the basis of racial difference.

Since Muslims belong to the community of one prophet and are bearers of the same faith, they are brothers to one another.

In the likeness of minerals in the earth, various nations and individuals can and do in fact take on different characteristics; but due to this, no individual or nation has the right to flaunt themselves over another individual or nation.

Prior to Islām, the merits which were considered the basis of an individual's or nation's greatness, such as, wisdom, knowledge, generosity, bravery, power and influence, etc., customarily stand in Islām as well. However, Islām has added the condition that in addition to these commonly known qualities, the quality of spirituality is also necessary.

Islām has declared virtue and fear of Allāh to be the greatest quality, because this quality is most beloved to God in Islām, and he who excels in this quality shall be deemed distinct in relation to others.

## سیرت خاتم النبیین ﷺ - حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے

### اسلامی مساوات کا اصولی نظریہ

اسلامی مساوات کے فلسفہ کا نچوڑ اور خلاصہ چند قرآنی آیات اور چند احادیث نبویؐ میں آجاتا ہے۔ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّکُمُ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّخَلَقَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا وَبَثَّ مِنۡهُمَا رِجَالًا کَثِیۡرًا وَّنِسَآءً (سورۃ النساء: 2)

یعنی "اے لوگو! تم آپس کے معاملات میں خدا کا تقویٰ اختیار کیا کرو اور اسی سے ڈرتے رہو جس نے تم سب کو ایک جان سے پیدا کیا اور پھر اس ایک جان سے اس نے اس کا جوڑا بنایا اور پھر اس جوڑے سے اس نے دنیا میں کثیر التعداد مرد اور عورت پھیلا دئے۔"

اس قرآنی آیت میں اللہ تعالیٰ نے انسان کو اس ابدی حقیقت کی طرف توجہ دلا کر کہ وہ سب ایک ہی باپ کی اولاد اور ایک ہی درخت کی شاخیں ہیں دنیا میں صحیح مساوات کی بنیاد قائم کر دی ہے اور اس اصول کی طرف توجہ دلائی ہے کہ خواہ بعد کے

حالات کے نتیجے میں مختلف انسانوں اور مختلف قوموں اور مختلف طبقات میں کتنا ہی فرق پیدا ہو جائے انہیں آپس کے معاملات میں اس بات کو کبھی نظر انداز نہیں کرنا چاہئے کہ بہر حال اپنی اصل کے لحاظ سے وہ ایک ہی باپ کی نسل ہیں۔ کیا اگر ایک باپ کے بیٹوں سے بعض بچے دوسروں کی نسبت زیادہ دولت یا زیادہ طاقت یا زیادہ اثر ورسوخ حاصل کر لیں اور دوسرے ان باتوں میں نسبتاً پس ماندہ رہیں تو وہ اس فرق کی وجہ سے بھائی بھائی نہیں رہتے اور کوئی غیر چیز بن جاتے ہیں؟ ہر گز نہیں ہر گز نہیں۔

دوسری جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ ...يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ...

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ۚ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝ (سورۃ الحجرات 11-12-14)

یعنی "سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں ... سوائے مسلمانو! ایسا نہیں ہونا چاہئے کہ تم میں سے ایک فریق دوسرے فریق پر ہنسی اڑائے اور اسے ذلیل خیال کرے کیونکہ (جب سب لوگ اپنی اصل کے لحاظ سے برابر ہیں اور سب کے لئے ترقی کے رستے یکساں کھلے ہیں) تو ہو سکتا ہے کہ وہ فریق جس پر تم آج ہنسی اڑاتے ہو کل کو تم سے آگے نکل جائے یا ہو سکتا ہے کہ وہ اب بھی اپنے بعض اوصاف حمیدہ کے لحاظ سے تم سے بہتر ہو... اے لوگو! اچھی طرح سن لو کہ ہم نے تم سب کو مرد وعورت کے جوڑے سے پیدا کیا ہے اور بے شک ہم نے تم میں قوموں اور قبیلوں کی تقسیم قائم کی ہے مگر یاد رکھو کہ یہ تقسیم اس غرض سے ہر گز نہیں کہ تم ایک دوسرے کے مقابل پر تفاخر اور بڑائی سے کام لو بلکہ یہ تقسیم صرف اس غرض سے ہے کہ تمہارے درمیان آپس میں شناخت اور تعارف کا ذریعہ قائم رہے ورنہ خدا کے نزدیک تم میں سے بڑا اور معزز وہی ہے جو ذاتی طور پر زیادہ اوصاف حمیدہ کا مالک اور زیادہ متقی اور زیادہ پرہیز گار ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ قانون جو وہ تمہارے سامنے بیان کر رہا ہے بڑی دور اندیشی اور بڑی حکمت پر مبنی ہے کیونکہ وہ علیم وخبیر خدا ہے۔"

اسی طرح حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

يَآ اَيُّهَا النَّاسُ اَلَا اِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ وَاِنَّ اَبَاكُمْ وَاحِدٌ. اَلَا لَا فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلٰى اَعْجَمِيٍّ وَلَا لِعَجَمِيٍّ عَلٰى عَرَبِيٍّ- وَلَا اَحْمَرَ عَلٰى اَسْوَدَ وَلَا اَسْوَدَ عَلٰى اَحْمَرَ اِلَّا بِالتَّقْوٰى. اَبَلَّغْتُ قَالُوْا بَلَّغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (مسند احمد بن حنبل)

جو خطبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر حج کے درمیانی دن میں منیٰ کے مقام میں دیا۔ اس میں آپ نے لوگوں کو مخاطب کر کے فرمایا: "اے لوگو! تمہارا رب ایک ہے اور تمہارا باپ بھی ایک تھا۔ پس ہوشیار ہو کر سن

لو کہ عربوں کو عجمیوں پر کوئی فضیلت نہیں اور نہ عجمیوں کو عربوں پر کوئی فضیلت ہے۔ اسی طرح سرخ و سفید رنگ والے لوگوں کو کالے رنگ والے لوگوں پر کوئی فضیلت نہیں اور نہ کالے لوگوں کو گوروں پر کوئی فضیلت ہے۔ ہاں جو بھی ان میں سے اپنی ذاتی نیکی سے آگے نکل جائے وہی افضل ہے۔ لوگو! بتاؤ کیا میں نے تمہیں خدا کا پیغام پہنچا دیا ہے؟ سب نے عرض کیا۔ بے شک خدا کے رسول نے اپنی رسالت پہنچادی ہے۔"

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ پھر فرماتے ہیں:

قَدْ اَذْھَبَ اللّٰہُ عَنْکُمْ عُبِّیَّۃَ الْجَاھِلِیَّۃِ وَفَخْرَھَا بِالْاٰبَاءِ. مُؤْمِنٌ تَقِیٌّ وَفَاجِرٌ شَقِیٌّ وَالنَّاسُ بَنُوْا اٰدَمَ وَاٰدَمُ مِنْ تُرَابٍ۔

(ترمذی ابواب المناقب)

یعنی "اے مسلمانو! خدا تعالیٰ نے ایمان کے ذریعہ تم میں سے زمانہ جاہلیت کے بیجا کبر و غرور اور آباو اجداد کی وجہ سے بے جا تفاخر کرنے کی مرض کو دور کر دیا ہے کیونکہ اسلامی پیمانہ صرف یہ ہے کہ ایک شخص خدا کو ماننے والا اور نیک عمل بجالانے والا ہوتا ہے اور دوسرا بد عمل ہوتا ہے اور اچھے اوصاف سے محروم اور یاد رکھو کہ سب لوگ آدم کی نسل سے ہیں اور آدم مٹی سے پیدا ہوا تھا۔"

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ پھر فرماتے ہیں:

اَلنَّاسُ مَعَادِنُ خِیَارُھُمْ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ خِیَارُھُمْ فِی الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِھُوْا۔ (بخاری ابواب المناقب)

یعنی دنیا میں لوگ بھی معدنیات کی طرح ہیں۔ جو ایک ہی قسم کے عناصر ہوتے ہوئے اور ایک ہی قسم کی مٹی کے نیچے دبے ہوئے آہستہ آہستہ مختلف رنگ اور مختلف اوصاف اختیار کر لیتے ہیں۔ مگر سن لو کہ ترقی اور بڑائی کی جو معروف علامتیں اسلام سے پہلے سمجھی جاتی تھیں۔ (یعنی عقل و دانش، سخاوت و شجاعت، طاقت و اثر وغیرہ) وہی اب بھی قائم ہیں اور جو لوگ ان اوصاف کی وجہ سے زمانہ جاہلیت میں بڑے سمجھے جاتے تھے وہ اب اسلام میں بھی بڑے سمجھے جائیں گے (کیونکہ اسلام کسی شخص کی حاصل شدہ بڑائی کو چھینتا نہیں) مگر شرط یہ ہے کہ وہ علم دین اور ذاتی نیکی اختیار کر لیں۔"

اوپر کے حوالوں سے جو اسلامی مساوات کے نظریہ کے متعلق اصولی رنگ رکھتے ہیں۔ مندرجہ ذیل باتیں ثابت ہوتی ہیں:

1- یہ کہ اپنی اصل کے لحاظ سے سب لوگ ایک باپ کی نسل اور ایک درخت کی شاخیں ہیں اور کسی فرد کو دوسرے فرد پر اور کسی قوم کو دوسری قوم پر محض نسلی فرق کی بنا پر کوئی امتیاز حاصل نہیں۔

2- یہ کہ مسلمان ایک نبی کی امت اور ایک ایمان کے حامل ہونے کی وجہ سے آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

3- اور یہ کہ زمین کے اندر کی معدنیات کی طرح مختلف قومیں اور مختلف افراد ایک دوسرے سے مختلف اوصاف اختیار کرسکتے ہیں اور کرلیتے ہیں مگر ان کی وجہ سے کسی فرد کو دوسرے فرد پر اور کسی قوم کو دوسری قوم پر بڑائی اور فخر کرنے کا حق حاصل نہیں ہے۔

4- یہ کہ اسلام سے قبل جو اوصاف حمیدہ قومی یا انفرادی بڑائی کی بنیاد سمجھے جاتے تھے مثلاً عقل و دانش، سخاوت و شجاعت، طاقت واثر وغیرہ وہ اسلام میں بھی بدستور قائم ہیں۔ مگر اسلام نے ان پر اس شرط کا اضافہ کر دیا ہے کہ عام معروف اوصاف کے علاوہ دینداری کا وصف پایا جانا بھی ضروری ہے۔

5- یہ کہ اسلام نے سب سے بڑا وصف دینداری اور تقویٰ اللہ کو قرار دیا ہے کیونکہ یہ وصف خدائے اسلام کو سب سے زیادہ محبوب ہے اور جو شخص اس وصف میں ممتاز ہو گا وہی دوسروں پر ممتاز سمجھا جائے گا۔

## 10. Book of the Promised Messiah[as] ... 10- حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب

**The Philosophy of the Teachings of Islam**

**اسلامی اصول کی فلاسفی**

https://www.alislam.org/library/books/Philosophy-of-Teachings-of-Islam.pdf

https://www.alislam.org/urdu/pdf/Islami-Usool-ki-Philosophy.pdf

# SYLLABUS FOR

# Term - 3

# June 2024 to September 2024

# Overview of Ta'lim Syllabus - Term 3
# June 2024 - September 2024

| S.No. | Components | Details |
|---|---|---|
| 1 | Holy Quran<br>(Urdu Commentary from Tafsir-e-Kabir – English Commentary from Five Volume Commentary) | Surah At-Tatfif<br>Chapter 83 – Part 30 |
| 2 | Commandments of the Holy Quran. | 1. Al-Baqarah - 2:44<br>2. Al-Baqarah - 2:46<br>3. Al-Baqarah - 2:153 |
| 3 | Attributes of Allah The Almighty<br>(with summary from relevant Friday Sermons) | Al-Maalik<br>Al-Quddus<br>As-Salam |
| 4 | Salat | True meaning of Iqamatus Salat<br>Iqamatus Salat – The Observance of Prayer<br>by Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib<br>Missionary Incharge UK |
| 5 | Hadith<br>English: Forty Gems of Beauty<br>Urdu: چالیس جواہر پارے | Hadith No: 13<br>Show compassion to young ones and recognise the rights of your elders.<br>چھوٹوں پر رحم کرو اور بڑوں کے حق کو پہچانو |
| 6 | Malfoozat | Malfoozat Volume 1<br>Urdu Pages: 95 – 101<br>English Pages: 107–114 |
| 7 | Prayers to Memorise | The Holy Quran<br>Chapter : 25 – Al-Furqan – Verse : 75 |

| | | |
|---|---|---|
| 8 | Al-Qaseedah | Qaseedah Couplets 39 & 40<br>(with Urdu and English translation) |
| 9 | History of Islam | The Life & Character of the Seal of Prophets. Vol. III – Pages: 39-45<br>سیرت خاتم النبیین ﷺ - حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے جلد سوم۔صفحہ 777-782 |
| 10 | Book of The Promised Messiah[as] | The Philosophy of the Teachings of Islam<br>اسلامی اصول کی فلاسفی<br>https://www.alislam.org/library/books/Philosophy-of-Teachings-of-Islam.pdf<br>https://www.alislam.org/urdu/pdf/Islami-Usool-ki-Philosophy.pdf |

# 1. Holy Qur'an ....................................................... . 1-قرآن کریم

## At-Tatfif – سُوْرَۃُ التَّطْفِیْفِ

*(Revealed before Hijra)*

### Verse-01

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۱﴾

**Translation**: In the name of Allah, the Gracious, the Merciful.

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

### Verse-02

وَیۡلٌ لِّلۡمُطَفِّفِیۡنَ ﴿۲﴾

**Translation**: Woe unto those who give short measure;

ترجمہ: ہلاکت ہے تول میں ناانصافی کرنے والوں کے لئے۔

**Commentary:** The word المطففین has been used here in a general sense. Stress is laid on honesty, justice and equity in all sorts of dealings with men.

اُردو تفسیر - آیت 02

یہ یورپین اقوام کا خاصہ ہے کہ وہ غیر قوموں کے حقوق کو غصب کرنا اپنا کمال سمجھتے ہیں۔ اُن کی ساری سیاسی اور اقتصادی پالیسی کا بنیادی اصول یہی ہے کہ غیر قوموں کے حقوق کو غصب کر لیا جائے۔ عیسائی قوم ایسی ہے جس نے روپیہ لے کر بھی دوسروں کو لوٹا ہے اور روپیہ دے کر بھی دوسروں کو لوٹا ہے یہ صحیح معنوں میں مُطَفِّف ہیں اور ہر بات میں اپنا حق فائق رکھتے ہیں۔ لیکن اگر دوسروں کے حق کا سوال ہو تو اُس پر سو سو اعتراض کر دیتے ہیں آخر یہ موٹی بات ہے کہ کیا وجہ ہے کہ ساری دنیا اُن کے قبضہ میں آ گئی۔ کون سے جائز دلائل اور معقول وجوہ تھے جن کی بناء پر انہوں نے اتنا بڑا تسلّط حاصل کر لیا کہ چین ہے تو اس میں ان کا دخل ہے۔ ہندوستان ہے تو وہاں ان کا دخل ہے۔ افغانستان ہے تو اس پر ان کا دباؤ ہے اسی طرح بخارا کیا اور چینی ترکستان کیا اور کا کیشیا کیا اور جارجیا کیا ہر جگہ ان کا دخل ہے عرب ہے تو وہاں ان کا تصرف ہے ترکی ہے تو اس کے معاملات میں ان کا دخل ہے مصر ہے تو وہ ان کے

قبضہ میں ہے افریقہ ہے تو وہ ان کے ماتحت ہے آخر لوگوں نے کون سے قصور کیے تھے کہ جن کی وجہ سے یہ جہاں بھی گئے وہ مغلوب ہوتے گئے اور یہ غالب آتے گئے ۔

**Verse-03**

الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۝۳

**Translation:** Those who, when they take by measure from other people, take it full;

ترجمہ :یعنی وہ لوگ کہ جب وہ لوگوں سے تول لیتے ہیں بھرپور (پیمانوں کے ساتھ) لیتے ہیں۔

اُردو تفسیر-آیت 03

تفسیر: یہاں اللہ تعالیٰ نے یَسْتَوْفُوْنَ کا لفظ استعمال فرمایا ہے جس کے معنی پورا لینے کے ہیں اور پورا لینا بظاہر انصاف پر دلالت کرتا ہے لیکن درحقیقت اس جگہ یَسْتَوْفُوْنَ الْحَقَّ مراد نہیں یعنی یہ مطلب نہیں کہ جتنا ان کا حق تھا وہ لیتے ہیں بلکہ یَسْتَوْفُوْنَ الْمُطَالَبَۃَ ہے یعنی جتنا مانگتے ہیں اتنا لے کر چھوڑتے ہیں۔اس آیت میں اللہ تعالیٰ یہ بتاتا ہے کہ یہ عیسائی لوگ ایسے ہوں گے کہ دوسروں سے کہیں جو کچھ ہم تم سے مانگتے ہیں وہ ہمیں دے دو ورنہ پیمانہ اُن کے اپنے ہاتھ میں ہو گا۔ اپنے حق کے فیصلہ کا اختیار بھی اُن کے اپنے ہاتھ میں ہو گا اور وہ جو جی چاہیں گے اپنا حق جتا کر دوسروں سے لے لیں گے گویا حق کی مقدار کی تعیین وہ دوسرے پر نہیں چھوڑیں گے اور بجائے تراضیٔ فریقین سے ایک حق مقرر کرنے کے جو حق اپنے لئے خود مناسب سمجھیں گے وہ تجویز کر لیں گے مطلب یہ ہوا کہ رحم اور شفقت اُن میں بالکل نہیں ہو گی اور حق کے نام کے ماتحت ان کی کاروائیاں جبری اور ظالمانہ ہوں گی۔

**Verse-04**

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۝۴

**Translation**: But when they give by measure to others or weigh to them, they give *them* less.

ترجمہ: اور جب اُن کو ماپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو کم دیتے ہیں۔

اُردو تفسیر - آیت04

اس آیت میں اللہ تعالیٰ یہ بیان فرماتا ہے کہ جب یہ کسی قوم کو وزن کر کے دیتے ہیں تو اس میں ہمیشہ دوسرے کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ یعنی وہ دوسرے کو یہی دکھائیں گے کہ ہم تمہیں جو کچھ دے رہے ہیں اندازہ کے مطابق بالکل صحیح صحیح دے رہے ہیں۔ نتیجہ یہ ہو گا کہ دوسروں کو نقصان ہو گا اور اِن کو فائدہ ہو گا۔ پس اللہ تعالیٰ نے جب یہ فرمایا اَلَّذِیۡنَ اِذَا اکۡتَالُوۡا عَلَی النَّاسِ یَسۡتَوۡفُوۡنَ کہ وہ لوگ ایسے ہیں کہ جب ماپ کر لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں۔ کم نقصان بھی جو ماپ سے تعلق رکھتا ہے برداشت نہیں کر سکتے اور بڑا نقصان تو کسی حالت میں بھی برداشت نہیں کر سکتے۔ مگر اِکۡتَال کے بالمقابل جب کَالُوۡھُمۡ کہا تو تھوڑا دینے کے لفظ سے یہ ثابت نہیں ہو سکتا تھا کہ وہ زیادہ بھی لوٹ لیتے ہیں پس چونکہ کَالُوۡا کا لفظ اصل حقیقت پر پوری طرح روشنی نہیں ڈالتا تھا اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ اَوۡوَّزَنُوۡھُمۡ کا لفظ استعمال کر کے بتادیا کہ جہاں تک تھوڑا نقصان پہنچا سکیں وہاں تھوڑا نقصان پہنچاتے ہیں اور جہاں بس چلے وہاں زیادہ نقصان پہنچادیتے ہیں۔

**Verse-05**

اَلَا یَظُنُّ اُولٰٓئِکَ اَنَّھُمۡ مَّبۡعُوۡثُوۡنَ ۙ﴿۵﴾

**Translation**: Do not such *people* know that they will be raised again

ترجمہ: کیا یہ لوگ یقین نہیں کرتے کہ وہ ضرور اٹھائے جائیں گے۔

**Verse-06**

لِیَوۡمٍ عَظِیۡمٍ ۙ﴿۶﴾

**Translation**: Unto an awful day,

ترجمہ: ایک بہت بڑے دن (پیش ہونے) کے لئے۔

**Commentary Verses 5 & 6:** In the heyday of their power and prosperity nations, like individuals, are apt to forget the most sure and certain truth writ large on the face of history that sin, and injustice never go unpunished. There is a Day of Reckoning in the afterlife, when men shall have to render account of their actions to their Lord and Master, but a day of reckoning comes upon a people in this very life, when their evil doings exceed legitimate bounds, and they meet their nemesis."An awful day", besides referring to the Last Day of Judgement, signifies the day of

reckoning when a whole people are punished for their sins of omission and commission. Their power and glory depart, and they sink into the depths of misery and degradation. The history of mankind is the story of the rise of different peoples at different times to the dizzy heights of grandeur and prosperity and of their day of reckoning when they sink into oblivion.

اُردو تفسیر-آیت 05-06

فرماتا ہے اب تو یہ قومیں ایک دائرہ میں بیٹھی ہوئی ہیں اور یوں سمجھتی ہیں کہ دُنیا کی کوئی طاقت اُن کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔ لیکن ایک دن آئے گا جب ایک دوسری قوم کا بعث ہو گا۔ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ سے قیامت بھی مراد ہو سکتی ہے اور وہ دن اس سے مراد ہو سکتا ہے جب موجودہ دَور کا نتیجہ نکلے گا۔ در حقیقت ہر قوم کا الگ الگ دَور ہوتا ہے اور ہر دَور کی الگ الگ قیامت ہوتی ہے۔

**Verse-07**

يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

**Translation**: The day when mankind will stand before the Lord of the worlds?

ترجمہ : جس دن لوگ تمام جہانوں کے ربّ کے حضور کھڑے ہوں گے۔

اُردو تفسیر-آیت 07

دنیا کی کوئی قوم ایسی نہیں جس نے ترقی کی ہو اور پھر اس پر ایک محاسبہ کا دن نہ آیا ہو مگر عجیب بات یہ ہے کہ جس طرح افراد کو اپنی موت بُھولی ہوئی ہوتی ہے اسی طرح اقوام اپنی موت کے دن سے غافل اور بے پرواہ ہوتی ہیں۔ تاریخی لحاظ سے اگر تحقیق کی جائے تو ایک ہزار سے کم اُن اقوام کی تعداد نکلے گی جنہوں نے اپنے زمانہ میں دنیا پر اس قدر غلبہ پایا کہ لوگوں نے یہ سمجھ لیا کہ ان قوموں نے میدان کو جیت لیا ہے اور اُن فاتح اقوام نے بھی اپنے غرور میں یہ خیال کرنا شروع کر دیا کہ گزشتہ قومیں مر گئیں۔ مگر ہم اس ترقی کے بعد مر نہیں سکتیں مگر آخر وہ وقت آیا جب فاتح اقوام بھی مٹ گئیں وہ بھی تباہ اور برباد ہو گئیں اور اُن کا نام بھی دنیا سے ناپید ہو گیا۔ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ میں در حقیقت اس طرف اشارہ کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ اب تو یہ مشرقی اور مغربی، گورے اور

کالے، یورپین اور ایشیائی میں فرق کرتے ہیں مگر ایک دن آئے گا جب یہ لوگ اس خدا کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے جو رب العالمین ہے وہ اس وقت ان لوگوں سے ان مظالم کے بارے میں باز پرس کرے گا اور کہے گا کہ کیوں تم نے ایک طبقے کو ذلیل کیا اور کیوں اس کو محکوم و مغلوب رکھا آخر خدا کسی ایک قوم کا نہیں بلکہ وہ رب العالمین ہے وہ ایشیائیوں کا بھی خدا ہے اور افریقنوں کا بھی خدا ہے اور چینیوں کا بھی خدا ہے اور جاپانیوں کا بھی خدا ہے اور انگریزوں کا بھی خدا ہے اور امریکنوں کا بھی خدا ہے۔

**Verse-08**

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝۸

**Translation**: Nay! the record of the wicked is in Sijjin.

ترجمہ: خبردار! یقیناً بدکاروں کا اعمال نامہ سِجِّین میں ہے۔

**Verse-09**

وَمَآ اَدْرٰكَ مَا سِجِّيْنٌ ۝۹

**Translation**: And what should make thee know what Sijjin is?

ترجمہ: اور تجھے کیا سمجھائے کہ سِجِّین کیا ہے؟

**Verse-10**

كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝۱۰

**Translation**: *It is* a Book written *comprehensively*.

ترجمہ: ایک لکھی ہوئی کتاب ہے۔

**Commentary Verses 8, 9 & 10:** It is worthy of note that two expressions of almost identical import have been used in the Quran, viz.ماآدرک and مایدریک both meaning "what should make thee know." The former expression is used in answer to an inquiry in the past tense, thus making the answer definite and certain. The latter expression is invariably followed by the word لعل which connotes that the answer is vague and indefinite.

In view of different significations of سجين and كتاب the verse under comment, along with v. 8, would signify that the register in which the record of the evil deeds of the wicked are kept is known by the name سجين i.e., the name of the book would show that their punishment would be severe and lasting. Or the verse may mean that the wicked will be kept in a place of disgrace and ignominy, and this is an irrevocable decision. Or سجين and علين may be the names of two portions of the Quran, the former dealing with the wicked rejecters of the Divine Message and with the punishments to be meted out to them, and the latter with the righteous servants of God and the rewards to be bestowed upon them. Thus, the meaning of the verse would be that the verdicts recorded in these two portions cannot be recalled and so cannot be altered or changed.

## اُردو تفسیر-آیت 10-09-08

اس آیت کے جو صاف معنی ہیں وہ یہی ہیں کہ فجّار کا فیصلہ سجّین میں ہے جو ایک اٹل فیصلہ ہے یا یہ کہ سجّین ایک ایسا فیصلہ ہے جو کتاب مرقوم ہے یعنی اٹل ہے۔اِس آیت کے معنی اِس بات پر بھی روشنی ڈالتے ہیں کہ غیروں سے معاملات کرنے کے لحاظ سے ہی جس کا اس سورۃ میں ذکر کیا گیا ہے۔عیسائی قوم خراب نہ ہوگی بلکہ اس قوم میں فسق وفجور بھی ہوگا کیونکہ نام تبھی رکھا جاتا ہے جب کسی چیز کی کثرت پائی جاتی ہے پس فجّار کہہ کر بتایا کہ اس قوم میں صرف یہی عیب نہیں ہوگا کہ وہ دوسری اقوام سے بے انصافی کرے گی بلکہ اور بھی کئی قسم کے مصائب اور فسق وفجور میں یہ مبتلا ہوگی۔اور اُن کے متعلق جو فیصلہ ہوگا وہ بڑا سخت اور لمبا ہوگا جس طرح ان کا معاملہ دوسری اقوام سے لمبا اور سخت تھا اور جس طرح ان کی فتح اور کامیابی لمبی ہوگی اسی طرح اُن کے ساتھ معاملہ بھی لمبا اور سخت کیا جائے گا۔میرے نزدیک سجّین اور علیین قران کریم کے دو حصوں کا نام رکھا گیا ہے۔ علیین قران کریم کے وہ حصے ہیں جن میں مومنوں کا ذکر ہے اور سجّین قران کریم کے وہ حصے ہیں جن میں کافروں کا ذکر ہے یعنی یہ فیصلے اس کتاب میں لکھے ہوئے ہیں جو کبھی تبدیل نہیں ہوسکتی اس لیے یہ فیصلے اٹل ہیں اس صورت میں کتاب کو حکم کے معنوں میں لیا جائے گا اور مراد یہ لی جائے گی کہ ان فجار کا حکم سجّین میں ہے اور سجّین کے معنی قران کریم کے انذاری حصے کے ہوں گے اسی طرح علیین سے مراد قران کریم کا وہ تبشیری حصہ لیا جائے گا جس میں مومنوں کی

ترقیات کا ذکر کرتا ہے بس میرے نزدیک یہ ایک نہایت ہی لطیف اور واضح معنی ہیں جو اس مقام پر پوری طرح چسپاں ہوتے ہیں۔

**Verse-11**

وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿۱۱﴾

**Translation**: Woe, on that day, unto those who reject,

ترجمہ : ہلاکت ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔

**Verse-12**

الَّذِيۡنَ يُكَذِّبُوۡنَ بِيَوۡمِ الدِّيۡنِ ﴿۱۲﴾

Translation: Who deny the Day of Judgment.

ترجمہ :جو جزا سزا کے دن کو جھٹلاتے ہیں۔

اُردو تفسیر-آیت 12-11

یہاں اس امر کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ اس قسم کے ظلم ہمیشہ انجام سے استغناء اور انکار کے نتیجہ میں پیدا ہوتے ہیں جب کوئی سمجھ لے کہ میرے بُرے اعمال کا کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا تو وہ ہمیشہ عاجل فائدہ کو مقدم کرلیتا ہے اور بُرائیوں میں ترقی کرتا چلا جاتا ہے۔ اگر ہر فرد اور قوم کو اپنا انجام یاد رہے تو یہ حالت کبھی پیدا نہ ہو۔ مگر افسوس اس یقینی سبق سے بھی دنیا فائدہ نہیں اٹھاتی۔ افراد اپنے اعمال سے برباد ہوتے ہیں۔ اقوام اپنے اعمال سے ہوتی ہیں اور اُن کی آنکھوں کے سامنے پہلے لوگوں کی تباہی اور بربادی کے نظّارے ہوتے ہیں مگر باوجود اس کے بار بار افراد اور اقوام اس کے خلاف چل کر تباہ ہو جاتی ہیں۔ در حقیقت ظالموں کو تباہ کرنے کا خدا تعالیٰ نے یہ سامان پیدا کیا ہے کہ وہ یَوۡمُ الدِّيۡنِ کو بُھول کر اپنے ظلم میں بڑھتے چلے جاتے ہیں۔

**Verse-13**

وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖۤ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝۱۳

**Translation**: And none denies it save every sinful transgressor,

ترجمہ :اور اُسے کوئی نہیں جھٹلاتا مگر ہر ایک حد سے بڑھا ہوا سخت گنہگار۔

اُردو تفسیر-آیت 13

فرماتا ہے تَكْذِيْبُ يَوْمُ الدِّيْنِ کے متعلق جو بات ہم نے بیان کی ہے وہ ایسی نہیں کہ ہم یونہی ظلمًا کر دیتے ہوں۔ يَوْمُ الدِّيْنِ کو بھول جانا کوئی اتفاقی امر نہیں ہوتا اور پھر یہ بھی نہیں کہ ہم نے اُن کو علم نہ دیا ہو ہم نے انہیں علم بھی دیا ہوتا ہے وہ بھی خوب سمجھتے ہیں کہ ان کے اعمال کا نتیجہ اچھا نہیں نکل سکتا مگر پھر وہ کیوں يَوْمُ الدِّيْنِ کو بُھول جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اس کی دو وجوہات ہیں اِعْتِدَاء اور اِثْم۔ یہ دو چیزیں ایسی ہیں جن کی وجہ سے انسان يَوْمُ الدِّيْنِ کو بُھول جاتا ہے یعنی جو کام نہ کرنے والے ہوں ان کو وہ کر لیتا ہے اور جو کام کرنے والے ہوں اُن کو وہ نہیں کرتا۔ معتد وہ ہے جو نہ کرنے والے کاموں کو کرلے اور اثیم وہ ہے جو کرنے والے کاموں کو نہ کرے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ یہ مضمون بیان فرماتا ہے کہ يَوْمُ الدِّيْنِ کی تکذیب ہمیشہ اِعْتِدَاء اور اِثْم سے پیدا ہوتی ہے۔ پہلے انسان گناہ کرتا ہے اور جب اسے اپنے گناہ کے متعلق گھبراہٹ پیدا ہوتی ہے کہ کہیں میں پکڑا نہ جاؤں یا میری بدنامی نہ ہو اور اس فکر میں اس کی جان گھلنی شروع ہوتی ہے تو اس کا دوسرا قدم یہ ہوتا ہے کہ وہ کوشش کرتا ہے مَیں اپنے انجام کو بھول جاؤں اور اس طرح میں اپنے دل کی خلش سے بچ جاؤں۔

**Verse-14**

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۴

**Translation**: *Who*, when Our Signs are recited unto him, says: 'Fables of the ancients!'

ترجمہ :جب اس پر ہماری آیات پڑھی جاتی ہیں وہ کہتا ہے پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔

اُردو تفسیر - آیت 14

کفّارِ مکہ نے اساطیر الاوّلین کا الزام قرآن کریم پر لگایا تھا۔ آج تیرہ سو سال کے بعد یورو پین لوگوں نے بھی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر یہی الزام لگایا ہے اس لئے یہ بھی ایک مشابہت ہے جو یوروپین لوگوں کی کفّارِ مکّہ سے ہے۔ گویا اِذَا تُتۡلٰی عَلَیۡهِ اٰیٰتُنَا قَالَ اَسَاطِیۡرُ الۡاَوَّلِیۡنَ میں یہ پیشگوئی مخفی تھی کہ آئندہ زمانہ میں جب عیسائی غالب آجائیں گے یہی الزام اسلام اور قرآن پر عائد کریں گے۔ چنانچہ پادری ٹسڈل نے "ماخذ قرآن" میں خصوصیّت سے اِسی موضوع پر بحث کی ہے کہ قرآن دوسری کتابوں کی نقل ہے۔ اسی طرح اور بھی کئی کتابیں عیسائیوں کی طرف سے شائع ہو چکی ہیں جن میں قرآن کریم پر یہی الزام لگایا گیا ہے۔ اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے اگلی آیت میں دیا ہے۔ لیکن اگر کوئی غور کرنے والا ہو تو یہی جواب کتنا واضح ہے کہ تم محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر کیا الزام لگاتے ہو۔ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تو وہ ہیں جنہوں نے پہلے سے تمہاری نسبت یہ خبر دے رکھی تھی کہ تم ایک زمانہ میں ایسا الزام لگاؤ گے۔ پس یہ الزام اُن کو جھوٹا ثابت کرنے والا نہیں بلکہ اُن کی صداقت کو اور بھی واضح کرنے والا ہے۔

**Verse-15**

كَلَّا بَلۡ ۜ رَانَ عَلٰی قُلُوۡبِهِمۡ مَّا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿۱۵﴾

**Translation**: Nay, but that which they have earned has rusted their hearts.

ترجمہ: خبردار! حقیقت یہ ہے کہ اُن کے دلوں پر زنگ لگادیا ان کسبوں نے جو وہ کیا کرتے تھے۔

اُردو تفسیر - آیت 15

اس سورۃ میں بَلۡ رَانَ عَلٰی قُلُوۡبِهِمۡ میں لفظ بَلۡ کا استعمال اَسَاطِیۡرُ الۡاَوَّلِیۡنَ کے الزام کی تردید کرنے کے لئے آیا ہے کہ قرآن کریم کے متعلق یہ الزام لگانا بالکل غلط ہے اصل بات یہ ہے کہ یہ لوگ خود جہالت میں مبتلا ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے دلوں پر رَیۡن یعنی زنگ لگ گیا ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ایک زبردست نفسیاتی واخلاقی نکتہ بتایا ہے اور وہ یہ ہے کہ ہر عمل کا اثر انسان کے اخلاق اور اُس کی عقل اور اُس کے علم کے آئندہ ظہور پر بھی پڑتا ہے۔ پہلا اثر یہ پڑتا ہے کہ گُناہ سے نفرت کم ہو جاتی ہے اور آئندہ گُناہ اُس کے لئے آسان ہو جاتا

ہے۔دوسرا اثر یہ پڑتا ہے کہ بوجہ ایک بدی کے ارتکاب کے دوسری بدیوں سے بھی اُس کی نفرت کم ہو جاتی ہے۔
تیسرا اثر اس کا یہ پڑتا ہے کہ بوجہ خود ارتکابِ بدی کے انسان دوسروں پر بھی بدظنی کرنے لگ جاتا ہے اور وہ خیال
کرتا ہے دوسرے بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔

**Verse-16**

كَلَّآ اِنَّهُمۡ عَنۡ رَّبِّهِمۡ يَوۡمَئِذٍ لَّمَحۡجُوۡبُوۡنَ ﴿۱۶﴾

**Translation**: Nay, they will surely be debarred from *seeing* their Lord on that day.

ترجمہ :خبردار! یقیناً اس دن وہ اپنے ربّ سے پردے میں کر دیئے جائیں گے (یعنی اس کی رؤیت سے محروم کر دیئے جائیں گے)

**Verse-17**

ثُمَّ اِنَّهُمۡ لَصَالُوا الۡجَحِيۡمِ ﴿۱۷﴾

**Translation**: Then, verily, they will burn in Hell,

ترجمہ :پھر ضرور وہ جہنّم میں داخل ہوں گے۔

**Verse-18**

ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِىۡ كُنۡتُمۡ بِهٖ تُكَذِّبُوۡنَ ﴿۱۸﴾

**Translation**: Then it will be said *to them*, 'This is what you used to reject.'

ترجمہ: پھر کہا جائے گا کہ یہی ہے وہ جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔

**Commentary Verses 16, 17 & 18:** The sight of God is granted to a believer in two stages. The first stage is that of belief, when the believer acquires a firm faith in the Divine attributes. This is the initial stage. The second or the higher stage consists in his being granted realization of the Divine Being. This stage is achieved after one has witnessed the manifestation of God's powers and attributes in the form of great signs and miracles. The sinners, on account of their rusted hearts, will remain deprived of the realization of the Divine Being on the Day of Judgement. They will not see the face of

God. The Surah particularly deals with the fraudulent behaviour of the Christian powers of the West. The use of the particle (by no means) three times after referring to the wicked deeds of disbelievers seems to suggest that the Christian powers of the West will receive three severe shocks, may be in the form of three world wars, two of which have already taken place.

## اُردو تفسیر-آیت 18-17-16

یہاں كَلَّا تیسری دفعہ آیاہے۔کَلَّا کا جو اس جگہ تکرار کیا گیاہے اُس میں شدّتِ عذاب کی طرف اشارہ ہے۔ تین دفعہ كَلَّا کفر کے ذکر کے بعد آیاہے اور ایک دفعہ كَلَّا مومنوں کے ذکر سے پہلے ہے۔اس میں اس طرف بھی اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ تین جھٹکے عیسائیت کی تباہی کے لئے لگیں گے اور چوتھا جھٹکا اسلام کے قیام کا موجب ہوگا۔بظاہر جہاں تک عقل کام دیتی ہے یہی معلوم ہوتا ہے کہ پہلی جنگِ عظیم پہلا جھٹکا تھا، دوسری جنگ عظیم دوسرا جھٹکا تھا اوراس کے بعد ایک تیسری جنگِ عظیم ہوگی جو مغرب کی تباہی کے لئے آخری جھٹکا ہوگا۔اس کے بعد ایک چوتھا جھٹکا لگے گا جس کے بعد اسلام اپنے عرُوج کو پہنچ جائے گا۔آگے فرماتا ہے اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ یہ لوگ اُس دن اپنے رب سے مجوب ہوں گے۔مجوب اس کو کہتے ہیں جو پردہ سے کسی دوسری چیز سے روکا گیا ہو۔پس فرماتا ہے یہ لوگ کیسے بدقسمت ہیں کہ ربوبیت کے رشتہ کے بعد بھی اپنے رب سے یہ اُس دن مجوب رہیں گے۔

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا باقی انسان خدا تعالیٰ کو دیکھتے ہیں اور کیا اُس دن سے پہلے عیسائی خدا تعالیٰ کو دیکھتے تھے کہ فرماتا ہے کہ اُس دن وہ اپنے رب سے مجوب ہوں گے؟اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (بنی اسرائیل : ۸۸) جو شخص اس دنیا میں خدا تعالیٰ کو نہیں دیکھتا وہ آخرت میں بھی اُس کو نہیں دیکھے گا اس سے معلوم ہوا کہ جتنے مومن نجات پانے والے ہیں اُن سب کو خدا تعالیٰ نے اپنا دیکھنے والا قرار دیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ ایک درجہ رویتِ الٰہی کا محض ایمان لانا ہے اور ایمان بغیر خدا تعالیٰ کی صفات کا علم رکھنے کے حاصل نہیں ہو سکتا۔پھر مطالعہ اور معجزات ونشانات سے مومن کو ایک رویت نصیب ہوتی ہے جو اس سے محروم ہو وہ اس سے بڑی رویت سے بھی جو دنیا یا آخرت میں ہوگی مجوب ہوں گے۔رویت در حقیقت عرفان کا نام ہے علم کا نام نہیں۔فرماتا ہے چونکہ وہ دن انکشاف کا ہوگا اُنہیں علم تو حاصل ہو جائے گا مگر چونکہ اُن کے قلوب گندے ہو چکے ہوں گے اس لئے اُنہیں عرفان حاصل نہ ہو گا وہ کہیں گے کہ خدا قادر ہے، وہ سمجھیں گے کہ خدا رحیم ہے، وہ

سمجھیں گے کہ خدا عزیز ہے مگر باوجود اس کے خدا سے اُن کا تعلق نہیں ہو گا اور اس وجہ سے وہ جنّت کے مستحق نہیں ہوں گے بلکہ دوزخ کے ہی مستحق رہیں گے۔

**Verse-19**

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ﴿۱۹﴾

**Translation**: Nay! but the record of the virtuous is surely in 'Illiyyin.

ترجمہ :خبردار! یقیناً نیکوں کا اعمال نامہ ضرور عِلِّیّین میں ہے۔

**Commentary:** The word سجين being singular and عليين plural it appears that the punishment of evildoers will be static, i.e., stationary in one place, but the spiritual progress of the righteous will continue without interruption, assuming different forms. They will go from one rank to another.

اُردو تفسیر- آیت 19

فرماتا ہے خبردار! تم یہ سمجھتے ہو کہ مومن ترقی نہیں کریں گے! یہ بالکل غلط ہے مومنوں کی قسمت علّیّین میں لکھی ہوئی ہے۔ اگر اس کے معنی قرآن کریم کے کئے جائیں تو علّیّین سے مراد قرآن کریم کے دو حصّے ہوں گے جن میں مومنوں کی ترقیات کے متعلق اللہ تعالیٰ کی طرف سے پیشگوئیاں موجود ہیں۔ اور اگر علّیّین سے مراد اعلیٰ مقامات لے لو تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ مومنوں کی قسمت تو اعلیٰ درجہ کے مقامات کے متعلق فیصلہ شدہ ہے۔

علّیّین کے معنی آزادی اور حُرّیت کے بھی ہیں اور آیت کا مطلب یہ ہوا کہ کفّار نے جس طرح اعمال صالحہ کی بجاآوری میں کوتاہی کی تھی اسی طرح اُنہیں سجّین یعنی ایک قید کی حالت میں رکھا جائے گا لیکن مومن نے اپنے اعمال کا دائرہ غیر معمولی طور پر وسیع رکھا تھا اس لئے علّیّین میں شامل ہو گا یعنی ایسی جماعت میں جس کی نیکی اور ارتقاء کی کوئی حد ہی نہیں۔ آخرت کے لحاظ سے اس کے یہ معنی ہوں گے کہ جس طرح اس جہان میں اُس نے اپنے اعمال کا دائرہ وسیع کر رکھا تھا اسی طرح اگلے جہان میں خدا اس کی روح کو آزاد رکھے گا اور جہاں چاہے گا جا سکے گا۔

**Verse-20**

وَمَآ اَدۡرٰكَ مَا عِلِّيُّوۡنَ ﴿۲۰﴾

**Translation**: And what should make thee know what 'Illiyyun is?

ترجمہ: اور تجھے کیا سمجھائے کہ عِلِّیِّین کیا ہے؟

**Verse-21**

كِتٰبٌ مَّرۡقُوۡمٌ ﴿۲۱﴾

**Translation**: It is a Book written comprehensively.

ترجمہ: ایک لکھی ہوئی کتاب ہے۔

**Verse-22**

يَّشۡهَدُهُ الۡمُقَرَّبُوۡنَ ﴿۲۲﴾

**Translation**: The chosen ones *of God* will witness it.

ترجمہ: مقرب لوگ اُسے (اپنی آنکھوں سے) دیکھ لیں گے۔

اُردو تفسیر - آیت 22-21-20

فرماتا ہے اے سننے والے! تجھے کیا پتہ کہ عِلِّیُّوْن کس کو کہتے ہیں کِتَابٌ مَّرْقُوْمٌ یہ ایک دفتر ہے جو لکھا ہوا ہے یا کِتَابٌ مَخْتُوْمٌ ایک ایسا فیصلہ ہے جس پر مہر لگ چکی ہے اور جو اٹل ہے یا یہ کہ یہ ایک لکھا ہوا فیصلہ ہے اس کے بھی وہی معنی ہیں جو پہلے کے ہیں کیونکہ اٹل اُسی فیصلہ کو کہتے ہیں جو لکھا ہوا ہو۔ یَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ۔ یہ نتیجہ یا یہ انجام جس کا اُوپر ذکر کیا گیا ہے اس کو مقرّب لوگ دیکھیں گے یا حاضر ہوں گے اس مقام پر مقرّب۔ یہ فرق ہے جو مومن اور کافر میں ہے یعنی کافر کے لئے وہ دن ایسا ہو گا کہ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ۔ وہ آہیں بھرے گا۔ افسوس کرے گا اور کوشش کرے گا کہ کسی طرح میں اس انجام سے بھاگوں لیکن مقرب اس کی طرف دوڑ کر جائے گا کیونکہ اس کے لحاظ سے وہ پسندیدہ انجام ہو گا۔ گویا کفّار کی تباہی اور اس کے مقابلہ میں مومنوں کے اقتدار کی پیشگوئی

یہاں آکر ختم کی اور بتایا کہ بے شک مطفّفین کا ایک لمبے عرصہ تک غلبہ چلا جائے گا مگر اللہ تعالیٰ اس غلبہ کو ضرور ختم کرے گا۔

**Verse-23**

اِنَّ الۡاَبۡرَارَ لَفِیۡ نَعِیۡمٍ ﴿۲۳﴾

**Translation**: Surely the virtuous *will be* in bliss,

ترجمہ: یقیناً نیک لوگ ضرور آسائش میں ہوں گے۔

**Commentary:** The verse means that it is an unalterable Divine decree that the righteous will make unending progress.

اُردو تفسیر-آیت 23

یہاں اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ نعمت اُن پر ہو گی بلکہ یہ فرمایا کہ وہ نعمت میں ہوں گے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ تمام ماحول کو اُن کے لئے نعمت بنا دیا جائے گا۔ کسی چیز کو کسی انسان پر گرایا جائے تو وہ گر کر پھیل جاتی ہے۔ اس کی یُوں مثال سمجھ لو کہ ایک شخص پر پانی کا لوٹا گرایا جائے اور ایک شخص ایسا ہو جو تالاب میں کُود جائے۔ پانی کو تو یہ دونوں چھوئیں گے مگر پانی سے اُس کا تعلق جس پر ایک لوٹا گرایا گیا ہے اور اس کا جو تالاب میں کُودا ہے ایک نمایاں فرق رکھتا ہو گا۔ پس اِنَّ الۡاَبۡرَارَ لَفِیۡ نَعِیۡمٍ کا یہ مطلب ہے کہ اُن کے ساتھ تمام ماحول نعمت کا بنا دیا جائے اور وہ ایسا ہی ہو گا جیسے کوئی تالاب میں کود جاتا ہے گویا خدا تعالیٰ کی نعمت ان کو چاروں طرف سے ڈھانپ لے گی۔

**Verse-24**

عَلَی الۡاَرَآئِکِ یَنۡظُرُوۡنَ ﴿۲۴﴾

**Translation**: *Seated* on couches, gazing.

ترجمہ: آراستہ تختوں پر متمکن نظارہ کر رہے ہوں گے۔

**Commentary:** Sinners will not be able to see the face of God, but the righteous believers will be granted the favour of having a view of the Divine Being.

## اُردو تفسیر - آیت 24

یَنْظُرُوْنَ اَبْرَار کی صفت ہے کہ اَبْرَار اُس وقت دیکھتے ہوں گے یا یہ اُس کا حال ہے اور مطلب یہ ہے کہ بعض نعماء دنیا میں ملتی ہیں مگر انسان اُن کی حقیقت کو سمجھتا نہیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو یہ نعمت دے گا تو اُن کی حالت ایسی ہو گی کہ وہ دیکھ رہے ہوں گے یعنی وہ سمجھتے ہوں گے کہ اس نعمت کی کیا قدر و قیمت ہے۔ اس کی موٹی مثال یہ دیکھ لو کہ اگر ایک بچے کو ہیرا دے دو تو وہ ہر گز یہ خیال نہیں کرے گا کہ اُسے کوئی قیمتی چیز دے دی گئی ہے۔ اسی طرح بعض قوموں کو دنیوی نعمتیں مل جائیں تو وہ اُن کی حقیقت کو نہیں سمجھتیں جیسے یورپ والوں کو مائدہ ملا اور وہ مائدہ ملا جس کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے دعا کی تھی مگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اُنہیں جو کچھ حاصل ہوا اپنے زورِ بازو سے حاصل ہوا ہے گویا دیکھنے والی نظر ماری گئی ہے۔ لیکن مومنوں کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب ہم اُنہیں نعمتیں دیں گے تو ایسی حالت میں دیں گے کہ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ وہ آرائك پر بیٹھے ہوئے خوب سمجھ رہے ہوں گے کہ یہ نعمتیں اُنہیں اُن پیشگوئیوں کی وجہ سے ملی ہیں جو اُن کے متعلق کی گئی تھیں۔ گویا بصیرتِ روحانی اُن کے اندر موجود ہو گی۔ اس لئے بارِ امانت کو وہ صحیح طور پر اٹھائیں گے۔

## Verse-25

تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ﴿٢٥﴾

**Translation**: Thou wilt find in their faces the freshness of bliss.

ترجمہ: تُو اُن کے چہروں میں ناز و نعم کی ترو تازگی پہچان لے گا۔

## اُردو تفسیر - آیت 25

اس آیت کے ایک معنی تو یہ ہیں کہ نعمتِ الٰہی اُن کے دلوں پر اس طرح نازل ہو گی کہ چہرہ سے خوشی پُھوٹ پُھوٹ پڑے گی۔ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ سے پتہ لگتا ہے کہ یہ اُن کے دل پر نازل ہو گی اور اس طرح نازل ہو گی کہ اُن کے چہروں سے ظاہر ہو جائے گی اور وہ اُسے چھپا نہیں سکیں گے دنیا میں دو قسم کی باتیں ہوتی ہیں ایک وہ جنہیں چھپایا جا سکتا ہے اور ایک وہ جنہیں انسان چھپا نہیں سکتا بلکہ خود بخود ظاہر ہو جاتی ہیں۔

فیج اعوج کے زمانہ میں مسلمانوں میں بعض ایسے ایسے صوفیاء گزرے ہیں جو دس دس بارہ بارہ سال تک لوگوں سے خدمت لینے کے بعد اُنہیں دین کی کوئی ایک بات یا معرفت کا کوئی ایک نکتہ بتایا کرتے تھے اس کے مقابلہ میں صحابہؓ کی جو حالت تھی اُس کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ ایک صحابی کہتے ہیں اگر تلوار میری گردن پر رکھ دی جائے اور کوئی دشمن مجھے قتل کرنے لگے اور اُس وقت مجھے یاد آ جائے کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی کوئی بات مجھے ایسی بھی یاد ہے جو ابھی تک میں نے بیان نہیں کی تو میں اُس کے تلوار چلانے سے پہلے پہلے اس بات کو بیان کر دُوں گا۔ لیکن اور لوگوں کی یہ حالت ہوتی ہے کہ وہ سمجھتے ہیں اگر ہم نے لوگوں کو اپنا علم بتا دیا تو پھر ہمارا علم ختم ہو جائے گا اور وہ بھی ہمارے برابر ہو جائیں گے۔

دوسرے معنی اس کے یہ ہیں کہ چونکہ اس آیت سے پہلے مادی ترقیات کا ذکر تھا اس لئے فرمایا کہ جب ان لوگوں کو مادی ترقیات ملیں گی تو اُن کا حال دوسرے لوگوں سے مختلف ہو گا۔ فرماتا ہے ہم مومنوں کو وہ نعمتیں دیں گے جو نہ صرف اُن کے ظاہر پر ہو گی بلکہ اُن کے دل پر نازل ہوں گی اور اس وجہ سے یہ نہیں ہو گا کہ انہیں مادی کامیابی تو حاصل ہو جائے مگر ان کے دل خوش نہ ہوں بلکہ جہاں انہیں مادی ترقیات کے سامان ہماری طرف سے ملیں گے وہاں اُن کے دل بھی خوش ہوں گے اور مادی ترقی قلبی خوشی کے ساتھ ملی ہوئی ہو گی۔

تیسرے معنی اس آیت کے یہ ہیں کہ ان کو غناء نعیم ملے گا یعنی حقیقی نعمت سے جو غناء پیدا ہوتا ہے اور جس کی وجہ سے انسان غرباء پر رحم کرتا ہے وہ اُن کو حاصل ہو گا۔ دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ بعض اخلاق کسبی طور پر اچھے ہوتے ہیں اور بعض اخلاق نسلی طور پر اچھے ہوتے ہیں۔ گویا وہ اخلاق جو کسب کے نتیجہ میں پیدا ہوتے ہیں وہ بھی ان کو حاصل ہوں گے اور جو نسلی طور پر حاصل ہوتے ہیں وہ بھی ان میں اسی دن پیدا ہو جائیں گے جس دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں حکومت کے تخت پر بٹھایا جائے گا۔

**Verse-26**

يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿٢٦﴾

**Translation**: They will be given to drink of a pure sealed beverage,

ترجمہ: وہ ایک سربمہر شراب میں سے پلائے جائیں گے۔

اُردو تفسیر - آیت26

يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٌ کے یہ معنی ہیں کہ انہیں ایسی خالص شراب پلائی جائے گی جو مختوم ہو گی۔ مختوم کے ایک معنی یہ ہیں کہ ایسی چیز جو ختم کر دی گئی ہو اور جس کے آخر تک انسان پہنچ جائے۔ رحیق مختوم سے مراد عام شراب نہیں ہو سکتی۔ پس رحیق مختوم کے یہ معنی ہوئے کہ ان کو ایسی لطیف اور اعلیٰ شراب ملے گی کہ جس کو ملے گی وہ اسے آخر تک ختم ہی کر جائے گا۔ اسی طرح خِتَامُهٗ مِسْكٌ اور مِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ کے الفاظ کا آنا بتارہا ہے کہ اس سے دنیوی شراب مراد نہیں ہے۔ یہاں رَحِيْق سے مراد محبتِ الٰہی کا نشہ ہے جو قرآن مجید پیدا کرتا ہے۔ جس طرح شراب انسان کو مدہوش بنادیتی ہے اسی طرح خدا تعالیٰ کا عشق انسان میں ایک قسم کی دارفتگی پیدا کر دیتا ہے اور اُسے ہر وقت اللہ تعالیٰ کے آستانہ پر جھکائے رکھتا ہے۔ قرآن کے متعلق بتادیا کہ اس کی کوئی تعلیم ایسی نہیں جسے چھوڑا جاسکے انسان اس کی ایک ایک بات پر عمل کر سکتا ہے اور کسی کے متعلق یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس پر عمل کرنا میرے لئے مشکل ہے۔ ختَم کے دوسرے معنی مہر کے ہوتے ہیں اور جس چیز پر مُہر لگی ہو اُس میں کسی اور چیز کی آمیزش نہیں ہو سکتی۔ پس رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٌ کے یہ معنی ہوئے کہ وہ پاک اور منزّہ ہو گی اور اُس میں کسی اور شئے کی آمیزش نہ ہو گی۔ یہ بھی قرآن کریم کی صفت ہے۔

## Verse-27

خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ؕ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿۲۷﴾

**Translation**: The sealing of it will be *with* musk — for this let the aspirants aspire —

ترجمہ: اُس کی مہر مشک ہو گی۔ پس اسی (معاملہ) میں چاہئے کہ مقابلہ کی رغبت رکھنے والے ایک دوسرے سے بڑھ کر رغبت کریں۔

اُردو تفسیر - آیت 27

اس آیت کے پہلے معنی یہ ہیں کہ اُس کی مُہر مُشک کی ہو گی۔ قرآن کریم کی خدمت پر ایسے انسان مقرر کئے جائیں گے جو مشک کی طرح خوشبودار ہوں گے۔ پس خِتَامُهٗ مِسْك میں یہ پیشگوئی کی گئی تھی کہ اسکی حفاظت ظاہری کے لئے ہم ایسے

لوگ کھڑے کر دیں گے جو نیکی اور تقویٰ میں اعلیٰ مقام رکھتے ہوں گے اور مشک کی طرح خوشبو دار ہوں گے۔ دوسرے معنی اس کے یہ ہیں کہ قرآن وہ کتاب ہے کہ اس کی ظاہری تعلیم بھی اچھی ہے اور اس کی باطنی تعلیم بھی اچھی ہے۔ اس کی موٹی سے موٹی تعلیم جو کسی معاملہ کے متعلق ہو لے لو وہ مشک ہی مشک ہو گی اس سے تم قرآن کریم کی اعلیٰ درجہ کی روحانی تعلیمات کا اندازہ لگا سکتے ہو کہ وہ کیسی ہوں گی۔ تیسرے معنی اس آیت کے یہ ہیں کہ جس طرح اس قرآن کی ابتداء اعلیٰ ہے اسی طرح اس کی انتہاء بھی اعلیٰ ہو گی۔ گویا یہ وہ گلاس ہے جسے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے زمانہ سے لوگ پینا شروع کریں گے اور اللہ تعالیٰ آخری زمانہ میں بھی ایسا آدمی پیدا کر دے گا جو اس قرآن کی خوشبو کو ساری دنیا میں پھیلا دے گا۔

اس آیت سے صاف پتہ لگتا ہے کہ رحیقِ مختوم کوئی مادی چیز نہیں بلکہ روحانی چیز ہے۔ کیونکہ اگر یہ مادی چیز ہوتی تو جو شخص ایک گلاس ہی پی سکتا ہے اُسے یہ کس طرح کہا جا سکتا تھا کہ وہ ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرے۔ چونکہ یہ روحانی نعمت تھی اور اس میں دوسروں سے مقابلہ کیا جا سکتا تھا اس لئے فرمایا کہ اگر تم اس کے معاملہ میں تم کسی دوسرے پر رشک کرو تو یہ بالکل جائز ہے۔ تَنَافُس کے معنی روز بروز بڑھتے چلے جانے کے بھی ہیں۔ پس جہاں اس آیت کے یہ معنی ہیں کہ اپنے ساتھیوں سے بڑھ جاؤ وہاں اس کے ایک یہ معنی بھی ہیں کہ تمہارا آج کا قدم تمہارے کل کے قدم سے آگے ہو یہ دو چیزیں آمنے سامنے رکھ لو پھر دیکھو کہ کس طرح تم جلد سے جلد ترقی حاصل کر لیتے ہو۔

**Verse-28**

وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ﴿۲۸﴾

**Translation**: And it will be tempered with *the water of* Tasnim,

ترجمہ: اُس کا مزاج تسنیم سے (مرکّب) ہو گا۔

**Verse-29**

عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۹﴾

**Translation**: A spring of which the chosen ones will drink.

ترجمہ: ایک ایسا چشمہ جس سے مقرب لوگ پئیں گے۔

**Commentary Verses 28 & 29:** If رحیق (pure beverage) be taken as referring to the Quran, تسنیم are revelations that are sent down to the Chosen Ones of God—the righteous followers of the Holy Prophet[saw].The Chosen Ones of God, from among the Holy Prophet's[saw] followers, will be made to drink deep at the fountain of Divine realization that God will cause to flow.

اُردو تفسیر-آیت 29-28

تسنیم سے مراد الہام کا پانی ہے جو قرآن میں ہر زمانہ میں ملایا جاتا رہا ہے اور بتایا گیا ہے کہ بغیر تازہ کلامِ الٰہی کے قرآن کریم اونچا نہیں ہوتا اُس کی عظمت اور اُس کی شان اور اُس کی فوقیت اس وقت صحیح طور پر ظاہر ہوتی ہے جب تسنیم کا پانی اُس میں ملایا جائے۔ پس فرمایا قرآن بے شک رحِیْق مختوم ہے مگر ہر زمانہ میں ایسی ضرورتیں پیش آتی رہیں گی جن کے لئے تازہ کلامِ الٰہی کی ضرورت ہو گی۔

آگے فرماتا ہے تمہیں پتہ ہے یہ تسنیم کیا چیز ہے؟ عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ۔ یہ ایک چشمہ ہے جس سے مقرب لوگ پانی پیتے ہیں۔ یَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ نے صاف طور پر بتا دیا ہے۔ کہ مِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ میں الہامِ الٰہی کا ہی ذکر کیا گیا تھا اور یہ الہام مقرب لوگوں پر نازل ہو گا یعنی اُمت محمدیہ میں ہمیشہ ایسے لوگ پیدا ہوتے رہیں گے جن کے دلوں میں تسنیم کا چشمہ پھوٹے گا اور وہ اس پانی کو پی کر قرآن کریم کی ایسی تشریحیں اور توضیحیں کریں گے جن سے ہر زمانہ کے لوگ فائدہ اُٹھا سکیں گے۔

**Verse-30**

اِنَّ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَضْحَكُوْنَ ﴿۳۰﴾

**Translation**: Those who were guilty used to laugh at those who believed;

ترجمہ: یقیناً وہ لوگ جنہوں نے جُرم کئے اُن لوگوں سے جو ایمان لائے ہنسی کیا کرتے تھے۔

**Verse-31**

وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ یَتَغَامَزُوْنَ ﴿۳۱﴾

**Translation**: And when they passed by them, they winked at one another.

ترجمہ: اور جب اُن کے پاس سے گزرتے تھے تو باہم اشارے کرتے تھے۔

**Commentary Verses 30 & 31:** Disbelievers used to laugh in their sleeves at the frequent prophecies about the rapid spread and triumph of Islam, made at a time when it was fighting a seemingly losing battle for its existence.

اُردو تفسیر-آیت 31-30

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے ضُعف اور اُن کی کمزوری کا ذکر کیا ہے اور بتایا ہے کہ اس زمانہ میں اُن کی حالت اس قدر کمزور ہو گی کہ کفّار اُن کو دیکھ کر ہنسیں گے اور جب مسلمان اللہ تعالیٰ کے وعدوں پر یقین رکھتے ہوئے یہ کہیں گے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ پھر ترقی عطا کرنے والا ہے تو وہ کہیں گے کہ ان کے دماغ سلامت نہیں رہے۔ یہ خیال کرتے ہیں کہ انہیں حکومت مل جائے گی اور نظامِ نَو کو یہ لوگ قائم کریں گے۔ تَغَامَزُوْنَ کہہ کر اللہ تعالیٰ نے یوروپین لوگوں کے اخلاق کا نقشہ کھینچ دیا ہے کہ ظاہر کچھ کریں گے اَور اُن کے دل میں کچھ ہو گا۔ تغامز انسان اُسی جگہ کرتا ہے جہاں وہ سمجھتا ہے کہ میرا کچھ کہنا اخلاق کے خلاف ہے اور یہ بات یوروپین قوموں میں نمایاں طور پر پائی جاتی ہے۔

**Verse-32**

وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿٣٢﴾

**Translation**: And when they returned to their families they returned exulting;

ترجمہ: اور جب اپنے اہل و عیال کی طرف لَوٹتے تھے، بے ہودہ باتیں بناتے ہوئے لَوٹتے تھے۔

**Commentary:** The verses (31-33) refer to the jibes, jests, and insults to which the Muslims were subjected at Mecca; in fact, to the mockeries and railleries hurled at believers in the time of every Prophet of God and Divine Reformer.

اُردو تفسیر-آیت 32

فرماتا ہے ان لوگوں کی حالت یہ ہے کہ جب یہ اپنی قوم یا اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ کر جاتے ہیں تو خوب قہقے لگاتے ہیں اور مذاق کرتے جاتے ہیں کہ یہ کیسے بے وقوف لوگ ہیں۔ چونکہ فَكِهَ مِنْهُ کے معنی تعجب کرنے کے بھی

ہیں اس لئے اس کے یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ وہ تعجب کریں گے کہ یہ لوگ کیسے بے ہُودہ خیالات میں پڑے ہوئے ہیں اور کیسی حماقت میں مبتلا ہیں کہ خیال کرتے ہیں اُن کی تعلیم اس ترقی اور تعلیم کے زمانہ میں پھیل جائے گی۔

**Verse-33**

وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۳﴾

**Translation**: And when they saw them they said, 'These indeed are the lost ones!'

ترجمہ: اور جب کبھی اُنہیں دیکھتے تھے، کہتے تھے، یقیناً یہی ہیں جو پکّے گمراہ ہیں۔

اُردو تفسیر- آیت 33

یہ بھی مطلب ہو سکتا ہے کہ اِذَا رَاَوْ اَھْلَھُمْ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اِذَا رَاَوْ اَلْمُؤْمِنِیْنَ یعنی بعض حالتوں میں تو ایسا ہوتا ہے کہ وہ صرف تغامز کرتے ہیں۔ لیکن بعض حالتوں میں ایسا ہوتا ہے کہ ایک دُوسرے کو کہتے ہیں کہ یہ لوگ بڑے گمراہ اور بے وقوف ہیں اور چونکہ رَاَوْھُمْ کی ضمیر اَھْل کی طرف بھی جاتی ہے اس لئے اس کے یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ جب وہ اپنی قوم کے پاس جاتے ہیں تو کہتے ہیں ہم نے اِن لوگوں کو اچھی طرح دیکھ لیا ہے اِن سے ترقی کی امید کرنا بالکل غلط ہے۔ اس صورت میں اُن کی یہ بات پہلی بات کی ضِد ہو گی۔ یعنی اُن کی حالت یہ ہے کہ وہ سامنے تو تغامز کرتے ہیں ایک پادری بھی آجائے تو وہ کہے گا کہ آپ لوگ بڑا اچھا کام کر رہے ہیں لیکن جب اپنی قوم میں جاتے ہیں تو اسلام کے خلاف بڑی سخت کتابیں لکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ لوگ تو بالکل گمراہ ہیں۔

**Verse-34**

وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۴﴾

**Translation**: But they were not sent as keepers over them.

ترجمہ: حالانکہ وہ اُن پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے۔

اُردو تفسیر-آیت 34

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ لوگ دوسروں کے محافظ بنا کر تو نہیں بھیجے گئے تھے پھر یہ کیوں ایسا کرتے ہیں کہ ہر ملک میں دخل دینا شروع کر دیتے ہیں اور اس کی حفاظت کا بہانہ بنا کر اس پر قبضہ کر لیتے ہیں۔ اس آیت میں در حقیقت سوال اور جواب دونوں آگئے ہیں مگر قرآن کریم کا یہ ایک نہایت ہی لطیف طریق ہے کہ وہ بعض دفعہ سوال چھوڑ دیتا ہے اور جواب دے دیتا ہے اور بعض دفعہ ایک حصہ بات کا بیان کر دیتا ہے اور دوسرا چھوڑ دیتا ہے کیونکہ وہ بیان کردہ حصہ کی وجہ سے خود بخود سمجھ میں آجاتا ہے۔ مَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ کی آیت سارے مضمون کا ایک حصّہ ہے۔ جو یہی ہے کہ یہ لوگ کیوں دوسروں کے ملکوں میں گھس کر اُن پر قبضہ کریں اور عذر یہ کریں کہ ہم تو اس کی حفاظت کے لئے آئے ہیں گویا یہ خدا تعالیٰ کے مقرّر کردہ داروغہ ہیں۔

**Verse-35**

فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۵﴾

**Translation**: This day, therefore, it is the believers, who will laugh at the disbelievers,

ترجمہ: پس وہ لوگ جو ایمان لائے آج کفار پر ہنسیں گے۔

**Commentary:** The verse says that disbelievers will have tables turned on them, and that they will be made to realize, to their shame and chagrin, that it were they and not the believers who deserved to be laughed at for rejecting the Divine Message. "This day" means the day of the triumph of truth over untruth.

اُردو تفسیر-آیت 35

فرماتا ہے اُس دن یا اگر فرض کیا جائے کہ وہ دن ذہن میں مستحضر کر کے بات کی جاتی ہے تو یُوں کہا جائے گا کہ آج کے دن مومن کفار سے اُن کی ہنسی کا بدلہ لیں گے۔ مومن کی یہ شان نہیں ہوتی کہ وہ ہنسی اُڑائے یا تمسخر اور استہزاء سے کام لے۔ قرآن کریم نے اس کو جہالت کا کام قرار دیا ہے۔ پس یہاں يَضْحَكُوْنَ کے معنی ہنسی کرنے کے نہیں بلکہ ہنسی کا بدلہ لینے کے ہیں۔

**Verse-36**

عَلَى الْاَرَآئِكِ ۙ يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۶﴾

**Translation**: *Seated* on couches, gazing.

ترجمہ: آراستہ تختوں پر متمکن نظارہ کر رہے ہوں گے۔

**Commentary:** Seated on the thrones of dignity the believers will witness the sad fate of arrogant disbelievers. Or, the meaning may be: seated on the thrones of authority they will administer justice to men, or will pay due regard to the needs of others.

اُردو تفسیر-آیت 36

یہاں پھر گزشتہ مضمون کو دُہرادیا ہے کہ وہ تختوں پر بیٹھے ہوئے کس رنگ میں اُن سے بدلہ لیں گے۔ بُرے رنگ میں نہیں بلکہ اس اچھے رنگ میں کہ انہوں نے تو تختوں پر بیٹھ کر ظلم کئے تھے مگر وہ تختوں پر بیٹھ کر انصاف کریں گے۔ اور دیکھیں گے کہ کسی سے ناانصافی تو نہیں ہو رہی۔ یَنۡظُرُوۡنَ کے معنی اس جگہ نگرانی اور تعہد کے لئے جائیں گے کہ مومن اُس دن ہر معاملہ پر نظر رکھیں گے اور دیکھیں گے کہ کسی پر ظلم نہ ہو۔

**Verse-37**

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۷﴾

**Translation**: Are *not* the disbelievers *duly* paid for what they did?

ترجمہ: کیا کفار اُس کی پوری جزا دیئے گئے ہیں جو وہ کیا کرتے تھے؟

اُردو تفسیر-آیت 37

ثُوِّبَ الۡکُفَّارُ یا تو یَنۡظُرُوۡنَ کے ساتھ تعلق رکھتا ہے کہ وہ دیکھیں گے کہ بدلہ کفار کو پورا پورا مل گیا ہے یا نہیں اور یا پھر اس کے یہ معنی ہیں کہ یُقَالُ لَھُمۡ ھَلۡ ثُوِّبَ۔ کفار سے کہا جائے گا کہ بتاؤ تمہارے اعمال کے نتائج نکل آئے ہیں یا نہیں تم سمجھتے تھے کہ اس تطفیف اور ظلم کا کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا اور تمہارا غلبہ قیامت تک چلتا چلا جائے گا اور عیسائی حکومتیں جو ظلم چاہیں گی لوگوں پر ڈھاتی رہیں گی۔ اب بتاؤ تمہیں اپنے مظالم کا بدلہ مل گیا یا نہیں ملا؟

## 2. Commandments of the Holy Quran

| ریفرنس<br>Ref. | ترجمہ<br>Translation | حُكْمُ الْقُرْآن |
|---|---|---|
| البقرہ: 44<br>Al-Baqarah: 44 | اور جھکنے والوں کے ساتھ جھک جاؤ<br>And bow down with those who bow. | وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ |
| البقرہ: 46<br>Al-Baqarah: 46 | اور صبر اور نماز کے ساتھ مدد مانگو<br>And seek help with patience and Prayer | وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ |
| البقرہ: 153<br>Al-Baqarah: 153 | پس میرا ذکر کیا کرو میں بھی تمہیں یاد رکھوں گا<br>So remember Me, and I will remember you | فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ |

## 3. Attributes of Allah the Almighty ........................ 3–اسماء الحسنیٰ

| Original Arabic | Transliteration | Meaning in English | Meaning in Urdu |
|---|---|---|---|
| اَلْمَلِكُ | Al-Maalik | The Master | بادشاہ |
| اَلْقُدُّوْسُ | Al-Quddus | The Holy One | پاک ذات |
| اَلسَّلَامُ | As-Salaam | The Source of Peace | سلامتی کا سرچشمہ |

## Al Maalik - The Master

**Resources**

Friday Sermon 9th March 2007

https://www.alislam.org/friday-sermon/2007-03-09.html

Friday Sermon 16th March 2007

https://www.alislam.org/friday-sermon/2007-03-16.html

The Promised Messiah[as] said that according to the lexicon Maalik is One Who has total possession of creation and has this possession without the help of any partnership and that this is not applicable to anyone but Allah.

Imam Razi explained that Master of the Day of Judgment is One Who is the Master of resurrection and the Day of reward and punishment. It is essential to differentiate between a pious person and a sinner and this can only be done on the Day of Judgment as explained in Surah Al Najm (53:32) and in Surah Sad (38:29) and Surah TaHa (20:16).

Some scholars infer the word Malik from the term Master of the Day of Judgment. Maalik (Master) as compared to Malik (king) is one from whom one seeks everything. By using the term Maalik God is stating that He is responsible for everything, including, food, reward, punishment. The quality of Maalik, compared to the quality of Malik, promotes and advocates a profusion of mercy and compassion. While Malik is an adjectival quality, Maalik is a quality of deed.

Hazrat Musleh Maud[ra] said that Master of the Day of Judgment means that He is the Master of the time of reward and punishment and is the Master of the time of Shariah and religion, in that Allah lays the foundation of religion and Shariah in His capacity as the Master. He expresses His Malikiyyat by sending reformers and prophets and He rewards those who maintain their condition according to His commandments through Malikiyyat.

The term Master of the Day of Judgment does not mean that apart from reward and punishment Allah is not concerned with the world. Rather according to the laws of nature and in accordance with His other attributes He does not necessarily recompense in this world, however on the Day of

Judgment none shall be of avail to anyone as it states in Surah Al Infitar (82:18 – 20) likewise there is glad tiding for those who do good as it states in Surah Al Hajj (22:57).

The rule of God is not like any kingship of this world; rather it has total ownership and control. God has expounded the good and the bad deeds to us and has given us free will in this world and has also told us that He has the right to punish and that the decision to punish or forgive is with Him, that He gives the glad tiding of a Gardens of Delight to those who do good works but warns the wrongdoers of punishment. He is the Maalik and the Malik Who has complete autonomy in His control, however it is not as if His recompense is without any rule or principle. Rather as it states in Surah Al Ma'idah (5:41) the inference is that on the final Day there will be no chance of an appeal, therefore, He draws our attention towards good deeds in this world and enjoins to strengthen one's faith.

The Promised Messiah[as] said that the attribute of Master of the Day of Judgment demands that we turn to Him with extreme and utmost humility, sincerity and meekness. Those who turn to Allah in the manner of a completely helpless and powerless person and do actually and genuinely believe in their utter incapacity as they submit, find beneficence from this Divine quality. An awareness of the attribute of Malikiyyat turns ones heart tender with the awe of punishment and thus generates a true insight.

As regards the sequential order of the Divine attributes, Hazrat Musleh Maud[ra] said that firstly by virtue of Rububiyyat Allah fashions the environment for creating and nurturing, then He hands over the arrangements to man through His attribute of Rahmaniyyat so that there may be spiritual development. When man takes advantage of this, Allah causes excellent results through His Rahimiyyat and grants acceptance to prayers. It is after continuous manifestation of these results that by virtue of His Malikiyyat Allah grants triumph in the world and such is the destiny of Divine communities that Allah has decreed.

As regards man imbibing these Divine attributes on a human level, Hazrat Musleh Maud[ra] said the sequential order is different. It is the attribute of mastership that man adopts firstly so that he may do justice and may avoid evil. In this capacity he also overlooks others' wrongs either out of mercy, compassion or forgiveness. Secondly the attribute of Rahimiyyat generates

value and appreciation of his surroundings and he does good for his surroundings. Progressing from this stage, he adopts Rahmaniyyat, when his near ones as well as all others are given the advantage of his goodness. It is then that imbibing the quality of Lord of all the worlds he tries to create an environment where all the other qualities and their advantages may flourish.

These human qualities only come to the fore when one is in authority, has control over something. One's good moral qualities and courtesy only come into focus when one is given a status. In his Friday Sermon, Huzur[aba] advised that we should try and imbibe the qualities of Malikiyyat within our scope and sphere.

**اَلْمَالِكُ:** اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت مالک ہے جس کا سورۃ فاتحہ میں ذکر ہے۔ سورۃ فاتحہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے صفاتی ناموں کی جو ترتیب رکھی ہوئی ہے، اس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے چوتھے نمبر پر فرمایا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام فرماتے ہیں چوتھا احسان خدا تعالیٰ کا مالکیت یَوْمُ الدِّیْن ہے جس کو سورۃ فاتحہ میں فقرہ مَالِكِ یَوْمُ الدِّیْن میں بیان فرمایا گیا ہے اور اس میں اور صفت رحیمیت میں یہ فرق ہے کہ رحیمیت میں دعا اور عبادت کے ذریعہ سے کامیابی کا استحقاق قائم ہوتا ہے اور صفت مالکیت یَوْمُ الدِّیْن کے ذریعے سے وہ ثمر عطا کیا جاتا ہے یعنی رحیمیت سے دعا اور عبادت کی طرف توجہ پیدا ہوتی ہے انسان دعا اور عبادت کرتا ہے اس سے مانگتا ہے اور مالکیت سے اس کا پھل ملتا ہے۔ مالک لغت عرب میں اس کو کہتے ہیں جس کا اپنے مملوک پر قبضۂ تامّہ ہو، مکمل قبضہ ہو اور جس طرح چاہے اپنے تصرف میں لا سکتا ہو اور بلا اشتراک غیر اس پر حق رکھتا ہو۔ اور یہ لفظ حقیقی طور پر یعنی بلحاظ اس معنوں کے وجودِ خدا تعالیٰ کے کسی دوسرے پر اطلاق نہیں پا سکتا۔ اَلْمَالِكُ اسے کہتے ہیں جو عوام الناس میں اپنے احکام از قسم اَوامر و نَواہی اپنی مرضی کے مطابق چلاتا ہو۔ مَالِكِ یَوْمُ الدِّیْن کے معنی یہ بنیں گے کہ جزا سزا کے وقت کا مالک، شریعت کے وقت کا مالک، اور فیصلہ کرنے کے وقت کا مالک، مذہب کے وقت کا مالک۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس وقت مذہب یا شریعت کی بنیاد رکھی جاتی ہے اس وقت اللہ تعالیٰ صفت مالکیت کا اظہار فرماتا ہے۔ اور کمزوری کے بعد اپنے پیارے کی جماعت کو صفت مالکیت کے تحت غلبہ عطا فرماتا ہے۔ پھر نیکی کے زمانے کا مالک اور گناہ کے زمانے کا مالک یعنی جب بدی اور گناہ بہت پھیل جاتا ہے تو زمانے کا مالک مصلح اور نبی مبعوث فرما کر دنیا کی اصلاح اپنی مالکیت کی صفت کے تحت کرتا ہے۔

## Al Quddus - The Holy One

**References**

Friday Sermon 20th April 2007

https://www.alislam.org/friday-sermon/2007-04-20.html

Friday Sermon 27th April 2007

https://www.alislam.org/friday-sermon/2007-04-27.html

Al Quddus means One Who is free from all flaws, a Blessed Being in Whom all the blessings are amassed. Al Quddus is the composite of all purity, not merely free from flaws but also comprising of all known and unknown - to human perception - excellences. The word Al-Quddus is extremely eloquent in describing Allah's being and the purity of His attributes. If one wishes to study the attributes of Allah one should keep the attribute of Al-Quddus in mind as it elucidates the other attributes.

Hazrat Khalifatul Masih I[ra] said when commentating on the Holy Quran one needs to be extremely mindful of the Divine attributes, in particular be aware that the attribute of Al Quddus is not discredited in any commentary of the Holy Quran. Hazrat Khalifatul Masih I[ra] further stated that those who are illiterate should at the very least demonstrate with their practice the kind that adherents of the Al-Quddus God are. In his Friday Sermon, Huzur[aba] said that no great knowledge is required for this as the Holy Prophet[saw] has left us his blessed model. Huzur[aba] quoted Hazrat Khalifatul Masih I[ra] in that Allah is Al-Quddus and His nearness cannot be availed unless one is pure.

With reference to Hazrat Khalifatul Masih II[ra], Huzur[aba] said the good that humans do is earned and is rewarded whereas the good that Allah benefices is personal to Him and that is why He is called Al Quddus whereas humans cannot be called so because humans have to endeavour to be free of flaws, whereas neither there was ever a time, nor there ever will be when Allah is flawed. His quality of being Al-Quddus was neither any less previously nor is it any greater today; it was always constant and always shall be.

Hazrat Khalifatul Masih II[ra] said that Allah wishes all that is associated with Him is pure and that is why He sent His Messenger with the message to purify people. It is a proof of Allah's holiness that those who come from Him purify people. Just as with all the other Divine attributes, the human adaptation and indeed beneficence of Al-Quddus was at its most and best in the being of the Holy Prophet[saw]. He[saw] admonished his followers to also seek this beneficence and through its blessing remove any bias they may harbour.

In order to continue to receive the beneficence of the Divine quality of Holiness we too have to continually purify our hearts.

**اَلْقُدُّوْس:** اللہ تعالیٰ کے اَسمائے حسنیٰ میں سے ایک اِسم ہے اَلْقُدُّوْس۔ اور اَلْقُدُّوْس کے معنی ہیں تمام عیوب و نقائص سے منزّہ ہستی اور بابرکت جس میں تمام قسم کی برکات جمع ہیں۔ اور اللہ عزّوجل کو پاک اور بے عیب قرار دینا۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان تمام سے جو معنی اخذ کیے ہیں وہ یہ ہیں کہ اَلْقُدُّوْس تمام پاکیزگیوں کا جامع ہے یعنی صرف عیوب سے ہی مبرا نہیں صرف عیوب سے ہی پاک نہیں بلکہ ہر قسم کی خوبیاں بھی اپنے اندر رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی باقی صفات کی طرح صفت قدوس سے بھی سب سے زیادہ فیض پانے اس کو اپنے اوپر لاگو کرنے اور اس کے لیے دعا کرنے والی اس دنیا میں کوئی ہستی تھی تو وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی صبح بھی ایسی نہیں جس میں بندے صبح کریں کہ اس میں ایک منادی کرنے والا ان الفاظ میں منادی کرتا ہے سُبْحَانَ الْمُلْكِ الْقُدُّوْس یعنی پاک ہے وہ ذات جو بادشاہ ہے اور قدوس ہے۔ اسی طرح حضرت مسیح موعود علیہ الصلاۃ والسلام جو آپ کے عاشق صادق تھے جو خود بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اس زمانے میں قوت قدسی کا ایک نشان ہے آپ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قوت قدسیہ اور الفاظ طیّبہ اور جذب اِلی اللہ کی قوت کا پتہ لگتا ہے کہ کیسی زبردست قوتیں آپ کو عطا کی گئیں تھیں جو ایسا پاک اور جان نثار گروہ اکٹھا کر لیا۔ میرا مطلب یہ ہے کہ آپ کی قوت قدسی ایسی تھی کہ کسی دوسرے نبی کو دنیا میں نہیں ملی۔ پس قدوسیت کا فیض اور اللہ تعالیٰ کی تقدیس کرنا اسی وقت فائدہ مند ہے جب ہر بڑا ہر صاحبِ حیثیت ہر مالک ہر با اختیار ہر عُہدے دار اور ہر نگران اپنے سے کم درجے کے لوگوں اور اپنے سے کمزوروں اور ضرورت مندوں کے حقوق کو حق کے ساتھ اور انصاف کے تقاضوں کے ساتھ ادا کرتا رہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

کو اللہ تعالیٰ نے جو قوت قدسیہ عطا فرمائی تھی اس سے آپ نے صحابہؓ کی سوچوں کو ان کی حالتوں کو اس قدر پاک کر دیا تھا کہ کوئی بھی حکم جو اترتا تھا صحابہؓ بغیر کسی چون وچرا کے اس کی تعمیل کیا کرتے تھے۔

## As Salam - The Source of Peace

**Resource:**

Friday Sermon 11th May 2007
https://www.alislam.org/friday-sermon/2007-05-11.html
Friday Sermon 18th May 2007
https://www.alislam.org/friday-sermon/2007-05-18.html

As-Salam is that Being Whose creation is safe from His oppression, the word is used for Allah because it denotes that He is free from any flaw or defect and is also free from the calamities that befall others; all creation will perish but death cannot overtake Him. He is also called Salam because of His supreme bestowal of well-being and security.

The Commandments of Islam lead to peace, love and brotherhood, it entails abandoning all evil and endeavouring to gain the nearness of God Who Himself is called As Salam and Who promises security and peace in this world and the Hereafter to those who do good works.

In his Friday Sermon, Huzur[aba] said that one cannot benefit from the Divine attribute of As-Salam unless other Muslims are secure from one, just as the Holy Prophet[saw] had said that a Muslim is he or she from whose tongue and hands Muslims are safe. Huzur[aba] said maintaining good mutual connections is not a trivial matter; if one wishes to be associated to As Salam then one has to spread peace and security. The Holy Prophet[saw] said that it is the obligation of a true believer that he or she is a guarantor for all humanity and from whom all people are secure.

As-Salam is one of Allah's names that He has introduced in this world, therefore we must spread it about in the world. The Holy Prophet[saw] enjoined to say salam to everyone that one knows and to those one does not know. He admonished that malice and jealousy was creeping among people like it had reprobated the ancients. He said malice was deleterious and one could not gain entry to Paradise unless one had perfect faith and

one could not have perfect faith unless one lived with mutual love and affection and conveying salam to others was the essence of this. It is this very message of peace and security that facilitates Tabligh (propagation of the message of Islam) and leads on to people entering the fold of Islam.

Citing Hadith in his Friday Sermon Huzur[aba] said a Muslim is the brother of a Muslim. He neither oppresses him nor leaves him alone in time of need. One who helps a brother will be helped by Allah. Allah will remove the trouble of one who removes the trouble of a Muslim on the Day of Judgment and one who covers the faults of others Allah will cover their faults on the Day of Judgment.

On reflection a Muslim's sense of responsibility should be heightened in that Allah is associating him or her to a name that is also His own name. We will partake of His beneficence not by merely declaring ourselves as Muslims but by imbibing His attributes on a human level. Not only does one have to be considerate about the rights of others, in instances where no rights are applicable, one should demonstrate goodwill and kindness and look after others.

**اَلسَّلَام:** اللہ تعالیٰ کا ایک نام اَلسَّلَام ہے۔ قران کریم میں مختلف جگہوں پر اللہ تعالیٰ نے اس لفظ سلام کو مختلف پیرایوں میں استعمال فرمایا ہے اپنی صفت کے حوالے سے بھی بیان فرمایا ہے اور مومنوں کو اس صفت کو اختیار کرنے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے بھی فرمایا ہے۔ اس کے معنی مختلف مفسرین اور اہل لغت نے کیے ہیں۔ علاّمہ ابو جعفر محمد کہتے ہیں کہ اَلسَّلَام وہ ذات ہے جس کی مخلوق اس کے ظلم سے محفوظ رہے ابوالحسن ترمذی کے نزدیک اَلسَّلَام اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے اللہ تعالیٰ کو اَلسَّلَام اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ ہر نقص، عیب اور فنا سے سلامت ہے نیز یہ کہ وہ ایسا باقی رہنے والا دائمی وجود ہے کہ تمام مخلوقات فنا ہو جائیں گی مگر اس پر فنا نہیں۔ وہ ہر ایک چیز پر دائمی قدرت رکھنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے اس عظیم مذہب کا نام جو اسلام رکھا ہے تو اس لیے کہ اس میں ہر حکم جو اللہ تعالیٰ نے قران کریم میں ہمیں دیا ہے، اس کا آخری نتیجہ امن، محبت، پیار اور بھائی چارے کا قیام، تمام برائیوں کو چھوڑنا اور انتہائی کوشش سے اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنا ہے۔ اور یہی چیزیں ہیں جو خدا تعالیٰ کا دیدار کرواتی ہیں۔ اس خدا کا اپنا نام بھی اَلسَّلَام ہے۔ جو ہمارا خدا ہے، جو ہر مومن سے ان نیک اعمال کی وجہ سے اس دنیا میں بھی اور مرنے کے بعد کی اخروی زندگی میں بھی سلامتی کا وعدہ کرتا

ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلسَّلَام اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے، اللہ تعالیٰ نے اسے زمین میں رکھا ہے پس تم اسے اپنے درمیان پھیلاؤ اگر ایک مسلمان شخص ایک قوم کے پاس سے گزرے تو وہ ان پر سلام بھیجے۔ اگر ان لوگوں نے جواب دیا تو اس شخص کو ایک درجہ زیادہ فضیلت ملے گی کیونکہ اس نے ان کو سلام کرنا یاد دلایا۔ اگر انہوں نے اس کا جواب نہ دیا تو اس کا جواب وہ دے گا جو ان سے بہتر ہے۔

## 4. Salat ........................................................................ 4-نماز

### *Iqamatus Salat* – The Observance of Prayer
### By Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib

### True Meaning of Iqamatus Salat

The idiom used in the Holy Qur'an for the observance of prayer is Iqamatus Salat. This phraseology has not been used in the Holy Qur'an merely once or twice; rather, it has been used forty seven times, by which one can fathom its significance and greatness. The word 'Iqamah' is a complete and eloquent word that houses a world of meanings. In Tafsir-e-Kabir, Hazrat Mirza Bashir-Ud-Din Mahmud Ahmad[ra], Second Khalifa of the Ahmadiyya Muslim Community, has mentioned various meanings of Iqamatus Salah:

#### 1. Regular Observance of Prayer

The meaning of Iqamatus Salat is to observe prayer regularly because the meaning of Qama'alal amri means to remain constant in something. Therefore, the meaning of Yuqimunas- Salat would be that they do not intermit in offering their prayers'. A prayer wherein there is an intermittence is not considered true prayer in Islam, because prayer is not of temporary deeds, rather, it is considered a complete deed if there is no intermittence from the first prayer after repentance or after reaching an age of maturity, until the last prayer before one's demise. All the prayers of those people who tend to miss their prayers in between are rejected. Therefore, it is the obligation of every Muslim that when he reaches an age of maturity, or when Allah enables him to do so, from that time until his demise, he should not miss a single prayer, because prayer is equivalent to

meeting Allah, and he who refrains from meeting his beloved, passes a judgement contrary to his so-called claim of love by himself.

(Tafsir Kabir, Vol.1, pp.104)

## 2. Observance Along with the Fulfillment of all Requirements

The second meaning of Iqamah is of equilibrium and rectitude, i.e., the virtuous offer their prayers according to its apparent conditions, and do not break the rules set for it. For example, in a state of health or in the availability of water, they offer their prayers after performing 'Wuzu' (ablution), and even then, they perform their 'Wuzu' (ablution) properly according to the conditions set by the Shari'ah. Similarly, they offer their prayers at the appointed time, and perform the actions of Qiyam, Ruku', Sajdah and Qa'dah correctly. They recite the appointed passages and prayers upon their proper place properly and correctly. Therefore, they pay consideration to all the apparent conditions and fulfil them properly.

At this place, it should be remembered that although the Shari'ah states that the prayer should be offered with its set conditions, this does not mean that when the fulfilment of these conditions is not possible in extreme circumstances, one should abandon the prayer altogether. The prayer itself is in any case precedent to the conditions. If someone does not have clean clothes, he may offer his prayers in dirty clothes, and especially, to abandon the prayer on the basis of suspicion is completely illogical. Until the fulfilment of the conditions is possible, to disregard them is sin. However, when it is impossible to fulfil the conditions, to abandon prayer due to their unavailability is a sin, and such a man shall not be considered excused, rather, one who abandons the prayer.

(Tafsir Kabir, Vol.1, pp. 104)

## 3. To Erect a Falling Prayer

The third meaning of Iqamah is to erect something, i.e., the worshipper does not let his prayer fall. They remain forever adamant in offering their prayer correctly and as per the stipulated conditions. If in his prayer someone is assailed by thoughts of difficulty, he should not be dismayed, and should not consider his prayers useless, because Allah the Exalted only expects sacrifice from his servant to the extent of his capacity. Therefore,

those worshippers, whose thoughts remain, dispersed, if they continue to try and beautify their prayers and remain attentive, they will be striving to erect their prayer whenever it is falling. Allah the Exalted shall not waste their prayers, rather, He shall accept them, and shall include one who endeavours to erect his prayer among the virtuous.

(Tafsir Kabir, Vol.1, pp. 105)

### 4. To Encourage and Motivate others for Prayer

Another meaning of Yuqimunas-Salat is that the virtuous encourage others to pray, because one manner in which to erect something is to make it common and to encourage others to it. Therefore, the virtuous who act upon Yuqimunas-Salat are those who in addition to praying themselves keep instructing others to pray as well, and make those who are negligent prompt and vigilant.

### 5. Prayer in Congregation

Wherever the Holy Qur'an has enjoined prayer, it has instructed for prayer to be offered in congregation. Nowhere is it ordered that one simply offers prayers alone. It is evident therefore that prayer in congregation is a significant principle of faith, rather, the Holy Qur'an states that prayer is only observed correctly if offered in congregation, unless there is an uncontrollable restraint. As such, an individual who abandons prayer in congregation, except in the case that he is ill, out of town, or other Muslims are not present, even if he offers his prayer at home, it shall not be accepted, and he shall be considered as one who abandons the prayer.

In the Holy Qur'an the actual instruction is that the compulsory prayers be offered in congregation, and prayer in solitude is permitted only under extreme circumstances. If one cannot offer the prayers standing, he is permitted to do so whilst sitting. However, just as if someone who possesses the ability to stand and pray but does so whilst sitting, he shall be considered a sinner, similarly, one who can offer the prayer in congregation, but does not offer his prayer in congregation, he too shall be considered a sinner. (Tafsir Kabir, Vol.1, pp. 105-106)

### 6. To offer Prayer with Complete Attention, Togetherness, and Vigilance

Another meaning of Yuqimunas-Salat is also that the prayer be offered in a lively manner and with vigilance, because thoughts are dispersed as a result of laziness and negligence, and the essence of prayer is lost.

(Tafsir Kabir, Vol. 1, pp. 106)

## اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃ کا حقیقی مفہوم

نماز کی ادائیگی کیلئے قرآن مجید میں جو محاورہ اختیار کیا گیا ہے وہ اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃِ کا ہے اور یہ طرز بیان قرآن مجید میں ایک یا دو بار نہیں بلکہ 74 بار استعمال کیا گیا ہے۔ جس سے اس کی اہمیت اور عظمت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ لفظ اِقَامَۃ ایک بہت ہی جامع اور بلیغ لفظ ہے جس میں معانی کا ایک جہان آباد ہے۔ حضرت مصلح موعودؓ نے تفسیر کبیر میں اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃِ کے مختلف معانی کا تذکرہ کیا ہے۔ اس کا خلاصہ حضرت مصلح موعودؓ کے اپنے الفاظ میں پیش کرتا ہوں، فرمایا:

## (1) باقاعدگی سے نماز کی ادائیگی

"اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃ کے معنی باقاعدگی سے نماز ادا کرنے کے ہیں، کیونکہ قَامَ عَلَی الۡاَمۡرِ کے معنی کسی چیز پر ہمیشہ قائم رہنے کے ہیں، پس یُقِیۡمُوۡنَ الصَّلٰوۃَ کے یہ معنی ہوئے کہ نماز میں ناغہ نہیں کرتے۔ ایسی نماز جس میں ناغہ کیا جائے، اسلام کے نزدیک نماز ہی نہیں کیونکہ نماز وقتی اعمال سے نہیں بلکہ اسی وقت مکمل عمل سمجھا جاتا ہے جب کہ توبہ یا بلوغت کے بعد کی پہلی نماز سے لیکر وفات سے پہلے کی آخری نماز تک اس فرض میں ناغہ نہ کیا جائے۔ جو لوگ درمیان میں نمازیں چھوڑتے رہتے ہیں ان کی سب نمازیں ہی رد ہو جاتی ہیں۔ پس ہر مسلمان کا فرض ہے کہ جب وہ بالغ ہو یا جب اسے اللہ تعالیٰ توفیق دے اس وقت سے موت تک نماز کا ناغہ نہ کرے، کیونکہ نماز خدا تعالیٰ کی زیارت کا قائم مقام ہے اور جو شخص اپنے محبوب کی زیارت سے گریز کرتا ہے وہ اپنے عشق کے دعویٰ کے خلاف خود ہی ڈگری دیتا ہے۔"

(تفسیر کبیر جلد 1 صفحہ 104)

## (2) جملہ شرائط پوری کرتے ہوئے ادائیگی

"دوسرے معنی اِقَامَۃُ کے اعتدال اور درستی کے ہیں، یعنی متقی نماز کو اس کی ظاہری شرائط کے مطابق ادا کرتے ہیں اور اس کیلئے جو قواعد مقرر کئے گئے ہیں ان کو توڑتے نہیں، مثلاً تندرستی میں یا پانی کی موجودگی میں وضو کر کے نماز پڑھتے ہیں اور

وضو بھی ٹھیک طرح ان شرائط کے مطابق ادا کرتے ہیں جو اس کیلئے شریعت نے مقرر کی ہیں۔ اسی طرح صحیح اوقات میں نماز ادا کرتے ہیں۔ نماز میں قیام، رکوع، سجدہ، قعدہ کو عمدگی سے ادا کرتے ہیں۔ مقررہ عبارات اور دعائیں اور تلاوت اپنے اپنے موقع پر اچھی طرح اور عمدگی سے پڑھتے ہیں۔ غرض تمام ظاہری شرائط کا خیال رکھتے اور انہیں اچھی طرح بجالاتے ہیں۔

اس جگہ یاد رکھنا چاہئے کہ گو شریعت کا حکم ہے کہ نماز کو اس کی مقررہ شرائط کے ماتحت ادا کیا جائے، مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ جب مجبوری ہو اور شرائط پوری نہ ہوتی ہوں تو نماز کو ترک ہی کر دے۔ نماز بہر حال شرائط سے مقدم ہے۔ اگر کسی کو صاف کپڑا میسر نہ ہو تو وہ گندے کپڑوں میں ہی نماز پڑھ سکتا ہے۔ جب تک شرائط کا پورا کرنا اختیار میں ہو ان کے ترک میں گناہ ہے۔ لیکن جب شرائط پوری کی ہی نہ جاسکتی ہوں تو ان کے میسر نہ آنے کی وجہ سے نماز کا ترک گناہ ہے اور ایسا شخص معذور نہیں بلکہ نماز کا تارک سمجھا جائے گا۔" (تفسیر کبیر جلد 1 صفحہ 104)

## (3) گرتی ہوئی نماز کو سیدھا کھڑا کرنا

" تیسرے معنی اِقَامَۃُ کے کھڑا کرنے کے ہیں، یعنی نمازی نماز کو گرنے نہیں دیتے۔ ہمیشہ اس کوشش میں رہتے ہیں کہ ان کی نماز درست اور باشرائط ادا ہو۔ اگر کوئی شخص اپنی نماز میں پریشان خیالی سے دوچار ہو تو اسے مایوس نہیں ہونا چاہئے اور اپنی نماز کو بے کار نہیں سمجھنا چاہئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ بندوں سے اسی قدر قربانی کی امید کرتا ہے جتنی قربانی ان کے بس کی ہو۔ پس ایسے نمازی جن کے خیالات پراگندہ ہو جاتے ہوں، اگر نماز کو سنوار کر اور توجہ سے پڑھنے کی کوشش میں لگے رہیں تو چونکہ وہ اپنی نماز کو، جب بھی وہ اپنے مقام سے گرے، کھڑا کرنے کی کوشش میں لگے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کی نماز کو ضائع نہیں کرے گا۔ بلکہ اسے قبول کرے گا اور اس کو کھڑا کرنے کی کوشش کرنے والے کو متقیوں میں ہی شامل سمجھے گا۔" (تفسیر کبیر جلد 1 صفحہ 105)

## (4) دوسروں کو نماز کی تحریک کرنا اور ترغیب دینا

" یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ کے ایک اور معنی بھی ہیں اور وہ یہ کہ متقی دوسرے لوگوں کو نماز کی ترغیب دیتے ہیں کیونکہ کسی کام کو کھڑا کرنے کا ایک طریق یہ بھی ہے کہ اسے رائج کیا جائے اور لوگوں کو اس کی ترغیب دلائی جائے۔ پس یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ

کے عامل متقی وہ بھی کہلائیں گے جو خود نماز پڑھنے کے علاوہ دوسرے لوگوں کو بھی نماز کی تلقین کرتے رہتے ہیں اور جو سست ہیں انہیں تحریک کرکے مستعد اور چست کرتے ہیں۔" (تفسیر کبیر جلد 1 صفحہ 105)

## (5) نماز باجماعت کا اہتمام

"قرآن کریم نے جہاں بھی نماز کا حکم دیا نماز باجماعت کا حکم دیا ہے، خالی نماز پڑھنے کا کہیں بھی حکم نہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز باجماعت اہم اصولِ دین میں سے ہے بلکہ قرآن کریم کے نزدیک نماز صرف تبھی ادا ہوتی ہے کہ باجماعت ادا کی جائے، سوائے اس کے کہ ناقابل علاج مجبوری ہو۔ پس جو کوئی شخص بیماری یا شہر سے باہر ہونے یا نسیان یا دوسرے مسلمان کے موجود نہ ہونے کے عذر کے سوا نماز باجماعت کو ترک کرتا ہے، خواہ وہ گھر پر نماز پڑھ بھی لے تو اس کی نماز نہ ہوگی اور وہ نماز کا تارک سمجھا جائے گا۔

قرآن کریم میں اصل حکم یہ ہے کہ فرض نماز کو باجماعت ادا کیا جائے اور بغیر جماعت کے نماز صرف مجبوری کے ماتحت جائز ہے، جیسے کوئی کھڑے ہوکر نماز نہ پڑھ سکے تو اسے بیٹھ کر پڑھنے کی اجازت ہے۔ پس جس طرح کوئی کھڑا ہوکر نماز پڑھنے کی طاقت رکھتا ہو لیکن بیٹھ کر پڑھے تو یقیناً وہ گنہگار ہوگا۔ اسی طرح جسے باجماعت نماز کا موقع مل سکے مگر وہ باجماعت نماز ادا نہ کرے تو وہ بھی گنہگار ہوگا۔" (تفسیر کبیر جلد 1 صفحہ 105-106)

## (6) پوری توجہ، یکسوئی اور بیداری سے نماز کی ادائیگی

" یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ کے ایک معنی یہ بھی ہیں کہ نماز چستی اور ہوشیاری سے ادا کی جائے، کیونکہ سستی اور غفلت کی وجہ سے خیالات میں پراگندگی ہوتی ہے اور نماز کا مغز ہاتھ سے جاتا رہتا ہے۔" (تفسیر کبیر جلد 1 صفحہ 106)

## ایک ضروری بات

"اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃَ کے سلسلہ میں یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ صرف خود نماز قائم کرنا کافی نہیں، بلکہ نماز کو قومی عبادت کے طور پر قائم کرنا لازم ہے اور یہ سلسلہ نسل در نسل جاری رہنا چاہیئے۔ یہ بات اتنی اہم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسولِ مقبول ﷺ کو بطور خاص ارشاد فرمایا:

وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۚ (طٰہٰ آیت 133)

کہ تو اپنے گھر والوں کو نماز کی تلقین کرتا رہ اور اس پر ہمیشہ قائم رہ۔

یاد رکھنا چاہئے کہ اس حکم میں ہر وہ شخص شامل ہے جو اپنے آپ کو محمد مصطفیٰ ﷺ سے منسوب کرتا ہے اور آپؐ کے عشق و محبت کا دعویٰ کرتا ہے۔ نماز کے بارہ میں افرادِ خانہ کو مستقل مزاجی سے تلقین کرتے رہنا ایک ایسی ذمہ داری اور خوبی ہے جو اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کا ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَكَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۔ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهِ مَرْضِيًّا۝ (مریم:56)

کہ وہ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا کرتا تھا اور اپنے رب کے حضور بہت ہی پسندیدہ تھا۔ اِقَامَةُ الصَّلٰوةِ کا یہ پہلو ہمیشہ مدنظر رکھنا لازم ہے کہ یہ نیک خاندان اور نیک اولاد کی ضمانت ہے۔

## 5. Hadith ........................................................ 5-حدیث

### HADITH NUMBER 13

**Show Compassion to Young Ones and Recognize the Rights of Your Elders**

چھوٹوں پر رحم کرو اور بڑوں کے حق کو پہچانو

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اِبْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا، وَ يَعْرِفْ حَقَّ كَبِيْرِنَا فَلَيْسَ مِنَّا. (ابوداؤد)

Narrated by Ḥaḍrat ‘Abdullāh Ibni ‘Umar[ra]: The Prophet of Allāh[saw] said:

“One who has no compassion for our young ones and does not recognise the rights of our elders is not of us.”

(Abū Dāwūd)

ترجمہ: عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ جو شخص ہم میں سے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور ہم میں سے بڑوں کا حق نہیں پہچانتا۔ اس کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔

**Explanatory Note:**

In this Ḥadīth, a fine Law regarding the dynamics of mutual relations has been laid down. Many disputes and causes of ill-will arise in the world,

because the elders do not treat the younger ones with compassion and consideration, and the younger ones forget to extend respect to the elders which is their due, and thus a distasteful chain reaction of 'status' struggle is set off. Islām has, on the one hand, recognized equality of rights for all in the assignment of public offices and distribution of the means of earning wealth. On the other hand, by building a bridge of compassion and consideration of dutiful respect, it has linked all in one chain. Those who get an opportunity to excel others in the struggle of life are required to treat their less fortunate brethren with compassion and affection, so long as the latter are in that situation. As for those who lag behind, they are enjoined to pay dutiful respect to those who are ahead of them as long as they continue in the position. By means of this golden injunction, our Lord[saw] has cut at the root of unnecessary and unbecoming tension between the different layers of society. But, it is a matter of regret that few care to respect this injunction, and if someone comes into power, because of one thing or the other, he loses his senses and loves to crush those who are beneath him. And, if one lags behind in the race of existence, he is jealous of those who have outdistanced him so that he is ever intent on destroying them and bringing them low to earth. Both these types are far gone off the course of Islām.

Islām itself certainly does not create classes. But it does not shut its eyes to facts either, and takes due note of the temporary distinctions which arise as a natural phenomenon due to differences in intellectual level or standards of personal industry. It resolves (these differences) in a similarly natural manner and takes proper measures to countermand their unpleasant consequences. This blessed observation of the Holy Prophet[saw] is a part of these measures. At the same time, Islām stresses the transitory character of these differences pointing out that a class of people which happens to be at the lower rung today, may very well forge ahead tomorrow. The Holy Qur'ān says in this behalf,

"Let not one people deride *another* people, who may be better than they,"

[Al-Ḥujurāt - 49:12]

It must be borne in mind, that the expression "younger ones and elder ones" in this Ḥadīth apply to all whether they are junior or senior in point of age, or relationship, or wealth, or office, or prestige, or influence. In

whatever respect that the difference exists, every senior is required to treat his junior with compassion and consideration, and every junior is required to show due respect and regard to his senior. And whoso does not behave in that manner, our Master[saw] says about him that he is not of us.

## تشریح

اس حدیث میں باہمی تعلقات کا ایک لطیف گُر بیان کیا گیا ہے۔ دنیا میں اکثر فسادات اور جھگڑے اس لئے ہوتے ہیں کہ بڑے لوگ چھوٹوں کے ساتھ شفقت اور رحم کا سلوک نہیں کرتے اور چھوٹے لوگ بڑوں کے واجبی احترام سے غافل رہتے ہیں اور اس طرح ایک ناگوار طبقاتی کش مکش کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اسلام نے ایک طرف تو سرکاری عہدوں اور دولت پیدا کرنے کے ذرائع کے حصول میں سب کے واسطے برابر کے حقوق تسلیم کئے اور دوسری طرف سوسائیٹی کے مختلف طبقات میں ایک طرف سے شفقت ورحمت اور دوسری طرف سے ادب واحترام کا مضبوط پل باندھ کر سب کو ایک لڑی میں پرو دیا۔ جن لوگوں کو زندگی کی جدوجہد میں دوسروں سے آگے نکلنے کا موقعہ میسر آجاتا ہے ان کیلئے حکم ہے کہ وہ پیچھے رہنے والوں کے ساتھ جب تک کہ وہ پیچھے ہیں شفقت ورحم کا سلوک کریں اور جو لوگ پیچھے رہ جاتے ہیں ان کے لئے یہ حکم ہے کہ وہ آگے نکل جانے والوں کے ساتھ جب تک کہ وہ آگے ہیں واجبی ادب واحترام سے پیش آئیں۔ اس زریں ہدایت کے ذریعہ ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے سوسائٹی کے مختلف طبقات کے درمیان ناواجب کش مکش کی جڑھ کاٹ کر رکھ دی ہے مگر افسوس ہے کہ ہے بہت کم لوگ ایسے ہیں جو اس تعلیم پر عمل کرتے ہیں۔ اگر کسی شخص کو کسی وجہ سے کوئی طاقت حاصل ہو جاتی ہے تو وہ تکبر میں مبتلا ہو کر اپنے سے نیچے کے لوگوں کو کچل دینے کا متمنی ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص زندگی کی دوڑ میں کسی وجہ سے پیچھے رہ جاتا ہے تو وہ حسد میں جل کر آگے نکل جانے والوں کو نیچے گرانے اور تباہ کرنے کے درپے ہو جاتا ہے۔ یہ دونوں قسم کے لوگ اسلام کی منصفانہ تعلیم سے کوسوں دور ہیں۔

اسلام یقیناً طبقات پیدا نہیں کرتا مگر جو وقتی امتیاز افراد کے دماغی قویٰ یا ذاتی جدوجہد کے فرق کی وجہ سے خود بخود طبعی رنگ میں پیدا ہو جاتا وہ جب تک اسی قسم کے طبعی طریق پر دور نہ ہو اسلام اس کی طرف سے آنکھیں بند کر کے حقائق کو نظر انداز بھی نہیں کرتا۔ بلکہ اسے اپنے نوٹس میں لا کر اس کے ناگوار نتائج کو روکنے کیلئے مناسب تدابیر اختیار کرتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ مبارک ارشاد انہی تدابیر کا حصہ ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اسلام اس بات پر بھی زور دیتا

چلا جاتا ہے کہ اس قسم کے امتیازات محض عارضی ہوا کرتے ہیں اور آج جو طبقہ نیچے ہے کل کو وہ ترقی کر کے اوپر آسکتا ہے چنانچہ قرآن شریف فرماتا ہے لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓی اَنْ یَّکُوْنُوْا خَیْرًا مِّنْھُمْ (الحجرات:12) یعنی سوسائٹی کے کسی طبقہ کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی دوسرے طبقہ کو ادنیٰ خیال کر کے اُسے تحقیر کی نظر سے دیکھے۔ کیونکہ جو طبقہ نیچے ہے کل کو وہی طبقہ اوپر آکر تحقیر کرنے والوں سے بہتر بن سکتا ہے۔"

یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ اس حدیث میں جو صغیر اور کبیر کا لفظ آتا ہے اس سے عربی محاورہ کے مطابق ہر قسم کے چھوٹے بڑے مراد ہیں۔ خواہ یہ فرق اثر و رسوخ کے لحاظ سے ہو یا افسری ماتحتی کے لحاظ سے ہو یا دولت کے لحاظ سے یا رشتہ کے لحاظ سے ہو یا عمر کے لحاظ سے ہو۔ بہر حال جس جہت سے بھی فرق ہو گا ہر بڑے کے لئے یہ حکم ہے کہ وہ اپنے چھوٹے کے ساتھ شفقت و محبت کا سلوک کرے۔ اور ہر چھوٹے کے لئے یہ حکم ہے کہ وہ اپنے سے بڑے کے ساتھ واجبی ادب و احترام سے پیش آئے۔ اور جو شخص ایسا نہیں کرتا اس کے متعلق ہمارے آقا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ لَیْسَ مِنَّا "وہ ہم میں سے نہیں۔"

## 6. Malfoozat ........................................ 6-ملفوظات

### Third Address of the Promised Messiah[as]
### at the Annual Convention on 30 December 1897
### Sympathy and Compassion for Friends

### Without a Soul at Rest One Cannot Attain Salvation

I have seen certain people and have also read about the lives of some who possessed the wealth and riches of this world, and enjoyed the hollow pleasures of this world as well as all its diverse bounties, including children and grandchildren. When death was at hand and it dawned upon them that the time to leave this world had come, and they would be separated from its material bounties and now travel to the hereafter, the fire of regret and needless desire was ignited in them and they began to make empty cries. This too is a form of hell, which deprives a person from heartfelt peace and tranquillity, and rather hurls one into a state of anxiety and discomfort.

Therefore, the fact to which my friends must not remain oblivious is that more often than not, a person becomes engrossed in the excessive and needless love of their families and wealth. It is often in the heat and intoxication of this very love that they indulge in such unlawful actions, which create a barrier between them and God Almighty; and the individual concerned is subjected to a hell. Initially the individual is unaware of this but then everything suddenly escapes them, and they are unprepared for that moment. It is then that such people suffer indescribable anxiety. One can easily understand that when a person is separated and distanced from that which they love, they are overwhelmed by grief and throbbing anguish. This issue is not only a theory; it is a logical fact, as Allah the Exalted states:

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۙ الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ؕ

*It is Allah's kindled fire, which rises over the hearts. [Holy Quran 104:7-8]*

And so it is this very fire of the love of all that is besides Allah which burns the human heart and turns it to ash, subjecting it to a shocking punishment and pain. I say once again that it is a true and definite fact that without a soul at rest, man cannot attain salvation.

As I have elaborated earlier, when a person is in a state that the soul incites towards evil, they are a slave to Satan. In the state of the reproving self, however, an individual remains in a constant struggle and war against Satan. At times, such a one prevails, but at other instances Satan succeeds. However, in the state where the soul is at rest, a condition of calm and harmony prevails and the person sits peacefully. Therefore, in the verse: يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ (O Soul at rest), the extent to which a person feels pleasure is clearly evident. The translation of this verse is: O soul at rest, return to your Lord. The apparent sense is that when a person is in their dying moments, a call comes from Allah the Exalted saying: O soul at rest, return to your Lord; He pleased with you and you pleased with Him. Since the Quran encompasses both the apparent and the hidden, the deeper meaning of this verse is: O soul that has reached the stage of comfort, return to your Lord; that is to say, the natural state to which you have arrived at, is a station of peace and tranquillity and there is no distance

between you and Allah Almighty. In the state of the reproving self, there is pain, but the state of the soul at rest may be likened to water that cascades down from above, where the love of God Almighty penetrates and flows into every vein and fibre of man, and he lives for the love of God. The love of all that is besides Allah, which is a burning hell for such people, is put out and replaced with a radiance and divine light. The pleasure of such a person becomes the pleasure of Allah Almighty, and whatever pleases Allah Almighty becomes his will. In this state, the love of God Almighty becomes the life of such individuals and just as the necessities of life are needed to remain alive, all that is needed by such people to remain alive is God and God alone. In other words, it is God Almighty alone who is the cause of their true happiness and absolute comfort.

**The Purpose of Human Existence**

A hallmark of the soul at rest is that its condition is independent of any external stimulus and it simply cannot survive without God. This is the very purpose of human existence, and so should it be. An idle person looks to activities such as hunting, chess and cards, etc. However, when the soul at rest separates itself from unlawful preoccupations, temporary enjoyments, and activities which often result in grief and pain, why then would it long for the world it has left behind? For this very reason, God alone becomes the centre of love.

Another point which must not fade from your hearts is that there are two kinds of love: unconditional love and love which is fuelled by motives, or one could say, love that one possesses due to certain temporary factors and when they cease to exist, this love turns cold and becomes the cause of pain and grief. It is unconditional love that is the source of true pleasure, because man has naturally been created for God. Allah the Exalted states:

مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ۝

And I have not created the Jinn and the men but that they may worship Me. [51:57]

Therefore, God Almighty has invested the inherent nature of man with an inclination towards Himself and through His utterly hidden means, has created him so that man turns to God. Hence, when a person shuns

artificial, superficial and temporary forms of love, which end in pain, they become wholly devoted to God and naturally, all distance is removed, and they hasten towards God. It is this very point that is alluded to in the verse:

يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىِٕنَّةُ۝

*O Soul at rest. [89:28]*

What is implied by God Almighty making a call in this context is that all the intervening obstructions have been removed and no distance remains. This is the highest rank of a righteous person when finally, he finds rest and comfort. At another instance, the Holy Quran has described this rest as success (falah) and steadfastness (istiqamat). In the verseاِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (Guide us in the right path) there is a subtle indication towards this very steadfastness, comfort and success by the use of the word 'mustaqim'.

## Miracles

It is true that God Almighty does not do anything in an unnatural manner. The fact of the matter is that God is the Creator of means. Whether we are informed of those means or not, there are always some means. The miracles of the splitting of the moon or يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا (*O fire, be thou cold and a means of safety* [21:70]) did not occur without appropriate means. In fact, they too were the result of certain unknown and hidden means and are supported by objective and impartial science. Those who are short-sighted and inclined to the dark hollows of philosophy cannot understand this fact. I am astonished that when it is an established fact that absence of evidence is not evidence of absence, why then do foolish philosophers so boldly deny miracles on the basis of their deficient knowledge of the means that cause miracles. I do believe that if Allah the Exalted so wills, He can disclose these hidden means to His servants, but this is not necessary. When a person constructs a house for themselves, where they take into consideration the provision of all other amenities, the foremost thing that they ensure is the construction of a door to enter and exit the house. If a person owns substantial furnishings, elephants, horses and carts, they will naturally construct a gate that can proportionally accommodate the inward

and outward movement of their possessions, not a small opening like the one which leads into a snake's hole.

Similarly, we find by reflecting deeply and carefully on the action of God Almighty, i.e. the law of nature, that after giving birth to His creation, God has never desired for it to defy the bounds of servitude (*ubudiyyat*) and detach itself from God's providence (*rububiyyat*). For divine providence has never sought to divorce itself from the phenomenon known as 'servitude.' The true philosophy is that those who consider 'servitude' to be an agency that possesses any independent power in its own right are mistaken; for God Almighty has not given birth to it as such. The differing levels between us in our knowledge, thoughts and intellects, and our inability to shed ample light on all matters, is manifest evidence of the fact that without the grace of divine providence, 'servitude' cannot exist. Every particle and shred of our body by nature may be likened to the angels (who are obedient to God). If this were not the case, the very foundation of medicine and even more so, of prayer, would prove meaningless and ineffectual.

Observe the heaven and earth, and all that is within them, and reflect: is all of this creation, in its being and essence, independent for its own life and existence? The whole of creation from the heavenly bodies to the things of this world all inherently possess a nature of servitude to God. Every leaf reveals and every branch proclaims that God's divinity is in full operation. The deep and profound powers of God which we cannot expound with our own thoughts and strengths—rather which we cannot even fully comprehend—are engaged in their work. Therefore, Allah the Exalted states:

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ

Allah—there is no God but He, the Living, the Self-Subsisting and All-Sustaining. [Holy Quran 2:256]

This means, Allah Almighty is the only Being that is the compendium of all perfect attributes and who is free from each and every deficiency; it is He alone who is worthy of worship; it is His Being alone that is manifestly evident, for He is Living as an Independent Being and He is Self-Subsisting.

Nothing besides him may be characterised as living or existing independently in its own right. What does this mean exactly? It means that with the exception of Allah Almighty, there is no one else that exists or lives independently without an initial cause, nor can there be any other prime cause—except for God of course—which brought about the creation of this universe with all its wise and balanced order. Hence, this discloses to us that besides God Almighty, there is no other being that can change or alter the creations of this universe or which can be described as having been the source or cause of the life and existence of all things.

**Servitude of the Holy Prophet[saw]**

Study the Holy Quran and you will see that there is not a single example of anyone who can match the Noble Prophet, peace and blessings of Allah be upon him, who was the perfect man, nor can he be matched until the end of time. Even though the Holy Prophet[sa] was blessed with the ability to manifest miracles in which it appeared as though he could harness divine power, he was always characterised by his servitude to God. The Holy Prophet[sa] would always declare, again and again:

اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُکُمۡ ۝

I am only a man like yourselves. [Holy Quran 18:111]

This was to such extent that even in the Muslim creed which professes the Unity of God, the Holy Prophet[sa] declared that it was incumbent to profess the Prophet's servitude to God as a necessary constituent—a declaration, without which a Muslim cannot be a Muslim. Reflect again and again! To entertain in our hearts and minds those ideas previously mentioned, is absurd and inappropriate, given how our Perfect Guide lived such a life that even after attaining to the highest possible status in nearness to God, he still did not fail to acknowledge his own servitude to the Divine.

# حضرت اقدسؑ کی تیسری تقریر

## بر موقعہ جلسہ سالانہ 30/ دسمبر 1897ء

### نفسِ مُطْمَئِنَّۃ کے بغیر انسان نجات نہیں پا سکتا

میں نے بعض آدمیوں کو دیکھا اور اکثروں کے حالات پڑھے ہیں جو دُنیا میں مال و دولت اور دُنیا کی جھوٹی لذتیں اور ہر ایک قسم کی نعمتیں اولاد احفاد رکھتے تھے۔ جب مرنے لگے اور ان کو اس دُنیا کے چھوڑ جانے اور ساتھ ہی اِن اشیاء سے الگ ہونے اور دوسرے عالم میں جانے کا علم ہوا تو ان پر حسرتوں اور بے جا آرزوؤں کی آگ بھڑکی اور سرد آہیں مارنے لگے۔ پس یہ بھی ایک قسم کا جہنم ہے جو انسان کے دل کو راحت اور قرار نہیں دے سکتا بلکہ اس کو گھبراہٹ اور بے قراری کے عالم میں ڈال دیتا ہے۔ اس لیے یہ امر بھی میرے دوستوں کی نظر سے پوشیدہ نہیں رہنا چاہیے کہ اکثر اوقات انسان اہل و عیال اور اموال کی محبت ہاں ناجائز اور بیجا محبت میں ایسا محو ہو جاتا ہے اور اکثر اوقات اسی محبت کے جوش اور نشہ میں ایسے ناجائز کام کر گزرتا ہے، جو اس میں اور خدا تعالیٰ میں ایک حجاب پیدا کر دیتے ہیں اور اس کے لیے ایک دوزخ تیار کر دیتے ہیں۔ اس کو اس بات کا علم نہیں ہوتا جب وہ ان سب سے یکایک علیحدہ کیا جاتا ہے اس گھڑی کی اسے خبر نہیں ہوتی تب وہ ایک سخت بے چینی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ یہ بات بڑی آسانی سے سمجھ میں آسکتی ہے کہ کسی چیز سے جب محبت ہو، تو اس سے جدائی اور علیحدگی پر ایک رنج اور دردناک غم پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ مسئلہ اب منقولی ہی نہیں بلکہ معقولی رنگ رکھتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۙ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ (الھمزۃ:۷-۸) پس یہ وہی غیر اللہ کی محبت کی آگ ہے جو انسانی دل کو جلا کر راکھ کر دیتی ہے اور ایک حیرت ناک عذاب اور درد میں مبتلا کر دیتی ہے۔ میں پھر کہتا ہوں کہ یہ بالکل سچی اور یقینی بات ہے کہ نفسِ مُطْمَئِنَّۃ کے بدوں انسان نجات نہیں پا سکتا۔

جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا ہے کہ نفس امارہ کی حالت میں انسان شیطان کا غلام ہوتا ہے اور لوّامہ میں اسے شیطان سے ایک مجاہدہ اور جنگ کرنا ہوتا ہے۔ کبھی وہ غالب آ جاتا ہے اور کبھی شیطان مگر مُطْمَئِنَّۃ کی حالت ایک امن اور آرام کی حالت ہوتی ہے کہ وہ آرام سے بیٹھ جاتا ہے۔ اس لئے اس آیت میں کہ يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىِٕنَّةُ (الفجر:28) یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس آخری حالت میں کس قدر استراحت ہوتی ہے۔ چنانچہ اس کا ترجمہ یہ ہے کہ اے نفس

مُطْمَئِنَّة اللہ کی طرف چلا آ۔ ظاہر کے لحاظ سے تو یہ مطلب ہے کہ جان کندن کی حالت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آواز آتی ہے کہ اے اطمینان پر پہنچے ہوئے نفس اپنے ربّ کی طرف چلا آ۔ وہ تجھ سے خوش ہے اور تو اس سے راضی۔ چونکہ قرآن مجید کے لئے ظاہر اور باطن دونوں ہیں۔ اس لئے باطن کے لحاظ سے یہ مطلب ہے کہ اے اطمینان پر پہنچے ہوئے نفس اپنے ربّ کی طرف چلا آ۔ یعنی تیری طبعاًیہ حالت ہو چکی ہے کہ تو اطمینان اور سکینت کے مرتبہ پر پہنچ گیا ہے اور تجھ میں اور اللہ تعالیٰ میں کوئی بُعد نہیں ہے۔ لوّامہ کی حالت میں تو تکلیف ہوتی ہے مگر مُطْمَئِنَّة کی حالت میں ایسا ہوتا ہے کہ جیسے پانی اُوپر سے گرتا ہے۔ اسی طرح پر خدا تعالیٰ کی محبت انسان کے رگ وریشہ میں سرایت کر جاتی ہے اور وہ خدا ہی کی محبت سے جیتا ہے۔ غیر اللہ کی محبت جو اس کے لئے ایک جلانے اور جہنم کے پیدا کرنے والی ہوتی ہے جل جاتی ہے۔ اور اس کی جگہ ایک روشنی اور نور بھر دیا جاتا ہے۔ اس کی رضا اللہ تعالیٰ کی رضا اور اللہ تعالیٰ کی رضا اس کا منشاء ہو جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ کی محبت ایسی حالت میں اس کے لئے بطور جان ہوتی ہے جس طرح زندگی کے لئے لوازم زندگی ضروری ہیں۔ اس کی زندگی کے لئے خدا اور صرف خدا ہی کی ضرورت ہوتی ہے۔ دوسرے لفظوں میں اس کا یہ مطلب ہے کہ خدا تعالیٰ ہی اس کی سچی خوشی اور پوری راحت ہوتا ہے۔

## انسانی ہستی کا مُدعا

نفسِ مُطْمَئِنَّة کی یہ نشانی ہے کہ کسی خارجی تحریک کے بدوں ہی وہ ایسی صورت پکڑ جاتا ہے کہ خدا کے بدوں رہ نہیں سکتا اور یہی انسانی ہستی کا مُدعا ہے اور ایسا ہی ہونا چاہیے۔ فارغ انسان شکار، شطرنج، گنجفہ وغیرہ اشغال اپنے لیے پیدا کر لیتے ہیں مگر مُطْمَئِنَّة جب کہ ناجائز اور عارضی اور بسا اوقات رنج اور کرب پیدا کرنے والے اشغال سے الگ ہو گیا۔ اب الگ ہو کر منقطع عالم اُسے کیوں یاد آوے۔ اس لیے خدا ہی سے محبت ہو جاتی ہے۔ یہ امر بھی دل سے محو نہیں ہونا چاہیے کہ محبت دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک ذاتی محبت ہوتی ہے اور ایک محبت اغراض سے وابستہ ہوتی ہے یا یہ کہو کہ اُس کا باعث صرف چند عارضی باتیں ہوتی ہیں جن کے دُور ہوتے ہی وہ محبت سرد ہو کر رنج اور غم کا باعث ہو جاتی ہے مگر ذاتی محبت سچی راحت پیدا کرتی ہے۔ چونکہ انسان فطرتاً خدا ہی کیلئے پیدا ہوا ہے۔ جیسا کہ فرمایا۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ (الذاریات:57) اس لیے خدا تعالیٰ نے اُس کی فطرت ہی میں اپنے لیے کچھ نہ کچھ رکھا ہوا ہے اور اپنے پوشیدہ اور مخفی در مخفی اسباب سے اُسے اپنے لیے بنایا ہوا ہے۔ پس جب اِنسان جھوٹی اور نمائشی ہاں عارضی اور رنج پر ختم ہونے والی محبتوں سے الگ ہو جاتا ہے پھر وہ خدا ہی کیلئے ہو جاتا ہے اور طبعاً کوئی بُعد نہیں رہتا اور خدا کی طرف دوڑا چلا آتا ہے۔ پس اس آیت

يٰۤاَيَّتُهَا النَّفۡسُ الۡمُطۡمَئِنَّةُ میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔ خدا تعالیٰ کا آواز دینا یہی ہے کہ درمیانی حجاب اُٹھ گیا اور بُعد نہیں رہا۔ یہ متقی کا انتہائی درجہ ہوتا ہے جب وہ اطمینان اور راحت پاتا ہے۔ دُوسرے مقام پر قرآن شریف نے اس اطمینان کا نام فلاح اور استقامت بھی رکھا ہے اور اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ میں اُسی استقامت یا اطمینان یا فلاح کی طرف لطیف اشارہ ہے اور خود مستقیم کا لفظ بتلا رہا ہے۔

## معجزات

یہ سچی بات ہے کہ خدائے تعالیٰ غیر معمولی طور پر کوئی کام نہیں کرتا۔ اصل بات یہ ہے کہ وہ خلقِ اسباب کرتا ہے خواہ ہم کو ان اسباب پر اطلاع ہو یا نہ ہو الغرض اسباب ضرور ہوتے ہیں۔ اس لئے ''شق القمر'' یا يٰنَارُ كُوۡنِىۡ بَرۡدًا وَّ سَلٰمًا (الانبیاء:۷۰) کے معجزات بھی خارج از اسباب نہیں بلکہ وہ بھی بعض مخفی در مخفی اسباب کے نتائج ہیں اور سچے اور حقیقی سائنس پر مبنی ہیں۔ کوتاہ اندیش اور تاریک فلسفہ کے دلدادہ اسے نہیں سمجھ سکتے۔ مجھے تو یہ حیرت آتی ہے کہ جس حال میں یہ ایک امر مسلم ہے کہ عدمِ علم سے عدمِ شے لازم نہیں آتا تو نادان فلاسفر کیوں ان اسباب کی بے علمی پر جو ان معجزات کا موجب ہیں اصل معجزات کی نفی کی جرات کرتا ہے۔ ہاں ہمارا یہ مذہب ہے کہ اللہ تعالیٰ اگر چاہے تو اپنے کسی بندے کو ان اسبابِ مخفیہ پر مطلع کر دے لیکن یہ کوئی لازم بات نہیں ہے۔ دیکھو ! انسان اپنے لئے جب گھر بناتا ہے تو جہاں اور سب آسائش کے سامانوں کا خیال رکھتا ہے سب سے پہلے اس امر کو بھی ملحوظ رکھ لیتا ہے کہ اندر جانے اور باہر نکلنے کے لئے بھی کوئی دروازہ بنا لے۔ اور اگر زیادہ ساز و سامان ہاتھی، گھوڑے، گاڑیاں بھی پاس ہیں تو علی قدر مراتب ہر ایک چیز اور سامان کے نکلنے اور جانے کے واسطے دروازہ بناتا ہے نہ یہ کہ سانپ کی بانبی کی طرح ایک چھوٹا سا سوراخ۔ اسی طرح پر اللہ تعالیٰ کے فعل یعنی قانونِ قدرت پر ایک وسیع اور پر غور نظر کرنے سے ہم پتا لگا سکتے ہیں کہ اس نے اپنی مخلوق کو پیدا کر کے یہ کبھی نہیں چاہا کہ وہ عبودیت سے سرکش ہو کر ربوبیت سے متعلق نہ ہو۔ ربوبیت نے عبودیت کو دور کرنے کا ارادہ کبھی نہیں کیا۔ سچا فلسفہ یہی ہے جو لوگ عبودیت کو کوئی مستقل اختیار والی شے سمجھتے ہیں وہ سخت غلطی پر ہیں۔ خدا نے اس کو ایسا نہیں بنایا۔ ہماری معلومات، خیالات اور عقلوں کا باہم مساوی نہ ہونا اور ہر امر پر پوری اور کما حقہ روشنی ڈالنے کے ناقابل ہونا صریح اس امر کی دلیل ہے کہ عبودیت بدوں فیضانِ ربوبیت کے نہیں رہ سکتی۔ ہمارے جسم کا ذرہ ذرہ ملائک کا حکم رکھتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو پھر دوا اور اس سے بڑھ کر دعا کا اصول ہی بے فائدہ اور بے جان ہوتا۔

زمین، آسمان اور مَا فِی الۡاَرۡضِ وَالسَّمٰوٰتِ پر نظر کرو اور سوچو کہ کیا یہ تمام مخلوقات بذاتہٖ و بنفسہٖ اپنے قیام اور ہستی میں مستقل اختیار رکھتے ہیں یا کسی کے محتاج ہیں؟

تمام مخلوقات اجرام فلکی سے لے کر ارضی تک اپنی بناوٹ ہی میں عبودیت کا رنگ رکھتی ہیں۔ ہر پتے سے یہ پتا ملتا ہے اور ہر شاخ اور آواز سے یہ صدا نکلتی ہے کہ الوہیت اپنا کام کر رہی ہے اس کے عمیق در عمیق تصرفات جن کو ہم خیال اور قوت سے بیان نہیں کر سکتے بلکہ کامل طور پر سمجھ بھی نہیں سکتے، اپنا کام کر رہے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ( البقرہ : ۲۵۶ ) یعنی اللہ تعالیٰ ہی ایک ایسی ذات ہے جو جامع صفاتِ کاملہ اور ہر ایک نقص سے منزہ ہے۔ وہی مستحق عبادت ہے۔ اسی کا وجود بدیہی الثبوت ہے کیونکہ وہ حیّ بالذات اور قائم بالذات ہے اور بجز اس کے اور کسی چیز میں حیّ بالذات اور قائم بالذات ہونے کی صفت نہیں پائی جاتی۔ کیا مطلب کہ اللہ تعالیٰ کے بدوں اور کسی میں یہ صفت نظر نہیں آتی کہ بغیر کسی علت موجبہ کے آپ ہی موجود اور قائم ہو یا کہ اس عالم کی جو کمال حکمت اور ترتیب محکم و موزوں سے بنایا گیا ہے علّت موجبہ ہو سکے۔ غرض اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کے سوا اور کوئی ایسی ہستی نہیں ہے جو ان مخلوقاتِ عالم میں تغیر و تبدل کر سکتی ہو یا ہر ایک شے کی حیات کا موجب اور قیام کا باعث ہو۔

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عبودیت

قرآن کریم کو پڑھ کر دیکھ لو۔ اور تو اور ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر دُنیا میں کسی کامل انسان کا نمونہ موجود نہیں اور نہ آئندہ قیامت تک ہو سکتا ہے پھر دیکھو کہ اقتداری معجزات کے ملنے پر بھی حضور ﷺ کے شاملِ حال ہمیشہ عبودیت ہی رہی اور بار بار قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُکُمۡ (الکہف:111) ہی فرماتے رہے۔ یہاں تک کہ کلمۂ توحید میں اپنی عبودیت کے اقرار کا ایک جزو لازم قرار دیا۔ جس کے بدوں مسلمان مسلمان ہی نہیں ہو سکتا۔ سوچو! اور پھر سوچو!! پس جس حال میں ہادیٔ اکمل کی طرزِ زندگی ہم کو یہ سبق دے رہی ہے کہ اعلیٰ ترین مُقامِ قُرب پر بھی پہنچ کر عبودیت کے اعتراف کو ہاتھ سے نہیں دیا، تو اور کسی کا تو ایسا خیال کرنا اور ایسی باتوں کا دل میں لانا ہی فضول اور عبث ہے۔

## 7. Prayer To Memorise ................................ 7-زبانی یاد کرنے کیلئے دُعا

**Surah Al-Furqan - Chapter 25, Verse: 75**

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝۷۵

**Translation:** And those who say, 'Our Lord, grant us of our wives and children the delight of *our* eyes, and make us a model for the righteous.

ترجمہ: اور وہ لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے ربّ! ہمیں اپنے جیون ساتھیوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر اور ہمیں متقیوں کا امام بنادے۔

## 8. Al-Qaseedah ........................................................ 8-القصیدہ

**(39)**

اُرْسِلْتَ مِنْ رَّبٍّ كَرِيْمٍ مُّحْسِنٍ

فِي الْفِتْنَةِ الصَّمَّاءِ وَالطُّغْيَانِ

(O Holy prophet) you were sent by God.. the Gracious, the Benefactor at (a time when the prevalence of sin was causing) great disorder

and (its severity was like) a flood.

آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پروردگارِ کریم و محسن خدا کی طرف سے فتنے اور طغیانی (اور سرکشی) کے زمانہ میں بھیجے گئے۔

**(40)**

يَا لَلْفَتٰى مَاحُسْنُهٗ وَجَمَالُهٗ

رَيَّاهُ يُصْبِي الْقَلْبَ كَالرَّيْحَانِ

O (handsome) young man! How can (the elegance of) your beauty and (its refined) grace be (fully) described? (You are) the one whose fragrance captivates the heart like (the scent of) a fragrant plant.

اے وہ (خوبصورت) نوجوان! آپؐ کے حُسن وجمال (کی خوبیاں) کیسے بیان ہوں

جن کی خوشبو ریحان کی طرح دل کو فریفتہ کرلیتی ہے۔

(English and Urdu translation taken from: Basics of Religious Education; Fifth Edition)

## 8. History Of Islam ............................................... 8-تاریخ اسلام

### The Life & Character of the Seal of Prophets

**Hazrat Mirza Bashir Ahmad Sahib M.A[ra]**

### Directions of Granting Due Regard to Ranks in Everyday Relations

After presenting the fundamentals of Islāmic equality, Islām addresses the question that if despite having a common origin the circumstances and qualities of people can be different, then given the existence of inevitable disparities, what behaviour should be employed in the everyday social affairs between people of different ranks? Hence, in relation to this, the Holy Prophet[saw] states:

اَنْزِلُوْاالنَّاسَ مَنَازِلَهُمْ۔

*"O Ye Muslims! It is incumbent that you give due regard to the well known ranks of people in your mutual affairs and deal with them in accordance to their circumstances and rank."*

Sunanu Abī Dawūd, Kitābul-Adab, BābuFīTanzīlin-NāsiManāzilahum, Ḥadīth No. 4842

The purport of this Ḥadīth is that those people who acquire some religious or worldly greatness or rank in everyday affairs, it is a part of Islāmic morality to grant due regard to the rank of such people and deal with them with due respect. For example, there is an occurrence from the life of the Holy Prophet[saw] when Sa'd bin Mu'ādh Anṣārī[ra], who was the chieftain of the Aus tribe, arrived to pass a verdict in the matter of a Jewish tribe, the Banū Quraiẓah. When the Holy Prophet[saw] noticed him arriving, he said to his companions:

قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ۔

*"Stand in the honour and veneration of your chief."*

Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābul-Isti'zān, Bābu Qaulin-Nabiyyisa Qūmū Ilā Sayyidikum, Ḥadīth No. 6262

Similarly, it is found from the Holy Qur'ān that when God The Exalted sent Prophet Moses[as] to Pharaoh with His message, He emphatically instructed Moses[as] that since Pharaoh possessed a rank in the country, speak to him in a gentle and respectful manner.

## Complete Equality in Judicial Affairs

However, comparatively, in judicial and legal rights, the Holy Prophet[saw] states the following magnificent words indeed:

إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يُقِيْمُوْنَ الْحَدَّ عَلَى الْوَضِيْعِ وَيَتْرُكُوْنَ الشَّرِيْفَ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَوْ فَاطِمَةَ فَعَلَتْ ذٰلِكَ لَقَطَعْتُ يَدَهَا۔

*"Before you, many a people were destroyed by the fact that when a peasant committed a crime, they would punish him, but when a nobleman would commit a crime, they would leave him. Hence, listen very attentively! I swear by that being in Whose hand is my life that even if my daughter Fāṭimah was to commit theft, I would cut off her hand, as per the Islāmic law."*

Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābul-Ḥudūd, Bābu Iqāmatil-Ḥudūdi 'Alash-Sharīfi Wal-Waḍī', Ḥadīth No. 6787

What powerful words are these, and how majestically was Islāmic equality established! Furthermore, this teaching was such that the Caliphs of the Holy Prophet[saw] also strictly adhered to it. Hence, Ḥaḍrat Abū Bakr[ra], the first Caliph stated in his very first sermon as Caliph:

اَلضَّعِيْفُ فِيْكُمْ قَوِيٌّ عِنْدِيْ حَتّٰى أُرِيْحَ عَلَيْهِ حَقَّهٗ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ ، وَالْقَوِيُّ فِيْكُمْ ضَعِيْفٌ عِنْدِيْ حَتّٰى اٰخُذَ الْحَقَّ مِنْهُ۔

*"O Ye Muslims! The weak among you shall be the most powerful in my eyes until I acquire his due right; And the most powerful of you shall be weak in my eyes until I take back the right which he has usurped of another."*

As-Sīratun-Nabawiyyah, By Abū Muḥammad 'Abdul-Mālik bin Hishām, pp. 900-901, Amru Saqīfati Banī Sā'idah, Dārul-Kutubil-'Ilmiyyah, Beirut, Lebanon, First Edition (2001)

Similarly, there is a narration about Ḥaḍrat 'Umar[ra], the second Caliph[ra], that on one occasion a powerful chieftain of northern-Arabia named Jabalah bin Aiham, who had become Muslim, slapped a poor Muslim in his fury. When Ḥaḍrat 'Umar[ra] was informed of this occurrence, he summoned Jabalah and said, "Jabalah! I hear that you have struck a poor Muslim. If this is true, by God, retribution shall be taken from you." Upon this, Jabalah, who perhaps still possessed the arrogant obstinacy of the era of the *Jāhilīyyah*, turned proud and became an apostate.

## Brotherly Interaction in Social Gatherings

At this point, it may be inquired that undoubtedly, in the work of offices and responsibilities, Islām has given teachings of true equality and has paved the way for equal success for all, yet despite this administrative equality, it was possible that there remained a rift amongst different kinds of people in civil affairs and interaction and that Islām did not remove this rift. Therefore, in response to this, Islām has very meticulously healed this rupture as well. As such, in addition to the Qur'ānic injunctions mentioned above that all Muslims are brothers and they should live together as brothers, with relevance to the greatest means and greatest realm of social relations, i.e., mutual invitations and feasts, the Holy Prophet[sa] states:

شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيْمَةِ يُدْعٰى لَهَا الْاَغْنِيَاءُ وَيُتْرَكُ الْفُقَرَاءُ وَمَنْ تَرَكَ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔

*"The worst and most detestable banquet is the one in which only the rich are invited and the poor are not. Moreover, one who refuses the invitation of his brother is disobedient to God and His Messenger."*

Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābun-Nikāḥ, Bābu Man Tarakad-Da'wata Faqad 'Asallaha Wa Rasulahu, Ḥadīth No. 5177

In this blessed instruction, the Holy Prophet[saw] has expressed immense dislike for the fact that rich people only invited the rich to their banquets, etc., and forgot the poor as if they were some other race. Moreover, in

actuality, the spirit of equality begins to diminish more so in social affairs, because the influence of such social affairs directly effects the heart. Similarly, the Holy Prophet[saw] also emphatically instructed that if a poor man invites a rich person for an invitation of food, it is unacceptable for the rich man to reject the invitation thinking arrogantly due to his affluence, that eating at the home of a poor man is degrading to his custom or disposition. Therefore, in order to open the way to such invitations, the Holy Prophet[sa] stated:

لَوْ دُعِيْتُ اِلٰى كُرَاعٍ لَاَجَبْتُ۔

*"Even if a poor man prepares the foot of a goat or sheep, and invites me to a feast, I shall definitely accept the invitation."*

Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābun-Nikāḥ, Bābu Man Ajāba Ilā Kurā'in, Ḥadīth No. 5178

It should be remembered that here the meaning of the word *Kurā'* is the lower part of the foot, which is below the ankle. Verily, this is a simple type of food, because the portion below the ankle is really the hoof. However, even if the word Kurā' is taken to represent the whole foot, it is still found from Arab accounts that in that ancient era, the Arabs did not consider this a good meal. As such, there was a famous expression of the Arabs:

لَا تُطْعِمِ الْعَبْدَ الْكُرَاعَ فَيَطْمَعَ فِى النَّدَاعِ۔

*"Do not permit your slave to taste the foot or he will look up and demand the meat of the hindquarters and forelegs too."*

Tājul-'Urūsi Min Jawāhiril-Qāmūs, By Muḥibbuddīn Abū Faiḍ Muḥammad Murtaḍā Ḥusainī, Bābul- 'Ain, Faṣludh-Dhāl, under the root Dha-ra-'a, Dārul-Fikr, Beirut (2005)

In any case, in this Ḥadīth the Holy Prophet[saw] has presented his personal model to the Muslims and has encouraged them that irrespective of how poor the one who invites them may be, to not reject his invitation merely on the basis of his poverty. If not, he warned that such a schism could develop in society, which would gradually destroy everyone.

With relevance to sitting harmoniously in gatherings, Islām gives the same golden teachings, whereby a peasant should not be moved to make space for a noble man, if he arrives later. As such, it is mentioned in a Ḥadīth:

نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُقَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهٖ وَيُجْلَسُ فِيْهِ اٰخَرُ وَلٰكِنْ تَفَسَّحُوْا وَتَوَسَّعُوْا۔

*"The Holy Prophet[saw] forbade that an individual be moved, so that another individual may be seated in his place. He would state that if space becomes tight, and there are extra people, everyone should move together to accommodate the others."*

Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābul-Isti'zān, Idhā Qīla Lakum Tafassaḥū Fil-Majālisi..., Ḥadīth No. 6270

The same principle has been upheld at the time of *Ṣalāt* in the mosques, where no spot is reserved for anyone. If a servant comes first, he should find space in the first row and if a master comes later, he should sit in the last row. Hence, in the house of God, the rich and poor, master and servant, ruler and subject, powerful and weak are all equal, and no distinction is made. So was the state of the assemblies of the Holy Prophet[saw], wherein the Holy Prophet[saw] would sit and mix with his companions in such a manner, that sometimes it would be difficult for a stranger to ascertain and recognise who the Holy Prophet[saw] was and where he was seated.

## سیرت خاتم النبیین ﷺ - حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے

### عام تعلقات میں مراتب کو ملحوظ رکھنے کی تلقین

اسلامی مساوات کے متعلق یہ بنیادی نظریہ بیان کرنے کے بعد اسلام اس سوال کو لیتا ہے کہ جب اصل کے لحاظ سے ایک ہونے کے باوجود مختلف لوگوں کے حالات اور اوصاف مختلف ہو سکتے ہیں تو اس ناگزیر اختلاف کی موجودگی میں مختلف مدارج کے لوگوں کے متعلق عام تمدنی معاملات میں کیا رویہ ہونا چاہئے۔ سو اس کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ۔ (ابوداؤد کتاب الادب)

یعنی "اے مسلمانو! تمہارے لئے ضروری ہے کہ آپس کے معاملات میں لوگوں کے معروف مرتبوں کا خیال رکھا کرو اور ان کے حالات اور درجہ کے مطابق ان کے ساتھ معاملہ کیا کرو۔"

اس حدیث کا منشاء یہ ہے کہ جو لوگ کسی دینی یا دنیوی بنا پر کوئی رتبہ یا بڑائی حاصل کر لیں تو عام معاملات میں ان کے مرتبہ کا خیال رکھنا اور ان کے ساتھ واجبی احترام سے پیش آنا اسلامی اخلاق کا حصہ ہے۔ مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کی بات ہے کہ جب یہودی قبیلہ بنو قریظہ کے فیصلہ کے لئے سعد بن معاذ انصاری قبیلہ اوس کے رئیس موقع پر تشریف لے گئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں آتا دیکھ کر صحابہؓ سے فرمایا:

قُوْمُوْٓا اِلٰی سَیِّدِکُمْ۔ (بخاری ابواب المناقب)

یعنی اپنے رئیس کے اکرام اور احترام کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔

اسی طرح قرآن شریف سے پتہ لگتا ہے کہ جب خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو پیغام رسالت دے کر فرعون کی طرف بھیجا تو حضرت موسیٰؑ کو تاکید فرمائی کہ (چونکہ فرعون کو اس وقت ملک میں رتبہ حاصل ہے اس لئے) اس کے ساتھ نرمی اور ادب کے طریق پر بات کرنا۔ (سورۃ طٰہٰ: 45)

## عدالتی امور میں مکمل مساوات

لیکن اس کے مقابل پر عدالتی اور قضائی حقوق کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اور کن شاندار الفاظ میں فرماتے ہیں کہ:

اِنَّمَآ اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يُقِيْمُوْنَ الْحَدَّ عَلَى الْوَضِيْعِ وَيَتْرُكُوْنَ الشَّرِيْفَ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَوْ اَنَّ فَاطِمَةَ فَعَلَتْ ذٰلِكَ لَقَطَعْتُ يَدَهَا - (بخاری کتاب الحدود)

یعنی "تم سے پہلے اس بات نے کئی قوموں کو ہلاک کر دیا کہ جب ان میں سے کوئی چھوٹا آدمی جرم کرتا تھا تو وہ اسے سزا دیتے تھے اور جب کوئی بڑا آدمی جرم کرتا تھا تو وہ اسے چھوڑ دیتے تھے۔ سو اچھی طرح کان کھول کر سن لو کہ مجھے اس پاک ذات کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اگر میری لڑکی فاطمہ بھی چوری کرے گی تو میں اسلامی طریق پر اس کے بھی ہاتھ کاٹوں گا۔"

اللہ ! اللہ ! کیسے زور دار الفاظ ہیں اور کس جلال کے ساتھ اسلامی مساوات کو قائم کیا گیا ہے! اور یہ تعلیم وہ تھی جسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاء نے بھی بڑی سختی کے ساتھ مد نظر رکھا۔ چنانچہ حضرت ابو بکر خلیفہ اول رضی اللہ عنہ اپنی خلافت کے سب سے پہلے خطبہ میں فرماتے ہیں:

اَلضَّعِيْفُ فِيْكُمْ قَوِيٌّ عِنْدِيْ حَتّٰى اَرِيْحَ عَلَيْهِ حَقَّهٗ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَالْقَوِيُّ فِيْكُمْ ضَعِيْفٌ عِنْدِيْ حَتّٰى اٰخُذَ الْحَقَّ مِنْهُ ۔ (ابن ھشام امر سقیفہ بنی ساعدہ)

یعنی "اے مسلمانو! سن لو کہ تم میں سے کمزور ترین شخص میرے لئے اس وقت تک قوی ہو گا جب تک کہ میں اسے اس کا حق نہ دلا دوں اور تم میں سے قوی ترین شخص میرے لئے اس وقت تک کمزور ہو گا جب تک کہ میں اس سے وہ حق جو اس نے کسی اور کا دبایا ہوا ہو واپس نہ لے لوں۔"

اسی طرح حضرت عمر خلیفہ ثانی رضی اللہ عنہ کے متعلق روایت آتی ہے کہ ایک دفعہ شمالی عرب کے ایک بڑے رئیس جبلہ بن ایہم نامی نے جو مسلمان ہو چکا تھا کسی غریب مسلمان کو غصہ میں آکر تھپڑ مار دیا۔ جب حضرت عمرؓ کو اس واقعہ کا علم ہوا تو آپ نے جبلہ کو بلا کر فرمایا: جبلہ! میں سنتا ہوں کہ تم نے ایک غریب مسلمان کو تھپڑ مارا ہے۔ اگر تم نے ایسی حرکت کی ہے تو خدا کی قسم تم سے اس کا بدلہ لیا جائے گا۔ اس پر جبلہ جس میں غالباً ابھی تک جاہلیت والے تکبر کی رگ باقی تھی مغرور ہو کر مرتد ہو گیا۔ (فتوح البلدان حالات جنگ یرموک)

## سوشل اجتماعوں میں برادرانہ اختلاط

اس جگہ یہ سوال ہو سکتا ہے کہ عہدوں اور ذمہ داری کے کاموں کے متعلق تو بے شک اسلام نے حقیقی مساوات کی تعلیم دی ہے اور سب کے لئے ترقی کا ایک جیسا رستہ کھول دیا ہے مگر ہو سکتا ہے کہ اس انتظامی مساوات کے باوجود تمدنی معاملات اور آپس کے میل ملاقات کے بارے میں مختلف قسم کے لوگوں میں خلیج باقی رہے اور اسلام نے اس خلیج کو دور نہ کیا ہو۔ سو اس کے جواب میں یاد رکھنا چاہئے کہ اسلام نے اس رخنہ کو بھی بڑی سختی کے ساتھ بند کیا ہے۔ چنانچہ اس قرآنی ارشاد کے علاوہ جو اوپر گزر چکا ہے کہ سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں اور انہیں بھائیوں کی طرح مل کر رہنا چاہئیے (سورۃ الحجرات: 11) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمدنی تعلقات کے سب سے بڑے ذریعہ اور سب سے بڑے میدان یعنی آپس کی دعوتوں اور کھانے پینے کی ملاقاتوں وغیرہ کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں کہ:

شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيْمَةِ يُدْعٰى لَهَا الْاَغْنِيَاءُ وَيُتْرَكُ الْفُقَرَاءُ وَمَنْ تَرَكَ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔

(بخاری کتاب النکاح)

یعنی ''سب سے بُری اور سب سے زیادہ قابلِ نفرت دعوت وہ دعوت ہے جس میں صرف امیر بلائے جائیں اور غریبوں کو نہ بلایا جائے اور جو شخص کسی بھائی کی دعوت کا انکار کرتا ہے وہ خدا اور اس کے رسولؐ کا نافرمان ہے۔''

اس مبارک ارشاد میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو سخت ناپسند فرمایا ہے کہ امیر لوگ اپنی دعوتوں وغیرہ میں صرف امیروں کو مدعو کریں اور غریبوں کو گویا کوئی اور جنس خیال کرتے ہوئے بھول جائیں اور دراصل مساوات کی روح زیادہ تر تمدنی معاملات میں ہی بگڑنی شروع ہوتی ہے۔ کیونکہ اس قسم کے تمدنی معاملات کا اثر براہ راست دل پر پڑتا ہے۔ اسی طرح آپ نے یہ تاکید بھی فرمائی ہے کہ اگر کوئی غریب کسی امیر کی دعوت کرے تو امیر کے لئے ہرگز مناسب نہیں کہ وہ اپنی امارت کے گھمنڈ میں آکر یا یہ خیال کرکے کہ غریب کے ہاں کا کھانا اس کی عادت اور مزاج کے مطابق نہیں ہوگا غریب کی دعوت قبول کرنے سے انکار کر دے۔ چنانچہ اس قسم کی دعوتوں کا رستہ کھولنے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لَوْ دُعِيْتُ إِلٰى كُرَاعٍ لَاَجَبْتُ ۔ (بخاری کتاب النکاح)

یعنی اگر کوئی غریب شخص کسی بکری یا بھیڑ کا ایک پایہ پکا کر بھی مجھے دعوت میں بلائے تو میں اس کی دعوت کو ضرور قبول کروں گا۔

یاد رہے کہ اس جگہ کُراع کے معنی پائے کے نچلے حصہ کے ہیں جو ٹخنوں سے نیچے ہوتا ہے۔ اور یقیناً وہ ایک ادنیٰ قسم کی غذا ہے کیونکہ ٹخنوں کے نیچے کا حصہ قریباً کُھر ہی بن جاتا ہے، لیکن اگر کُراع کے معنی پورے پائے کے بھی سمجھے جائیں تو پھر بھی عربوں کی روایات سے یہ ثابت ہے کہ قدیم زمانہ میں عرب لوگ پائے کو اچھی غذا نہیں سمجھتے تھے چنانچہ عربوں میں مشہور محاورہ تھا کہ:

لَا تُطْعِمِ الْعَبْدَ الْكُرَاعَ فَيَطْمَعُ فِي الذِّرَاعِ۔ (تاج العروس)

یعنی ''اپنے غلام کو پایہ بھی کھانے کو نہ دو ورنہ وہ اس سے اوپر نظر اٹھا کر دست وران کے گوشت کی بھی طمع کرنے لگے گا۔''

بہر حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں اپنا ذاتی اُسوہ پیش کر کے مسلمانوں کو تحریک فرمائی ہے کہ خواہ دعوت کرنے والا کتنا ہی غریب ہو اس کی دعوت کو غربت کی وجہ سے ردّ نہ کرو ورنہ یاد رکھو کہ تمہاری سوسائٹی میں ایسا رخنہ پیدا ہو جائے گا جو آہستہ آہستہ سب کو تباہ کر کے رکھ دے گا۔

مجلسوں میں مل کر بیٹھنے کے متعلق بھی اسلام یہی سنہری تعلیم دیتا ہے کہ یہ نہیں ہونا چاہئے کہ اگر کوئی بڑا شخص بعد میں آئے تو کسی چھوٹے شخص کو اٹھا کر اس کی جگہ اسے دے دی جائے۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے:

نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُقَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهٖ وَيُجْلَسُ فِيْهِ اٰخَرُ وَلٰكِنْ تَفَسَّحُوْا وَتَوَسَّعُوْا۔

یعنی ”آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس بات سے منع فرماتے تھے کہ کوئی شخص اپنی جگہ سے اس لئے اٹھایا جائے کہ تا اس کی جگہ کوئی دوسرا شخص بیٹھ جائے۔ اور فرمایا کرتے تھے کہ اگر جگہ تنگ ہو اور زیادہ آدمی آجائیں تو پھر سب سمٹ سمٹ کر آنے والوں کے لئے گنجائش نکال لیا کرو۔“

یہی اصول نمازوں کے موقع پر مسجدوں میں ملحوظ رکھا گیا ہے جہاں کسی شخص کے لئے کوئی جگہ ریزرو نہیں ہوتی۔ اگر ایک خادم پہلے آتا ہے تو وہ پہلی صف میں جگہ پائے گا اور اگر ایک آقا پیچھے پہنچتا ہے تو وہ آخری صف میں بیٹھے گا۔ غرض خدا کے گھر میں امیر و غریب، خادم و آقا، حاکم و محکوم، طاقتور اور کمزور سب برابر ہوتے ہیں اور کوئی امتیاز ملحوظ نہیں رکھا جاتا۔ یہی حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس کا تھا جس میں آپؐ اپنے صحابہؓ کے ساتھ اس طرح مل جل کر بیٹھتے تھے کہ بعض اوقات ایک اجنبی شخص کے لئے آپؐ کی مجلس میں اس بات کا جاننا اور پہچاننا مشکل ہو جاتا تھا کہ آپؐ کون ہیں اور کہاں بیٹھے ہیں۔ (بخاری ابواب الہجرات)

## 10. Book of the Promised Messiah[as] ... حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب -10

**The Philosophy of the Teachings of Islam**

**اسلامی اصول کی فلاسفی**

https://www.alislam.org/library/books/Philosophy-of-Teachings-of-Islam.pdf

https://www.alislam.org/urdu/pdf/Islami-Usool-ki-Philosophy.pdf

# SYLLABUS FOR

# Term - 1

# October 2024 to January 2025

# Overview of Ta'lim Syllabus - Term 1
# October 2024- January 2025

| S.No. | Components | Details |
|---|---|---|
| 1 | Holy Quran<br>(Urdu Commentary from Tafsir-e-Kabir)<br>(English Commentary from Five Volume Commentary | Surah Al-Inshiqaq<br>Chapter 84 – Part 30 |
| 2 | Commandments of the Holy Quran. | 1. Al-Baqarah - 2:153<br>2. Al-Baqarah - 2:209<br>3. Al-Baqarah - 2:209 |
| 3 | Attributes of Allah The Almighty<br>(with summary from relevant Friday Sermons) | Al-Khaliq<br>Al-Wasi<br>Al-Jabbar |
| 4 | Salat | Seven Stages in the Spiritual Journey of the Observance of Prayer<br>Iqamatus Salat – The Observance of Prayer<br>by Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib<br>Missionary Incharge UK |
| 5 | Hadith<br>English: Forty Gems of Beauty<br>Urdu: چالیس جواہر پارے | Hadith No: 9<br>Like for your brother what you like for yourself<br>جو بات اپنے لئے پسند کرتے ہو وہی اپنے بھائی کیلئے پسند کرو۔ |
| 6 | Malfoozat | Malfoozat Volume 1<br>Urdu Pages: 101–108<br>English Pages: 114–121 |
| 7 | Prayers to Memorise | The Holy Quran<br>Al-Baqarah - Chapter: 2 – Verse: 287 |
| 8 | Al- Qaseedah | Qaseedah Couplets 41 & 42<br>(with Urdu and English translation) |

| | | |
|---|---|---|
| 9 | History of Islam | The Life & Character of the Seal of Prophets. Vol. III – Pages: 45-69<br>سیرت خاتم النبیین ﷺ۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے۔ جلد سوم۔صفحہ 787-782 |
| 10 | Book of The Promised Messiah[as] | The Philosophy of the Teachings of Islam<br>اسلامی اصول کی فلاسفی<br>https://www.alislam.org/library/books/Philosophy-of-Teachings-of-Islam.pdf<br>https://www.alislam.org/urdu/pdf/Islami-Usool-ki-Philosophy.pdf |

## 1. Holy Qur'an ............................................... . 1-قرآن کریم

### Al-Inshiqaq – سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ

*(Revealed before Hijra)*

**Verse-01**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۱

**Translation**: In the name of Allah, the Gracious, the Merciful.

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بِن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

**Verse-02**

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝۲

**Translation**: When the heaven bursts asunder,

ترجمہ: جب آسمان پھٹ جائے گا۔

**Commentary:** The verse refers to the time when the gates of heaven will open and heavenly signs in support of Islam will appear in large numbers and highly placed persons will begin to give serious thought to the revealed guidance. For a detailed note on this spiritual phenomenon of the bursting forth or opening out of the heaven (see 21:31)

اُردو تفسیر - آیت 02

اِنْشَقَّتْ کے معنی ہیں کوئی چیز پھٹ گئی اور اس کے پھٹنے سے دوسری چیز جو اس کے پیچھے تھی نظر آنے لگی۔ انشقاق کے اصل میں دو ہی نتیجے ہوتے ہیں۔ یا تو کوئی چیز پھٹ کر ناکارہ ہو جاتی ہے یا پیچھے جو چیز رُکی ہوئی ہو وہ باہر آ جاتی ہے۔ بعض دفعہ کسی چیز کے باہر نکلنے میں کوئی روک حائل ہوتی ہے، جب سوراخ ہو جائے تو وہ چیز باہر آ جاتی ہے۔ اِس لحاظ سے آسمان پھٹنے سے عذاب اور رحمت دونوں کا نزول مراد لیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ خدا کے پاس عذاب بھی ہے اور اس کے پاس رحمت بھی ہے۔ اِس سورۃ میں ایسا پھٹنا مراد ہے جس کے پیچھے خدا تعالیٰ کا کلام یا الہام ہے۔ (یعنی اس جگہ رحمت کے نزول کا ذکر ہے)

**Verse-03**

وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝۳

**Translation**: And gives ear to her Lord — and *this* is *incumbent* upon her —

ترجمہ: اور اپنے ربّ کی طرف کان دھرے گا اور یہی اُس پر لازم کیا گیا ہے۔

**Commentary:** The verse taken with its predecessor purports to say that a new Adam will be born, and the angels of the heaven will take their stand on his side, ready to help him in the furtherance and propagation of his divine mission (69:18), because that is mainly the object of their creation. The verse further implies that a new order will come into being and great heavenly signs will appear, and the Word of God will descend in quick succession, disclosing to the Godfearing heavenly mysteries and spiritual sciences.

اُردو تفسیر - آیت 03

اس کا مطلب یہ ہوا کہ نیا آدم پیدا ہو گا ایک نئی روح دنیا میں آئے گی۔ آسمان کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور فرشتے بار بار آئیں گے تا کہ اس کی مدد اور نصرت کریں۔ اس جگہ یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے وَحُقَّتْ بھی فرمایا ہے کہ آسمان اپنے رب کی بات پر کان دھرے گا اور وہ اس بات کا اہل تھا۔

**Verse-04**

وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝۴

**Translation**: And when the earth is spread out,

ترجمہ: اور جب زمین کشادہ کر دی جائے گی۔

**Commentary:** The verse signifies that the earth will get a new lease of life and the destruction which it had deserved on account of men's sins will be deferred; and it will receive fresh manure, i.e., new means will be provided for the spiritual progress of its dwellers. The verse may also signify that some planets which appear to pertain to the heaven will be discovered to form a part of the earth and men will try to reach them by means of rockets, etc.

اُردو تفسیر - آیت04

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ایک دوسرے مقام پر فرماتا ہے وَالۡاَرۡضَ مَدَدۡنٰهَا (الحجر:۲۰) کہ زمین کو ہم نے پھیلا دیا ہے۔ پس جبکہ زمین کو اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی پھیلا رکھا ہے تو اس کے بعد یہ فرمانا کہ وَاِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ پھر ایک زمانہ میں زمین پھیلائی جائے گی، اس کے سوائے اس کے اور کوئی معنی نہیں ہو سکتے کہ پہلی زمین کفر اور گناہ کی وجہ سے تباہ ہو چکی ہو گی۔ تب اللہ تعالیٰ ایک نئی زمین لوگوں کے لئے پیدا فرمائے گا۔ پس وَاِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ کے الفاظ ایک نئی زمین کی پیدائش کے معنوں میں استعمال کئے گئے ہیں۔ اور بتایا گیا ہے کہ زمین اپنی پہلی قابلیتیں کفر اور گناہوں کی کثرت کی وجہ سے کھو چکی ہو گی۔ اس لئے آسمان کو پھاڑنے کے بعد خدا تعالیٰ زمین کو بھی اِس قابل بنائے گا کہ اس کے انوار کو جذب کر سکے۔

**Verse-05**

وَاَلۡقَتۡ مَا فِيۡهَا وَتَخَلَّتۡ ۝۵

**Translation**: And casts out *all* that is in her, and becomes empty;

ترجمہ: اور جو کچھ اس میں ہے نکال پھینکے گی اور خالی ہو جائے گی۔

**Commentary:** The verse may mean: (a) The earth will throw out its hidden treasures so abundantly that it would appear as if it was going to empty itself out. (b) Spiritual sciences will make great progress. (c) The science of archaeology will specially develop and expand. (d) The earth will become cleansed of sin and iniquity on account of great miracles and signs that it will witness and people will listen to the Divine Message.

اُردو تفسیر - آیت05

اِس آیت کے معنی ایک تو یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس مامور کو جس کے لئے آسمان پھٹے گا اور فرشتے آسمان سے اُتریں گے۔ ایسی جماعت عطا فرمائے گا جو قربانی کرنے والی ہو گی اور قربانی بھی معمولی نہیں ہو گی بلکہ اَلۡقَتۡ مَافِيۡهَا وَ تَخَلَّتۡ اپنے مال اور اپنی جان اور اپنی عزت اور اپنے وطن اور اپنے آرام اور اپنے جذبات غرض ہر چیز کی وہ انتہائی طور پر قربانی کرنے والی ہو گی۔ اور خدا تعالیٰ کی راہ میں کسی بڑی سے بڑی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے جو جماعت عطا فرمائی وہ ایسی ہی ہے۔

**Verse-06**

وَاَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَحُقَّتۡ ﴿۶﴾

**Translation**: And gives ear to her Lord — and *this* is incumbent upon her —

ترجمہ: اور اپنے ربّ کی طرف کان دھرے گی اور یہی اُس پر لازم کیا گیا ہے۔

اُردو تفسیر۔ آیت06

یہ کفر والی زمین کا ذکر نہیں بلکہ ایمان والی زمین کا ذکر ہے کہ وہ اپنے ربّ کیلئے کان رکھے گی۔ خالی استماع اَور چیز ہے اور اس میں اتنی توجہ نہیں پائی جاتی جتنی توجہ اس شخص کے اندر ہوتی ہے جو کان لگا کر بیٹھا ہوا ہو کہ کوئی بات رہ نہ جائے۔ پس فرماتا ہے وہ زمین اپنے ربّ کی باتیں سننے کیلئے کان لگائے بیٹھی رہے گی۔ در حقیقت یہ زمین ہے ہی اس قابل یعنی ہم زمین میں بھی ایسی قابلیت پیدا کر دیں گے کہ خدا تعالیٰ کی کامل فرمانبرداری اور اطاعت کا مادہ اس میں پیدا ہو جائے گا۔

**Verse-07**

یٰۤاَیُّهَا الۡاِنۡسَانُ اِنَّکَ کَادِحٌ اِلٰی رَبِّکَ کَدۡحًا فَمُلٰقِیۡهِ ﴿۷﴾

**Translation**: Thou, O man, art verily labouring towards thy Lord, a hard labouring; then thou art going to meet Him.

ترجمہ: اے انسان! تجھے ضرور اپنے ربّ کی طرف سخت مشقّت کرنے والا بننا ہو گا۔ پس (بہر حال) تُو اُسے رُوبرو ملنے والا ہے۔

**Commentary:** Man has to work hard to attain to God. To suffer physical, mental and monetary sacrifice in order to achieve this goal.

اُردو تفسیر۔ آیت 07

کَدَحَ کے معنی ہوتے ہیں پُوری محنت کرنا، ایسی محنت کرنا جس کا جسم پر اثر پڑ جائے۔ اِس آیت میں بتایا گیا ہے کہ خدا تعالیٰ کے رستے کا ملنا معمولی بات نہیں ہوتی۔ اِس غرض کے لئے انسان کو اتنی محنت کرنی پڑتی ہے کہ اس کی ہڈیوں تک اثر پہنچ جاتا ہے۔ یہی وہ نکتہ ہے جس کو نہ سمجھنے کی وجہ سے لوگ لقاء الٰہی سے محروم رہ جاتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ جب انہیں ایمان نصیب ہو گیا تو کچھ دیر بیٹھ کر ایمان کی باتوں کا مزہ لے لینے اور نماز روزہ وغیرہ ادا کر لینے سے ہی ان کی روحانیت کامل ہو جائے گی حالانکہ روحانیت کامل ہوتی ہے اس غم کی وجہ سے جو عشق پیدا ہوتا ہے جس کے اثر سے انسان کی ہڈیاں تک گھل

جاتی ہیں۔ جب تک انسان کے دل میں خدا تعالیٰ کے متعلق یہ رغبت پیدا نہ ہو، یہ غم پیدا نہ ہو، یہ عشق اور محبت پیدا نہ ہو، اس وقت تک مُلٰقِیۡہِ کا مقام اسے میسر نہیں آ سکتا۔

**Verse-08**

فَاَمَّا مَنۡ اُوۡتِیَ کِتٰبَہٗ بِیَمِیۡنِہٖ ۙ﴿۸﴾

**Translation**: Then as for him who is given his book *of record* in his right hand,

ترجمہ: پس وہ جسے اُس کا اعمال نامہ اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا۔

**Verse-09**

فَسَوۡفَ یُحَاسَبُ حِسَابًا یَّسِیۡرًا ۙ﴿۹﴾

**Translation**: He will soon have an easy reckoning,

ترجمہ: تو یقیناً اُس کا آسان حساب لیا جائے گا۔

**Verse-10**

وَّ یَنۡقَلِبُ اِلٰۤی اَہۡلِہٖ مَسۡرُوۡرًا ﴿ؕ۱۰﴾

**Translation**: And he will return to his household, rejoicing.

ترجمہ: اور وہ اپنے اہل وعیال کی طرف خوش وخرم لَوٹے گا۔

**Commentary Verses 8, 9 & 10:** "The right hand" being a metaphor for power and strength, the verse means that those fortunate people who had acted upon the teachings of the Quran with patience and perseverance will be given their record in their right hand, signifying that they had lived up to its commandments to the best of their ability.

اُردو تفسیر - آیت 10-09-08

کام کرنے کے لئے ہمیشہ دایاں ہاتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ یہاں یہ بتایا کہ ساری ترقی دائیں ہاتھ کے چلانے میں ہے۔ اگر تم دایاں ہاتھ چلاتے جاؤ گے تو جیت جاؤ گے۔ ان دو آیات میں ساری تحریک جدید کا خلاصہ بیان کر دیا گیا ہے کہ محنت ومشقت

برداشت کرنا اور ہاتھ سے کام کرنے کا عادی ہونا انسان کی اپنی زندگی کو کامیاب بنا دیتا ہے۔ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيْرًا کے یہی معنی ہیں کہ اس شخص کا حساب آسان لیا جائے گا۔ یعنی مشکلات اور تکالیف کے آنے پر وہ گھبراہٹ محسوس نہیں کرے گا کیونکہ مشقت برداشت کرتے کرتے وہ ان چیزوں کا عادی ہو چکا ہو گا اور اسے مشکلات بھی آسان معلوم ہوں گی۔ جو شخص نکمّا ست اور عیاش ہو وُہ ذرا سی مصیبت پر بھی گھبرا جاتا ہے لیکن جو شخص محنتی ہو اور مشقت برداشت کرنے کا عادی ہو، اس پر خواہ مصیبت کا پہاڑ ٹوٹ پڑے وہ اس کو آسانی سے برداشت کر لیتا ہے۔ اس آیت کے یہ معنی بھی ہیں کہ خدا ایسے مومن سے آسان معاملہ کرے گا۔

**Verse-11**

وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ﴿۱۱﴾

**Translation**: But as for him who will have his book *of record* given to him behind his back,

ترجمہ: اور وہ جسے اُس کے پس پردہ کئے ہوئے اعمال کا حساب دیا جائے گا۔

**Verse-12**

فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ﴿۱۲﴾

**Translation**: He will soon call for destruction,

ترجمہ: وہ ضرور (اپنے لئے) ہلاکت کی دعا کرے گا۔

**Verse-13**

وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾

**Translation**: And he will burn in a blazing Fire.

ترجمہ: اور بھڑکتی آگ میں داخل ہو گا۔

**Commentary Verses 11, 12 & 13:** Those "who had thrown the Book of God behind their backs, i.e. those who had treated the Quran as a discarded thing" (25:31), will be given their record behind their backs. This will constitute a sign that they had not acted upon its teaching.

When a man is in extreme distress, he desires death might end his life. The verse under comment describes this state of mind of the disbelievers. Face to face with Divine punishment in the form of blazing fire, the disbelievers will wish death to come upon them and "death will come to them from every direction but they will not die" (14:18).

## اُردو تفسیر-آیت 13-12-11

وَاَمَّا مَنۡ اُوۡتِیَ کِتٰبَہٗ وَرَآءَ ظَهۡرِهٖ۔ اس سے مراد وہ شخص ہے جو اپنے کام کو ہمیشہ پیچھے ڈالتا رہتا ہے کہتا ہے کہ آج نہیں کل کروں گا۔ کل آتا ہے تو کہتا ہے کہ پرسوں کروں گا۔ غرض وہ اپنی پیٹھ کے پیچھے کام کو پھینکتا چلا جائے گا۔ اُسے پیٹھ کے پیچھے سے کتاب دی جائے گی۔ جس نے دائیں ہاتھ کو کام میں لگائے رکھا تھا، اُس کے تو دائیں ہاتھ میں کتاب دی جائے گی۔ لیکن جو روز بروز اپنے کام کو پیچھے ڈالتا چلا جائے گا اسے پیٹھ کے پیچھے سے کتاب دی جائے گی۔ جس شخص کی پیٹھ کے پیچھے سے کتاب آئے گی، صاف بات ہے کہ اس کے لئے کوئی خوشی کی بات نہیں ہو سکتی۔ اس کے لئے یہ بات رنج کا موجب ہو گی، اِس لئے اسے پیٹھ کے پیچھے سے کتاب دی جائے گی جسے دیکھ کر وُہ جلد ہی اپنے لئے ہلاکت طلب کرے گا۔ یہ بھی معنی ہو سکتے ہیں کہ خدائی گرفت اتنی سخت ہو گی کہ وہ کہے گا کاش میں مر جاؤں اور اس انجام کو نہ دیکھوں۔ وَیَصۡلٰی سَعِیۡرًا اور وہ ایک بھڑکنے والی آگ میں داخل ہو گا۔ دنیا کے لحاظ سے اس کے یہ معنی ہوں گے۔ کہ وُہ جلن اور فکر اور غم میں مبتلا کیا جائے گا اور آخرت کے لحاظ سے معنی ظاہر ہی ہیں۔

**Verse-14**

اِنَّہٗ کَانَ فِیۡۤ اَهۡلِهٖ مَسۡرُوۡرًا ﴿۱۴﴾

**Translation**: Verily, *before this* he lived joyfully among his family.

ترجمہ: یقیناً وہ اپنے گھر والوں میں خوش و خرم تھا۔

## اُردو تفسیر-آیت 14

کافر چونکہ اپنے گھر میں عیش و آرام سے بیٹھا رہتا تھا، خدا تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے کوئی کام نہ کرتا تھا اس لئے جب نتیجہ نکلے گا تو وہ سخت غمگین ہو گا۔ اس سے معلوم ہوا کہ مومن اپنے کام کو غم سے شروع کرتا ہے اور خوشی پر اس کا خاتمہ ہوتا ہے اور کافر خوشی سے شروع کرتا ہے اور غم پر اس کا خاتمہ ہوتا ہے۔

**Verse-15**

اِنَّهٗ ظَنَّ اَنۡ لَّنۡ یَّحُوۡرَ ﴿۱۵﴾

**Translation**: He indeed thought that he would never return *to God*.

ترجمہ: اُس نے یقیناً یہ گمان کر رکھا تھا کہ وہ ہر گز اٹھایا نہیں جائے گا۔

اُردو تفسیر- آیت 15

اِنَّهٗ ظَنَّ اَنۡ لَّنۡ یَّحُوۡرَ کے یہ معنی ہیں کہ وہ یہ خیال کرتا تھا کہ وہ ہماری طرف لوٹ کر نہیں آئے گا یا اس کی اچھی حالت بُری حالت کی طرف نہیں لوٹے گی۔ اکثر تباہیاں دنیا میں اس خیال کے ماتحت آتی ہیں کہ بہت لوگ جب ان کو کوئی کامیابی یا ترقی یا بلندی حاصل ہوتی ہے تو سمجھ لیتے ہیں کہ اب اس کے بعد تنزل کی حالت کبھی نہیں آئے گی جس کی وجہ سے وہ تنزّل سے بچنے کے لئے تیاری نہیں کرتے۔ جو قومیں ترقی کر جاتی ہیں تو وہ آئندہ کے لئے تنزل کے راستے مسدود کرنے کی کوشش نہیں کرتیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب تنزل کا وقت آتا ہے تو پھر انہیں واپس لوٹنے کا موقعہ نہیں ملتا۔

**Verse-16**

بَلٰۤی ۚۛ اِنَّ رَبَّهٗ کَانَ بِهٖ بَصِیۡرًا ﴿۱۶﴾

**Translation**: Yea! surely, his Lord sees him full well.

ترجمہ: کیوں نہیں! یقیناً اُس کا ربّ اُس پر ہمیشہ گہری نظر رکھنے والا تھا۔

اُردو تفسیر- آیت 16

ہر انسان کا، اور ہر قوم کا عمل خدا کی نگاہ کے نیچے ہوتا ہے۔ اس لئے خواہ قومی اعمال پر کتنا ہی پردہ پڑا ہوا ہو، نتیجہ حقیقت کے مطابق نکلتا ہے، کبھی خلاف نہیں نکلتا۔ فرماتا ہے ان لوگوں کے لئے بھی ایک دن تنزل کے سامان پیدا ہو جائیں گے۔ دیکھنے والے یہی سمجھیں گے کہ کفر مغلوب نہیں ہو سکتا مگر اندرونی طور پر اس میں ایسی تبدیلیاں پیدا ہو چکی ہوں گی کہ وہ آسمانی نظام کے مقابلہ میں ٹھہر نہیں سکے گا۔

**Verse-17**

فَلَآ اُقۡسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿۱۷﴾

**Translation**: But nay! I call to witness the evening twilight,

ترجمہ: پس خبر دار! میں شفق کو گواہ ٹھہراتا ہوں۔

**Verse-18**

وَالَّیۡلِ وَمَا وَسَقَ ﴿۱۸﴾

**Translation**: And the night and *all* that it envelops,

ترجمہ: اور رات کو اور اُسے جو وہ سمیٹتی ہے۔

**Verse-19**

وَالۡقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ﴿۱۹﴾

**Translation**: And the moon when it becomes full,

ترجمہ: اور چاند کو جب وہ نور سے بھر جائے۔

**Commentary Verses 17, 18 & 19:** In this verse reference is made to the moon of the 14th night which, shining in all its brightness, would dispel the spiritual darkness that had enshrouded the entire face of the earth. This moon was the Promised Messiah[as] who was born in the 13th century of Hijrah and who announced his claim in the 14th century, the period of his ministry extending to the end of the 16th century, A. H. (Taryaqul-Qulub). Thus these verses (17-19) contained a prophecy about the temporary decline of Muslims, and their renaissance through the Promised Messiah[as] who was to reflect in his person fully and faithfully the glorious light of the sun, i.e. the Holy Prophet[saw].

اُردو تفسیر-آیت 19-18-17

رُوحانی نقطۂ نگاہ سے اسلام کے تنزل اور اس کی ترقی کے مختلف ادوار کا ذکر کیا جارہا ہے۔پس لیل سے یہاں کوئی دنیوی رات مراد نہیں بلکہ روحانی رات مراد ہے۔پس وَالَّیۡلِ وَمَا وَسَقَ کے بعد وَالۡقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ رکھ کر بتا دیا گیا ہے کہ یہاں

جسمانی نہیں بلکہ روحانی شفق روحانی رات اور روحانی بدر کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ فرماتا ہے وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ہم شہادت کے طور پر چاند کو پیش کرتے ہیں جب وہ بدر بن جاتا ہے۔ یہ مسیح موعودؑ کی بعثت کے متعلق اتنی واضح پیشگوئی ہے کہ اس کے بعد کسی کا یہ کہنا کہ قرآن میں مسیح موعودؑ کا ذکر نہیں خطرناک ظلم ہے۔

یہاں تین حالتیں بیان کی گئی ہیں اور بتایا گیا ہے کہ رسول کریم ﷺ کے بعد کا شفق کا زمانہ بہت لمبا ہو گا۔ اس کے بعد ایک چھوٹا سا تاریک زمانہ آئے گا۔ مگر باوجود اس کے کہ وہ چھوٹا ہو گا اس قدر تاریک ہو گا کہ جس قدر تاریکی دنیا میں ممکن ہے سب اس میں جمع ہو جائے گی۔ اس کے بعد یکدم رسول کریم ﷺ سے روشنی لینے والے وجودوں میں سے ایک بدر بن جائے گا اور رات پر اس طرح چھا جائے گا کہ اسے شروع سے لے کر آخر تک منور کر دے گا۔ بدر کا یہی کام ہوتا ہے کہ وہ رات کو شروع سے آخر تک روشن کر دیتا ہے۔ وہ روحانی بدرِ کامل بھی اپنے نور کو دنیا میں اس طرح پھیلا دے گا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے زمانہ کے بعد لوگوں کو محسوس نہیں ہو گا۔ یہ نہایت ہی واضح اور مکمل نقشہ اُن تغیرات کا کھینچا گیا ہے جو رسول کریم ﷺ کے زمانہ سے لے کر آخر تک رونما ہونے تھے اور جنہوں نے اسلام پر اثر انداز ہونا تھا۔

### Verse-20

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿٢٠﴾

**Translation**: That you shall assuredly pass on from one stage to another.

ترجمہ: یقیناً تم ضرور درجہ بدرجہ ترقی کرو گے۔

**Commentary:** The verse purports to say that the renaissance of Islam will take place through the indefatigable missionary efforts of the Promised Messiah[as] and his devoted followers, gradually and in stages. Or the verse may mean that Muslims will pass through all the conditions referred to in the preceding verses—periods of light and darkness.

### اُردو تفسیر- آیت 20

یہ آیات قطعی طور پر بعد کے زمانہ سے ہی تعلق رکھتی تھیں۔ اب دیکھ لو کس طرح خدا تعالیٰ نے ان تمام باتوں کو پُورا کیا۔ رسول کریم ﷺ کا مہر منور تین صدیوں تک دنیا کو روشن کرتا رہا۔ اس کے بعد شفق کا زمانہ آیا جو بہت لمبا عرصہ رہا۔ اِس کے بعد بارھویں اور تیرھویں صدی میں تاریکی آئی اور ایسی بھیانک اور خطرناک شکل میں کہ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ کا نظارہ

نظر آنے لگ گیا۔ پھر اس انتہائی تاریک رات کے معًا بعد وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ کے مطابق ایک قمر بدر کی صورت اختیار کر گیا اور وہ رسول کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا نُور دنیا تک پہنچانے لگ گیا۔

**Verse-21**

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٢١﴾

**Translation**: So what is the matter with them that they believe not,

ترجمہ: پس انہیں کیا ہو گیا ہے کہ ایمان نہیں لاتے؟

**Commentary:** What is the matter with the disbelievers (the verse asks) that after having witnessed the fulfilment of the first two parts of the prophecy, they have despaired of the fulfilment of the third part? They have seen the ruddy glow of the sunset of Islam, followed by the darkness of spiritual night for thirteen hundred years after the Holy Prophet[saw], and yet they do not believe that the moon of the 14th night will appear to dispel darkness.

اُردو تفسیر- آیت 21

تعجب ہے کہ ان لوگوں کو کیا ہو گیا، انہوں نے شفق کو بھی دیکھا، انہوں نے لیل کو بھی دیکھا مگر یہ نہ سمجھا کہ بدر کامل کا ظہور بھی مقدر ہے۔ لَا يُؤْمِنُوْنَ ایمان نہیں لاتے۔ یعنی اِس بات پر ایمان نہیں لاتے کہ بدر اِس تاریک رات پر چھا جائے گا اور تمام ظلمات کو پھاڑ دے گا۔

**Verse-22**

وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿٢٢﴾

**Translation**: And when the Qur'an is recited unto them, they do not bow down in submission;

ترجمہ: اور جب اُن پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے۔

**Commentary:** The allusion in the verse may be to the renaissance of Islam in the Latter Days and the bringing back of faith from the Pleiades by a man of Persian descent—the Promised Messiah[as], which, as it were, will amount to the Quran being revealed again. Instead of being grateful to God for this

great boon, the disbelievers will oppose him and reject the Divine Message.

اُردو تفسیر - آیت 22

یہاں سجدہ کے دو معنی ہیں اوّل یہ کہ وہ فرمانبرداری نہیں کرتے۔ دُوسرے یہ کہ جب قرآن کا دوبارہ نزول ہو رہا ہے تو وہ کیوں اس شکریہ میں سجدہ نہیں کرتے۔ اس میں یہ پیشگوئی مخفی تھی کہ ایک زمانہ ایسا آئے گا جب قرآن دنیا سے مٹ جائے گا اور ایمان ثریا پر چلا جائے گا۔ اس وقت ایک بدری وجود پھر قرآن کریم کو دنیا میں واپس لائے گا۔ پھر اس قرآن کو پڑھا جائے گا۔ پھر اس کے احکام کو تازہ کیا جائے گا۔ فرماتا ہے یہ ہماری اتنی بڑی نعمت ہے کہ چاہئے تھا خدا تعالیٰ کے اس عظیم الشان فضل پر وہ سجدوں میں گر جاتے کہ ان کی کتاب واپس مل گئی۔

**Verse-23**

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۳﴾

**Translation**: On the contrary, those who disbelieve reject *it*.

ترجمہ: بلکہ وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، جھٹلا دیتے ہیں۔

اُردو تفسیر - آیت 23

بَلْ کے معنی زیادتی کے ہیں یعنی صرف یہی بات نہیں کہ وہ قرآن کے دوبارہ نزول پر خدا تعالیٰ کے حضور سجدۂ شکر ادا نہیں کرتے اور اس کی فرمانبرداری نہیں کرتے بلکہ الٹے تکذیب کرنے لگ جاتے ہیں۔ یعنی بجائے اطاعت شعاری سے کام لینے کے وہ اس موعود کی تکذیب کریں گے۔ وہ قرآن کی آیتیں پیش کرے گا مگر یہ لوگ کہیں گے ہم ان آیتوں کو نہیں مانتے۔

**Verse-24**

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ﴿۲۴﴾

**Translation**: And Allah knows best what they keep hidden *in their hearts*.

ترجمہ: اور اللہ سب سے زیادہ جانتا ہے جو وہ جمع کر رہے ہیں۔

**Commentary:** The verse warns disbelievers that God knows well the animosity and malice they harbour in their hearts against God's Messenger; He also knows the secret plots they hatch to bring to nought his mission and his efforts to promote the cause of Truth.

اُردو تفسیر - آیت24

اللہ خوب جانتا ہے کہ ان کے دلوں میں کیا کچھ بھرا ہوا ہے۔ قرآن ان کے دلوں سے نکل جائے گا اور یہی باقی رہ جائے گا کہ فلاں نے یہ کہا ہے فلاں نے یہ لکھا ہے۔

**Verse-25**

فَبَشِّرۡهُمۡ بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍۙ ۝۲۵

**Translation**: So give them tidings of a painful punishment.

ترجمہ: پس اُنہیں دردناک عذاب کی خوشخبری دے دے۔

اُردو تفسیر - آیت 25

انہوں نے خدا تعالیٰ کے نور سے مونہہ پھیر لیا۔ اس کی برکات کو رد کر دیا اور خدا تعالیٰ کے احسان پر سجدۂ شکر ادا کرنے کی بجائے اس کی آیات کی تکذیب کی۔ اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ وہ بہت بڑے دکھ میں مبتلا کئے جائیں گے۔

**Verse-26**

اِلَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمۡ اَجۡرٌ غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍ ۝۲۶

**Translation**: But *as to* those who believe and do good works, theirs is an unending reward.

ترجمہ: سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے اُن کے لئے ایک نہ کاٹا جانے والا اجر ہے۔

اُردو تفسیر - آیت26

یہاں مومنوں کی جماعت کا ذکر کیا گیا ہے مگر جماعت در حقیقت نبی کے تابع ہوتی ہے۔ اور چونکہ مسیح موعود اب قیامت تک آنے والے تمام لوگوں کے لئے مسیح موعود اور خدا کے رسول ہیں اس لئے اس آیت کے معنی یہ ہیں کہ آئندہ جو بھی محمد رسول اللہ ﷺ کا مقرب ہونا چاہے گا اس کے لئے ضروری ہو گا کہ وہ مسیح موعود کے واسطہ سے رسول کریم ﷺ تک پہنچے اور مسیح موعود کے واسطہ سے ہی خدا تعالیٰ تک پہنچے۔ اس کے بغیر کوئی انسان الٰہی برکات کو حاصل نہیں کر سکتا۔

## 2. Commandments of the Holy Quran

| ریفرنس<br>Ref. | ترجمہ<br>Translation | حُکْمُ الْقُرْآن |
|---|---|---|
| البقرہ: 153<br>Al-Baqarah: 153 | اور میرا شکر کرو اور میری ناشکری نہ کرو<br>And be thankful to me and do not be ungrateful to Me | وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ |
| البقرہ: 209<br>Al-Baqarah: 209 | (دائرہ) میں داخل ہو جاؤ<br>Come into submission wholly | ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً |
| البقرہ: 209<br>Al-Baqarah: 209 | اور شیطان کے قدموں کے پیچھے نہ چلو<br>And follow not the footsteps of Satan | وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ |

## 3. Attributes of Allah the Almighty ........................ 3–اسماء الحسنٰی

| Original Arabic | Transliteration | Meaning in English | Meaning in Urdu |
|---|---|---|---|
| اَلْخَالِقُ | Al-Khaaliq | The Creator | پیدا کرنے والا |
| اَلْوَاسِعُ | Al-Wasi' | The Bountiful | کشائش والا |
| اَلْجَبَّارُ | Al-Jabbar | The Subduer | ٹوٹے کام بنانے والا، زبردست |

## Al-Khaaliq - The Creator

**Resource:**

Friday Sermon 7th May 2010

https://www.alislam.org/friday-sermon/2010-05-07.html

According to lexicon Khaaliq connotes one who makes something, and to create without any matter, as the Qur'an states: **'Allah created the heavens and the earth'** (29:45) It also states, **'He is the Originator of the heavens and the earth'** (2:118) and **'Who created you from a single soul'** (4:2) and **'Verily, We created man from an extract of clay;'** (23:13).creation of something new is specific to God, as the Qur'an states: **'Is He, then, Who creates like one who creates not?'** (16:18).

When used in conjunction with the word Al, the word Khaaliq only signifies God. The basic meaning of the word Khaaliq is to ascertain things. In terms of creation, God is also addressed with other names in the Qur'an, for example, Al Bari (the Maker) or Al Badi (the Originator). He creates without the restriction of time and place. God has made mankind most eminent among creation and has placed all kinds of blessings for its nourishment. All these provisions have been created by Him, be they of the heavens or the earth. He facilitates the earthly provisions through those of the heavens, for example rain. The Holy Qur'an states: **'Say, 'Tell me, if all your water were to disappear in the earth, who then will bring you clear flowing water?'** (67:31). All that is in the heavens is God's creation.

Just as God is the Creator of all that exists in the physical world, the spiritual world is also pressed into service by Him and all this demands that we worship the One God. It should always be remembered that the real provision is that of the Hereafter and that is only attained when we only worship Him. The Holy Prophet[saw] was a perfect model of God's creation. Therefore, to truly appreciate God's blessings, be they material or spiritual, we have to follow his[saw] blessed model, keep it in view ourselves and also tell the world about it.

God states in the Holy Qur'an: **'Or, Who created the heavens and the earth, and Who sent down water for you from the sky wherewith We cause to grow beautiful orchards? You could not cause their trees to grow. Is there a God besides Allah? Nay, they are a people who deviate**

**from the right path.'** (27:61). Here, our attention is drawn to reflect on the running of the heavens and the earth and if one reflects with fairness and wisdom, one cannot reject that all this creation has a Creator; indeed a Creator Who did not abandon it all after creating, in fact a Creator Who 'sent down water for you' so that life may be sustained and thus gave a proof of His existence.

If God provided arrangements for the sustenance of the material/physical world through His Rububiyyat (quality to sustain/nurture) why would He not have made arrangements to facilitate the very objective of creation, that is, worship of God? For reminding mankind of this objective God has placed the system of Prophets in place and these Prophets bring spiritual water with them.

In order to attain God's grace we need to worship Him and this is indeed the biggest reason for the creation of mankind. We should remember that we can only pay the dues of our Creator and Master when and if we turn to Him.

**اَلْخَالِقُ:** اللہ تعالیٰ نے اپنے خالق ہونے کا ذکر قرآن کریم میں بے شمار جگہ پر کیا ہے۔ یعنی یہ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے۔ اور مختلف پیرایوں میں ہمیں سمجھایا ہے کہ میں خالق ہوں۔ تمہیں پیدا کرنے والا ہوں۔ اس کے باوجود تم میرے صحیح عبد نہیں بنتے۔ مفردات جو لغت کی کتاب ہے اس میں لکھا ہے کہ اصل میں خَلْق کے معنی کسی چیز کو بنانے کے لیے پوری طرح اندازہ لگانے کے ہیں اور کبھی خَلْق ،اِبْدَاع کے معنی میں بھی آجاتا ہے یعنی کسی چیز کو بغیر مادے کے اور بغیر کسی تقلید کے تخلیق کرنا۔ یاد رہے کہ خلق بمعنی اِبْدَاع یعنی نئی چیز پیدا کرنا ذاتِ باری تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے۔ اَلْخَالِقُ اللہ تعالیٰ کی صفاتِ حسنہ میں سے ہے اور الف اور لام کے ساتھ یعنی ال کے ساتھ یہ صفت اللہ کے سوا کسی غیر کے لیے استعمال نہیں ہوتی اور اس سے مراد وہ ذات ہے جو تمام اشیاء کو نیست سے پیدا کرتی ہے اور لفظ خلق کا بنیادی معنی اندازہ لگانا ہے پس اللہ تعالیٰ چیزوں کے وجود کا اندازہ کرنے کے اعتبار سے اور پھر اس اندازے کے مطابق انہیں وجود بخشنے کے اعتبار سے خالق کہلاتا ہے۔ احمدیوں کا بھی یہ فرض ہے کہ اس اصول کو ہمیشہ یاد رکھیں۔ بغیر خدا تعالیٰ کی مدد کے نہ مادی رزق مل سکتا ہے نہ روحانی رزق مل سکتا ہے اس لیے ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے کے لیے خدا تعالیٰ کی عبادت کی

ضرورت ہے اور یہ انسانی تخلیق کا سب سے بڑا مقصد ہے پس ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ اپنے خالق و مالک کا ہم تبھی حق ادا کر سکتے ہیں جب اس کو معبود حقیقی سمجھیں اور اس کے سامنے جھکیں۔

## Al-Wasi - The All-Embracing, The Bountiful

**Resource:**

Friday Sermon 8th May 2009

https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-05-08.html

'Wasi' is that Being Whose provision and Whose mercy encompasses all creation. Whose self-sufficiency overrides everything, a Being that bestows limitlessly, Who encompasses everything.

In verse 269 of Surah Al Baqarah Allah states: **'Satan threatens you with poverty and enjoins upon you what is foul, whereas Allah promises you forgiveness from Himself and bounty. And Allah is Bountiful, All-Knowing.'** (2:269). This verse cites two factors that Satan employs to drive God's servants away from Him; fear of poverty and foulness. Fear of poverty is of many kinds; as Satan had said to God that he would sit and waylay God's people on every path, indeed, he left no stone unturned. His waylaying was not with his own power but due to the fact that God permitted him. God made it clear to His people that Satan would entice in ways that would appear good but the consequences of these would be terrible. Allah states in the Qur'an: **'…And Satan desires to lead them far astray'** [Surah Al Nisa (4:61)] as well as **'…Satan is to you an open foe…'** [Surah Al A'raf - (7:23)].

Satan intimidates against sacrifices in many ways; strays one from worship of God and instead carry out worldly businesses, puts fear of monetary loss and poverty in hearts so one does not make time for causes of God and spends all one's time in making money. However, God's servants are not intimidated by Satan. The instance of sacrifice of time is one with which every Ahmadi who is associated with the Community is familiar for they give some time or the other to the Community even if it is attending meetings and gatherings.

If a worldly person was asked about his concept of Satan he would say 'may God protect from him', however, in following Satan such a person would be completely unaware of what he is doing. In leading such people astray Satan fulfils his original claim that he will lead majority of people away from God. Huzur[aba] said the way to come to God is to repent and turn to Him. Indeed, He forgives and enables one to do good in future. That He will bestow in this world and will also forgive in the Hereafter.

In his Friday Sermon, Huzur[aba] said man is full of mistakes and failings and when he stumbles inadvertently, the angels plead to God with reference to His mercy and His boundless knowledge to forgive His servant. They acknowledge God's all-embracing knowledge and supplicate that if it is in God's knowledge that these people would stumble in future may God's overriding mercy make them do good works instead, and make these good works eternal for them – the angels acknowledge that the people will only be so enabled if God's mercy is forthcoming. This is the Most Gracious, the Great Forgiver, Most Merciful God Who employs all resources to forgive people and to keep them firm on piety.

God states that He rewards sacrifice seven hundred-fold, in fact it can even exceed this because God is the Bountiful and all-Embracing and His rewards know no bounds. Yet man is ungrateful and leaves the Ever Merciful God and is tempted by Satan towards transitory pleasures.

God has made His mercy supersede everything else therefore man should be ever hopeful of forgiveness and should endeavour to follow God's commandments. In particular believers should never be of the mind-set that they will be forgiven no matter what. The Promised Messiah[as] said that God has put His laws in place and also punishes those who exceed the limits. God has not stated that His mercy surpasses everything for the sinners, rather this has been stated with reference to those who abide by *taqwa*. It is the task of a believer to continue to seek this mercy and then be hopeful of God's all-embracing mercy.

**اَلْوَاسِعُ** : اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک نام اَلْوَاسِع بھی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ ذات جس کا رزق اس کی ساری مخلوق پر حاوی ہے اور جس کی رحمت ہر چیز پر حاوی ہے اور وہ ذات جس کا غنی ہونا ہر احتیاج پر حاوی ہے۔ ایک معنی اس کے یہ بھی کیے جاتے ہیں کہ وہ ذات جو بہت زیادہ عطا کرنے والی ہے۔ وہ ذات جس سے جب سوال کیا جاتا ہے تو وسیع سے وسیع تر ہوتی جاتی ہے۔ اور بعض کے نزدیک اس کا مطلب ہے کہ وہ ذات جو ہر ایک چیز پر احاطہ کیے ہوئے ہے ہر ایک چیز کا علم رکھتی ہے۔ یہ تمام معنی قران کریم میں اللہ تعالیٰ کی اس صفت کے حوالے سے مل جاتے ہیں۔ مومن سے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ اس پر اپنے فضلوں کو بڑھائے گا اور بڑھاتا چلا جائے گا اور برکتوں کے دروازے کھلتے چلے جائیں گے۔ یہ وعدہ اس خدا کا وعدہ ہے جو زمین و آسمان کا مالک ہے وہ واسع ہے۔ اس کے پاس فضلوں کے نہ ختم ہونے والے خزانے ہیں۔ آج ایک احمدی جو کسی بھی قسم کی قربانی کرنے والا ہے یہ جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر قربانی کے نتیجے میں ایسے فضل فرماتا ہے کہ انسان سوچ بھی نہیں سکتا کہ کس کس طریقے سے اس کی اللہ تعالیٰ مدد فرما رہا ہے مالی قربانی کرنے والوں کے مالوں میں اتنی وسعت دیتا ہے کہ بعض اوقات ان کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتا۔ جان قربان کرنے والوں کو اموال و نفوس میں اتنی برکت دیتا ہے کہ ان کی اولادوں کی سوچ سے بھی باہر ہے۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے بے انتہا نظارے دیکھے۔ اس خدا کے جو واسع ہے اور علیم بھی ہے۔

## Al Jabbar - The Subduer

**References:**

Friday Sermon 12th April 2002

https://www.alislam.org/friday-sermon/2002-04-12.html

Friday Sermon 19th April 2002

https://www.alislam.org/friday-sermon/2002-04-19.html

Friday Sermon 16th May 2008

https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-05-16.html

Friday Sermon 23rd May 2008

https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-05-23.html

When the word Jabbar is used for Allah its connotation and meaning is different from when this word is used for man.

With reference to various lexicons, in his Friday Sermon of 16th May 2008, Huzur[aba] expounded that the word Jabbar, when used for Allah, denotes as in giving to a beggar because His Being grants His grace on people. For man, this word is used for the haughty and for those who make claims that they are not worthy of; in short, this word is only used in a censorious way for man. However, as a Divine attribute it signifies, among other things, One Who rules His creation according to His will.

The word also signifies 'One Who reforms' when it is used for Allah. In this instance the Holy Prophet[saw] taught us the prayer that each Muslim says during Salat between the two prostrations and the translation of which reads: My Lord, forgive me and have mercy on me and guide me and grant me security and make good my shortcomings and provide for me and raise me up.' Therein the words *'wajburni'* (make good my shortcomings) connote prayer for continual spiritual, physical and material reformation. We have been taught this prayer so that we may keep the Divine attribute of Al Jabbar in view and supplicate to Allah.

The root word of 'Jabr' is the quality or attribute to reform and in this regard one attribute of Allah is that of 'Musleh' or the Reformer.

The Promised Messiah[as] said that the person who wishes to reform others should first reform himself. The sun gives off light but it acquired light first. It is very easy to censure another but very difficult to reform oneself. One who does not abide by what one says sincerely is like the gush of water coming down from the gutter-pipe, but one who sincerely practises what one says is like rainfall which is considered a blessing.

The Promised Messiah[as] said that it should always be remembered well that only He can reform hearts Who has created hearts. Mere verbosity does not reform. One who has read the Holy Qur'an but has not realised that true guidance comes from God has not understood anything. The truth is that God can only be recognised through God and this cannot come to pass without an Imam because of the knowledge God grants him.

**اَلْجَبَّار:** اللہ تعالیٰ کی ایک صفت جبار ہے۔ یعنی اصلاح کرنے والا۔ اس کے معنی بگڑا ہوا کام بنانے والے کے بھی ہیں۔

خدا تعالیٰ کی ذات کے بارے میں جب جبار کا لفظ آتا ہے تو اس کے معنی اس سے مختلف ہوتے ہیں جب یہ لفظ بندے کے لیے استعمال ہو۔ اللہ تعالیٰ کی صفات میں یہ نام اَلْجَبَّار اس لیے دیا گیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ایسی ذات ہے جو لوگوں پر اپنی متعدد نُعماء نازل کرتا ہے اپنی نعمتوں سے نوازتا ہے۔ اَلْجَبَّار ۔ مخلوق سے بلند مقام پر فائز ہستی کو جبار کہتے ہیں۔ انسانوں کے معاملے میں لکھا ہے کہ وہ متکبر شخص جو اپنے ذمے کسی شخص کا حق تسلیم نہ کرے، اسے بھی جبار کہتے ہیں۔ جبار وہ شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت سے تکبر کی راہ سے اعراض کرے۔ عبادت نہ کرے اور اس میں تکبر پایا جاتا ہو۔ ہر ایسے شخص کو جبار کہیں گے جو زبردستی اپنی بات منوائے۔ انسان کے بارے میں جبار کا لفظ صرف مذمت کے لیے ہی استعمال ہوتا ہے۔ لغت کی کتاب لسان العرب میں لکھا ہے اَلْجَبَّار اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے یعنی اپنی مخلوق کو اپنے منشا کے مطابق اَوامر ونَواہی پر چلانے والا۔ اَلْجَبَّار عظیم، قوی اور طویل کو بھی کہتے ہیں امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ اَلْجَبَّار اسے کہتے ہیں جو بلند سے بلند تر ہوتا چلا جائے اور اس کی عزت و شرف میں کمی نہ ہو۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلاۃ والسلام نے بھی اس کے جو معنی کیے ہیں وہ ہیں کہ بگڑے ہوئے کو بنانے والا۔ اَلْجَبَّار اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت ہے اور اس کے معنی لوگوں کی حاجات پوری کرنے والے کے ہوتے ہیں لیکن جب کسی غیر اللہ کے متعلق جبار کا لفظ استعمال ہو تو اس کے معنی سرکش اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کے ہوتے ہیں۔

# 4. Salat ........................................................................ 4-نماز

## *Iqamatus Salat* – The Observance of Prayer

**By Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib**

### Seven Stages in the Spiritual Journey of the Observance of Prayer

There are seven stages in the spiritual journey of the observance of prayer. The right of the establishment of prayer can fully be offered only after one passes through these stages. Hazrat Mirza Bashir-ud-Din Mahmud Ahmad(ra) has elaborated upon this exquisite topic in a remarkable manner. He states:

"The first stage, below which there is no stage whatsoever, is that man offers his five daily prayers regularly. A Muslim who offers his five daily prayers and does not break in between, acquires the lowest level of faith.

The second stage in prayer is that all five prayers are offered at the stipulated time. When one offers his five daily prayers on time, he steps to the second ladder of faith.

The third stage is that the prayer be offered in congregation. By the congregational observance of prayer, man steps to the third ladder of faith.

The fourth stage is that man observes the prayer whilst understanding its meaning. An individual, who does not know the translation of prayer, should learn the translation and observe prayers. Moreover, one who does know the translation should offer the prayer slowly, until he understands that he has done justice to the prayer.

Then, the fifth stage is that man becomes fully engrossed in the prayer. Just as one plunges into water, man should plunge into his prayer, until he acquires one of the two ranks: either that he is seeing God, or if not, he firmly believes that God the Exalted is seeing him.

After this, the sixth stage of belief is that an individual offers the Nawafil (Voluntary Prayers). One who offers the Nawafil expresses to God the Exalted, that he has offered his obligation, but he has not yet become

satisfied by them, and he says, 'O God, it is my desire to remain in Your royal court beyond the times of obligation.

The seventh stage of belief is that man not only offers his five daily prayers and observes the Nawafil, but also prays Tahajjud (Late night/pre-dawn prayer) during the night. These are the seven stages by which prayer is deemed complete.

Hence, it is necessary for an individual to attain these seven stages. It is the responsibility of every individual that he observes prayer on time. It is the responsibility of every individual that he observes the prayer in congregation. It is the responsibility of every individual that he observes the prayer whilst understanding it, after learning its translation. It is the responsibility of every individual that in addition to the obligatory prayer timings, he offers the Nawafil during the night and day. Then every individual should offer his obligatory and supererogatory (Nawafil) prayers with such assiduousness that even his nights become days. Similarly, one should try to acquire the greatest possible advantage from the supplications of Tahajjud. Until and unless one does not safeguard his prayers in this manner, for one to think that one can please God is nothing more than a fallacy. (Tafsir Kabir, Vol.6, pp. 135-136)

## قیام نماز کے روحانی سفر کی سات منزلیں

قیام نماز کے روحانی سفر کی سات منزلیں ہیں جن سے گزرنے کے بعد ہی قیامِ نماز کا حق پوری طرح ادا ہوتا ہے۔ حضرت مصلح موعودؓ نے اس لطیف مضمون کو بہت عمدہ رنگ میں بیان فرمایا ہے۔ میں یہ بیان آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں، اس درخواست کے ساتھ کہ اسے پڑھتے ہوئے ذرا اس بات کا جائزہ بھی لیتے رہیں کہ ہم اس روحانی سفر کی کس منزل پر ہیں، کس درجہ تک پہنچ چکے ہیں اور ابھی کتنی اور منزلیں طے کرنے والی باقی ہیں۔ آپؓ فرماتے ہیں:

1-سب سے پہلا درجہ جس سے اتر کر اور کوئی درجہ نہیں یہ ہے کہ انسان بالالتزام پانچوں وقت کی نمازیں پڑھے۔ جو مسلمان پانچ وقت کی نمازیں پڑھتا ہے اور اس میں کبھی ناغہ نہیں کرتا وہ ایمان کا سب سے چھوٹا درجہ حاصل کرتا ہے۔

2-دوسرا درجہ نماز کا یہ ہے کہ پانچوں نمازیں وقت پر ادا کی جائیں۔ جب کوئی مسلمان پانچوں نمازیں وقت پر ادا کرتا ہے تو وہ ایمان کی دوسری سیڑھی پر قدم رکھ لیتا ہے۔

3-پھر تیسرا درجہ یہ ہے کہ نماز باجماعت ادا کی جائے۔ باجماعت نماز کی ادائیگی سے انسان تیسری سیڑھی پر چڑھ جاتا ہے۔

4-پھر چوتھا درجہ یہ ہے کہ انسان نماز کے مطلب کو سمجھ کر ادا کرے۔ جو شخص ترجمہ نہیں جانتا وہ ترجمہ سیکھ کر نماز پڑھے اور جو ترجمہ جانتا ہو وہ ٹھہر ٹھہر کر نماز ادا کرے۔ یہاں تک کہ وہ سمجھ لے کہ میں نے نماز کو کماحقہ ادا کیا ہے۔

5-پھر پانچواں درجہ نماز کا یہ ہے کہ انسان نماز میں پوری محویت حاصل کرے اور جس طرح غوطہ لگاتے ہیں اسی طرح وہ بھی نماز کے اندر غوطہ مارے۔ یہاں تک کہ وہ دو میں سے ایک مقام حاصل کر لے۔ یا تو وہ خدا کو دیکھ رہا ہو اور یا یہ کہ وہ اس یقین کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہو کہ خدا تعالیٰ اسے دیکھ رہا ہے۔

6-اس کے بعد چھٹا درجہ ایمان کا یہ ہے کہ نوافل پڑھے جائیں۔ یہ نوافل پڑھنے والا گویا خدا تعالیٰ کے حضور یہ ظاہر کرتا ہے کہ میں نے فرائض کو تو ادا کر دیا ہے مگر ان فرائض سے میری تسلی نہیں ہوئی اور وہ کہتا ہے اے خدا! میں یہ چاہتا ہوں کہ میں ان فرائض کے اوقات کے علاوہ بھی تیرے دربار میں حاضر ہوا کروں۔

7-ساتواں درجہ ایمان کا یہ ہے کہ انسان نہ صرف پانچوں نمازیں اور نوافل ادا کرے بلکہ رات کو تہجد کی نماز بھی پڑھے۔

یہ وہ سات درجات ہیں جن سے نماز مکمل ہوتی ہے۔ پس ان سات درجوں کو پورا کرنا ہر شخص کیلئے ضروری ہے ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ نمازوں کو وقت پر ادا کرے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ نماز باجماعت ادا کرے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ نماز کو سوچ سمجھ کر اور ترجمہ سیکھ کر ادا کرے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ علاوہ فرض نمازوں کے رات اور دن کے اوقات میں نوافل بھی پڑھا کرے۔ پھر ہر شخص کو چاہئے کہ وہ فرائض اور نوافل اس التزام اور باقاعدگی سے ادا کرے کہ اس کی راتیں بھی دن بن جائیں۔ اس طرح تہجد کی مناجات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھانے کی کوشش کرے۔ جب تک کوئی شخص اپنی نمازوں کی اس رنگ میں حفاظت نہیں کرتا اس وقت تک اس کا یہ امید کرنا کہ وہ اللہ تعالیٰ کو راضی کر لے گا۔ ایک وہم سے زیادہ کچھ حقیقت نہیں رکھتا۔" (تفسیر کبیر جلد6 صفحہ 135-136)

## 5. Hadith ........................................................ 5-حدیث

### HADITH NUMBER 9

**Like for Your Brother What You Like for Yourself**

جو بات اپنے لئے پسند کرتے ہو وہی اپنے بھائی کیلئے پسند کرو

عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُؤْ مِنُ أَحَدُكُمْ، حَتّٰى يُحِبُّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

(صحیح بخاری کتا ب الایمان بابٌ : من الایمان ان یحب لا خیہ ما یحب لنفسہ)

Narrated by Ḥaḍrat Anas[ra], The Prophet of Allāh[saw] said:

"None of you can be a truly faithful Muslim, unless he likes for his brother what he likes for himself."

(Sahih al-Bukhari, Book of Faith, Chapter: To like for one`s brother what one likes for himself is a part of faith)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم میں سے کوئی شخص سچا مومن نہیں سمجھا جاسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہی بات پسند نہیں کرتا جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

**Explanatory Note:**

This Ḥadīth sets forth the true standard of Islāmic brotherhood. First of all, the Holy Qur'ān knits all Muslims into one brotherhood by declaring that "all the faithful are brothers." The Holy Prophet[saw] explained the high standard at which this brotherhood was to be evolved through the words of this Ḥadīth. How forcefully he says, by swearing by the power of his Lord, that the true standard of brotherhood of the Faithful consisted in choosing for his brother what a Muslim would choose for himself. Through this short observation, the Holy Prophet[saw] has uprooted all estrangement and feeling of conflict from among the Muslims, combining them into one organic whole. It is unfortunate that most of the people of our day are engrossed in self-interest and in accumulating every benefit for themselves to the exclusion of others. It is about these people that the Holy Qur'ān observes:

"Woe unto those who, when they receive the measure from others, they get it in full but when they weigh it out to others, they give out less. Do they think they will never be raised and brought before their Lord?"

[Al-Muṭaffifīn-83:2-5]

Islām cuts at the root of egoism and makes it obligatory on true Muslims to like for their brothers what they would like for themselves. It does not, however, mean that the special rights of relations that the Sharī'ah has laid down should be ignored. As, for instance, a father is bound to maintain his young children, the husband to maintain his wife, and children to support their aged and dependent parents. Likewise, the Sharī'ah has apportioned shares for heirs on the death of a person: Widow, children, parents and others inherit definite portions of the legacy as their respective shares. Similarly it has been enjoined with great emphasis to look after the well-being of other relations, neighbours and friends. These rights as laid down are of course there. Leaving them aside, in our day-to-day relationships and dealings, Islām expects every Muslim, and enjoins upon him, to like for his brother what he would like for himself and should not have a double measure, one set for himself and another set for others. In another Ḥadīth our chief the Holy Prophet[saw] has described Muslims as limbs of one and the same body and as the whole body is in discomfort where a limb pains, so should all the Muslims feel ill-at-ease when one Muslim suffers. This is the high place of brotherhood to which the Prophet of Allāh[saw] proposes to elevate us.

## تشریح

یہ حدیث اسلامی اخوت کا حقیقی معیار پیش کرتی ہے سب سے پہلے قرآن شریف نے تمام مسلمانوں کو اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ (یعنی تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں) کہہ کر بھائی بھائی بنایا اور اس کے بعد ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ الفاظ فرما کر جو اس حدیث میں بیان ہوئے ہیں۔ اس اخوت کے بلند معیار کی وضاحت فرمائی آپؐ فرماتے ہیں اور کس شان کے ساتھ خدا کی قسم کھا کر فرماتے ہیں کہ مومنوں کی اخوت کا حقیقی معیار یہ ہے کہ جو بات ایک مسلمان اپنے لئے پسند کرتا ہے وہی اپنے بھائی کیلئے بھی پسند کرے ۔ان مختصر الفاظ کے ذریعہ آپؐ نے گویا مسلمانوں میں ہر قسم کی دُوئی اور غیریت کی جڑھ کاٹ کر انہیں بالکل ایک جان کر دیاہے مگر افسوس ہے کہ آج کل اکثر لوگ نفسا نفسی کے مرض میں مبتلا

ہو کر اپنے واسطے ہر خیر کو جمع کرنے اور دوسروں کو ہر خیر سے محروم کرنے کے درپے رہتے ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جن کے متعلق قرآن شریف فرماتا ہے کہ:

وَيۡلٌ لِّلۡمُطَفِّفِيۡنَ ۙ الَّذِيۡنَ اِذَا اكۡتَالُوۡا عَلَى النَّاسِ يَسۡتَوۡفُوۡنَ ۖ وَاِذَا كَالُوۡهُمۡ اَوْ وَّزَنُوۡهُمۡ يُخۡسِرُوۡنَ ؕ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمۡ مَّبۡعُوۡثُوۡنَ ۙ (سُوۡرَةُ التَّطۡفِيۡفِ 2-5)

یعنی ”دوسروں کا حق مارنے والے لوگوں پر افسوس ہے کہ جب وہ دوسروں سے اپنا حق وصول کرتے ہیں تو خوب بڑھا چڑھا کر لیتے ہیں لیکن جب خود دوسروں کا حق دینے لگتے ہیں تو اپنا ناپ کم کر دیتے ہیں کیا یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ وہ خدا کے سامنے کبھی پیش نہیں کئے جائیں گے ؟“ اسلام اس نفسا نفسی کی مرض کو جڑھ سے کاٹ کر حکم دیتا ہے کہ سچے مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ جو کچھ اپنے لئے پسند کرتے ہیں وہی اپنے بھائی کیلئے بھی پسند کریں۔

مگر اس کا یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ جو خاص حقوق شریعت نے قریبی رشتہ داروں کیلئے مقرر کر دیئے ہیں انہیں ترک کر دیا جائے مثلاً باپ کا فرض ہے کہ چھوٹی عمر کی اولاد کے اخراجات کا کفیل ہو۔ خاوند کا فرض ہے کہ بیوی کے اخراجات کو برداشت کرے۔ بچوں کا فرض ہے کہ بوڑھے یا بے سہار اوالدین کا بوجھ اُٹھائیں۔ اسی طرح شریعت نے ایک شخص کے مرنے پر اس کے ورثاء کے حصے بھی مقرر کر دیئے ہیں کہ بیوی کو اتنا حصہ ملے اور اولاد کو اتنا حصہ ملے اور ماں باپ کو اتنا حصہ ملے وغیرہ وغیرہ اور دوسرے رشتہ داروں اور ہمسایوں اور دوستوں کا خاص خیال رکھنے کی بھی تاکید فرمائی ہے۔ پس یہ مقررہ حقوق تو بہر حال مقدم رہیں گے لیکن انہیں چھوڑ کر عام تعلقات اور معاملات میں اسلام ہر مسلمان سے توقع رکھتا اور اسے تاکیدی ہدایت دیتا ہے کہ جو بات وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے وہی اپنے مسلمان بھائی کے لئے بھی پسند کرے اور یہ نہ ہو کہ اپنے لئے تو اس کا پیمانہ اور ہو اور دوسروں کے لئے اور ہو۔ ایک دوسری حدیث میں ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ تمام مسلمان آپس میں ایک انسانی جسم کے اعضا کا رنگ رکھتے ہیں جس طرح جسم کے ایک عضو کے دُکھنے سے سارا جسم درد میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اسی طرح ایک مسلمان کے دُکھ سے ساری قوم میں بے کلی اور بے چینی پیدا ہو جانی چاہئے۔ یہ وہ اخوت کا بلند معیار ہے جس پر خدا کا رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (فداہ نفسی ) ہمیں لے جانا چاہتا ہے کاش ہم اس تعلیم کی قدر کریں۔

## 6. Malfoozat ............................................. 6-ملفوظات

### Third Address of the Promised Messiah[as] at the Annual Convention on 30 December 1897

### The stage at which the Godly perform actions of Divine nature

Similarly, it is my experience that the godly attain such a high rank in their nearness to Allah that a divine complexion wholly and perfectly covers the traces of their human character. This may be illustrated by the example of fire which engulfs iron to the extent that apparently nothing but fire is visible. Similarly, such holy individuals become imbued with the hue of God's attributes, by way of reflection.

At that time, without prayer or supplication to God, such a one performs actions, which possess the characteristics of divinity. The words they utter are fulfilled exactly as stated. There is clear mention in the Holy Quran of such occurrences as a result of the actions and words of the Messenger of Allah, peace and blessings of Allah be upon him. For example, there is the following verse:

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ

*Thou threwest not when thou didst throw, but it was Allah Who threw.*

[Holy Quran 8:18]

There was the miracle of the splitting of the moon. Similarly, there are examples of the Holy Prophet[saw] curing a vast number of the ailing and sick. The statement of the Holy Quran وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى (*Nor does he speak out of his own desire* [53:4]) in favour of our Noble Prophet, peace and blessings of Allah be upon him, alludes to the extreme and supreme divine nearness which the Messenger of Allah[saw] enjoyed. Truly, this is evidence of the immensely purified soul of the Messenger of Allah[saw] and his nearness to the Divine.

It is mentioned in a Hadith that Allah the Exalted becomes the hands, feet and eyes, etc. of a believing servant of God. This purports to say that all the limbs of such a person become so imbued in obedience to Allah that they are transformed into an instrument of the Divine, through which divine actions are manifested from time to time. Or they may be likened to a spotless mirror, which reflects with the utmost clarity, the will of God in its entirety. Or, one could say that in this state, such people relinquish their human character completely. For example, when a person speaks, they desire in their hearts that others should praise them for their eloquence, articulate speech and lucid expression. Yet, there are those who speak by divine power. When their souls become impassioned, it is from Allah the Exalted that a wave overwhelms them and inspires them in a manner that they cease to speak with their own voice and words; rather, they speak, permeated with the character, words and fervour of the Divine. Similarly, when they see, they do not see with their own concentration, as is the norm for others; but rather, their sight is free from human involvement and is illumined by the light of God Almighty—God shows them that which even the most scrupulous attention could not reveal to man.

**Fear the insight of a believer**

As it is narrated: اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ i.e. be cautious of the insight of a believer, for yours is forced and theirs comes naturally; yours is superficial, while theirs is the reality. Take the example of a watch, which functions as a result of its mechanical parts. You can mistakenly say that it is seven o'clock when it is actually three o'clock; but a watch, which has been produced for this very purpose, will always tell the correct time and never make an error. If a person obstinately opposes the correct time of a watch, what will they gain except for disgrace? In the same vain, remember that it does not behove a righteous person to argue and contend with those who possess the rank of divine nearness and are known to the world by various names. Hence, be fearful and never oppose a believer; always remain cautious lest you should be proven false and then suffer the worst of consequences due to wrongdoing on your part. For a believer sees with the light of Allah the Exalted, whereas you are not blessed with this light. And so, it is conceivable that you should walk crooked, but a believer will

always walk straight. I ask you, can a person who treads in darkness contend with a man who marches forward with the light of a lamp? Of course not. Allah the Exalted has stated himself:

هَلْ يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ

Meaning, can a blind man and one who sees be alike [6:51]? Indeed not. Now when we observe this fact, how wrong is it to not derive benefit from this example?

In short, one ought to fear the insight of a believer. It does not behove the wise to rise up in opposition to a believer. One may recognise a believer through the traces and signs that we have just expounded earlier. It was the awe of this very divine insight, conferred by Allah, which inspired the noble companions, may Allah be pleased with them. This awe accompanies the Prophets, peace be upon them, as a sign from God. When the Holy Prophet[saw] made a statement, the companions would ask if it was based on revelation from God, so that if it was, they would not dare suggest an alternate view. They would be inspired by awe.

There is a grandeur and awe in the speech of a person that accords with their individual stature. One can observe that even when people stand before worldly judges, there is a difficulty and awe that they experience, because they know that the one before whom they stand possesses authority. In the same way, those who come to realise that a believer is supported by God, do not oppose such a person. If they do not understand something they have said or done, they sit in seclusion, reflect and analyse the matter deeply.

It is incumbent for all others to follow those who are cognisant and enlightened. This is the purport and meaning of the Hadith اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤمِنِ (*Fear the insight of a believer*). In other words, when a believer says something, one ought to be fearful of God, because whatever they say is from God Almighty Himself. To further elaborate, the love of God, which possesses a believer, results in their being enveloped by divine light. Although this light covers the believer and consumes their human character to an extent, just as iron is transformed when thrown into a fire,

yet their servitude to God and humanness do not cease to exist. This is the secret that is hidden at the depth of the following verse:

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ

*Say, 'I am only a man like yourselves'* [Holy Quran 18:111]

Their human nature exists but it is dyed with a divine hue. Absorbed by the will of God Almighty, all the faculties and limbs of such a person become an illustration of the desires of Allah Almighty, and become devoted to His cause. It is this very distinction which makes such an individual a guardian over the spiritual development of tens of millions and a manifestation of perfect divine providence. If this were not the case, one Prophet could never be a guide and leader for such a multitude of people

**Two Forms of Divine Power**

Of course, a fact which no one can deny is that the powers of Allah the Exalted are countless and unlimited. It is impossible to count and enumerate them. The more a person progresses in piety and spiritual discipline, the closer they come to Allah the Exalted; and a tinge of these divine powers begins to manifest themselves in the person of such an individual proportionately. The door to the knowledge of these divine powers is opened to such people. It seems appropriate at this instance to state that the powers of the Divine are of two kinds: one which relates to the creation of God; secondly, that which relates to the nearness of God. One form of divine power which the Prophets, peace be upon them, are under, is that which relates to their being humans, created by God, as is described, for example, in the following verse:

يَأْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ

*He eats food, and walks in the streets.* [Holy Quran 25:8]

Their health and suffering from illness, etc. is under the control of God. Then, a unique power of the Divine is experienced by the Prophets when they traverse through the various stages of divine nearness. Allah the Exalted comes close to them in such a manner that they begin to enjoy divine discourse, and their prayers are answered, but there are some who

do not understand. This is not all, in fact, a time comes when, in addition to mere discourse, the mantle of divinity is placed upon them. God Almighty shows them diverse manifestations of His own existence. A perfect similitude of this nearness and relationship may be observed in iron which is placed inside a fire. The iron absorbs the effects of the fire and appears to be a red-hot, flaming body of fire itself. The iron begins to emit a fiery light and also develops the power to burn—a characteristic of fire. However, despite all this, it is well-established that the iron does not become fire itself, or a part thereof.

**Before Praying One Must Exert their Faculties to the Fullest**

The entreaty اِيَّاكَ نَعْبُدُ (Thee alone do we worship) precedes the submission اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ(Thee alone do we implore for help), because when a person supplicates God Almighty, they come to Him after the full use of all their faculties. It is disrespectful and impertinent to come before God without first making use of one's own faculties and following the rules of nature's law. For example, if a farmer were to pray: 'O Lord! Make this crop blooming and fruitful', without first sowing the seed, this would be an act of insolence and mockery. This is equivalent to testing God and putting Him on trial, which is prohibited. We have been instructed to never test God, as clearly alluded to in the incident of the sending down from heaven, a table spread with food, in the context of the Messiah[as]. Contemplate and reflect over this point. It is true to say that a person who does not perform appropriate action does not truly pray, but rather tests God. So, before one prays it is necessary to make full use of one's faculties and this is the meaning of the supplication just mentioned. First it is incumbent upon a person to analyse their own beliefs and actions. It is the custom of God Almighty to bring about reformation through the use of means. He creates some sort of means, which become the cause for a person's reformation. Those people who say that when there is prayer, means have no use, should reflect. Do such foolish ones not realise that even prayer itself is a subtle means that gives rise to other means? The clause اِيَّاكَ نَعْبُدُ (Thee alone do we worship) which precedes the supplication اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ (Thee

alone do we implore for help) expounds this very point. Therefore, this is the way of Allah that we observe, whereby He creates means. Observe how God provides water to quench our thirst and grants us food to satisfy our hunger, but He does so through means. Therefore, this phenomenon of means functions as I have just described. Means must be created to achieve one's ends, because God has two names. As Maulvi Muhammad Ahsan Sahib mentioned earlier, Allah the Almighty states:

كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا۝

*Allah is Mighty, Wise.* [Holy Quran 4:159]

**The Purpose of the Supplication 'Guide Us in the Right Path'**

Hence, the purpose of the prayer اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (Guide us in the right path) is that when a person makes this supplication, they ought to emulate the deeds, morals and beliefs of 'those upon whom God has bestowed His blessings'. In so far as possible, a person must not neglect the importance of doctrine, morals and deeds. You can understand with your own observation that until a person makes use of their faculties, they cannot progress. Or if a person is turned away from their actual purpose and objective, and are made to work in a way for which they have not been created, in this case as well, they will not progress.

If the eye were to be kept shut for forty days, it would lose its capacity to see. It is necessary to first engage one's faculties in the work for which they have been created, after which further progress may be achieved. It is my own personal experience that when I make the utmost use of my own practical capacities, Allah the Exalted blesses them even further. The essence is that first a person must correct their own doctrines, morals and deeds and then pray اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (Guide us in the right path). It is then that this supplication will truly manifest its effects.

# حضرت اقدس علیہ السلام کی تیسری تقریر

## بر موقعہ جلسہ سالانہ 30/ دسمبر 1897ء

### ایک مقام پر اہل اللہ سے ایسے افعال صادر ہوتے ہیں جو اپنے اندر الوہیت کے خواص رکھتے ہیں

اسی طرح سے ہمارے تجربہ میں آیا ہے کہ اہلِ اللہ قرب الٰہی میں ایسے مقام تک جا پہنچتے ہیں جبکہ ربانی رنگ بشریت کے رنگ و بُو کو بتمام و کمال اپنے رنگ کے نیچے متواری کرلیتا ہے اور جس طرح آگ لوہے کو اپنے نیچے ایسا چھپا لیتی ہے کہ ظاہر میں بجز آگ کے اور کچھ نظر ہی نہیں آتا اور ظلی طور پر وہ صفاتِ الٰہیہ کا رنگ اپنے اندر پیدا کرتا ہے۔

اُس وقت اس سے بدُوں دُعا و التماس ایسے افعال صادر ہوتے ہیں جو اپنے اندر الوہیت کے خواص رکھتے ہیں اور وہ ایسی باتیں مُنہ سے نکالتے ہیں جو جس طرح کہتے ہیں اُسی طرح ہو جاتی ہیں۔ قرآن کریم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ اور زبان سے ایسے اُمور کے صدور کی بصراحت بحث ہے۔ جیسا کہ

مَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۝ (الانفال:18)

اور ایسا ہی معجزہ شق القمر اور اسی طرح پر اکثر مریضوں اور سقیم الحال لوگوں کا اچھا کر دینا ثابت ہے۔ قرآن شریف میں جو ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت یہ ارشاد ہوا کہ

مَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ (النجم:4)

یہ اُس شدید اور اعلیٰ ترین قُرب ہی کی طرف اشارہ ہے اور رُسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کمال تزکیۂ نفس اور قُرب الٰہی کی ایک دلیل ہے۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ عبد مومن کے ہاتھ، پاؤں اور آنکھیں وغیرہ وغیرہ ہو جاتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام اعضاء للّٰہی طاعت کے رنگ سے ایسے ہو جاتے ہیں کہ گویا وہ ایک الٰہی آلہ ہیں جن کے ذریعہ سے وقتاً فوقتاً افعال الٰہیہ ظہور پذیر ہوتے ہیں یا ایک مُصفّا آئینہ ہیں جس میں تمام مرضیاتِ الٰہیہ بصفائے تام عکسی طور پر ظہور پکڑتی رہتی ہیں یا یہ کہو کہ اس حالت میں وہ اپنی انسانیت سے بکلی دستبردار ہو جاتے ہیں۔ جیسے جب انسان بولتا ہے تو اُس کے دل میں خیال ہوتا ہے کہ لوگ اُس کی فصاحت اور خوش بیانی اور قادرُ الکلامی کی تعریف کریں۔ مگر وہ لوگ جو خُدا کے بُلائے بولتے ہیں اور اُن

کی رُوح جب جوش مارتی ہے تب اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ایک موج اُس پر اثرانداز ہو کر تموّج پیدا کر دیتی ہے اور اپنی آواز اور تکلم سے وہ نہیں بولتے بلکہ الٰہی حال اور قال اور جوش سے اور ایسا ہی جب وہ دیکھتے ہیں تو جیسا کہ قاعدہ ہے کہ دیکھنے میں فکر شامل ہے اُن کی رؤیت اپنے دخل سے نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کے نور سے۔ اور وہ ان کو ایک ایسی چیز دکھا دیتا ہے جو دُوسری پُرغور نظر بھی نہیں دیکھ سکتی۔

## تصرّفات کی دو قسمیں

ہاں! یہ سچی بات ہے جس کا کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ اللہ تعالیٰ کے تصرفات بیحد و بے شمار ہیں۔ ان کی تعداد اور گنتی ناممکن ہے۔ انسان جس قدر زُہد اور مُجاہدہ کرتا ہے اسی قدر وہ اللہ تعالیٰ کے قریب ہوتا جاتا ہے اور اس نسبت سے ان تصرفات کا ایک رنگ اُس پر آتا جاتا ہے اور تصرفاتِ اللہ کی واقفیت کا دروازہ اس پر کھُلتا ہے۔ اس امر کا بیان کر دینا بھی مناسب موقع معلوم ہوتا ہے کہ تصرفات بھی دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک باعتبار مخلوق کے اور دُوسرے باعتبار قرب کے۔ انبیاءؑ کے ساتھ ایک تصرف تو اسی مخلوق کی نوعیت اور اعتبار سے ہوتا ہے جو یَاْکُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ (الفرقان:8) وغیرہ کے رنگ میں ہوتا ہے۔ صحت، بیماری وغیرہ اُس کے ہی اختیار میں ہوتا ہے اور ایک جدید تصرف قرب کے مراتب میں ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے طور پر اُن کے قریب ہوتا ہے کہ اُن سے مخاطبات اور مکالمات شروع ہو جاتے ہیں اور اُن کی دُعاؤں کا جواب ملتا ہے مگر بعض لوگ نہیں سمجھ سکتے اور یہاں تک ہی نہیں بلکہ نرے مکالمہ اور مخاطبہ سے بڑھ کر ایک وقت ایسا آجاتا ہے کہ الوہیت کی چادر اُن پر پڑی ہوئی ہوتی ہے اور خدا تعالیٰ اپنی ہستی کے طرح طرح کے نمونے ان کو دکھاتا ہے اور یہ ایک ٹھیک مثال اس قرب اور تعلق کی ہے کہ جیسے لوہے کو کسی آگ میں رکھ دیں، تو وہ اثرپذیر ہو کر سرخ آگ کا ایک ٹکڑا ہی نظر آتا ہے۔ اُس وقت اُس میں آگ کی سی روشنی بھی ہوتی ہے اور احراق جو ایک صفت آگ کی ہے وُہ بھی اُس میں آجاتی ہے۔ مگر بایں ہمہ یہ ایک بیّن بات ہے کہ وہ لوہا آگ یا آگ کا ٹکڑا نہیں ہوتا۔

## دُعا کرنے سے پہلے تمام قویٰ کا خرچ کرنا ضروری ہے

اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پر اِيَّاكَ نَعْبُدُ کا تقدم اس لیے ہے کہ انسان دُعا کے وقت تمام قویٰ سے کام لے کر خدا تعالیٰ کی طرف آتا ہے۔ یہ ایک بے ادبی اور گُستاخی ہے کہ قویٰ سے کام نہ لے کر اور قانونِ قدرت کے قواعد سے کام نہ لے کر آوے۔ مثلاً کسان اگر تخم ریزی کرنے سے پہلے ہی یہ دُعا کرے کہ الٰہی! اس کھیت کو ہرا بھرا کر اور پھل پھول لا۔ تو یہ شوخی اور ٹھٹھا

ہے۔ اس کو خدا کا امتحان اور آزمائش کہتے ہیں، جس سے منع کیا ہے اور کہا گیا ہے کہ خدا کو مت آزماؤ۔ جیسا کہ مسیح علیہ السلام کے مائدہ مانگنے کے قصہ میں اس امر کو بوضاحت بیان کیا ہے۔ اس پر غور کرو اور سوچو۔

یہ سچی بات ہے کہ جو شخص اعمال سے کام نہیں لیتا وُہ دُعا نہیں کرتا بلکہ خدا تعالیٰ کی آزمائش کرتا ہے۔ اس لیے دُعا کرنے سے پہلے اپنی تمام طاقتوں کو خرچ کرنا ضروری ہے اور یہی معنی اس دُعا کے ہیں۔ پہلے لازم ہے کہ انسان اپنے اعتقاد اعمال میں نظر کرے، کیونکہ خدا تعالیٰ کی عادت ہے کہ اصلاح اسباب کے پیرایہ میں ہوتی ہے۔ وہ کوئی نہ کوئی ایسا سبب پیدا کر دیتا ہے کہ جو اصلاح کا موجب ہو جاتا ہے۔ وہ لوگ اس مقام پر ذرا خاص غور کریں جو کہتے ہیں کہ جب دُعا ہوئی تو اسباب کی کیا ضرورت ہے۔ وہ نادان سوچیں کہ دُعا بجائے خود ایک مخفی سبب ہے جو دوسرے اسباب کو پیدا کر دیتا ہے اور اِیَّاکَ نَعۡبُدُ کا تقدم وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ پر جو کلمہ دُعائیہ ہے اس امر کی خاص تشریح کر رہا ہے۔ غرض عادۃ اللہ ہم یوں ہی دیکھ رہے ہیں کہ وہ خلقِ اسباب کر دیتا ہے۔ دیکھو پیاس کے بُجھانے کے لئے پانی اور بھوک کے مٹانے کے لئے کھانا مہیا کرتا ہے، مگر اسباب کے ذریعہ۔ پس یہ سلسلۂ اسباب یوں ہی چلتا ہے اور خلقِ اسباب ضرور ہوتا ہے کیونکہ خدائے تعالیٰ کے یہ دو نام ہی ہیں۔ جیسا کہ مولوی محمد احسن صاحب نے ذکر کیا تھا کہ کَانَ اللّٰہُ عَزِیۡزًا حَکِیۡمًا (النساء:159) عزیز تو یہ ہے کہ ہر ایک کام کر دینا اور حکیم یہ کہ ہر ایک کام کسی حکمت سے موقع اور محل کے مناسب اور موزوں کر دینا۔

## اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ کا مقصد

پس اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ کا مقصد یہی ہے کہ اس دُعا کے وقت اُن لوگوں کے اعمال، اخلاق، عقائد کی نقل کرنی چاہی جو مُنۡعَمۡ عَلَیۡھِمۡ ہیں۔ جہاں تک انسان سے ممکن ہو عقائد، اخلاق اور اعمال سے کام لے۔ اس امر کو تم مشاہدہ میں دیکھ سکتے ہو کہ جب تک انسان اپنے قویٰ سے کام نہیں لیتا، وہ ترقی نہیں کر سکتا یا اُن کو اصل غرض اور مقصود سے ہٹا کر کوئی اور کام اُن سے لیتا ہے جس کے لئے وہ خَلق نہیں ہوئے۔ تو بھی وہ ترقی کی راہ میں نہ بڑھیں گے۔

اگر آنکھ کو چالیس روز بند رکھا جاوے گا تو اس کے دیکھنے کی طاقت سلب ہو جاوے گی۔ پس یہ ضروری امر ہے کہ پہلے قویٰ کو اُن کے فطرتی کاموں پر لگاؤ تو اور بھی ملے گا۔ ہمارا اپنا ذاتی تجربہ ہے کہ جہاں تک عملی طاقتوں سے کام لیا جاوے، اللہ تعالیٰ اُس پر برکت نازل کرتا ہے۔ مطلب یہی ہے کہ اول عقائد، اخلاق، اعمال کو دُرست کرو۔ پھر اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ کی دُعا مانگو تو اُس کا اثر کامل طور پر ظاہر ہو گا۔

## 7. Prayer To Memorise ................................ 7-زبانی یاد کرنے کیلئے دُعا

**Surah Al-Baqarah, Chapter 2, Verse:287**

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۷﴾

**Translation:** Our Lord, do not punish us, if we forget or fall into error; and our Lord, lay not on us a responsibility as Thou didst lay upon those before us. Our Lord, burden us not with what we have not the strength to bear; and efface our *sins*, and grant us forgiveness and have mercy on us; Thou art our Master; so help us Thou against the disbelieving people.

ترجمہ: اے ہمارے ربّ ہمارا مؤاخذہ نہ کر اگر ہم بھول جائیں یا ہم سے کوئی خطا ہو جائے۔ اور اے ہمارے ربّ ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈال جیسا ہم سے پہلے لوگوں پر (ان کے گناہوں کے نتیجہ میں) تُو نے ڈالا۔ اور اے ہمارے ربّ ہم پر کوئی ایسا بوجھ نہ ڈال جو ہماری طاقت سے بڑھ کر ہو۔ اور ہم سے درگزر کر اور ہمیں بخش دے۔ اور ہم پر رحم کر۔ تُو ہی ہمارا والی ہے۔ پس ہمیں کافر قوم کے مقابل پر نصرت عطا کر۔

## 8. Al-Qaseedah ................................ 8-القصیدہ

**(41)**

وَجْهُ الْمُهَيْمِنِ ظَاهِرٌ فِيْ وَجْهِهٖ

وَشُئُوْنُهٗ لَمَعَتْ بِهٰذَا الشَّاْنِ

The presence of (Allah) the protector, is reflected in the (blessed) face (of the Holy Prophet[saw]) and his entire manner (and moral conduct) sparkles with the same (characteristic) magnificence.

آنحضرت ﷺ کے چہرہ سے خدائے مہیمن کا چہرہ نظر آتا ہے

اور آپؐ کے تمام احوال (اور اخلاق اسی) شان و شوکت کے ساتھ چمکتے ہیں۔

**(42)**

فَلِذَا يُحَبُّ وَيَسْتَحِقُّ جَمَالُهٗ

شَغَفًا بِهٖ مِنْ زُمْرَةِ الْاَخْدَانِ

so, it is for this (reason) that he is loved (so much) and his (spiritual grace and) beauty deserves. That he (alone) should be adored (with all our devotion), excluding the group of all (other) friends.

پس اسی (عظمتِ شان کی وجہ سے) آپؐ سے محبت کی جاتی ہے اور آپؐ کی خوبصورتی اور جمال اس لائق ہے کہ دُوسرے بھائیوں کے گروہ کو (چھوڑ کر) آپؐ ہی سے انتہائی عشق (و محبت) کی جائے۔

(English and Urdu translation taken from: Basics of Religious Education; Fifth Edition)

## 8. History Of Islam ............................................ 8-تاریخ اسلام

### The Life & Character of the Seal of Prophets

**By Hazrat Mirza Bashir Ahmad Sahib M.A[ra]**

### Relations between a Master and Servant

The question of the relationship between a master and servant is also an important question. However, since a fundamental discussion has occurred in the Second Volume of this book on the issue of slavery, an elaborate note is not required here. It is sufficient to indicate that in order to improve the condition between masters and slaves, Islām has also issued very emphatic guidelines. For example, in order to make masters vigilant, the Holy Prophet[saw] fundamentally stated:

كُلُّكُمْ رَاعٍ وَ كُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ۔

*"Every individual from among you is a master or superior officer to various others in one form or another. Hence, every individual should remain vigilant because he shall be questioned about his subjects."*

(Ṣaḥīḥu Muslim, Kitābul-Imārah, Bābu Faḍīlatil-Imāmil-'Ādili Wa 'Uqūbatil-Jā'iri..., Ḥadīth No 4724)

Moreover, with relevance to erasing the rift between servants and their masters, the Holy Prophet[saw] stated:

إِنَّ إِخْوَانَكُمْ خَوَلُكُمْ جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ أَيْدِيكُمْ فَمَنْ كَانَ أَخُوْهُ تَحْتَ يَدِهِ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَأْكُلُ وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ وَلَا تُكَلِّفُوْهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ فَإِنْ كَلَّفْتُمُوْهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ فَأَعِيْنُوْهُمْ۔

"Your servants are your brothers. Therefore, when a brother is subject to an individual, he should grant some portion of the food he eats himself to his servant brother; And he should grant him some portion of the clothing he wears himself to his servant brother. O Ye Muslims! Do not delegate any work to your servants which is beyond their capacity. If you are ever compelled to give them such work, then help them in that work yourself."

(Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābul-'Itq, Bābu Qaulin-Nabiyyisa Al-'Abīdu Ikhwānukum Fa-Aṭ'imūhum Mimmā Ta'kulūn, Ḥadīth No. 2545)

This Ḥadīth, as is evident from its words and expression, is a very significant and fundamental one. Furthermore, the words, "help them" indicate that this work should not be such that if the master was compelled to do it himself, he would consider it degrading. Instead, the work should be such that the master is able and prepared to do it himself as well. So, in this Ḥadīth, apart from instructing the good treatment and brotherly conduct of servants, it has also been taught that it does not behove a Muslim to think of any work as demeaning, or to think that any work is for a slave only and not himself. Hence, it is mentioned in another Ḥadīth that the Holy Prophet[saw] would do all kinds of work with his own hands, and did not consider anything degrading. It should also be remembered that the word *Khawala*, which has appeared in the above Ḥadīth, is used to refer to domestics, servants and slaves, as well as other employees of this nature. Thus, in this Ḥadīth a remarkably vast subject has been considered. In any case, Islām also established better interrelations between masters and their slaves.

## Islāmic Teaching on Matrimonial Affairs

Matrimonial affairs are also a part of social relations, but alas, as per their own thoughts, materialists have produced various classes in this area as well and consider it insulting to marry into a lower class. Therefore, regarding this, our Master, the Holy Prophet[saw] stated:

تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ لِاَرْبَعٍ لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَجَمَالِهَا وَلِدِيْنِهَا فَاظْفِرْ بِذَاتِ الدِّيْنِ تَرِبَتْ يَدَاكَ۔

"A woman is married on the basis of four things. A wife is chosen either on account of her wealth, and/or she is chosen on account of her genealogy (i.e., nation or family), and/or she is chosen on account of her beauty and charm, and/or she is chosen on the basis of her moral and religious state; But O Believing Man! You should always choose your wife on the basis of her religious and moral state, and give precedence to the aspect of personal qualities and personal goodness. If not thy hands will ever remain in dust."

( Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābun-Nikāḥ, Bābul-Akfā'i Fid-Dīn, Ḥadīth No. 5090)

This blessed teaching is not only one which can make the homes of Muslims a model of Paradise, but is also a significant means by which the foundation for religious and worldly success can be set for their future generations. Furthermore, there was the personal model of the Holy Prophet[saw] in this matter. The Holy Prophet[saw] married his paternal cousin, Ḥaḍrat Zainab[ra] bint Jaḥash, to his freed slave, Zaid bin Ḥārithah[ra]. In this matter, he did not care in the slightest for the ancient custom and practice of the Arabs. Similarly, the Holy Prophet[saw] himself married into every well-known tribe of the Arabs, i.e., he married in the Quraish, outside the Quraish, as well as in the Banī Isrā'īl. For these were the three main tribes settled in Arabia at the time. However, it is a shame that today many Muslims are not prepared to marry out of their own class. For example, a Sayyid is adamant that his daughter only marry into the home of another Sayyid. A Rājpūt is persistent that his daughter only become the wife of another Rājpūt. A Kakaiza'ī is obstinate that his daughter only be wed to a Kakaiza'ī, and in this manner the golden teaching of the Holy Prophet[saw] and his blessed example have been dismissed.

## Equality of Rights Between Man and Woman

Subsequently, in the discussion of equality, a very critical question is that of the equality between man and woman. In other words, today, where one class God-forbid, wishes to keep women suppressed below their feet like a shoe, another class is bent on giving women so much freedom as if they are beyond even the watch of their husbands in matters of administration. Furthermore, a group in Europe does not even shy away

from attributing to Islām the belief that Islām does not even accept that a woman has a soul. That is to say that she is only a machine, in the likeness of an animal, whose life comes to an end upon her death. However, the Holy Qur'ān refutes all these false ideologies. First and foremost, Islām teaches that in the effort and striving for good deeds and in the acquisition of their results, man and woman are equal; and that the results of everyone's deeds are equivalent. Therefore, God the Exalted states in the Holy Qur'ān:

اَنِّیْ لَاۤ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی ۚ بَعْضُکُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ

"O Ye People! I Who am your Creator and Master do not suffer the work of any worker from among you, whether male or female, for you are a part of one race and the branches of one tree."

[Al-e-'Imran (3:196)]

Moreover, with relevance to the specific rights of husband and wife, Allāh the Exalted states:

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ

"Just as wives have been made responsible for the various rights of husbands so too have husbands been made responsible for the various rights of wives." [Al-Baqarah (2:229)]

The meaning of this Quranic verse is that in the mater of rights and responsibilities, husband and wife are equal. As such, husband have been made responsible for certain obligations while wives have also been made responsible for certain obligations, and both shall be questioned about their responsibilities.

However, administratively speaking, since the control of domestic affairs must remain in one hand, for this reason, the Holy Qur'ān states in this regard:

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَی النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰی بَعْضٍ وَّبِمَاۤ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ

"In domestic affairs men have been appointed leaders and guardians over women, because God the Exalted has granted men superiority in natural

faculties; And then the responsibility of providing for the expenses of women has also been placed upon them. Either way, virtuous wives should remain obedient to their husbands." [An-Nisā' (4:35)]

However, putting this administrative difference aside, with relevance to the treatment of wives the Holy Prophet[saw] stated:

خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهٖ وَاَنَا خَيْرُكُمْ لِاَهْلِيْ۔

"The best among you in the sight of God is he who is best in the treatment of his family; And by the grace of God, I am the best among you in the treatment of my wives."

(Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābun-Nikāḥ)

With relevance to this the Holy Qur'ān states:

وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ۝

"O ye Muslims! Treat your wives very kindly; and even of one of you dislikes his wife, remember still, that perhaps you dislike a thing, but God has decreed abundant good for you therein, as far as your end is concerned."

[An-Nisā' (4:20)]

In summary, Islām provides the best teaching regarding human equality. As such:

1. It has presented the principle that all people are the creation of a single race, the progeny of a single father and the branches of one tree.

2. Thereafter, it has taught that despite racial unity, it is possible that just as identical elements in the belly of the earth take on different forms and different characteristics, and are manifested in the form of various elements, similarly, due to latter circumstances, mankind may also be divided into various races and tribes and take on an array of qualities. However, on account of this difference, no race, or tribe, or individual should wrongfully show pride and arrogance towards another. Perhaps the people or individual who are lowly today may rise tomorrow.

3. Islām teaches that despite this racial unity, Muslims are especially brothers to one another. For they are the children of a single spiritual

father on account of being the bearers of one faith, and being associated to one prophetic message. Hence, they should live as brothers in any case.

4. Islām states that no doubt, there may be a distinction even between the believers, but this distinction should be based purely on personal qualities. In any case, the most honourable individual in the sight of God is he who is above others in virtue, righteousness and in the passion to serve others.

5. Islām gives the guidance that a distinction should not be made in legal and judicial affairs due to the religious distinction or worldly greatness of an individual. All are categorically equal in terms of legal rights.

6. Islām presents the golden rule that only personal aptitude should be considered when delegating national offices. Irrespective of wealth, genealogy or family, whoever is worthy of an office, should be entrusted that office, regardless of his status.

7. Islām instructs that although it is part of good morals to furnish an honourable individual with due respect, however in social affairs, all Muslims should live together in such a way that they appear as the members of one family. They should sit harmoniously in gatherings without making distinctions of rich and poor. If a rich man holds a banquet, he should invite those of poorer means as well, and if a poor man makes an invitation of food, the more affluent should not reject that invitation.

8. Finally, Islām commands that in matters of matrimony, the selection of a wife should be done on the basis of her personal qualities and goodness and not on the basis of her genealogy and riches and wealth, etc.

# سیرت خاتم النبیین ﷺ-حضرت مرزابشیر احمد صاحبؓ ایم اے

## خادم و آقا کے تعلقات

خادم و آقا کے تعلقات کا سوال بھی ایک بہت اہم سوال ہے مگر چونکہ اس سوال کے متعلق کتاب ہذا کے حصہ دوم میں مسئلہ غلامی کی ذیل میں اصولی بحث گزر چکی ہے اس لئے اس جگہ زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ صرف اس قدر اشارہ کافی ہے کہ خادموں اور غلاموں کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے بھی اسلام نے نہایت تاکیدی ہدایتیں دی ہیں۔ مثلاً آقاؤں کو ہوشیار کرنے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اصولی رنگ میں فرماتے ہیں:

كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ۔

یعنی تم میں سے ہر شخص کسی نہ کسی جہت سے بعض دوسرے لوگوں کا آقا اور افسر ہوتا ہے پس ہر شخص کو ہوشیار رہنا چاہئے کیونکہ اسے اس کے سب ماتحت لوگوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔

(صحیح مسلم کتاب الامارۃ نیز مسند احمد جلد ثانی صفحہ 55)

خادموں اور آقاؤں کی درمیانی خلیج کو اڑانے کے متعلق حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ:

إِنَّ إِخْوَانَكُمْ خَوَلُكُمْ جَعَلَهُمُ اللهُ تَحْتَ أَيْدِيْكُمْ فَمَنْ كَانَ أَخُوْهُ تَحْتَ يَدِهٖ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَأْكُلُ وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ وَلَا تُكَلِّفُوْهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ فَإِنْ كَلَّفْتُمُوْهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ فَأَعِيْنُوْهُمْ۔

یعنی ”تمہارے خادم تمہارے بھائی ہیں۔ پس جب کسی شخص کے ماتحت اس کا کوئی بھائی ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے خادم بھائی کو اس کھانے میں سے کچھ نہ کچھ حصہ دے جو وہ خود کھاتا ہے اور اس لباس میں سے کچھ نہ کچھ حصہ دے جو وہ خود پہنتا ہے اور اے مسلمانو! تم اپنے خادموں کو کوئی ایسا کام نہ دیا کرو جو ان کی طاقت سے زیادہ ہو اور اگر کبھی مجبوراً انہیں کوئی ایسا کام دینا پڑے تو پھر اس کام میں خود بھی ان کی مدد کیا کرو۔“ (بخاری کتاب العتق)

یہ حدیث جیسا کہ اس کے الفاظ اور اسلوب بیان سے ظاہر ہے ایک نہایت اہم اور اصولی حدیث ہے اور ”ان کی مدد کیا کر“ کے الفاظ میں یہ اشارہ بھی ہے کہ کام ایسا نہیں ہونا چاہئے کہ اگر وہ خود آقا کو کرنا پڑے تو وہ اسے اپنے لئے موجب عار سمجھے بلکہ ایسا ہونا چاہیے کہ جسے خود آقا بھی کر سکتا ہو اور کرنے کو تیار ہو۔ گویا اس حدیث میں خادموں کے ساتھ حسنِ سلوک

اور برادرانہ برتاؤ کی تلقین کے علاوہ یہ تعلیم بھی دی گئی ہے کہ کسی مسلمان کے لئے زیبا نہیں کہ وہ کسی کام کو اپنے لئے موجب عار سمجھے یا یہ خیال کرے کہ یہ کام صرف خادم کے کرنے کا ہے، میرے کرنے کا نہیں۔ چنانچہ ایک دوسری حدیث میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر قسم کا کام خود اپنے ہاتھ سے کر لیتے تھے اور کسی کام کو عار نہیں سمجھتے تھے۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ اوپر کی حدیث میں جو خَوَلَ کا لفظ آیا ہے وہ عربی محاورہ کے مطابق نوکروں اور خادموں اور غلاموں اور اسی قسم کے دوسرے حاشیہ نشینوں سب پر بولا جاتا ہے۔ اس طرح اس حدیث میں گویا ایک نہایت وسیع مضمون مدِ نظر رکھا گیا ہے۔ بہر حال اسلام نے آقاؤں اور خادموں کے تعلقات کو بھی بہترین بنیاد پر قائم کیا ہے۔

## بیاہ شادی کے معاملات میں اسلامی تعلیم

بیاہ شادی کا معاملہ بھی تمدنی تعلقات ہی کا حصہ ہے مگر افسوس ہے کہ دنیاداروں نے اس میدان میں بھی اپنے خیال کے مطابق مختلف طبقے بنا رکھے ہیں اور غیر طبقہ میں رشتہ دینے کو موجب ہتک سمجھا جاتا ہے۔ سو اس کے متعلق ہمارے آقا آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں:

تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ لِاَرْبَعٍ لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَجَمَالِهَا وَلِدِيْنِهَا فَاظْفِرْ بِذَاتِ الدِّيْنِ تَرِبَتْ يَدَاكَ۔

یعنی ایک عورت کے ساتھ چار خیالات کی بنا پر شادی کی جاتی ہے۔ یا تو دولت کی وجہ سے بیوی کا انتخاب کیا جاتا ہے اور یا حسب نسب (یعنی قوم یا خاندان) کی وجہ سے انتخاب کیا جاتا ہے اور یا حسن و جمال کی وجہ سے انتخاب کیا جاتا ہے اور یا اخلاقی اور دینی حالت کی بنا پر انتخاب کیا جاتا ہے، لیکن اے مردِ مومن! تو ہمیشہ بیوی کا انتخاب دینی اور اخلاقی بنا پر کیا کر اور ذاتی اوصاف اور ذاتی نیکی کے پہلو کو ترجیح دیا کر ورنہ یاد رکھ کہ تیرے ہاتھ ہمیشہ خاک آلود رہیں گے۔

یہ وہ مبارک تعلیم ہے جو نہ صرف مسلمانوں کے گھروں کو جنت کا نمونہ بنا سکتی ہے بلکہ ان کی نسلوں کو بھی دین و دنیا میں ترقی دینے کی بنیاد بننے کا بھاری ذریعہ ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذاتی نمونہ بھی اس معاملہ میں یہ ہے کہ آپؐ نے اپنی پھوپھی زاد بہن حضرت زینبؓ بنت جحش کی شادی اپنے آزاد کردہ غلام زید بن حارثہ کے ساتھ کر دی تھی اور اس معاملہ میں عربوں کے قدیم رسم و رواج اور خیالات کی قطعاً پروا نہیں کی۔ اسی طرح خود آپ نے عربوں کی ہر معروف قوم میں شادی کی یعنی قریش میں بھی کی غیر قریش میں بھی کی اور بنی اسرائیل میں بھی کی اور عرب میں یہی تین قومیں آباد تھیں مگر افسوس ہے کہ آج کل کئی مسلمان اپنی قوم سے باہر شادی کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔ مثلاً ایک سیّد اس بات

پر مصر ہوتا ہے کہ اس کی لڑکی صرف سیّد کے گھر جائے اور ایک راجپوت کا اس بات پر اصرار ہوتا ہے کہ اس کی لڑکی صرف راجپوت کی بیوی بنے اور ایک ککے زئی اس بات پر ضد کر کے بیٹھ جاتا ہے کہ اس کی لڑکی صرف ککے زئی کے ساتھ ہی بیاہی جائے اور اس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زریں تعلیم اور آپؐ کے مبارک اسوہ کو پسِ پشت ڈال دیا گیا ہے۔

## مرد وعورت میں حقوق کی مساوات

پھر مساوات کی بحث میں مرد عورت کی مساوات کا سوال بھی بہت اہمیت رکھتا ہے۔ یعنی جہاں آج کل ایک طبقہ عورت کو نعوذ باللہ جوتی کی طرح اپنے پاؤں کے نیچے رکھنا چاہتا ہے تو وہاں دوسرا طبقہ اِسے ایسی آزادی دینے پر تلا ہوا ہے کہ گویا وہ انتظامی لحاظ سے بھی خاوند کی نگرانی سے باہر ہوگئی ہے اور پھر یورپ کا ایک طبقہ تو اسلام کی طرف یہ تعلیم بھی منسوب کرتے ہوئے نہیں شرماتا کہ اسلام عورت میں روح تک کو تسلیم نہیں کرتا۔ گویا وہ صرف مشین کی طرح کا ایک جانور ہے جس کی زندگی اس کی موت کے ساتھ ختم ہو جاتی ہے مگر قرآن شریف ان سارے باطل خیالات کی تردید فرماتا ہے۔ چنانچہ سب سے پہلے تو اسلام یہ تعلیم دیتا ہے کہ مرد عورت اپنے اعمال کی جدوجہد اور ان کے نتائج کے حصول میں برابر ہیں اور سب کے اعمال کا نتیجہ یکساں نکلنے والا ہے۔ چنانچہ قرآن شریف میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے:

اَنِّیْ لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى ج بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ج ۝

یعنی ”اے لوگو! میں جو تمہارا خالق ومالک ہوں میں تم میں سے کسی عمل کرنے والے کے عمل کو ضائع نہیں کرتا خواہ وہ مرد ہو یا عورت کیونکہ تم سب ایک ہی نسل کے حصے اور ایک ہی درخت کی شاخیں ہو۔“ (آل عمران: 196)

اور خاوند بیوی کے مخصوص حقوق کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ ۝

یعنی ”جس طرح خاوندوں کے بعض حقوق بیویوں کے ذمہ ہیں اس طرح بیویوں کے بعض حقوق خاوندوں کے ذمہ بھی ہیں۔“ (البقرہ: 229)

اس قرآنی آیت کا مطلب یہ ہے کہ حقوق اور ذمہ داریوں کے معاملہ میں میاں بیوی برابر ہیں کہ کچھ پابندیاں خاوند کے ذمہ لگا دی گئی ہیں اور کچھ پابندیاں بیوی کے ذمہ لگا دی گئی ہیں۔ اور دونوں اپنی اپنی ذمہ داریوں کے متعلق پوچھے جائیں گے۔

مگر چونکہ انتظامی لحاظ سے گھریلو زندگی کی باگ ڈور بہر حال ایک ہاتھ میں رہنی ضروری ہے اس لئے اس جہت سے قرآن شریف فرماتا ہے:

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوۡنَ عَلَی النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعۡضَهُمۡ عَلٰی بَعۡضٍ وَّبِمَاۤ اَنۡفَقُوۡا مِنۡ اَمۡوَالِهِمۡ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ ۞

یعنی ''گھریلو زندگی میں مردوں کو عورتوں پر امیر اور نگران رکھا گیا ہے کیونکہ خدا تعالیٰ نے فطری قویٰ میں مردوں کو فضیلت عطا کی ہے اور پھر عورتوں کے اخراجات کی ذمہ داری بھی انہی پر ہے۔ پس نیک بیویوں کو بہر حال اپنے خاوندوں کا فرمانبردار رہنا چاہیئے۔'' (النساء: 35)

لیکن اس انتظامی فرق کو ایک طرف رکھتے ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیویوں کے ساتھ سلوک کرنے کے متعلق فرماتے ہیں:

خَیْرُکُمْ خَیْرُکُمْ لِاَھْلِہٖ وَأَنَا خَیْرُکُمْ لِاَھْلِی ۞

یعنی ''تم میں سے خدا کے نزدیک بہترین شخص وہ ہے جو اپنے اہل کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے میں سب سے بہتر ہے اور خدا کے فضل سے میں تم سب میں اپنی بیویوں کے ساتھ بہتر سلوک کرنے والا ہوں۔'' (بخاری کتاب النکاح)

اور اس بارے میں قرآن شریف یہ ارشاد فرماتا ہے کہ:

وَعَاشِرُوۡهُنَّ بِالۡمَعۡرُوۡفِ فَاِنۡ كَرِهۡتُمُوۡهُنَّ فَعَسٰۤى اَنۡ تَكۡرَهُوۡا شَيۡـئًا وَّيَجۡعَلَ اللّٰهُ فِيۡهِ خَيۡرًا كَثِيۡرًا ۞ (النساء:20)

یعنی ''اے مسلمانو! اپنی بیویوں کے ساتھ بہت نیک سلوک کیا کرو اور اگر تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کو ناپسند بھی کرتا ہو تو پھر بھی یاد رکھو کہ ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو پسند نہ کرو مگر خدا نے اس میں تمہارے لئے انجام کے لحاظ سے بہت بڑی خیر مقدر کر رکھی ہو۔''

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اسلام نے مساوات انسانی کے متعلق بہترین تعلیم دی ہے۔ چنانچہ:

(۱) سب سے پہلے اس نے اس اصول کو بیان کیا ہے کہ سب لوگ ایک ہی جنس کی مخلوق اور ایک ہی باپ کی نسل اور ایک ہی درخت کی شاخیں ہیں اس لئے نسلی لحاظ سے سب کا حق برابر ہے۔

(۲) اس کے بعد اس نے اس بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ نسلی وحدت کے باوجود یہ ممکن ہے کہ جس طرح زمین کے پیٹ میں ایک ہی قسم کے عناصر مختلف قسم کی صورتیں اور مختلف قسم کے خواص اختیار کر کے مختلف قسم کی معدنیات کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں اسی طرح مختلف انسان بھی بعد کے حالات کی وجہ سے مختلف قوموں اور قبیلوں میں تقسیم ہو کر مختلف اوصاف اختیار کر سکتے ہیں مگر اس فرق کی وجہ سے کسی قوم یا کسی قبیلہ یا کسی فرد کو کسی دوسرے پر بے جا فخر اور تکبر نہیں کرنا چاہئے کیونکہ ممکن ہے کہ جو قوم یا جو شخص آج نیچے ہے وہ کل کو اوپر ہو جائے۔

(۳) اس کے بعد اسلام یہ تعلیم دیتا ہے کہ اس وحدت نسلی کے علاوہ مسلمان خصوصیت کے ساتھ ایک دوسرے کے بھائی ہیں کیونکہ وہ ایک ہی ایمان کے حامل اور ایک ہی دامن رسالت سے وابستہ ہونے کی وجہ سے ایک ہی روحانی باپ کے بچے ہیں۔ پس انہیں ہر حال میں بھائی بھائی بن کر رہنا چاہئے۔

(۴) اس کے بعد اسلام یہ بتاتا ہے کہ بے شک مومنوں میں بھی فرق ہو سکتا ہے مگر یہ فرق ان کے ذاتی اوصاف پر مبنی ہونا چاہئے اور بہر حال خدا کے نزدیک زیادہ عزت والا شخص وہ ہے جو دینداری اور تقویٰ اور جذبہ خدمت میں دوسروں سے آگے ہے۔

(۵) اس کے بعد اسلام یہ ہدایت دیتا ہے کہ کسی شخص کے دینی امتیاز یا دنیوی بڑائی کی وجہ سے یہ نہیں ہونا چاہئے کہ قضائی اور عدالتی معاملات میں کوئی فرق ملحوظ رکھا جائے کیونکہ عدالتی حقوق کے میدان میں سب لوگ قطعی طور پر برابر ہیں۔

(۶) اس کے بعد اسلام اس زریں اصول کو بیان کرتا ہے کہ قومی عُہدوں کی تقسیم میں صرف ذاتی اہلیت کو دیکھنا چاہئے اور بلالحاظ امیر و غریب اور بلالحاظ نسل و خاندان جو شخص بھی کسی عہدہ کا اہل ہو اسے وہ عہدہ سپرد کرنا چاہئے خواہ وہ کوئی ہو۔

(۷) اس کے بعد اسلام یہ ارشاد فرماتا ہے کہ گو کسی صاحبِ عزت شخص کا واجبی اکرام کرنا اچھے اخلاق کا حصہ ہے مگر تمدنی معاملات میں سب مسلمانوں کو آپس میں اس طرح مل جل کر رہنا چاہئے کہ وہ ایک خاندان کے افراد نظر آئیں۔ وہ مجلسوں

میں بلاالحاظ امیر وغریب مل جل کر بیٹھیں۔ اگر کوئی امیر دعوت کرے تو اس میں غریبوں کو بھی ضرور بلائے اور اگر کوئی غریب دعوت کرے تو امیر اس سے انکار نہ کریں اور

۸) بالآخر اسلام یہ حکم دیتا ہے کہ بیاہ شادی کے معاملات میں بیوی کا انتخاب اس کے ذاتی اوصاف اور ذاتی نیکی کی بنا پر ہونا چاہئے نہ کہ اس کے حسب نسب اور مال و دولت وغیرہ کی بنا پر۔

## 10. Book of the Promised Messiah[as] ... 10- حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب

**The Philosophy of the Teachings of Islam**

**اسلامی اصول کی فلاسفی**

https://www.alislam.org/library/books/Philosophy-of-Teachings-of-Islam.pdf
https://www.alislam.org/urdu/pdf/Islami-Usool-ki-Philosophy.pdf

# SYLLABUS FOR
# Term - 2
# February 2025 to May 2025

# Overview of Ta'lim Syllabus - Term 2
# February 2025 - May 2025

| S.No. | Components | Details |
|---|---|---|
| 1 | Holy Quran<br>(Urdu Commentary from Tafsir-e-Kabir)<br>(English Commentary from Five Volume Commentary | Surah Al-Buruj<br>Chapter 85 – Part 30 |
| 2 | Commandments of the Holy Quran. | 1. Al-Baqarah - 2:239<br>2. Al-Baqarah - 2:239<br>3. Al-Baqarah - 2:240 |
| 3 | Attributes of Allah The Almighty<br>(with summary from relevant Friday Sermons) | An-Nur<br>Al-Wahab<br>Ar-Razzaq |
| 4 | Salat | Curing Insipidity in Prayer<br>Iqamatus Salat – The Observance of Prayer<br>By Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib - Missionary Incharge UK |
| 5 | Hadith<br>English: Forty Gems of Beauty<br>Urdu: چالیس جواہر پارے | Hadith No: 38<br>Every person is a ruler and will be answerable in respect of his wards<br>ہر شخص اپنی جگہ حاکم ہے اور اپنی حکومت کے دائرہ میں جواب دہ ہو گا۔ |
| 6 | Malfoozat | Malfoozat Volume 1<br>Urdu Pages: 110–116<br>English Pages: 124–131 |
| 7 | Prayers to Memorise | The Holy Quran<br>Al-Baqarah – Chapter :2 –Verse : 256 |
| 8 | Al-Qaseedah | Qaseedah Couplets: 43 & 44<br>(with Urdu and English translation) |

| | | |
|---|---|---|
| 9 | History of Islam | The Life & Character of the Seal of Prophets.Vol. III – Pages: 92-98<br>سیرت خاتم النبیین ﷺ- حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے-جلد سوم-صفحہ 822-827 |
| 10 | Book of The Promised Messiah[as] | New book will be prescribed nearer the time. |

# 1. Holy Qur'an ........................................................ . 1-قرآن کریم

## Al-Buruj – سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ

*(Revealed beforeHijra)*

**Verse-01**

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۱﴾

**Translation**: In the name of Allah, the Gracious, the Merciful.

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

**Verse-02**

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الۡبُرُوۡجِ ﴿۲﴾

**Translation**:By the heaven having mansions *of stars*,

ترجمہ: قسم ہے برجوں والے آسمان کی۔

**Verse-03**

وَالۡیَوۡمِ الۡمَوۡعُوۡدِ ﴿۳﴾

**Translation**: And *by* the Promised Day,

ترجمہ: اور موعود دن کی۔

**Commentary Verses 2 & 3:** Just as there are twelve mansions of stars in the physical heaven, similarly there will be twelve Divine Reformers or Mujaddids or twelve mansions in the spiritual firmament of Islam who will keep its light burning after the sun had set, i.e. after the first three best centuries of Islam will have passed resulting in the spread of spiritual darkness over the whole world. These Reformers will bear witness to the truth of Islam, the Quran and that of the Holy Prophet (saw). "The Promised Day" here signifies the day when the Promised Messiah (as) will be raised to bring about the renaissance of Islam. There have been many such days in the history of Islam which could be called the "Promised Day," namely, the day of the Battle of Badr, the day when the Battle of Ditch came to a glorious end, and the day of the Fall of Mecca. But the Promised

Day par excellence was the time of the Second Coming of the Holy Prophet[saw] in the person of the Promised Messiah[as] in the 14th Century A.H. when Islam was to receive a new life and to prevail over all other religions. The verse may also signify the day when the righteous will enjoy the ecstasy of meeting with their Lord.

اُردو تفسیر- آیت 02-03

فرماتا ہے ہم شہادت کے طور پر آسمان کو پیش کرتے ہیں جو بروج والا ہے۔ مفسّرین نے اِس سے مراد علمِ ہیئت کے بروج لئے ہیں۔ وہ کہتے ہیں بارہ ستاروں کے لئے بارہ بُرج ہوتے ہیں۔ اِس بناء پر آیت کے یہ معنی ہوں گے کہ ہم شہادت کے طور پر آسمان کو پیش کرتے ہیں جس میں بارہ بُرج ہیں۔ یعنی بارہ ایسے مقام ہیں جہاں ستارے ٹھہرتے ہیں وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ اور پھر ہم شہادت کے طور پر یومِ موعود کو پیش کرتے ہیں۔ اگر برج کے معنی 12 مقامات کے لیے جائیں تو یہ یومِ موعود تیرھواں مقام ہوا گویا 12 مقاموں کو بھی اور یومِ موعود کو بھی اللہ تعالیٰ شہادت کے طور پر پیش کرتا ہے اور 12 اور یومِ موعود مل کر 13 ہو گئے جب ہم اس کو وَانْشَقَّ الْقَمَرُ اِذَا اتَّسَقَ والی آیت سے ملاتے ہیں تو پہلی سورت سے اس کی ترتیب بالکل واضح ہو جاتی ہے۔ یعنی رسول کریم ﷺ کے بعد بارہ صدیوں میں مختلف مجدّدین ظاہر ہوئے اور وہ الٰہی منشاء کے مطابق تجدید دین کا کام کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر ہم اُمتِ محمدیہ کے تھوڑے سے اختلاف اور اسلام اور مسلمانوں کی تھوڑی سی مصیبت کو دُور کرنے کے لئے مجدّدین مبعوث کرتے رہے تو یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ اسلام پر ایک بھاری مصیبت آجائے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُس کو دُور کرنے کا کوئی سامان نہ ہو۔ مجدّدین کے اِس متواتر اور پے در پے ظہور کے بعد تیرھویں مقام پر آکر تمہیں کیوں مایوسی پیدا ہو گئی اور کیوں تم نے یہ خیال کر لیا کہ اللہ تعالیٰ اب لوگوں کی ہدایت کے لئے اپنے کسی مامور کو مبعوث نہیں کرے گا۔ حضورؓ فرماتے ہیں:

وَ السَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ کے بعد جس موعود کا ذکر ہے وہ سوائے مسیح موعود کے اور کوئی نہیں۔ فرماتا ہے ہم اسلام کی ترقی کے لیے 12 بروج کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ غور کرو اور دیکھو کہ کس طرح ایک ایک قدم پر اللہ تعالیٰ نے اسلام کی مدد فرمائی اور کفر کے حملوں کو نابود کرنے کے لیے اپنے مقدس لوگ کھڑے کرتا رہا پھر جب تیرھویں

صدی آئی تو ہم نے اس زمانے میں بھی اپنا وہ موعود بھیج دیا جس کی ہم خبر دیتے چلے آئے تھے خدا تعالیٰ کی قدرت ہے ہم پر قرآن کریم کی آیات کے یہ مطالب تو بعد میں کھلے لیکن عجیب بات یہ ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کا نام ہی ہماری جماعت میں مسیح موعود پڑ گیا ہے جس کے معنی یہی ہیں کہ یوم موعود میں ظاہر ہونے والا مسیح جس احمدی سے بھی سنو خواہ وہ عالم ہو یا جاہل، پڑھا لکھا ہو یا ان پڑھ اسے یہی کہتے پاؤ گے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے یوں کہا گویا اللہ تعالیٰ نے آپ کا نام ہی مسیح موعود رکھ دیا اور یہ لفظ اتنی کثرت سے استعمال ہوتا ہے کہ مہدی کا لفظ بھی غائب ہو گیا ہے حالانکہ مہدی کا لفظ حدیثوں میں کثرت سے استعمال ہوا ہے مگر چونکہ قرآن کریم میں اس کو موعود قرار دیا گیا تھا اس لیے خدا تعالیٰ نے اپنے تصرف سے مسیح موعود کے الفاظ دنیا میں رائج فرما دیے۔

**Verse-04**

وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ۝

**Translation**: And *by* the Witness and that about whom witness has been borne,

ترجمہ: اور ایک گواہی دینے والے کی اور اُس کی جس کی گواہی دی جائے گی۔

**Commentary:** Every Prophet or Divine Reformer is شاهد i.e. bearer of witness, because he is a living witness to the existence of God, and he is also مشهود (about whom witness is borne) because God bears witness to his truth by showing signs and miracles at his hands, and by creating conditions and circumstances which establish the truth of his Message and mission. But here, as the text shows, the شاهد (bearer of witness) is the Promised Messiah[as] and (about whom witness is borne) is the Holy Prophet[saw], and the verse signifies that the Promised Messiah[as] will bear witness to the truth of the Holy Prophet[saw] by his speeches, discourses and writings, and by the signs that God will show at his hands. The Promised Messiah[as] will also bear witness to the truth of the Holy Prophet[saw] in the sense that in his person the prophecy of the Holy Prophet[saw] about the appearance of the Messiah and Mahdi in the 14th century A.H. will be fulfilled. The Promised Messiah[as] will also be مشهود in the sense that the

hadith of the Holy Prophet[saw] will bear witness to his truth. Thus the Holy Prophet[saw] and the Promised Messiah[as] will both be شاهد (bearer of witness) andمشهود (about whom witness is borne).

اُردو تفسیر - آیت 04

شاہد مسیح موعودؑ ہیں اور مشہود رسول کریم ﷺ۔ شاہد سے مراد یہ ہے کہ اُس زمانہ میں جب رسول کریم ﷺ کی صداقت لوگوں کے قلوب سے مٹ چکی ہو گی وہ (یعنی مسیح موعودؑ - ناقل) اِس بات کی گواہی دے گا کہ آپؐ (یعنی رسول کریم ﷺ) سچے ہیں اور قرآن کریم کی صداقت لوگوں کے دلوں پر واضح کرے گا۔

**Verse-05**

قُتِلَ اَصۡحٰبُ الۡاُخۡدُوۡدِ ۝۵

**Translation**: Cursed be the Fellows of the Trench —

ترجمہ: ہلاک کر دیئے جائیں گے کھائیوں والے۔

**Verse-06**

النَّارِ ذَاتِ الۡوَقُوۡدِ ۝۶

**Translation**: The fire *fed* with fuel —

ترجمہ: یعنی اُس آگ والے جو بہت ایندھن والی ہے۔

**Verse-07**

اِذۡ هُمۡ عَلَيۡهَا قُعُوۡدٌ ۝۷

**Translation**: As they sat by it,

ترجمہ: جب وہ اُس کے گرد بیٹھے ہوں گے۔

**Verse-08**

وَّهُمۡ عَلٰى مَا يَفۡعَلُوۡنَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ شُهُوۡدٌ ۝۸

**Translation**: And they witnessed what they did to the believers.

ترجمہ: اور وہ اُس پر گواہ ہوں گے جو وہ مومنوں سے کریں گے۔

**Commentary Verses 5, 6, 7 & 8:** By some commentators of the Quran the verse is taken to refer to the burning to death of some Christians by the Jewish King, Dhu Nuwas of Yemen; by some others to the casting into a burning furnace of some Israelite leaders by King Nebuchadnezzar of Babylon (Dan. 3:19-22). The verse may also apply to those enemies of truth, who in the time of every Divine Reformer bitterly oppose and persecute believers. But as the context shows, the verse applies particularly to the enemies of the Promised Messiah[as] and the persecutors and tormentors of his righteous followers. The word "trench" may possess a prophetical reference to the trenches of modern warfare. It is not intended there to refer to any past incident of doubtful authenticity. Nowhere in the Quran has God sworn by past incidents. In verse 3, God swears by the "Promised Day." In the present and the next few verses it is hinted that the followers of the Promised Messiah[as] will have to render great sacrifices to usher in that Great Day.

These verses 5-8 show that all the forces of darkness will combine to oppose and persecute the Promised Messiah[as] and his righteous followers, and that the persecution will be severe and continuous. In fact, in these verses a description is given of those enemies of truth who kindle the fire of persecution against righteous believers in all ages and constantly keep it ablaze. Their end is predicted in verse 11. The enemies of truth know in their heart of hearts that their opposition is cruel and unjustified and that the victims of their tyranny are innocent.

### اُردو تفسیر-آیت 05-06-07-08

مفسرین اسے گزشتہ زمانوں کے واقعات پر چسپاں کرتے ہیں۔ سیّدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

مَیں اِس کا مُنکر نہیں کہ گزشتہ زمانہ میں پھر کوئی ایسا واقعہ ہوا ہو۔ مَیں صرف یہ کہتا ہوں کہ اگر گزشتہ زمانہ میں کوئی ایسا واقعہ ہوا ہے تو یہاں یہ بتایا گیا ہے کہ ایسا ہی واقعہ پھر کوئی ہونے والا ہے۔ پہلے یہ بتایا گیا تھا کہ مسیح موعود ظاہر ہو گا اور اسلام کو غالب کرے گا۔ چنانچہ اِس کی یہ دلیل تھی کہ ماضی شاہد ہے کہ اللہ تعالیٰ احیاء اسلام کے لئے ہمیشہ مجدّدین مبعوث کرتا رہا ہے۔ پس ضروری ہے کہ آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے بالخصوص اس لئے کہ ہم ایک موعود کی بعثت کی خبر دے چکے ہیں۔ اب یہ بتاتا ہے کہ یومِ موعود آسانی سے نہیں آئے گا بلکہ اِس کے لئے مومنوں کو بڑی بھاری قُربانیاں کرنی پڑیں گی۔

چونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یومِ موعود کے متعلق بڑا زور دیا گیا تھا اس لئے ممکن تھا جماعتِ موعود یہ خیال کرلیتی کہ یومِ موعود خود بخود آجائے گا ہمیں اِس کے لئے کسی خاص جدوجہد سے کام نہیں لینا پڑے گا۔ سو خدا تعالیٰ نے قُتِلَ اَصۡحٰبُ الۡاُخۡدُوۡدِ النَّارِ ذَاتِ الۡوَقُوۡدِ کے ذریعہ اِس خیال کا ازالہ کر دیا اور بتایا کہ یہ یومِ موعود آئے گا تو سہی مگر تمہیں اپنی جانوں کو اِس راہ میں قربان کرنا پڑے گا اور مخالفین کے جور و ستم اور اُن کے بھیانک مظالم کا ایک عرصہ تک تختۂ مشق بننا پڑے گا۔

وَهُمۡ عَلٰی مَا یَفۡعَلُوۡنَ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ شُهُوۡدٌ۔ یہاں شُهُوۡدٌ کے معنی واقفوں کے بھی ہیں اور حاضر ہونیوالوں کے بھی۔ اور مطلب یہ ہے کہ وہ جانتے ہوئے کہ مومن بے گناہ ہیں اُنہیں عذاب اور دُکھ دیں گے۔ اسی طرح یہ معنی بھی ہیں کہ وہ عذاب دینے کے وقت خود بھی سامنے کھڑے ہونگے اور اُنکے عذاب کا تماشہ دیکھیں گے اور اُن پر رحم نہ آئے گا۔ اِذۡ هُمۡ عَلَیۡهَا قُعُوۡدٌ سے دو باتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ اوّل یہ کہ وہ میلہ لگائیں گے، لوگوں کا اجتماع کرینگے اور سب کی موجودگی میں اُنکو عذاب دینگے۔ دوسرے یہ کہ یہ تعذیب متواتر چلے گی کیونکہ کسی چیز پر بیٹھ جانا یہ ایک محاورہ ہے جس کے معنی اس کام کو متواتر کرتے چلے جانے کے ہوتے ہیں۔ اِس زمانہ میں ہم احمدیت کے مخالفین کو دیکھتے ہیں تو اُن کی عملی حالت یہی نظر آتی ہے۔

**Verse-09**

وَمَا نَقَمُوۡا مِنۡهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ یُّؤۡمِنُوۡا بِاللّٰهِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَمِیۡدِ ۙ﴿۹﴾

**Translation**: And they hated them not but because they believed in Allah, the Almighty, the Praiseworthy,

ترجمہ: اور وہ اُن سے پرخاش نہیں رکھتے مگر اس بنا پر کہ وہ اللہ، کامل غلبہ رکھنے والے، صاحبِ حمد پر ایمان لے آئے۔

**Verse-10**

الَّذِیۡ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ شَهِیۡدٌ ﴿ؕ۱۰﴾

**Translation**: To Whom belongs the kingdom of the heavens and the earth; and Allah is Witness over all things.

ترجمہ: جس کی آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور اللہ ہر چیز پر گواہ ہے۔

**Commentary Verses 9 & 10:** The verse is full of pathos. The only fault of the believers is that they believe in One, Merciful and Almighty God. Is belief in God really such a heinous crime that its holders should be subjected to cruel persecution? These verses may also refer to the persecution of the early Muslims at Mecca. They had done nothing to excite the enmity of their compatriots except that they had given up worshipping idols of wood and stone and instead had believed in God, the Maker of the heavens and earth.

At once it holds a message of comfort for the believers and a severe warning to their persecutors. Let the disbelievers, it says, vent their spleen against God's holy men and persecute them to their heart's content. God is witness to all their inhumanities and barbarities, and the time is fast approaching when they will be punished for their evil deeds and the kingdom of the earth will be given over to the persecuted believers.

## اُردو تفسیر - آیت 10-09

فرماتا ہے اُن کی کوئی بات اُن کو حقیقتاً ناپسند نہیں ہوگی اور نہ اُن پر کوئی عیب لگا سکیں گے سوائے اس کے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر کیوں ایمان لائے۔ یوں تو وہ بھی اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہوں گے مگر فرق یہ ہو گا کہ یہ لوگ عزیز اور حمید خدا پر ایمان رکھتے ہونگے، ایک زندہ اور قادر خدا کو مانتے ہوں گے مگر وہ لوگ ایک مُردہ خدا کو ماننے والے ہونگے۔

اَلَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض فرماتا ہے اُن کو یہ بھی ڈر نہیں آئے گا کہ یہ لوگ اُس خدا پر ایمان اور یقین رکھنے والے ہیں جو آسمانوں اور زمینوں کا خدا ہے۔ جو لوگ آسمانوں اور زمینوں کے خدا کی عزت کو قائم کرنے کیلئے کوشش کریں گے، یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ خُدا اُن پر لوگوں کو ظلم کرتے دیکھے اور وہ خاموش رہے۔

وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ فرماتا ہے اِن کو یہ گھمنڈ ہے کہ پبلک ہمارے ساتھ ہے یہ لوگ ہمارا کیا بگاڑ سکتے ہیں اُن کو پتہ نہیں کہ ہم بھی ان کے نگران اور محافظ موجود ہیں۔ وہ لوگ جو میری عزت کو قائم کرنے والے ہیں، میری حمد کو قائم کرنے والے ہیں وہ میری آنکھوں کے سامنے اِس طرح مظالم کا نشانہ بنائے گئے تو کیا مَیں خاموش رہوں گا؟ مَیں یقیناً اُن کی مدد کے لئے اُتروں گا اور مظالم کرنے والوں کو اپنے غضب کا نشانہ بنا دوں گا۔

## Verse-11

اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ﴿۱۱﴾

**Translation**: Those who persecute the believing men and the believing women and then repent not, for them is surely the punishment of Hell, and for them is the punishment of burning.

ترجمہ: یقیناً وہ لوگ جنہوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو فتنہ میں ڈالا پھر توبہ نہیں کی تو اُن کے لئے جہنّم کا عذاب ہے اور اُن کے لئے آگ کا عذاب (مقدر) ہے۔

### اُردو تفسیر - آیت 11

یہاں ظاہری اور باطنی دونوں قسم کی آگ مراد ہو سکتی ہے۔ ظاہری اِس لحاظ سے کہ وہ اُن کے جسموں کو دُکھ دیں گے اور باطنی اِس لحاظ سے کہ وہ ایسے ایسے جھوٹے الزام لگائیں گے جن کو سُن کر اُن کے دل جل جائیں گے۔ فرماتا ہے وہ لوگ جو مومن مَردوں اور عورتوں کو جلاتے ہیں، اُن کی طرف طرح طرح کی جھوٹی باتیں منسوب کرتے ہیں، اُن کا دل دکھانے کے لئے ہر قسم کی تدابیر اختیار کرتے ہیں وہ مت سمجھیں کہ ہماری گرفت سے وہ بچ سکیں گے۔ چنانچہ آج کل ہماری جماعت کے خلاف جس رنگ میں فتنہ پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے وہ اس کا کھلا اور واضح ثبوت ہے۔ غیر احمدی ہمارا دل یہ کہہ کر زخمی کرتے ہیں کہ ہم نعوذ باللہ محمد رسول اللہ ﷺ کو نہیں مانتے، حالانکہ ہم جو کچھ کہتے ہیں محمد رسول اللہ ﷺ کی عزت اور آپؐ کے جلال کے اظہار کے لئے کہتے ہیں۔ پس فرماتا ہے وہ لوگ جو مومن مردوں اور مومن عورتوں کے بدنوں کو یا ان کے دلوں کو یا ان کے گھروں کو جلاتے ہیں اور پھر اپنے اس فعل سے توبہ نہیں کرتے ہم ان کو عذاب میں مبتلا کریں گے۔ یاد رکھیں کہ فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ جس طرح انہوں نے مومنوں کے دلوں کو بھی جلایا تھا اور اُن کے جسموں کو بھی جلایا تھا اُسی طرح اُن کو بھی دو قسم کا عذاب دیا جائے گا۔ ظاہری بھی اور باطنی بھی۔

## Verse-12

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿۱۲﴾

**Translation**: But those who believe and do good works, for them are Gardens through which streams flow. That is the great triumph.

ترجمہ: یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے اُن کے لئے ایسی جنتیں ہیں جن کے دامن میں نہریں بہتی ہیں۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

## اُردو تفسیر-آیت 12

عمل صالح کے معنی ایسے اعمال کے ہیں جو مطابقِ حالات ہوں۔ یہ معنی اتنے اہم اور اس قدر ضروری ہیں کہ اِن پر جس قدر بھی زور دیا جائے کم ہے۔ کیونکہ مُسلمانوں کی تمام کامیابی اور ترقی کا دارومدار انہی معنوں پر ہے۔ اگر حالات کے مطابق عمل کیا جائے گا تو وہ یقیناً عمل صالح ہو گا۔ اور اگر حالات کی مطابقت کا خیال نہیں رکھا جائے گا تو وہ عمل غیر صالح ہو گا۔

ایمان لانے اور عملِ صالح کرنے والوں کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اُن کو جنتیں ملیں گی جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ جس طرح کفار کے متعلق ذکر کیا گیا تھا کہ اُن کو دو قسم کے عذاب دیئے جائیں گے اسی طرح یہاں مومنوں کے متعلق فرماتا ہے کہ اُن کو دو قسم کے انعامات دیئے جائیں گے۔ اوّل باغات ملیں گے جو اوپر سے سایہ کرنے والی چیز ہیں۔ دوم اُن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی۔ گویا اوپر سے ٹھنڈک ہو گی اور باطن میں بھی راحت ہو گی۔ ظاہر میں بھی راحت ہو گی اور باطن میں بھی راحت ہو گی۔ لوگوں میں بھی عزت ہو گی اور خدا کے حضور بھی عزت ہو گی۔

## Verse-13

اِنَّ بَطۡشَ رَبِّکَ لَشَدِیۡدٌ ﴿۱۳﴾

**Translation**: Surely the seizing of thy Lord is severe.

ترجمہ: یقیناً تیرے ربّ کی پکڑ بہت سخت ہے۔

## اُردو تفسیر-آیت 13

فرماتا ہے مومنوں کو دُکھ دیئے جائیں گے مگر خدا کی پکڑ بھی بڑی سخت ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بھی الہام ہے کہ وَاِذَا بَطَشۡتُمۡ بَطَشۡتُمۡ جَبَّارِیۡنَ یعنی جب تم گرفت کرو گے تو سختی سے کرو گے۔ پس بے شک وہ مومنوں کو بڑا دُکھ دیں گے۔ مگر یاد رکھیں خدا کی گرفت بھی بڑی سخت ہے۔

**Verse-14**

اِنَّهٗ هُوَ يُبۡدِئُ وَيُعِيۡدُ ﴿۱۴﴾

**Translation**: He it is Who originates and reproduces;

ترجمہ: یقیناً وہی شروع بھی کرتا ہے اور دُہراتا بھی ہے۔

**Commentary:** The verse means that God will punish the cruel and tyrannical persecutors of believers, in this world and in the life to come.

اُردو تفسیر - آیت14

خدا پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے اور دوبارہ بھی وہی لَوٹاتا ہے۔ مطلب یہ کہ خدا ہی ہے جو اِس دُنیا میں بھی اُن کو عذاب دے گا اور آخرت میں بھی ان کو عذاب دے گا۔ گویا یُبۡدِئُ وَيُعِيۡدُ کے یہ معنی ہیں کہ یُبۡدِئُ الۡعَذَابَ فِی الدُّنۡیَا وُیُعِیۡدُھَا فِی الۡاٰخِرَۃِ۔

**Verse-15**

وَهُوَ الۡغَفُوۡرُ الۡوَدُوۡدُ ﴿۱۵﴾

**Translation**: And He is the Most Forgiving, the Loving;

ترجمہ: باوجود اس کے کہ وہ بہت بخشنے والا اور بہت محبت کرنے والا ہے۔

اُردو تفسیر - آیت15

یہاں چونکہ عیسائیت کا ذکر ہے اور عیسائی خدا کو بخشنے والا قرار نہیں دیتے لیکن خدا کو محبت کرنے والا وجود ضرور قرار دیتے ہیں۔ اس لئے خدا نے غفور اور وُدود دونوں الفاظ کو اس جگہ اکٹھا کر دیا ہے۔ جو غفور ہو گا ضرور ہے کہ وہ وُدود ہو اور جو وُدود ہو گا ضرور ہے کہ وہ غفور ہو۔ یہاں یہ دونوں صفات اکٹھی کر کے عیسائیت کے اِس عقیدہ کی خدا تعالیٰ نے تردید کر دی ہے کہ لوگوں کے گناہوں کو بخشنا اُس کے عدل کے خلاف ہے۔

**Verse-16**

ذُو الۡعَرۡشِ الۡمَجِيۡدُ ﴿۱۶﴾

**Translation**: The Lord of the Throne, the Lord of honour;

ترجمہ: صاحبِ عرش (اور) صاحبِ مجد ہے۔

**Commentary:** The word عرش (Throne) signifying regal might, power and sovereignty (Lane), the verse means that God has the power to punish evildoers and to confer the kingdom of the earth on His righteous servants. He can do what He likes.

اُردو تفسیر - آیت 16

فرماتا ہے وہ عرش والا ہے اور بڑی بزرگی والا ہے یہاں ذوالعرش اس لئے کہا گیا ہے کہ عیسائی دُنیا نے ایک وقت یہ دُعا شروع کی جو اپنی غلط فہمی سے اب تک کرتے چلے آئے ہیں کہ "اے خدا تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔" (متی باب۶ آیت۱۰) اُنیس سو سال اُن کو یہ دُعا کرتے ہوئے گذر گئے مگر اُن کے نزدیک اب تک خدا کی بادشاہت آسمان سے زمین پر نہیں آئی۔ فرماتا ہے اے عیسائیو تم یہ کیا کر رہے ہو وہ خدا تو عرش والا ہے اور مجد والا ہے انیس سو سال تک اس نے اس دعا کو نہ سنا اور زمین پر خدا کی بادشاہت نہ آئی تو وہ ذوالعرش المجید کس طرح رہا وہ جب کہتا ہے کہ اس کی بادشاہت زمین پر آجائے تو پھر وہ آنے سے رکا نہیں کرتی۔ چنانچہ خدا کی بادشاہت آسمان سے زمین پر پہلے مسیح ناصریؑ کے ذریعہ آئی پھر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ذریعہ آئی اور اب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ خدا کی بادشاہت تیسری بار آسمان سے زمین پر آگئی ہے مگر وہ ابھی تک یہی دُعا مانگتے چلے جارہے ہیں کہ اے خدا جس طرح تیری بادشاہت آسمان پر ہے اسی طرح زمین پر آوے۔

**Verse-17**

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿١٧﴾

**Translation**: Doer of whatever He wills.

ترجمہ: جو چاہتا ہے اُسے ضرور کر کے رہتا ہے۔

اُردو تفسیر - آیت 17

وہ جس کام کا ارادہ کرے اُسے کر کے رہتا ہے مگر تم یہ کہتے ہو کہ اُس نے اپنی بادشاہت آسمان سے زمین پر لانے کا ارادہ تو کیا تھا مگر اب تک وہ اپنے اِس ارادہ کو پُورا نہیں کر سکا۔

**Verse-18**

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۸﴾

**Translation**:Has *not* the story of the hosts come to thee?

ترجمہ: کیا تجھ تک لشکروں کی خبر پہنچی ہے؟

**Verse-19**

فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿۱۹﴾

**Translation**: Of Pharaoh and Thamud?

ترجمہ: فرعون کی اور ثمود کی۔

**Commentary Verses: 18 & 19:** The believers are again comforted by this verse and the disbelievers warned. Both of them are told that not only will the followers of the Holy Prophet[saw] or, for that matter, the followers of the Promised Messiah[as], be subjected to persecution, but during the ages the votaries of Satan have harried and harassed men of God and in the long run were themselves destroyed. The cases of Pharaoh's hosts and of the tribe of Thamud are cited as instances of Divine retribution. These two people of antiquity possessed great power and ruled over vast dominions.

اُردو تفسیر - آیت 19-18

فِرْعَوْنَ وَ ثَمُوْدَ جنود کا بدل ہے۔ کہ کیا تمہیں لشکروں کی خبر پہنچی ہے۔ اِس کے بعد اُن جنود کے سرداروں کا نام لے لیا کہ وہ لشکر جو فرعون اور ثمود کے تھے۔ مطلب یہ کہ یہ کوئی چھپی ہوئی بات نہیں کہ ہم نے اُن دشمنوں سے کیا کیا تھا بلکہ یہ بالکل ظاہر بات ہے۔ پھر اگر تمہیں فرعون اور ثمود کے لشکروں کی بربادی کی خبریں معلوم ہیں تو کیوں عبرت حاصل نہیں کرتے اور کیوں مخالفت میں بڑھتے جارہے ہو۔

**Verse-20**

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۲۰﴾

**Translation**: Nay, but those who disbelieve *persist* in rejecting *the truth*.

ترجمہ: بلکہ وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا وہ تکذیب ہی میں (لگے) رہتے ہیں۔

اُردو تفسیر - آیت 20

فرماتا ہے اِن کفار کے قلب کی حالت ایسی ہو گئی ہے جو تکذیب والی ہے۔ کتنی ہی مثالیں اُن کے سامنے موجود ہوں یہ انکار کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ اور جب کسی کے قلب کی ایسی حالت ہو جائے کہ وہ ہر بات کی مخالفت کرنا اپنے لئے ضروری قرار دے لے تو پھر اُسے ہدایت نصیب نہیں ہو سکتی کیونکہ ہدایت اُس وقت حاصل ہوتی ہے جب انسان غور سے کام لے اور جب اُس نے غور ہی نہ کرنا ہو تو ہدایت کس طرح حاصل ہو سکتی ہے۔

**Verse-21**

وَّاللّٰهُ مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ مُّحِيۡطٌ ﴿۲۱﴾

**Translation**: And Allah encompasses *them* from before them and from behind them.

ترجمہ: جبکہ اللہ اُن کے آگے پیچھے سے گھیر اڈالے ہوئے ہے۔

اُردو تفسیر - آیت 21

مُحِیۡط کے لفظی معنی احاطہ کرنے والے کے ہوتے ہیں لیکن محاورہ کی رو سے اسے عذاب کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ اُن کے پیچھے سے اُن کا احاطہ کرنے والا ہے۔ احاطہ کا لفظ عذابِ تام پر دلالت کرتا ہے۔ رستہ کُھلا ہو تو انسان بھاگ سکتا ہے لیکن جب چاروں طرف سے احاطہ ہو تو بھاگنے کے تمام راستے مسدود ہو جاتے ہیں۔ وَرَآئِهِمۡ کے لفظ سے اس حقیقت کی طرف اشارہ فرمایا کہ جب وہ عذاب آئے گا تو اُنہیں پتہ بھی نہیں لگے گا کیونکہ پیچھے سے جو چیز آتی ہے وہ اچانک آتی ہے۔

**Verse-22**

بَلۡ هُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِيۡدٌ ﴿۲۲﴾

**Translation**: Nay, but it is a glorious Qur'an,

ترجمہ: بلکہ وہ تو ایک صاحبِ مجد قرآن ہے۔

**Verse-23**

فِيۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ ۝۲۳

**Translation**: In a *well* guarded tablet.

ترجمہ: ایک لَوحِ محفوظ میں۔

**Commentary Verses 22 & 23:** The verse challenges disbelievers to do their worst to discredit the Quran. The Quran however, will continue to be read and held in high esteem all over the world. The verse constitutes a challenging prophecy about the Quran being guarded against every kind of interference and distortion.

اُردو تفسیر - آیت 22-23

فرماتا ہے یہ لوگ تو پُرانے مکذّبین سے بھی اپنے عناد اور مخالفت میں بڑھ رہے ہیں مگر ہم کہتے ہیں یہ وہ کلام ہے جو بڑا بزرگ ہے۔ یہ تکذیب میں زیادتی کرنی شروع کر دیں ہم اس کی تصدیق میں زیادتی کرنی شروع کر دیں گے۔ گویا خدا صرف اتنی ہی غیرت نہیں دکھائے گا کہ دشمنوں کو تباہ وبرباد کر دے بلکہ وہ یہ بھی کرے گا کہ اِس قرآن کو عزت کے مقام پر فائز کر دے گا۔

## 2. Commandments of the Holy Quran

| ریفرینس<br>**Ref.** | ترجمہ<br>**Translation** | حُکْمُ الْقُرْآن |
|---|---|---|
| البقرہ: 239<br>Al-Baqarah: 239 | (اپنی) نمازوں کی حفاظت کرو بالخصوص مرکزی نماز کی<br>Watch over your Prayers And in particular the middle Prayer | حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ<br>وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى |
| البقرہ: 239<br>Al-Baqarah: 239 | اور اللہ کے حضور فرمانبرداری کرتے ہوئے کھڑے ہو جاؤ<br>And all of you stand before Allah submissively | وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ |
| البقرہ: 240<br>Al-Baqarah: 240 | پھر (اسی طریق پر) اللہ کو یاد کرو جس طرح اس نے تمہیں سکھایا ہے<br>Then remember Allah as He has taught you | فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ |

## 3. Attributes of Allah the Almighty ........................ 3-اسماءالحسنیٰ

| Original Arabic | Transliteration | Meaning in English | Meaning in Urdu |
|---|---|---|---|
| اَلنُّوْرُ | An-Nur | The Light | نورہی نور |
| اَلْوَهَّابُ | Al-Wahab | The Bestower | بہت دینے والا |
| اَلرَّزَّاقُ | Ar-Razzaq | The Provider | روزی دینے والا |

**An Nur - The Light**

**Resources:**

Friday Sermon 21st June 2002

https://www.alislam.org/friday-sermon/2002-06-21.html

Friday Sermon 28th June 2002

https://www.alislam.org/friday-sermon/2002-06-28.html

Friday Sermon 25th December 2009

https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-12-25.html

Nur is that light which helps to see. Allah has called Himself Nur of the heavens and the earth in the Holy Quran for He is the One who bestows light profusely.

The identification of true believers is that they come from darkness towards light and that they discover a positive change in their condition. In his Friday Sermon, Hazrat Khalifatul Masih IV[rh] explained that the Holy Prophet[saw] said that the Holy Quran is a Book with guidance and light. Huzoor[rh] added that Allah the Exalted bestowed two exclusive lights to the Holy Prophet[saw] that had not been granted to anyone before him and they are: Surah Fatiha and the last verses of Surah Baqarah. There is no station higher than the one where a person becomes Allah's beloved and none was more deserving than the Holy Prophet[saw] of this and that is why Allah has called him Nur.

It was the wish of the Holy Prophet[saw] that the world should accept the *Nur* that he had brought, the guidance that he had introduced. So the world, having taken a measure of this *Nur*, could illuminate their hearts and find nearness to God. This was because of the reason that he knew that rejection of this *Nur* could bring about Divine chastisement and his heart was replete with compassion for humanity. He[saw] could not bear any one person departing from this world without receiving this guidance. So he would awaken at night to worship and supplicate God with heartfelt compassion.

Huzur[rh] said that the Holy Prophet[saw] had enjoined that on the Day of Judgment Salat would be a source of Nur, testimony and salvation for one who looked after one's Salat and that one who abundantly goes to the mosque in the dark of the night should be given the glad tidings of Nur on the Day of Judgement.

Quoting from the writings of the Promised Messiah[as], Huzur[rh] said, Allah the Exalted manifests the Nur of a person through their sincerity and that only the righteous and the discerning can distinguish between Divine Signs and worldly affairs for they possess the discernment of Nur. Just as one needs eyesight to observe the light of the sun, similarly the discernment of Nur is required to experience spiritual matters.

The beautiful teaching of Islam is filled in the hearts of such believers and they seek out higher and higher standards of love of God and His Prophet[saw]. This leads them onto never-ending paths and increases their knowledge and spirituality.

It is the way of God that He keeps the granting of guidance in His hands. The light of sun brings daylight, but one who keeps his doors and windows shut deprives himself of it. In the spiritual world, the light only reaches those who keep the windows and doors of their hearts open. God is not unfair. He takes two steps towards a person who takes one step towards Him and runs to a person who walks towards Him. Therefore, the significance of **'So, whomsoever Allah wishes to guide…'** is that He has knowledge of who is eagerly endeavouring to attain His pleasure and in the process is also keen to accept all His commandments. God continues to open up the heart of such a person and he or she gains insight and perception of true Islam. Thus it is most important to read the Holy Qur'an

so that a pious nature is further illumined by its light. If practice on the teachings of the Qur’an is lacking then mere knowledge of it can be of no benefit.

**اَلنُّوْر:** نور اللہ تعالیٰ کی صفات حسنہ میں سے ایک صفت ہے۔ اَلنُّوْر ابنِ اثیر کے نزدیک وہ ذات ہے جس کے نور کے ذریعے جسمانی اندھا دیکھتا ہے اور گمراہ شخص اس کی دی ہوئی سمجھ سے ہدایت پاتا ہے، یہ معنی لسان العرب میں لکھے ہیں۔ اسی طرح لسان میں لکھا ہے کہ بعض کے نزدیک نور سے مراد وہ ذات ہے جو خود ظاہر ہے اور جس کے ذریعے سے ہی تمام اشیاء کا ظہور ہو رہا ہے اور بعض کے نزدیک نور سے مراد وہ ہستی ہے جو اپنی ذات میں ظاہر ہے اور دوسروں کے لیے بات کو ظاہر کرتی ہے پھر لسان میں لکھا ہے ابو منصور کہتے ہیں کہ نور اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ آپ فرماتا ہے: اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْض اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے بعض کا خیال ہے کہ اس کے معنی ہیں کہ اللہ ہی ہے جو آسمانوں میں رہنے والوں اور زمین میں رہنے والوں کو ہدایت دینے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا نام نور اس لیے رکھا ہے کہ وہی ہے جو روشنی بخشنے والا ہے۔ خدا تعالیٰ نے اپنے لیے لفظ نور اس لیے استعمال کیا کہ یہ مبالغہ کا صیغہ ہے یعنی بکثرت روشنی عطا کرنے والا۔

## Al Wahab - The Bestower

**References:**

Friday Sermon 17th May 2002

https://www.alislam.org/friday-sermon/2002-05-17.html

Friday Sermon 14th November 2008

https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-11-14.html

Al-Wahab is an attribute of Allah the Exalted which signifies One Who bestows and confers on His servants. The word ‘wahab’ denotes a Being Who bestows on everyone according to his or her rights and Who showers blessings on people on a wide scale and that this bestowal is free from any motive or sense of recompense.

The true Wahab is only Allah the Exalted Who confers when asked and even when not asked. If a true believer ponders over this, he or she will

witness demonstrations of conferment at all times and this indeed identifies the Living God for us. On the contrary, one who sees with a worldly eye only deems the material world to be the source of everything.

In his Sermon, Huzur[aba] related that the Holy Prophet[saw] said that if Allah so wished He could turn the heart of anyone among mankind and that the Holy Prophet[saw] would constantly pray to Allah the Exalted to keep his heart firm in matters of faith. The Holy Prophet[saw] recounted that Allah the Exalted had bestowed Laila tul Qadr (Night of the Decree) on his people, a blessing hitherto not bestowed on any other people.

Allah Almighty has taught us many prayers with reference to the Divine attribute of Al-Wahab. In order to draw the attention of the believers towards honouring the dues of their creation, attention is drawn to pray for one's spouse and one's offspring so that virtues may continue from one generation to another. In verse 75 of Surah Al Furqan, Allah says: "And those who say, 'Our Lord, grant us of our spouses and children the delight of our eyes, and make each of us a leader of the righteous."This is a most comprehensive prayer in which one seeks one's spouse as well as children to be the delight of one's eyes. Upon acceptance of this prayer not only are one's spouse and offspring the delight of one's eyes in this world, rather, due to one's virtues Allah continues to bestow even after death. This is the prayer that is made by people who are 'servants of the Gracious God' and who try and leave behind a progeny that is firm on taqwa. Each one of us needs to self-reflect whether while making this prayer we fulfil each others' rights, whether we fulfil the rights of our children that would lead them to taqwa? In his Sermon on this topic, Huzur[aba] said good upbringing is only possible when one's own standards are also sound and worthy of emulating.

**اَلْوَهَّاب:** اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے یعنی اپنے بندوں پر انعام کرنے والا۔ اَلْھِبَہ ایسا عطیہ ہے جو عوض میں کچھ لینے یا دیگر اغراض و مقاصد سے مبرّا ہو۔ اور جب ایسی عطا بہت کثرت سے ہو تو اس عطا کرنے والے کو وَھَّاب کہتے ہیں۔ وَھَّاب خدا تعالیٰ کی صفات میں سے ہے اور اس کے معنی ہیں ایسی ذات جو ہر ایک کو اس کے حق کے عین مطابق عطا کرتی ہے۔ اس سے مراد ایسی ذات ہے جو بندوں پر نعمتیں نچھاور کرتی ہے، وہ ہستی جو وسیع پیمانے پر نوازے اور ہمیشہ ایسی عطا کو

جاری رکھے جس میں کسی قسم کا تکلف، کوئی طمع یا غرض، کوئی معاوضہ کی خواہش شامل نہ ہو۔ یہ لفظ انسانوں کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے لیکن حقیقی وَھَّاب اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے جو اپنے بندوں کو مانگنے پر بھی اور بغیر مانگنے پر بھی کثرت سے عطا فرماتی ہے۔ ایک حقیقی مومن اگر غور کرے تو اللہ تعالیٰ کے وَھَّاب ہونے کے نظارے، اس کی عطاؤں اور انعاموں کے نظارے ہر وقت دیکھتا ہے اور یہی بات ہمیں زندہ خدا کا پتہ دیتی ہے لیکن جو انسان ناشکرا ہے اس کو اللہ تعالیٰ کی عطائیں اور فضل نظر نہیں آتے۔

## Al Razzaq - The Provider

**Reference:**

Friday Sermon 6th June 2008

https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-06-06.html

Friday Sermon 13th June 2008

https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-06-13.html

Razzaq is an attribute of God as He alone provides overtly and covertly for all creation. Allah declares that He alone is the Provider of all creation and for man, who is the most eminent of all creation. Allah provides material as well as spiritual sustenance. Allah states that if the believers put their trust in Him He provides from sources that those who do not believe have no concept of.

According to Imam Raghib the word Rizq (provision) means what is continually granted whether it is worldly or of the Hereafter. The word is also used for a share of something as it is used for food or sustenance. Another meaning of the word Rizq is everything that is beneficial. The word Rizq is cited abundantly in the Holy Qur'an. Allah states in Surah Hud verse 7: 'And there is no creature that moves on the earth but it is for Allah to provide it with sustenance. And He knows its place of temporary settlement and permanent abode. All this is recorded in a clear Book.' In this verse Allah has made a powerful declaration that it is Him alone Who provides.

Whatever is granted is 'Rizq', including the 'Rizq' of the Hereafter. That particular 'Rizq' is only for mankind. The basis of that 'Rizq' is spirituality and good works. The reward of this is given in this very world while its zenith is in the Hereafter. In order to dispense the spiritual 'Rizq' Allah sends His Prophets, and it was through the Holy Prophet[saw] that Allah provided the most excellent spiritual sustenance, which will last forever.

When a believer observes Allah's blessings he is grateful and this causes an increase in his taqwa (righteousness). Allah then bestows further blessings and with His grace He increases their Rizq. He has this dealing with those who have enhanced belief or those who endeavour to enhance their belief.

The Promised Messiah[as] has said that Allah has declared that He is the Razzaq of one who adopts taqwa. In the Holy Qur'an Allah states: 'And how many an animal there is that carries not its sustenance! Allah provides for it and for you. And He is the All-Hearing, the All-Knowing' (Surah Al-Ankabut verse 61). Here our attention is drawn to the fact that no matter what the situation is, those who do good works should be mindful to abide by Allah's commandments and stay firm on Allah's religion. One should never entertain the thought that if one does not follow influential people and powerful governments one would lose one's livelihood or sustenance. Fear whether on an individual level or a national level that one's sustenance is tied up with anyone besides Allah, is wholly erroneous. Allah always provides for those who fulfil their honour.

**الرَّزَّاقُ:** اللہ تعالیٰ کی ایک صفت رزاق ہے۔ ایک حدیث میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یقیناً اللہ عزوجل نے تمہیں پیدا کیا ہے اور تمہیں رزق عطا کیا ہے۔ پس تم اس کی عبادت کرو اور کسی چیز کو اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہراؤ۔ لفظ رزاق صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہی استعمال ہوتا ہے غیر اللہ کے لیے استعمال نہیں ہوتا۔ لفظ رزق کے تحت امام راغب نے اس کے تین معنی بیان کیے ہیں ایک یہ کہ رزق مسلسل ملنے والی عطا کو کہتے ہیں خواہ وہ دنیا کی عطا ہو یا آخرت کی عطا ہو دوسرے یہ کہ کبھی حصہ کے لیے رزق استعمال ہوتا ہے حصہ میں اچھائی بھی ہو سکتی ہے اور برائی بھی ہو سکتی ہے۔ تیسرے یہ کہ کبھی خوراک کو بھی رزق کہتے ہیں جو پیٹ میں جاتی ہے اور غذا کا کام دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں ہی ہوں جو تمہیں رزق مہیا کرتا ہوں اور نہ صرف انسانوں کو بلکہ ہر قسم کی مخلوق کو جسے بھی کھانے کی حاجت ہے اور جہاں تک

انسان کا تعلق ہے، بحیثیت اشرف المخلوقات اسے مادی رزق کی بھی ضرورت ہے اور روحانی رزق کی بھی ضرورت ہے۔ ایک مومن کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر تم اللہ تعالیٰ پر توکل رکھو اور اس کے احکامات پر عمل کرو، تقویٰ کو مد نظر رکھو تو ایسے ذریعوں سے اسے رزق ملتا رہے گا جس کا ایک غیر مومن تصور بھی نہیں کر سکتا۔ غیر معمولی فضل جو ہوتے ہیں اس کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایک شرط رکھی ہے اگر اللہ تعالیٰ نے صفت رزق کا کوئی غیر معمولی اظہار کرنا ہے تو بندے کو بھی تو غیر معمولی تعلق میں بڑھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

## 4. Salat .......................................................................... 4-نماز

**_Iqamatus Salat_ – The Observance of Prayer**

**by Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib**

### Curing Insipidity in Prayer

When alluding to the topic of Iqamatus Salat, the question can arise that if one finds no pleasure in offering the prayers, how can one habituate oneself to it? The answer has been provided most beautifully by the Promised Messiah[as]:

"Whenever such a state persists that the love and pleasure which was once felt in prayer no longer remains, one should not tire, and should not be dismayed and lose strength but should be concerned as to how this lost wealth can be reacquired, and the cure is Taubah, Istighfar (repentance) and supplication. One should not abandon prayer due to insipidity, rather, should increase prayer even further. Ultimately a state of pleasure shall come about through that very insipidity.

Look at how deep one must dig into the earth to acquire water; those who tire are left deprived, while those who do not, ultimately acquire it. Therefore, in order to attain that pleasure Istighfar, an abundance of prayer and supplication, readiness, and steadfastness are necessary."

(Malfoozat, Vol.5, p.432)

The Promised Messiah[as] has not only prescribed supplication in order to acquire pleasure and attention in prayer, but has also taught the specified words which are to be prayed:

"One should supplicate before Allah the Exalted in extreme emotion and passion, saying that just as You have endowed us with the various pleasures of fruits and other things, let me once taste the pleasure of prayer and worship as well." (Malfoozat, Vol.1, pp.163)

In other words, one should supplicate in the following words:

"O Allah the Exalted, the Omnipotent, the Possessor of Majesty, I am a sinner, and the poison of sin has affected my veins to such an extent that I am devoid of emotion and attention in prayer. Forgive me my sins with Thy blessing and grace, and forgive me my lapses, and soften my heart, and place Your greatness and Your fear, and Your love in my heart, so that my hard-heartedness may be dispelled, and I am granted attention in my prayer." (Fatwa Hazrat Masih Mau'ud, pp.37 published in 1935)

Then the Promised Messiah[as] states that one should pray in the following words:

"O Allah, you see how blind and lacking of sight I am, and at this time I am in a complete state of death. I am aware that soon hereafter, I shall receive my calling, and will return to you. At that time, there shall be none who will be able to stop me. My heart is blind and ignorant.

Send down such a flame of light upon it, as your love and attraction are developed in it. Bless me such as I am not raised without sight, and do not become amongst the blind."

He said:

"When a man supplicates in such a way with continuity, he shall see that such a time will come when something of heaven will descend upon his insipid prayer, which shall produce emotion."

(Malfoozat, Vol.2, pp. 616, new edition).

## بے ذوقی کا علاج

اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃ کی بات کی جائے تو کئی لوگ یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ جب نماز میں لذت ہی محسوس نہ ہو تو ہم اس کا اہتمام کس طرح کر سکتے ہیں۔ اس کا جواب حضرت مسیح پاک علیہ السلام کی زبان مبارک سے سنیئے، فرمایا:

"جب کبھی ایسی حالت ہو کہ انس اور ذوق جو نماز میں آتا تھا، وہ جاتا رہا ہے تو چاہئے کہ تھک نہ جاوے اور بے حوصلہ ہو کر ہمت نہ ہارے بلکہ بڑی مستعدی کے ساتھ اس گمشدہ متاع کو حاصل کرنے کی فکر کرے اور اس کا علاج ہے توبہ استغفار تضرّع۔ بے ذوقی سے ترکِ نماز نہ کرے، بلکہ نماز کی اور کثرت کرے۔ پس جس کو نماز میں بے ذوقی پیدا ہو اس کو کثرت کے ساتھ نماز پڑھنی چاہیے اور تھکنا مناسب نہیں، آخر اسی بے ذوقی میں ایک ذوق پیدا ہو جاوے گا۔ دیکھو پانی کے لئے کس قدر زمین کو کھودنا پڑتا ہے جو لوگ تھک جاتے ہیں وہ محروم رہ جاتے ہیں جو تھکتے نہیں وہ آخر نکال ہی لیتے ہیں۔ اس لئے اس ذوق کو حاصل کرنے کیلیئے استغفار، کثرت نماز و دُعا، مستعدی اور صبر کی ضرورت ہے۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 310)

حضرت مسیح پاک علیہ السلام نے نماز میں ذوق حاصل کرنے کیلیئے دُعا کا نسخہ ہی نہیں بتایا، بلکہ دُعا کے معین الفاظ بھی سکھا دیئے ہیں، فرماتے ہیں:

"خدا تعالیٰ سے نہایت سوز اور ایک جوش کے ساتھ یہ دعا مانگنی چاہئے کہ جس طرح اور پھلوں اور اشیاء کی طرح طرح کی لذتیں عطا کی ہیں۔ نماز اور عبادت کا بھی ایک بار مزا چکھا دے۔"

گویا شعر کی زبان میں یہ دعا کی جائے کہ

ہر روز مزے پاتا ہوں دنیا کے خدایا

اک بار عبادت کا مزا بھی تو چکھا دے

پھر فرمایا کہ نماز کی ہر رکعت میں کھڑے ہو کر ان الفاظ میں دعا کیا کرو کہ:

"اے خدا تعالیٰ، قادرِ ذوالجلال! میں گناہگار ہوں اور اس قدر گناہ کے زہر نے میرے دل اور رگ و ریشہ میں اثر کیا ہے کہ مجھے رقت اور حضور نماز حاصل نہیں۔ تُو اپنے فضل و کرم سے میرے گناہ بخش اور میری تقصیرات معاف کر اور میرے دل

کو نرم کر دے اور میرے دل میں اپنی عظمت اور اپنا خوف اور اپنی محبت بٹھا دے تا کہ اس کے ذریعہ سے میری سخت دلی دور ہو کر حضورِ نماز میسر آوے۔" (فتاویٰ مسیح موعود صفحہ 37 مطبوعہ 1935ء الحکم مورخہ 24 مئی 1904ء)

پھر حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ان الفاظ میں بھی دعا کرنی چاہئے کہ:

"اے اللہ تو مجھے دیکھتا ہے کہ میں کیسا اندھا اور نابینا ہوں اور میں اس وقت بالکل مردہ حالت میں ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ تھوڑی دیر کے بعد مجھے آواز آئے گی تو میں تیری طرف آجاؤں گا۔ اس وقت مجھے کوئی روک نہ سکے گا۔ لیکن میرا دل اندھا اور ناشناسا ہے۔ تُو ایسا شعلہ نُور اس پر نازل کر کہ تیرا انس اور شوق اس میں پیدا ہو جائے۔ تو ایسا فضل کر میں نابینا نہ اُٹھوں اور اندھوں میں نہ جا ملوں.... جب اس قسم کی دعا مانگے گا اور اس پر دوام اختیار کرے گا تو وہ دیکھے گا کہ ایک وقت اس پر ایسا آئے گا کہ بے ذوقی کی نماز میں ایک چیز آسمان سے اس پر گرے گی جو رقت پیدا کر دے گی۔"

(ملفوظات جلد 2 صفحہ 616)

## 5. Hadith ........................................................ 5-حدیث

### HADITH NUMBER 38

**Every person is a ruler and will be answerable in respect of his wards**

ہر شخص اپنی جگہ حاکم ہے اور اپنی حکومت کے دائرہ میں جواب دہ ہو گا

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ۔

(صَحِيحِ البُخَارِي كِتَابُ النِّكَاحِ بَابُ الْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا)

Narrated by Hazrat Ibn Umar[ra] that The Prophet of Allah[saw] said:

"Each one of you is a ruler and will be answerable in respect of your subjects."

(Bukhari, Book of Marriage, Chapter: The woman is a guardian in her husband's house)

ترجمہ: عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے ہر شخص اپنے دائرہ کے اندر ایک حاکم کی حیثیت رکھتا ہے اور تم میں سے ہر ایک کو اپنے ماتحتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔

**Explanatory Note:**

Every man has some rights and also owes some corresponding obligations. The Holy Prophet[saw] has, through this Hadith, drawn attention to both these points. The Holy Prophet[saw] has observed that each person, is, in spite of being a subject in some respects, a ruler in other respects. A man who is employed in an office, is, perhaps, subordinate to an officer. But the same person may be the ruler of his wife and children in his home. A wife is subject to the rule of her husband in the management of the household in spite of enjoying marital love. But she simultaneously holds authority over the children, the domestics and over the property of the husband which she holds in her charge. Similarly, from a king to a slave, from a general to a trooper and from a governor to a peon, all are, within their respective spheres, both rulers as well as subjects. The king is the ruler of all of his subjects, but he is, at the same time, a servant of God, or in other words, subject to the law of ordination and determination [Qada wa Qadr]. The same is true for the rest of the officers and subordinates: they are rulers in one respect and subjects in the other. According to the observation of the Holy Prophet[saw] all of them will be required to answer with regard to the subjects in their respective spheres whether indeed they rendered unto them their rights. When, through this process, we come to the last person [who is the least among them] and apparently, we find none under him, on reflection we discover that he is, in reality, the ruler over one subject, his own self, over which he has full authority. He will, therefore, be required to answer in respect of his self and how far he discharged his duty to himself. The Holy Prophet[saw] in short, has alerted everyone to the fact that whichever section of the society one may belong to, one is, in one respect or the other, a ruler, and shall, therefore, be required to answer about one's obligations in this behalf.

This Hadith is simultaneously a carrier of glad tidings to men, fortifying them with courage in that, whatever their station in life, each is, in a way, a ruler and has good cause to be grateful to God for His having granted him a position in His eternal Kingdom and if one gave Him thanks, one could

progress from one's existing sphere of the rule to a higher and better dominion. In short, this pleasant composite of obligations and rights is both glad tidings for men and a warning. It is glad tidings in the sense that sovereignty is a gift of God, and a warning because every sovereignty entails many good obligations. The true Muslim, therefore, is one who is grateful for the good tidings of future grace, and remains vigilant in respect of his present obligations, for within this attitude lies the eternal secret of human progress.

## تشریح

ہر انسان کے ساتھ کچھ حقوق لگے ہوئے ہیں اور کچھ ذمہ داریاں بھی ہیں اور یہ لطیف حدیث انہی دو باتوں کی طرف توجہ دلاتی ہے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے کہ ہیں کہ ہر انسان کسی نہ کسی جہت سے حاکم ہوتا ہے خواہ وہ دوسری حیثیت سے کتنا ہی محکوم ہو۔ ایک شخص جو کسی صیغہ میں ملازم ہے وہ اپنے صیغہ میں اپنے افسر کے ماتحت ہو گا لیکن گھر میں وہ اپنے بیوی بچوں کا حاکم بھی ہو گا۔ ایک عورت اپنے خاوند کے ساتھ محبت کے اعلیٰ مقام پر ہونے کے باوجود انتظامی رنگ میں محکوم ہوتی ہے مگر گھر کے بچوں اور نوکروں پر اور نیز خاوند کے اس مال پر جو عورت کے سپرد ہوتا ہے وہ حاکم بھی ہوتی ہے۔ اسی طرح ایک بادشاہ سے لے کر غلام تک اور ایک جرنیل سے لے کر سپاہی تک اور ایک گورنر سے لے کر دفتر کے چپڑاسی تک سب اپنے اپنے دائرہ کے اندر حاکم بھی ہیں اور محکوم بھی۔ بادشاہ ساری رعایا کا حاکم ہوتا ہے مگر وہ خدا کا یا دوسرے لفظوں میں قضاو قدر کے قانون کا محکوم بھی ہوتا ہے اور یہی حال تمام دوسرے افسروں اور ماتحتوں کا ہے کہ وہ ایک جہت سے حاکم ہیں اور دوسری جہت سے محکوم ہیں اور آنحضرت ﷺ کے ارشاد کے مطابق یہ سب لوگ اپنے اپنے دائرہ میں اپنی اپنی رعایا کے متعلق پوچھے جائیں گے کہ انہوں نے اپنے ماتحتوں کا حق ادا کیا یا نہیں؟ حتیٰ کہ جب ہم اس آخری انسان پر پہنچ جاتے ہیں جس کے نیچے بظاہر کوئی محکوم نظر نہیں آتا تو غور کرنے سے یہ پتہ لگتا ہے کہ دراصل وہ بھی ایک چیز کا حاکم ہے اور یہ چیز اس کا نفس ہے جس پر اسے کامل اختیار دیا گیا ہے۔ پس اس سے اس کے نفس کے متعلق سوال کیا جائے گا کہ اس نے کہاں تک اس کا حق ادا کیا ہے۔ اس طرح آنحضرت ﷺ نے ہر شخص کو ہوشیار کیا ہے کہ خواہ وہ سوسائٹی کے کسی بھی طبقہ سے تعلق رکھتا ہے بہر حال وہ کسی نہ کسی حیثیت میں حاکم ہے اور اسے اپنے دائرہ حکومت میں اپنے کاموں کی جواب دہی کے لئے تیار رہنا چاہیے۔

دوسری طرف یہ حدیث لوگوں کے لئے ایک بشارت بھی ہے اور ان کی ہمتوں کو بلند کرتی ہے کہ خواہ اس وقت تم درجہ میں کتنے ہی نیچے ہو تم بہر حال دوسری جہت سے حاکم بھی ہو۔ پس تمہیں خدا کا شکر گزار ہونا چاہیے کہ اس نے تمہیں اپنی ازلی حکومت کا ایک منصب عطا کر رکھا ہے اور اگر تم اس کے شکر گزار ہوگے تو کل کو تم ترقی کر کے اپنی موجودہ حکومت سے بہتر حکومت کے وارث بن سکتے ہو۔ الغرض حقوق اور ذمہ داریوں کا یہ لطیف مرکب انسان کے لئے ایک بشارت بھی ہے اور انذار بھی۔ بشارت اس لئے کہ ہر حکومت خدا کا ایک انعام ہے اور انذار اس لئے کہ ہر حکومت کے ساتھ کچھ ذمہ داریاں بھی وابستہ ہوتی ہیں۔ پس سچا مومن وہ ہے جو بشارت کے پہلو پر شکر گزار ہوتا اور ذمہ داری کے پہلو کی طرف سے ہمیشہ چوکس و ہوشیار رہتا ہے کہ اسی میں اس کی ترقی کا ازلی راز ہے۔

## 6. Malfoozat ........................................ 6-ملفوظات

**Third Address of the Promised Messiah[as]**
**at the Annual Convention on 30 December 1897**

**Morals are the Sign of a Person's Virtue**

Now I wish to mention an extremely important point. The significance of this matter cannot be understated. Our community must not listen to my words with an air of carelessness and in attention. Remember that morals are the sign of a person's piety. The general definition of a Muslim as narrated in the Hadith is that a Muslim is one from whose hand and tongue another Muslim is safe.

***Note:*** *The Promised Messiah[as] had delivered his address to this point, when it was time for Asr prayer. Hence, the Promised Messiah[as] and all of the attendees offered the Asr prayer with immense sincerity and true passion. Afterwards, they all began to listen attentively to this Man of God, and the Promised Messiah[as] resumed his address. — (From the Editor)*

I brought my discussion to a hold on the point that in teaching us the prayer اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (*Guide us in the right path*) Allah the Exalted wishes for man to keep three aspects in consideration: firstly, his own moral state; secondly the state of his doctrines; thirdly, the state of his actions. In summary, a person must first strive to reform his own state through the

use of their God-given faculties and then supplicate before God. This does not mean, however, that a person need not pray once they have reformed themselves. Even in such a case, one should continue to pray. The words اِيَّاكَ نَعْبُدُ (*Thee alone do we worship*) appear together along with اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ (*Thee alone do we implore for help)*, however, the former clause takes precedence even in the context of time. For by virtue of divine graciousness (*rahmaniyyat*), God made us human, and blessed us with a vast array of faculties and bounties, without any prayer or request on our part. When all this was conferred upon us we had not prayed, this was merely on account of God's grace—that is why these words are first in sequence.

**What Are Morals?**

Now one should reflect over what things are worth asking for? Firstly, morals, which raise a person to the status of a human being. One should not surmise that gentle behaviour alone is what constitutes good morals. Creation (*khalq*) and morals (*khulq*) are two Arabic words which give corresponding meanings. The word *khalq* refers to physical birth, i.e. the creation of one's ears, nose, hair, etc., whereas *khulq* refers to inner, spiritual birth. As such, inner faculties which are the distinguishing factor between a human and non-human are all encompassed in the term *khulq*. Even a person's intellect and thoughts, etc., and all their other faculties are a part of *khulq*.

Through *khulq* a person reforms their human character. If a person had no responsibilities, one would have to ask whether they were a human, a donkey or something else. When a person's *khulq* becomes corrupted, nothing is left but their physical form. For example, if one loses one's senses, they are deemed mad, and are considered to be a human only by virtue of their apparent figure. Hence, morals are to attain the pleasure of God Almighty which is personified in the practical life of the Messenger of Allah[saw]. For this reason, it is necessary for us to mould our own lives in accordance with the life of the Messenger of Allah, peace and blessings of Allah be upon him. These morals are a foundation and if this foundation is weak, an edifice cannot be built upon it. Morals are to place one brick over

another. If one brick is misaligned, the entire wall shall be crooked. Someone has rightly stated:

خشت اول چوں نہد معمار کج

تا ثریا مے رود دیوار کج

*When the builder lays crooked the very first brick;*

*The wall will remain crooked even if it reaches the heaven.*

One ought to pay close attention to these matters. I have seen many men and analysed them closely to find that some are generous, but are also prone to anger and they are easily irritated. There are some who show forbearance but they are also miserly. There are some who are so bold that they will wound a person, striking them with bats in a state of anger and fury, but have no traces of humility and modesty in them. Then, I have observed some who are humble and modest to the utmost extent but are bereft of the quality of bravery, to the extent that they become petrified by even hearing about plague or cholera. I do not say that those who suffer a lack of bravery are devoid of faith. There were some from among the companions of the Holy Prophet[saw] who did not have the strength and courage for battle. The Messenger of Allah[saw] would consider them excused. There are numerous aspects of morality. In my address at the Conference of Great Religions, I have described all of these aspects clearly and at length. All people neither possess every moral quality, nor are they completely deprived either.

**The Lofty Morals of the Noble Messenger**

The Holy Prophet[saw] is the most perfect model and example, who was a perfect compendium of every moral quality. This is why Allah the Exalted honours him by stating:

اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ۝

*Thou dost surely possess high moral excellences. [Holy Quran 68:5]*

At times, the Holy Prophet[saw] would confound the congregation with his immensely eloquent speech. At other times he would make a valiant display in the field of battle. When it came to generosity, he would give

mountains of gold. When it came to demonstrating the greatness of his forbearance, he would forgive criminals worthy of death. In short, God Almighty has showcased the unparalleled and perfect model of His Messenger[saw] and it may be likened to a magnificent tree in whose shade a person can sit to fulfil their needs from its every part: its fruit and flowers; its bark and leaves; in summary, every aspect of the tree is beneficial. The Holy Prophet[saw] is like a magnificent tree that grants shade to tens of millions of creatures, who find comfort and refuge under it—just like under the wings of a hen. In battle, those who were with the Holy Prophet[saw] were considered to be the bravest. For the Holy Prophet[saw] would be in the most dangerous place. Holy is Allah! How impressive! In Uhud, he was showered with swords, and such carnage ensued that the companions found it difficult to bear, but this valiant warrior stood firm like a rock and went on fighting. No blame lies on the companions, for Allah the Exalted forgave them. The underlying secret in this incident was to exhibit the bravery of the Messenger of Allah[saw]. On one occasion, he was struck by swords repeatedly, but he would firmly proclaim that he was Muhammad[saw], the Messenger of Allah. It is said that the Holy Prophet[saw] sustained seventy wounds to his forehead. They were light wounds nonetheless, but this displays his exalted character.

There was a time when the Holy Prophet[saw] owned even more sheep and goats than the Caesar and Chosroes. The Holy Prophet[saw] granted them all to a person who asked for them. If he had not come to own anything, how could he have demonstrated his immense generosity. If he had never been a ruler, how would it be established that despite having the power to seek revenge, he had it within him to forgive the disbelievers of Mecca, who were deserving of death—the very same disbelievers who inflicted the harshest of torments upon the companions, the Holy Prophet[saw] and the Muslim women. When they were presented before him, he announced: لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمِ meaning, on this day I have forgiven you. If such opportunities had not arisen, how would the lofty morals of the Holy Prophet[saw] have come to light? This greatness is unique to the Holy Prophet[saw]. Name a single moral quality that the Holy Prophet[saw] did not possess—and that too to the utmost level of perfection.

When one studies the life of the Messiah (Prophet Jesus[as]) it must be said that his morals remained hidden. The evil from among the Jews who were given seats of honour by the government, and the Roman government respected them due to their influence, continued to trouble the Messiah (Prophet Jesus[as]), but during his life there was no time when he was in power, so that one could judge the degree to which he would exhibit forgiveness, despite having the authority to exact revenge. However, in contrast to this, the morals of the Holy Prophet[saw] were such that they were established to be perfect on the touchstone of observation and experience. His morals are not imaginary notions, rather, we possess evidence of their reality just as the principles of mathematics and numbers are a fact and known to be true. We can establish evidence of his morals just as one is able to prove that two and two equal four. However, the follower of no other Prophet can do so. This is why the Holy Prophet[saw] is like a tree whose every element, be it the roots, bark, fruit, flowers, or leaves, are all beneficial, and rather, prove to be beneficial to the highest degree; they bestow comfort and grant pleasure. After the Honourable Chief of the Universe, on whom be salutations, discord eventually arose among the Muslims and so as a community, it no longer preserved its good morals collectively. Instead, their collective morals were divided and dispersed across various factions of the community. This is why certain individuals are able to adopt selective morals with greater ease.

## حضرت اقدس علیہ السلام کی تیسری تقریر

## بر موقعہ جلسہ سالانہ 30/ دسمبر 1897ء

### اخلاق انسان کے صالح ہونے کی نشانی ہیں

اب مَیں ایک اور ضروری اور اشد ضروری بات بیان کرنی چاہتا ہوں۔ ہماری جماعت کو چاہیے کہ لاپروائی اور عدم توجہی سے نہ سُنے۔ یادرکھو کہ اخلاق انسان کے صالح ہونے کی نشانی ہیں۔ عام طور پر حدیث شریف میں مسلمان کی یہی تعریف آئی ہے کہ مسلمان وہی ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے مسلمان سلامت رہیں۔

(یہاں تک حضورؑ نے تقریر فرمائی تھی کہ نمازِ عصر کا وقت ہو گیا۔ چنانچہ آپؑ نے اور کُل حاضرین نے نہایت خلوص اور سچے جوش سے نمازِ عصر ادا کی اور پھر سب کے سب ہمہ تن گوش ہو کر ”مردِ خدا“ کی باتیں سننے لگے اور آپؑ نے تقریر کو پھر شروع کیا۔ ایڈیٹر)

مَیں نے اس ذکر کو چھوڑا تھا کہ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کی دُعا تعلیم کرنے میں اللہ تعالیٰ نے چاہا ہے کہ انسان تین پہلو ضرور مدِ نظر رکھے۔ اول: اخلاقی حالت۔ دوم: حالتِ عقائد۔ سوم: اعمال کی حالت۔ مجموعی طور پر یوں کہو کہ انسان خداداد قوتوں کے ذریعے سے اپنے حال کی اصلاح کرے اور پھر اللہ تعالیٰ سے مانگے۔ یہ مطلب نہیں کہ اصلاح کی صورت میں دعا نہ کرے۔ نہیں اس وقت بھی مانگتا رہے۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ میں فاصلہ نہیں ہے؛ البتہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ میں تقدم زمانی ہے، کیونکہ جس حال میں اپنی رحمانیت سے بغیر ہماری دُعا اور درخواست کے ہمیں انسان بنایا اور انواع واقسام کی قوتیں اور نعمتیں عطا فرمائیں۔ اس وقت ہماری دُعا نہ تھی اس وقت خدا کا فضل تھا اور یہی تقدم ہے۔

## حکمت کے معنی

بسا اوقات ہمارے دوستوں کو عیسائیوں سے واسطہ پڑے گا۔ وہ دیکھیں گے کہ کوئی بھی بات نادانوں میں ایسی نہیں جو حکیم خدا کی طرف منسوب ہو سکے۔ حکمت کے معنی کیا ہیں؟ وَضْعُ الشَّیْءِ فِیْ مَحَلِّہٖ۔ مگر اُن میں دیکھو گے کہ کوئی فعل اور حکم بھی اس کا مصداق نظر نہیں آتا۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ پر جب ہم پُر غور نظر کرتے ہیں تو اِشَارۃُ النَّص کے طور پر پتہ لگتا ہے کہ بظاہر تو اس سے دُعا کرنے کا حکم معلوم ہوتا ہے کہ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کی ہدایت مانگنے کی تعلیم ہے۔ لیکن اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اس کے سر پر بتلا رہا ہے کہ اس سے فائدہ اُٹھاویں یعنی راہِ راست کے منازل کے لئے قوائے سلیم سے کام لے کر استعانتِ الٰہی کو مانگنا چاہیے۔

## رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاقِ عالیہ

سب سے اکمل نمونہ اور نظیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو جمیع اخلاق میں کامل تھے۔ اسی لئے آپ کی شان میں فرمایا: اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ (القلم: 5) ایک وقت ہے کہ آپؐ فصاحت بیانی سے ایک گروہ کو تصویر کی صورت حیران کر رہے ہیں۔ ایک وقت آتا ہے کہ تیر و تلوار کے میدان میں بڑھ کر شجاعت دکھاتے ہیں۔ سخاوت پر آتے ہیں، تو سونے کے پہاڑ بخشتے ہیں۔ حلم میں اپنی شان دکھاتے ہیں، تو واجب القتل کو چھوڑ دیتے ہیں۔ الغرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بے نظیر

اور کامل نمونہ ہے جو خدائے تعالیٰ نے دکھا دیا ہے۔ اس کی مثال ایک بڑے عظیم الشان درخت کی ہے جس کے سایہ میں بیٹھ کر انسان اس کے ہر جزو سے اپنی ضرورتوں کو پورا کرلے۔ اس کا پھل، اس کا پھول اور اس کی چھال، اس کے پتے غرض کہ ہر چیز مفید ہو۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس عظیم الشان درخت کی مثال ہیں جس کا سایہ ایسا ہے کروڑ ہا مخلوق اس میں مرغی کے پَروں کی طرح آرام اور پناہ لیتی ہے۔ لڑائی میں سب سے بہادر وہ سمجھا جاتا تھا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہوتا تھا، کیونکہ آپؐ بڑے خطرناک مقام میں ہوتے تھے۔ سبحان اللہ! کیا شان ہے۔ اُحد میں دیکھو کہ تلواروں پر تلواریں پڑتی ہیں۔ ایسی گھمسان کی جنگ ہو رہی ہے کہ صحابہؓ برداشت نہیں کرسکتے مگر یہ مردِ میدان سینہ سپر ہو کر لڑ رہا ہے۔ اس میں صحابہؓ کا قصور نہ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو بخش دیا، بلکہ اس میں بھید یہ تھا کہ تا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شجاعت کا نمونہ دکھایا جاوے۔ ایک موقع پر تلوار پر تلوار پڑتی تھی اور آپؐ نبوت کا دعویٰ کرتے تھے کہ محمد رسول اللہ ﷺ مَیں ہوں۔ کہتے ہیں حضرتؐ کی پیشانی پر ستر زخم لگے۔ مگر زخم خفیف تھے، یہ خُلقِ عظیم تھا۔

ایک وقت آتا ہے کہ آپؐ کے پاس اس قدر بھیڑ بکریاں تھیں کہ قیصر و کسریٰ کے پاس بھی نہ ہوں۔ آپؐ نے وُہ سب ایک سائل کو بخش دیں۔ اب اگر پاس نہ ہوتا تو کیا بخشتے۔ اگر حکومت کا رنگ نہ ہوتا، تو یہ کیونکر ثابت ہوتا کہ آپؐ واجب القتل کفارِ مکہ کو باوجود مقدرت انتقام کے بخش سکتے ہیں۔ جنہوں نے صحابہ کرامؓ اور خود حضور ﷺ اور مسلمان عورتوں کو سخت سے سخت اذیتیں اور تکلیفیں دی تھیں۔ جب وہ سامنے آئے تو آپؐ نے فرمایا لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ (یوسف:93) مَیں نے آج تم کو بخش دیا۔ اگر ایسا موقع نہ ملتا تو ایسے اخلاقِ فاضلہ حضورؐ کے کیونکر ظاہر ہوتے۔ یہ شان آپؐ کی اور صرف آپؐ کی ہی تھی۔ کوئی ایسا خُلق بتلاؤ جو آپؐ میں نہ ہو اور پھر بدرجۂ غایت کامل طور پر نہ ہو۔

حضرت مسیح ناصری علیہ السلام کی زندگی کو دیکھ کر کہنا پڑتا ہے کہ ان کے اخلاق بالکل مخفی ہی رہے۔ شریر یہود جن کو گورنمنٹ کے ہاں کُرسیاں ملتی تھیں اور رُومی گورنمنٹ ان کے گروہ کی وجہ سے عزت کرتی تھی، مسیحؑ (ناصری) کو تنگ کرتے رہے، مگر کوئی اقتدار کا وقت حضرت مسیحؑ (ناصری) کی زندگی میں ایسا نہ آیا، جس سے معلوم ہو جاتا کہ وہ کہاں تک باوجود مقدرتِ انتقام کے عفو سے کام لیتے ہیں۔ مگر برخلاف اس کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق ایسے ہیں کہ وہ مُشاہدہ اور تجربہ کی محک پر کامل المعیار ثابت ہوئے۔ یہ صرف باتیں ہی نہیں، بلکہ اُن کی صداقت کا ثبوت ہمارے ہاتھ میں ایسا ہی ہے، جیسے ہندسہ اور حساب کے اُصول صحیح اور یقینی ہیں اور ہم دو اور دو چار کی طرح اُن کو ثابت کر سکتے ہیں، لیکن کسی اور نبی کا متبع ایسا نہیں کرسکتا۔ اسی لیے آپؐ کی مثال ایک ایسے درخت سے دی جس کی جڑ، چھال، پھل، پھول، پتے

غرضیکہ ہر ایک چیز مفید اور غایت درجہ مُفید، راحت رساں اور سُرور بخش ہے۔ چونکہ جناب سرور کائناتؐ علیہ التحیات کے بعد اُمت میں ایک تفرقہ پیدا ہو گیا، اس لیے وہ جامعیت اخلاق بھی نہ رہی، بلکہ جُدا جُدا اور متفرق طور پر وُہ مجموعہ اخلاق پھیل گیا۔ اس لیے بعض آدمی بعض اخلاق کو آسانی سے صادر کر سکتے ہیں۔

## 7. Prayer To Memorise ............................... 7-زبانی یاد کرنے کیلئے دُعا

**Surah Al-Baqarah, Chapter 2, Verse: 256**

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ‌ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ‌ؕ مَنۡ
ذَا الَّذِىۡ يَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ‌ؕ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ‌ۚ وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِشَىۡءٍ مِّنۡ
عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرۡسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ‌ۚ وَلَا يَـــُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ‌ۚ وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡعَظِيۡمُ ﴿۲۵۶﴾

**Translation:** Allah — there is no God but He, the Living, the Self-Subsisting and All-Sustaining. Slumber seizes Him not, nor sleep. To Him belongs whatsoever is in the heavens and whatsoever is in the earth. Who is he that will intercede with Him except by His permission? He knows what is before them and what is behind them; and they encompass nothing of His knowledge except what He pleases. His knowledge extends over the heavens and the earth; and the care of them burdens Him not; and He is the High, the Great.

ترجمہ: اللہ! اُس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ ہمیشہ زندہ رہنے والا (اور) قائم بالذات ہے۔ اُسے نہ تو اُونگھ پکڑتی ہے اور نہ نیند۔ اُسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ کون ہے جو اس کے حضور شفاعت کرے مگر اس کے اذن کے ساتھ۔ وہ جانتا ہے جو اُن کے سامنے ہے اور جو اُن کے پیچھے ہے۔ اور وہ اُس کے علم کا کچھ بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ چاہے۔ اس کی بادشاہت آسمانوں اور زمین پر ممتد ہے اور ان دونوں کی حفاظت اسے تھکاتی نہیں۔ اور وہ بہت بلند شان (اور) بڑی عظمت والا ہے۔

Ayatul Kursi (verse 256) from Surah Al Baqarah
Friday Sermon delivered by Hazrat Khalifatul Masih V(aba)

https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-06-05.html

## 8. Al-Qaseedah ........................................................ 8-القصیدہ

**(43)**

سُجُحٌ کَرِیْمٌ بَاذِلٌ خِلُّ التُّقٰی

خِرْقٌ وَّفَاقَ طَوَائِفَ الْفِتْیَانِ

He has great moral qualities (and he) is of noble conduct, bountiful, and a friend of (those who are) God-fearing. He is (exceedingly) generous, and he has surpassed the (whole) contingent of (Charitable) young men.

آپؐ خوش خُلق، کریم النفس، وسیع القلب اور تقویٰ شعار ہیں آپؐ سخی ہیں

اور تمام نوجوانوں کے گروہوں پر فوقیت رکھتے ہیں۔

**(44)**

فَاقَ الْوَرٰی بِکَمَالِہٖ وَجَمَالِہٖ

وَجَلَالِہٖ وَجَنَانِہِ الرَّیَّانِ

(The Holy Prophet of Islam) possesses superiority (over all creation) due to his (spiritual) excellence, his (elegance and) grace and his majesty, and his ever- fresh (and spiritually refreshing) heart (and soul).

آنحضرت ﷺ اپنے کمال اور اپنے جمال اور اپنے جلال اور اپنے ترو تازہ

اور شاداب روح و قلب کے لحاظ سے تمام مخلوق پر فوقیت رکھتے ہیں۔

(English and Urdu translation taken from: Basics of Religious Education; Fifth Edition)

## 8. History Of Islam .................................................. 8-تاریخ اسلام

### The Life & Character of the Seal of Prophets

**Hazrat Mirza Bashir Ahmad Sahib M.A[ra]**

### Prayer is a Spiritual Means to Success

First and foremost, with relevance to the concept of prayer, Islām teaches that it is not only a form of worship but is a kind of pleading and as per the circumstances, Allāh the Exalted accepts this pleading and produces an outcome. Furthermore, Muslims have been instructed to never be negligent of this spiritual weapon, but to constantly employ it. Actually, the Islāmic perspective on prayer is that God has established various means for the acquisition of objectives in this world and it is the desire of God for people to employ these ways and means as per the circumstances and benefit from them. Furthermore, the secret to worldly success is hidden in the use of these very means. Likewise, in addition to these physical means, God the Exalted has crafted a spiritual instrument as well and this spiritual instrument is prayer. Moreover, it is the desire of Allāh the Exalted that in their affairs, in addition to employing these physical and material instruments, people should employ prayer, i.e., this spiritual tool in parallel as well. Furthermore, in this Divine Will a two fold purpose has been kept in mind:

1. Firstly, so that on account of being surrounded by merely materialistic means, the sights of people do not remain confined to a materialistic environment alone. Moreover, that they do not begin to look upon these materialistic means as their final support. Quite the contrary, along with these means, they may remember the God Who created them, upon the dependence of Whom all these materialistic means are affixed.

2. Secondly, so that people realise that just as various materialistic means have been appointed for success in different objectives, so too, has the Eternal Decree of God appointed a spiritual tool. This spiritual tool is that of prayer, which is just as effective in our affairs as are materialistic ones. Albeit, as per the law of nature, just as there is a technique for the use of every materialistic resource, similarly, there is a technique for the use of

this spiritual resource as well, which if not employed is not effective. However, when this method is employed, this spiritual resource becomes even more effective than the materialistic one. Undoubtedly, the hand of God supports both materialistic and spiritual means, and He is the cause of all causes. However, in this spiritual method, since God the Almighty is as if appealed to directly, for this reason, if it is employed in the correct manner in comparison to materialistic means, it unequivocally proves to be more powerful in its effect, more swifter and widespread in its effect.

**God Listens to and Accepts Prayers**

After this fundamental discussion, we present a few Qur'ānic verses and *Aḥādīth* relating to the concept of prayer, so that it may be ascertained as to what Islām teaches in this regard. Therefore, Allāh the Exalted states in the Holy Qur'ān:

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ۟

*"Your Lord instructs you that (when you are in need or require something),*

'Pray unto Me' and I shall listen to your prayer and accept it. As for those however, who are too proud to worship Me (and whose necks cannot bow down before me to call upon me), shall soon enter the chastisement of the fire, disgraced." [Al-Mu'min-40:61]

Then He states:

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ

يَرْشُدُوْنَ ۟

"O Messenger! When My servants ask thee about Me, tell them I am near (to all of them). I hear the call of the supplicant when he prays to Me. So they should hearken to me and truly believe in me, so that they may see prosperity (in their prayers)." [Al-Baqarah (2:187)]

Then He states:

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۟

وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۟

"O Ye People! Call upon your Lord in every condition, whether you are imploring in a state of anxiety and restlessness, or silently in composure and steadfastness. Know well that God does not like those who transgress; And create not disorder in the earth after Allāh has setup means for its reformation; And call upon him in every state, in fear and in hope. In other words, whether you desire to gain salvation from an affliction, or desire beneficence, continue praying in any case. Verily, the mercy of God is nigh unto those who do good." [Al-A'rāf (7:56-57)]

Furthermore, the Holy Prophet[saw] states in a Ḥadīth:

إِنَّ اللّٰهَ حَيِيٌّ كَرِيْمٌ يَسْتَحْيِيْ إِذَا رَفَعَ الرَّجُلُ إِلَيْهِ يَدَيْهِ أَنْ يَّرُدَّهُمَا صِفْرًا خَائِبَتَيْنِ ۔

"O Ye Muslims! Verily your Lord is a shy and forgiving master. When someone spreads his hands to pray before Him, He feels embarrassed to send him back empty handed."

[Sunanut-Tirmidhī, Kitābud-Da'awāt, Bāb 104 & 118, Ḥadīth No 3556]

O Allāh! How magnificent is this ravishment!

## The Prayer of a Believer can Even Alter Divine Decree

The Holy Prophet[saw] states:

لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ ۔

"O Ye People! Listen hither! Prayer possesses such power that it can even change Divine destiny and decree. In other words, under the normal law and decree, if a person or people are to receive an affliction, with prayer, by His special command, Allāh the Exalted can hold back this affliction."

At this point, those people who consider prayer to be merely worship, should reflect.

## Three Probable Cases of the Acceptance of Prayer

Then, the Holy Prophet[saw] states:

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْعُوْ بِدَعْوَةٍ لَيْسَ فِيْهَا إِثْمٌ وَ لَا قَطِيْعَةُ رَحِمٍ إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ بِهَا إِحْدٰي ثَلَاثٍ إِمَّا يُعَجِّلُ لَهُ دَعْوَتَهُ وَ إِمَّا أَنْ يَدْخِرَهَا لَهُ فِي الْاٰخِرَةِ وَ إِمَّا أَنْ يَصْرِفَ عَنْهُ مِنَ السُّوْٓءِ مِثْلَهَا قَالُوْا إِذًا نُكْثِرُ قَالَ اللّٰهُ اَكْثَرُ۔

"When a Muslim makes a prayer to God, on the condition that this prayer is not based on sin or the severing of ties of kinship, God most definitely accepts it in one out of three possible cases. In other words, firstly, He accepts it as such in this very world; secondly, He accumulates it for the supplicant in the hereafter; thirdly if its acceptance is contradictory to a Divine custom or wisdom, He alleviates a similar suffering or evil from the supplicant."

With the existence of these three possibilities, who can claim that prayers are not accepted?

### Impatience in Prayer is Destructive

Then the Holy Prophet[saw] states:

اِنَّهٗ يُسْتَجَابُ لِأَحَدِكُمْ مَا لَمْ يُعَجِّلْ فَيَقُوْلُ دَعَوْتُ فَلَمْ يَسْتَجِبْ لِىْ وَفِىْ رِوَايَةٍ مَا لَمْ يَسْتَعْجِلْ قِيْلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْاِسْتِعْجَالُ قَالَ يَقُولُ قَدْ دَعَوْتُ وَقَدْ دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَابُ لِىْ فَيَسْتَحْسِرُ عِنْدَ ذٰلِكَ وَيَدَعُ الدُّعَاءَ۔

"Long lasting patience and steadfastness is required in prayer and an individual who does not show impatience, ultimately receives the fruit of his prayer. However, if he begins to tire and say that, 'I have prayed much, but Allāh has not heard me' and then with this thought, he abandons prayer all together, then in actuality, the prayer of such an individual is not accepted."

### The Prayer of a Negligent Heart is not Accepted

Then he states:

اُدْعُوا اللّٰهَ وَأَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَجِيْبُ دُعَاءً مِنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ۔

"When you pray to God, do so with the belief that He shall accept your prayer; And remember, God does not at all listen to a prayer which has come from a negligent and careless heart."

## دعا کامیابی کا ایک روحانی ذریعہ ہے

سب سے پہلے اسلام مسئلہ دعا کے متعلق یہ تعلیم دیتا ہے کہ دعا صرف ایک عبادت ہی نہیں ہے بلکہ حقیقی سوال کا رنگ بھی رکھتی ہے اور اللہ تعالیٰ حسبِ حالات اس سوال کو قبول کرتا اور اس پر نتیجہ مترتب فرماتا ہے اور مسلمانوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ کبھی اس روحانی ہتھیار کی طرف سے غافل نہ ہوں بلکہ اسے ہمیشہ اپنے استعمال میں رکھیں۔ دراصل اسلام میں دعا کے متعلق نظریہ یہ ہے کہ جس طرح خدا نے دنیا میں مختلف مقاصد کے حصول کے لئے مختلف ذرائع مقرر فرمائے ہیں اور خدا کا یہ منشا ہے کہ لوگ حسب حالات ان ذرائع اور اسباب کو اختیار کریں اور ان سے فائدہ اٹھائیں اور دنیا میں ساری ترقی کا راز انہی اسباب کے استعمال میں مخفی ہے اسی طرح خدا تعالیٰ نے ان مادی اسباب کے علاوہ ایک روحانی سبب بھی مقرر فرمایا ہے اور یہ روحانی سبب دعا ہے۔ اور اللہ تعالی کا یہ منشا ہے کہ اس کے بندے اپنے کاموں میں ظاہری اور مادی ذرائع کے ساتھ ساتھ دعا یعنی روحانی ذریعہ کو بھی استعمال کریں۔ اور اس منشاء الٰہی میں دوہری غرض مد نظر ہے۔

اوّل: یہ کہ تا محض مادی اسباب میں گھرے رہنے کی وجہ سے لوگوں کی نظر مادیت کے ماحول میں محصور ہو کر نہ رہ جائے اور وہ ان مادی اسباب کو ہی اپنا آخری سہارا نہ سمجھنے لگیں۔ بلکہ ان اسباب کے ساتھ ساتھ ان اسباب کے پیدا کرنے والے خدا کو بھی یاد رکھیں جس کے سہارے پر یہ سارے مادی اسباب قائم ہیں۔

دوم: یہ کہ تا لوگوں کے دلوں میں یہ احساس پیدا ہو کہ جس طرح مختلف مقاصد میں کامیابی کے لئے بعض مادی اسباب مقرر ہیں اسی طرح خدا کی ازلی تقدیر نے ایک روحانی سبب بھی مقرر کر رکھا ہے اور یہ روحانی سبب دعا ہے جو ہمارے معاملات میں اسی طرح مؤثر ہے جس طرح کہ مادی اسباب مؤثر ہیں۔ البتہ جس طرح قانون قدرت کے ماتحت ہر مادی سبب کے استعمال کا ایک طریق مقرر ہے اسی طرح روحانی سبب کے استعمال کا بھی ایک طریق مقرر ہے جسے اختیار کرنے کے بغیر وہ مؤثر نہیں ہوتا لیکن جب اس طریق کو اختیار کر لیا جائے تو یہ روحانی سبب مادی اسباب کی نسبت بھی زیادہ مؤثر ہو جاتا ہے کیونکہ گو مادی اور روحانی اسباب ہر دو کی تہہ میں خدا ہی کا ہاتھ ہے اور وہی ہر چیز کی علت العلل ہے مگر چونکہ روحانی سبب میں گویا خدا تعالی سے براہ راست اپیل ہوتی ہے اس لئے اگر اس میں صحیح طریق کو اختیار کیا جائے تو وہ لازماً مادی اسباب کی نسبت بہت زیادہ قوی الاثر اور بہت زیادہ سریع الاثر اور بہت زیادہ وسیع الاثر ثابت ہوتا ہے۔

## خدا دعاؤں کو سنتا اور قبول کرتا ہے

اس اصولی نوٹ کے بعد ہم مسئلہ دعا کے متعلق بعض قرآنی آیات اور احادیث اس جگہ درج کرتے ہیں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ اسلام اس بارے میں کیا تعلیم دیتا ہے۔ سو قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: (سورۃ المومن:61)

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ۝

یعنی ”تمہارا پروردگار تمہیں ہدایت فرماتا ہے کہ (جب بھی تمہیں کوئی ضرورت یا حاجت پیش آیا کرے) تم مجھے پکارا کرو۔ میں تمہاری پکار کو سنوں گا اور قبول کروں گا لیکن وہ لوگ جو میری عبادت سے تکبر کرتے ہیں (اور ان کی گردنیں مجھے پکارنے کے لئے نیچی نہیں ہو سکتیں) وہ عنقریب ذلیل ورسوا ہو کر آگ کے عذاب میں داخل کئے جائیں گے۔“

پھر فرماتا ہے:

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ۭ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ۝

یعنی ”اے رسولؐ! جب میرے بندے میرے متعلق تجھ سے پوچھیں تو تو انہیں کہہ دے کہ میں (تم سب کے) قریب ہوں۔ میں پکارنے والے کی آواز کو سنتا اور اس کا جواب دیتا ہوں (یعنی اسے قبول کرتا ہوں) مگر میرے بندوں کو بھی چاہئے کہ وہ میری آواز پر کان دھریں اور مجھ پر سچا ایمان لائیں تاکہ وہ (اپنی دعاؤں میں) کامیابی کا منہ دیکھ سکیں۔“

(سورۃ البقرہ: 187)

پھر فرماتا ہے:

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ۝

وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ۝

(الاعراف: 56-57)

یعنی ”اے لوگو اپنے رب کو ہر حال میں پکارا کرو خواہ تم اضطراب اور گھبراہٹ کی حالت میں آہ و پکار کر رہے ہو یا ضبط اور صبر کی حالت میں خاموش ہو۔ اور جانو کہ خدا حدِ اعتدال سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا اور تمہیں چاہئے کہ بعد اس

کے کہ خدا نے دنیا میں اس کی اصلاح کا سامان پیدا کر دیا ہے، فساد نہ برپا کرو اور اپنے خدا کو خوف اور طمع ہر حالت میں پکارتے رہو (یعنی خواہ تمہیں کسی مصیبت سے رہائی پانے کی خواہش ہو یا کسی بھلائی کے حاصل کرنے کی تمنا ہو ہر حالت میں دعا کرتے رہو) یقیناً خدا کی رحمت نیک لوگوں کے قریب ہے۔ "

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حدیث میں فرماتے ہیں :

إِنَّ رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيمٌ يَسْتَحْيِي مِنْ عَبْدِهِ إِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ أَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا۔

یعنی اے مسلمانو! تمہارا رب شرمیلا اور بخشش کرنے والا آقا ہے۔ وہ اس بات سے شرماتا ہے کہ جب کوئی بندہ اس کے سامنے دعا کے لئے ہاتھ پھیلائے تو وہ اس کے ہاتھوں کو خالی لوٹا دے۔"

اللہ اللہ کیا شان دلربائی ہے۔

## مومن کی دعا خدائی تقدیر کو بھی بدل سکتی ہے

پھر فرماتے ہیں:

لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ۔

یعنی "لوگو! سن لو کہ دعا کو وہ طاقت حاصل ہے کہ وہ خدائی قضاء قدر کو بھی بدل دیتی ہے یعنی اگر عام قانون و قدر کے ماتحت کسی فرد یا قوم پر کوئی مصیبت آنے والی ہوتی ہے تو دعا کے ذریعہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص حکم سے اس مصیبت کو ٹال سکتا ہے۔"

اس جگہ وہ لوگ غور کریں جو دعا کو محض عبادت خیال کرتے ہیں۔

## دعا کی قبولیت کی تین امکانی صورتیں

آپؐ پھر فرماتے ہیں:

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْعُوْ بِدَعْوَةٍ لَيْسَ فِيْهَا إِثْمٌ وَ لَا قَطِيْعَةُ رَحِمٍ إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ بِهَا إِحْدٰي ثَلَاثٍ إِمَّا يُعَجِّلُ لَهُ دَعْوَتَهُ وَ إِمَّا أَنْ يَدْخِرَهَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ وَ إِمَّا أَنْ يَصْرِفَ عَنْهُ مِنَ السُّوْءِ مِثْلَهَا۔

یعنی ”جب ایک مسلمان خدا سے کوئی دعا کرتا ہے تو بشرطیکہ وہ دعا کسی گناہ یا قطع رحمی پر مشتمل نہ ہو خدا اسے تین صورتوں میں سے کسی نہ کسی ایک صورت میں ضرور قبول فرمالیتا ہے یعنی (۱) یا تو وہ اسے اسی صورت میں اسی دنیا میں قبول کرلیتا ہے اور (۲) یا اسے آخرت کے لئے دعا کرنے والے کے واسطے ذخیرہ کرلیتا ہے اور (۳) یا (اگر اس کا قبول کرنا کسی سنت الٰہی یا مصلحت الٰہی کے خلاف ہو تو) اس کی وجہ سے دعا کرنے والے سے کسی ملتی جلتی تکلیف یا بدی کو دور فرمادیتا ہے۔ ،، قبولیت دعا کی ان تین امکانی صورتوں کے ہوتے ہوئے کون کہہ سکتا ہے کہ دعا قبول نہیں ہوتی؟

## دعا میں جلد بازی مہلک ہے

آپؐ پھر فرماتے ہیں :

إِنَّهُ يُسْتَجَابُ لِاَحَدِكُمْ مَا لَمْ يُعَجِّلْ فَيَقُوْلُ قَدْ دَعَوْتُ رَبِّيْ فَلَمْ يَسْتَجِبْ لِيْ وَفِيْ رِوَايَةٍ مَا لَمْ يَسْتَعْجِلُ قِيْلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْإِسْتِعْجَالُ قَالَ يَقُوْلُ قَدْ دَعَوْتُ وَقَدْ دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَابُ لِيْ فَيَسْتَحْسِرُ عِنْدَ ذٰلِكَ وَيَدَعُ الدُّعَاءَ۔

یعنی ”دعا میں لمبے صبر و استقلال کی ضرورت ہوتی ہے اور جو انسان جلد بازی سے کام نہیں لیتا وہ بالآخر اپنی دعا کا پھل ضرور حاصل کرلیتا ہے۔ ہاں اگر وہ خود تھک کر یہ کہنے لگ جائے کہ میں نے تو بہت دعائیں کرکے دیکھ لیا ہے خدا نے میری کوئی نہیں سنی اور پھر وہ اس خیال کے ماتحت دعا چھوڑ بیٹھے تو ایسے شخص کی دعا واقعی قبول نہیں ہوتی۔“

## غافل دِل کی دُعا قبول نہیں ہوتی

آپؐ پھر فرماتے ہیں :

اُدْعُوْا اللّٰهَ وَأَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَجِيْبُ دُعَاءً مِنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ۔

یعنی ”جب تم دعا کرو تو اس یقین کے ساتھ کرو کہ خدا تمہاری دعا کو ضرور سنے گا اور یاد رکھو کہ خدا ایسے دل سے نکلی ہوئی دعا ہرگز نہیں سنتا جو غافل اور بے پرواہ ہے۔“

## 10. Book of the Promised Messiah[as] ... 10- حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب

New book will be prescribed nearer the time.

❁❁❁

# SYLLABUS FOR

# Term - 3

# June 2025 to September 2025

# Overview of Ta'lim Syllabus - Term 3
## June 2025 - September 2025

| S.No. | Components | Details |
|---|---|---|
| 1 | Holy Quran<br>(Urdu Commentary from Tafsir-e-Kabir)<br>(English Commentary from Five Volume Commentary | Surah At-Tariq<br>Chapter 86 – Part 30 |
| 2 | Commandments of the Holy Quran. | 1. Al-Baqarah - 2:255<br>2. Al-Nisa - 4:72<br>3. Ale-Imran - 3:33 |
| 3 | Attributes of Allah The Almighty<br>(with summary from relevant Friday Sermons) | Al-Lateef<br>Al-Haleem<br>As-Sattar |
| 4 | Salat | Model of the Holy Prophet[saw] and The Promised Messiah[as] in Iqamatus Salat.<br>Iqamatus Salat – The Observance of Prayer<br>By Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib - Missionary Incharge UK |
| 5 | Hadith<br>English: Forty Gems of Beauty<br>Urdu: چالیس جواہر پارے | Hadith No: 26<br>Do Not Imitate Other Nations<br>دوسری قوموں کی مشابہت اختیار نہ کرو۔ |
| 6 | Malfoozat | Malfoozat Volume 1<br>Urdu Pages: 117 – 126<br>English Pages: 133 – 142 |

| | | |
|---|---|---|
| 7 | Prayers to Memorise | Istikhara Prayer<br>https://www.alislam.org/video/deeni-o-fiqahi-masail-4-istikhara-dua/<br>Sahih Bukhari – Hadith No. 1162 |
| 8 | Al-Qaseedah | Qaseedah Couplets: 45 & 46<br>(with Urdu and English translation) |
| 9 | History of Islam | The Life & Character of the Seal of Prophets.<br>Vol. III – Pages: 98-101<br>سیرت خاتم النبیین ﷺ- حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے -جلد سوم-صفحہ: 827-830 |
| 10 | Book of The Promised Messiah[as] | New book will be prescribed nearer the time. |

# 1. Holy Qur'an ........................................................ . 1-قرآن کریم

## At-Tariq – سُوْرَةُ الطَّارِقِ

*(Revealed before Hijra)*

**Verse-01**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۱﴾

**Translation**: In the name of Allah, the Gracious, the Merciful.

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

**Verse-02**

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿۲﴾

**Translation**: By the heaven and the Morning Star —

ترجمہ: قسم ہے آسمان کی اور رات کو ظاہر ہونے والے کی۔

**Verse-03**

وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الطَّارِقُ ﴿۳﴾

**Translation**: And what should make thee know what the Morning Star is?

ترجمہ: اور تجھے کیا بتائے کہ رات کو ظاہر ہونے والا کیا ہے؟

**Verse-04**

النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿۴﴾

**Translation**: *It is* the star of piercing brightness —

ترجمہ: بہت چمکتا ہوا ستارہ۔

**Commentary Verses 2, 3 & 4:** The reference in the verse may be to the Promised Messiah[as] whose advent like the morning star was to herald the dawn of the triumph and spread of Islam, after the night of spiritual darkness had passed. According to some commentators, however, the

verse refers to the Holy Prophet[saw] who appeared when the night of spiritual darkness had spread over the entire world, it being pitch dark in Arabia, the land where he made his appearance.

The expression ما ادراك ما which occurs in several places in the Holy Quran is used to impart a particular sense to the word or expression used after it. The word الطارق having several meanings may therefore be taken in one particular sense here, viz. النجم الثاقب i.e. the star of piercing brightness in the next verse.

الثاقب (of piercing brightness) is act. part. from ثقب which means, he bored or pierced a thing. ثقب الكوكب means, the star shone brightly as though it pierced through the darkness, dispelling it. ثاقب الرأى means, a man of sound and penetrating judgement.حسب ثاقب means, a famous, exalted lineage (Lane & Aqrab).

اُردو تفسیر - آیت 04-03-02

طَارِقٌ کے عربی میں تین معنی ہوتے ہیں (1) رات کو آنے والا شخص (2) وہ ستارہ جسے کوکب صبح کہتے ہیں اور جو صبح کے طلوع ہونے کی خبر دیتا ہے (3) علمِ نجوم رکھنے والا شخص جو کنکریاں پھینک کر نتائج اخذ کرے۔ (اقرب)

اس بارے میں یہ بات یاد رکھنے والی ہے کہ ہم بعض جگہ قران کریم کے ایک لفظ کے پانچ پانچ چھ چھ معنی کر جاتے ہیں ایک لفظ کے کئی کئی معنی کرنا قران کریم کے اصول کے خلاف نہیں، ہاں جس جگہ وہ خود معنوں کو محدود کر دے وہاں ہمارا حق نہیں کہ ہم ان معنوں کو ترک کر کے کوئی اور معنی کریں۔ مگر اللہ تعالی نے اس کے معنی کو محدود کرتے ہوئے فرمادیا وَمَآ اَدۡرٰكَ مَا الطَّارِقُ تمہیں کس نے بتایا کہ طارق کون ہے۔ تمہارے پاس اس لفظ طارق کا صحیح مفہوم سمجھنے کا کوئی ذریعہ نہیں بس وَمَآ اَدۡرٰكَ مَا الطَّارِقُ کا بجز اس کے اور کوئی مطلب نہیں کہ طارق کے کئی معنوں میں سے تم کو کس طرح پتہ لگ سکتا ہے کہ ہم اس جگہ طارق کے کون سے معنی مراد لے رہے ہیں اس لیے ہم تمہیں بتاتے ہیں کہ النَّجۡمُ الثَّاقِبُ ہماری مراد یہاں طارق کے لفظ سے صبح کا ستارہ ہے۔

اسلام میں آنے والا دو نام رکھتا ہے ایک بدر اور ایک طارق بدر اس بات کی علامت ہوتا ہے کہ سورج غروب ہو گیا۔ اب اس کی روشنی بدر کے ذریعے ہی دنیا تک پہنچ سکتی ہے اس کے بغیر نہیں لیکن طارق اس بات کی علامت ہوتا ہے کہ سورج

چڑھنے والا ہے پس یہ نہیں ہو گا کہ آنے والا نورِ محمدیؐ کو روک دے گا بلکہ وہ ایک لحاظ سے بدر ہو گا۔ اس لحاظ سے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نورِ نبوت اپنے اندر جذب کر کے دنیا تک پہنچائے گا اور وہ طارق ہو گا ان لوگوں کے لحاظ سے جو اس سے تعلق پیدا کریں گے کیونکہ وہ اس سے تعلق پیدا کرنے کے بعد براہِ راست رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے تعلق پیدا کر لیں گے گویا بدر کے لحاظ سے وہ نورِ نبوت کو لے کر لوگوں تک پہنچائے گا اور طارق کے لحاظ سے لوگوں میں یہ استعداد پیدا کرے گا کہ براہِ راست نورِ محمدیؐ کا اکتساب کریں۔ پس بدر اور طارق دو نام ہیں جو آنے والے موعود کے رکھے گئے ہیں اور عجیب بات یہ ہے کہ حدیثوں میں بھی آنے والے کے دو نام رکھے گئے ہیں ایک مسیح اور ایک مہدی اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے لکھا ہے کہ میر امدار مہدی کے نام پر ہے گو ہماری جماعت میں مسیح موعود نام زیادہ مشہور ہے۔ در حقیقت بدر قائم مقام ہے عیسی کا اور طارق قائم مقام ہے مہدی کا۔

**Verse-05**

اِنۡ کُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَیۡہَا حَافِظٌ ؕ﴿۵﴾

**Translation**: There is no soul but has a guardian over it.

ترجمہ: کوئی (ایک) جان بھی نہیں جس پر کوئی محافظ نہ ہو۔

**Commentary:** "Soul" signifying the souls or persons of the class of النجم الثاقب i.e.the bright stars that dispel spiritual darkness, the verse means that God will guard and protect the Promised Messiah[as], the الطارق (the Morning Star)or النجم الثاقب (the Star of Piercing Brightness) of Islam.

The verse has also been taken to mean that God has appointed a guardian over every person who records his good or bad deeds. For this meaning of the verse see 50:19.

اُردو تفسیر- آیت 05

ہر جان جو دنیا میں آتی ہے اس پر ایک نگران مقرر ہوتا ہے اس آیت کے لوگوں نے مختلف معنی کیے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ ہر انسان کا خدا حافظ ہے چنانچہ قران کریم میں اللہ تعالی ایک دوسرے مقام پر فرماتا ہے اللہ تعالی ہر چیز پر رقیب ہے اور نفس شے کے تابع ہے جب ہر چیز پر وہ رقیب ہے تو نفس بھی اسی میں آگیا اسی طرح فرماتا ہے کہ یقیناً تم پر تمہارے خدا کی طرف سے نگران مقرر ہیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے بھی ایک روایت مروی ہے۔ آپؐ فرماتے ہیں

ہر مومن پر ایک سو ساٹھ فرشتے مقرر ہوتے ہیں اور وہ اس سے اسی طرح شیطانی تحریکیں دور کرتے رہتے ہیں جس طرح شہد کے پیالے سے مکھیاں اڑائی جاتی ہیں۔

**Verse-06**

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝٦

**Translation**: So let man consider from what he is created.

ترجمہ: پس انسان غور کرے کہ اسے کس چیز سے پیدا کیا گیا۔

**Verse-07**

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝٧

**Translation**: He is created from a gushing fluid,

ترجمہ: اُچھلنے والے پانی سے پیدا کیا گیا۔

**Verse-08**

يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝٨

**Translation**: Which issues forth from between the loins and the breast-bones.

ترجمہ: جو پیٹھ اور پسلیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔

**Verse-09**

اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝٩

**Translation**: Surely, He has the power to bring him back *to life*

ترجمہ: یقیناً وہ اس کے واپس لے جانے پر ضرور قادر ہے۔

**Verse-10**

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝١٠

**Translation**: *On* the day when secrets shall be disclosed.

ترجمہ: جس دن پوشیدہ باتیں ظاہر کی جائیں گی۔

**Commentary:** The verse means that all the evil designs of the enemies of the Promised Messiah[as] will be brought to light and they will suffer the consequences of their evil deeds. It may also mean that man will be called to account on the Day of Reckoning for the actions he had done in this life, when all secrets will become unmasked and all his actions, motives and thoughts will come to light, nothing will remain hidden, so much so that even his hands, feet and, tongue will bear witness against him (24:25).

اُردو تفسیر - آیت 10

یہ آیت اس کا ثبوت ہے کہ سَرَایِرُ کے معنی متذکرہ بالا آیت میں صافی القلب کے نہیں بلکہ اس سے مراد وہ چیزیں ہیں جن کو انسان چھپاتا ہے اور چھپاتا ہمیشہ بُری باتوں کو ہی ہے فرماتا ہے یَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ جس دن کہ انسان کے خراب اور گندے ارادے ظاہر کر دیئے جائیں گے یا اس کا امتحان لیا جائے گا۔ ایسے انسان کے اندر نہ تو ذاتی طور پر کوئی قوت ہو گی اور نہ اس کا کوئی مدد گار ہو گا۔

اَلسَّرَآئِرُ سے مراد چھپی ہوئی باتیں: فرماتا ہے یَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ جس دن کہ چھپی ہوئی باتیں خدا تعالیٰ ظاہر کر دے گا یا ان کے مطابق انسان کا امتحان لیا جائے گا۔ ان معنوں کے رو سے مومن و کافر دونوں مراد ہوں گے اور اگر اس کے معنی صافی القلب کے لئے جائیں۔ تب صرف مومن کے لئے یہ آیت سمجھی جائے گی اور اگر سرائر کے معنی صرف یہ کئے جائیں کہ وہ راز جن کو انسان چھپانا چاہتا ہے تو اس صورت میں یہ آیت صرف کافروں کے لئے ہو گی۔

**Verse-11**

فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ﴿۱۱﴾

**Translation**: Then he will have no strength and no helper.

ترجمہ: پس نہ تو اُسے کوئی قوّت حاصل ہو گی اور نہ ہی کوئی مدد گار۔

**Verse-12**

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجۡعِ ﴿۱۲﴾

**Translation**: By the cloud which gives rain after rain,

ترجمہ: قسم ہے موسلا دھار بارش والے آسمان کی۔

**Verse-13**

وَالۡاَرۡضِ ذَاتِ الصَّدۡعِ ﴿۱۳﴾

**Translation**: And *by* the earth which opens out *with her bage*,

ترجمہ: اور روئیدگی اُگانے والی زمین کی۔

**Commentary Verses 11, 12 & 13:** This and the preceding verse signify that rain on which depends very largely the greenness and vegetation of the earth comes down from heaven in times of need. If it ceases for a time, the water in upper strata of the earth gradually dries up. Thus there exists a connection between heavenly and earthly water. As with the cessation of heavenly water, earthly water begins gradually to dry up, so does human reason lose its purity and strength without heavenly revelation.

اردو تفسیر: آیات 13-12-11

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ وَالۡاَرۡضِ ذَاتِ الصَّدۡعِ پھر تم کہتے ہو کہ خدا نے الہام تو بھیج دیا مگر دُنیا اس قابل نہیں کہ وہ اس الہام کو مان سکے۔ فرماتا ہے تمہاری یہ بات بھی غلط ہے کہ دنیا الہامِ الٰہی کو قبول کرنے کی استعداد اپنے اندر نہیں رکھتی۔ تم زمین کی طرف دیکھو وہ کس طرح بنجر پڑی ہوتی ہے اور بظاہر یہ نظر آتا ہے کہ اس میں کسی قسم کی روئیدگی کی قابلیت نہیں رہی مگر خدا نے اس کے اندر مخفی طور پر یہ قابلیت رکھی ہوئی ہوتی ہے کہ وہ پھٹ کر اپنے اندر سے قسم قسم کی سبزیاں وغیرہ پیدا کر دے چنانچہ جب بارش ہوتی ہے تو ناممکن نظر آنے والی بات بھی ممکن ہو جاتی ہے اور جہاں کسی قسم کے سبزہ کا امکان نظر نہیں آتا وہاں بھی سبزہ پیدا ہو جاتا ہے صَدۡعٌ کے معنی لغت میں شَقٌّ کے بھی ہیں۔ اور ذَاتُ الصَّدۡعِ کے معنی ذَاتُ النَّبَاتِ کے بھی ہیں۔ پس ذَاتُ الصَّدۡعِ کے معنی ہیں نبات والی زمین یا پھٹ کر روئیدگی پیدا کرنے والی چیز۔ فرماتا ہے یہ ایک دوسرا نظام ہے جو ہماری طرف سے دنیا میں جاری ہے۔

**Verse-14**

اِنَّهٗ لَقَوۡلٌ فَصۡلٌ ﴿۱۴﴾

**Translation**: It is surely a decisive *word*,

ترجمہ: یقیناً وہ ضرور ایک فیصلہ کن کلام ہے۔

**Verse-15**

وَّمَا هُوَ بِالۡهَزۡلِ ﴿۱۵﴾

**Translation**: And it is not a useless talk.

ترجمہ: اور وہ ہرگز کوئی بیہودہ کلام نہیں۔

**Commentary Verses 14 & 15:** In verse 12-13, the Quran is represented as life-giving rain whereby those who believe in it and act upon its teaching are purified and fostered in the ways of righteousness. This constitutes a strong proof, not a"joke" that the Quran is God's own revealed Word which distinguishes and discriminates between truth and falsehood;

اُردو تفسیر- آیت 15-14

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ فَصۡلٌ فَصَلَ کا مصدر ہے اور فَصَلَ الشَّیۡءَ کے معنی ہوتے ہیں۔ قَطَعَهٗ وَاَبَانَهٗ کسی چیز کو کاٹا اور دوسرے سے علیحدہ کر دیا۔ نیز اَلۡفَصۡلُ کے معنی ہیں پکی بات۔

اَلۡهَزۡلُ - هَزَلَ کا مصدر ہے اور هَزَلَ الرَّجُلُ کے معنی ہیں۔ صَارَ مَهۡزُوۡلًا کمزور ہو گیا۔ اور جب هَزَلَ فُلَانٌ فِیۡ کَلَامِهٖ کہیں تو معنی ہوں گے مَزَحَ وَهَذٰی ہنسی اور تمسخر اختیار کیا اور سنجیدگی کو چھوڑ دیا۔ (اقرب)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ قرآن قول فصل ہے یعنی اس کے نزول کے بعد تمہاری شکست میں کوئی روک نہیں ہو سکتی یا قول فصل سے مراد یہ ہے کہ یَفۡصِلُ بَیۡنَ الۡحَقِّ وَالۡبَاطِلِ یعنی یہ قرآن حق اور باطل میں فرق کر دے گا۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ اس کے آنے کے بعد بھی حق اور باطل میں فرق پیدا نہ ہو۔ یا ضمیر موعود کی طرف جاتی ہے اور مراد یہ ہے کہ ممکن نہیں کہ وہ موعود آئے اور دنیا میں مذکورہ بالا تغیرات نہ ہوں۔ یہ ایک قطعی اور حتمی امر ہے جس کا فیصلہ کیا جا چکا ہے۔ وَمَا هُوَ بِالۡهَزۡلِ یہ کمزور اور بے فائدہ بات نہیں۔

**Verse-16**

اِنَّهُمۡ یَکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا ﴿۱۶﴾

**Translation**: Surely they plan a plan,

ترجمہ: یقیناً وہ کوئی چال چلیں گے۔

**Verse-17**

وَّاَکِیۡدُ کَیۡدًا ﴿۱۷﴾

**Translation**: And I *also* plan a plan.

ترجمہ: اور میں بھی ایک چال چلوں گا۔

اُردو تفسیر - آیت 17-16

یہاں پھر اس مضمون کو دہرا دیا گیا ہے۔ جو پچھلی تین چار سورتوں میں پہلے بیان ہو رہا تھا۔ پہلی سورتوں میں یہ بتایا گیا تھا کہ اسلام بہت بڑی ترقی حاصل کرے گا اور تمام دنیا میں پھیل جائے گا۔ کفّار کے منصوبے دھرے رہ جائیں گے۔ ان کی کوششیں اکارت جائیں گی اور اسلام بڑھتے بڑھتے دنیا کے کناروں تک پہنچ جائے گا۔ اس کے بعد یہ بتایا گیا تھا کہ اسلام پر ایک تنزّل کا دَور آئے گا اور پھر یہ بتایا گیا تھا کہ اس تنزّل کے بعد پھر اسلام کی ترقی کا زمانہ آئے گا اور کفر کو تباہ کیا جائے گا۔ یہ تمام ذکر کرنے کے بعد فرماتا ہے اِنَّهُمۡ یَکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا - وَّاَکِیۡدُ کَیۡدًا۔ دیکھو ہم نے اسلام کی ساری ہسٹری بتادی ہے کہ کس طرح اسلام غالب ہو گا پھر کس طرح اس میں کمزوریاں پیدا ہوں گی اور پھر کس طرح اس دَورِ تنزّل کے بعد ہم اسلام اور مسلمانوں کی ترقی کا سامان کریں گے اور پھر اس مذہب کو دنیا پر غالب کر کے دکھا دیں گے یہ ایک لمبا سلسلہ جو ہم نے بتایا ہے کیا مکّہ کے لوگ اتنی بڑی زنجیر کو توڑ دیں گے اور کیا یہ اپنے ناپاک ارادوں میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اس نے تو ابھی بڑھنا ہے پھر گھٹنا ہے۔ پھر بڑھنا ہے اور دنیا پر غالب آنا ہے اور مکّہ کے لوگ اس خیال میں بیٹھے ہیں کہ وہ اپنی تدبیروں سے اسلام کو مٹا دیں گے۔ اِنَّهُمۡ یَکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا وہ بھی تدبیریں کرتے ہیں وَ اَکِیۡدُ کَیۡدًا اور میں بھی تدبیریں کروں گا۔

**Verse-18**

فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۸﴾

**Translation**: So give time to the disbelievers. *Aye*, give them time for a little while.

ترجمہ: پس کافروں کو ڈھیل دے۔ اُنہیں ایک مدت تک ڈھیل دے دے۔

**Commentary:** Disbelievers are granted respite that they may try all their evil plans and employ all the strength and resources they possess against Islam and the Holy Prophet[saw]. The triumph of Islam, despite all their planning and their boasted strength, will be an irrefutable proof that it is from Allah and has His full support.

اُردو تفسیر - آیت 18

پہلے فرمایا کہ کافروں کو مہلت دے اس سے دو کیفیتیں پیدا ہوتی تھیں ایک مومنوں کے قلب میں اور ایک کفار کے قلب میں۔ مومنوں کے قلب میں تو اس سے یہ کیفیت پیدا ہوتی تھی کہ نہ معلوم کفار کو یہ مہلت کب تک دی جائے گی اور کفار کے دل میں یہ کیفیت پیدا ہوتی تھی کہ ابھی کوئی فکر کی بات نہیں ہمیں اور مہلت مل گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کیفیتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے فرمادیا اس طرح مومنوں کی بھی دل جوئی کر دی کہ کفار کو کوئی لمبی مہلت نہیں دی جائے گی بلکہ بہت تھوڑی مہلت دی جائے گی اور ادھر کفار کی امید توڑ دی کہ تم یہ خیال مت کرو کہ تمہیں اور ڈھیل دی جائے گی تمہاری تباہی اور بربادی کا وقت اب بالکل قریب آپہنچا ہے۔

یہ بات بھی اپنے اندر ایک لطافت رکھتی ہے کہ اس سورت کے آخر میں پھر مضمون کو پہلے زمانے کی طرف پھیر دیا گیا ہے جیسے فرماتا ہے فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا گویا آخر میں پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف مضمون کو پھیر دیا اور جس طرح مضمون کا ابتداء رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ذکر سے کیا گیا تھا اسی طرح مضمون کا خاتمہ بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ذکر پر کیا گیا ہے۔

## 2. Commandments of the Holy Quran

| ریفرنس<br>Ref. | ترجمہ<br>Translation | حُکْمُ الْقُرْآن |
|---|---|---|
| البقرہ: 255<br>Al-Baqarah: 255 | خرچ کرو اس میں سے جو ہم نے تمہیں عطا کیا ہے<br>Spend out of what we have bestowed on you | اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ |
| النساء: 72<br>Al-Nisa: 72 | اپنے بچاؤ کا سامان رکھا کرو<br>Take your precautions | خُذُوْا حِذْرَكُمْ |
| آل عمران: 33<br>Ale-Imran: 33 | اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی<br>Obey Allah and the Messenger | اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ |

## 3. Attributes of Allah the Almighty .......................... 3–اسماء الحسنیٰ

| Original Arabic | Transliteration | Meaning in English | Meaning in Urdu |
|---|---|---|---|
| اَللَّطِيْفُ | Al-Lateef | The Benignant | بہت باریک بین |
| اَلْحَلِيْمُ | Al-Haleem | The Forbearing | تحمل والا |
| اَلْسَتَّارُ | As-Sattar | Covers Weaknesses and Failings | عیوب کو پوشیدہ رکھنے والا |

## Al-Lateef – The Benignant

**Reference:**

Friday Sermon 17th April 2009

https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-04-17.html

Al-Lateef is a kind and gracious being, it is one of the Divine attributes and as such it connotes One Who is Benevolent to His creation as well as One Who is Aware of all subtle and incomprehensible matters. According to various commentators Al Lateef is One Who illumines hearts, Who makes arrangements for physical and spiritual nourishment and Who offers His friendship to His servants at times of tribulation. Also, One Who is most Benignant in matters of accountability, Who acknowledges good but covers weakness, Who accepts small sacrifices and recompenses them with great reward, makes good the matters for one whose affairs are troubled and One Who understands the subtleties of matters.

In verse 104 of Surah Al An'am Allah the Exalted states: 'Eyes cannot reach Him but He reaches the eyes. And He is the Incomprehensible, the All-Aware.' (6:104). Elucidating this verse the Promised Messiah[as] said that sight, intellect and consciousness cannot reach God – it is impossible to try and see Him. He is Al Lateef, He is Unseen, indeed Whoever He reaches He illumines that person to such an extent that the person speaks for Him and this blessing is mostly granted to the Prophets of God and was given above all to the Holy Prophet[saw]. However, those around him who lacked insight were deprived of benefitting from his beneficence.

In his Friday Sermon, Huzur[aba] said one does not require worldly astuteness, education or status to witness the light of God. Rather, God Who is the Knower of all subtleties and is All-Aware as to who are those who truly look for His light and have a real longing to seek Him. He makes arrangements that people who thus seek Him see the light of the Prophets. Huzur[aba] said if one's longing is sincere then by virtue of His attributes God Himself provides guidance for His servant. His light is manifested through His Prophets as they spread the light of Unity of God all around them. Among all the Prophets of God the Holy Prophet[saw] disseminated this light the most for it was him who had the most perfect perception of God and it was he who was completely imbued in the colours of God. In the current

age, because of his perfect and complete devotion and subservience to the Holy Prophet[saw] God granted this light to the Promised Messiah[as].

God Almighty states: 'Hast thou not seen that Allah sends down water from the sky and the earth becomes green? Allah is indeed the Knower of subtleties, the All-Aware.' (22:64). In this verse, God states that by virtue of His attribute of Al Lateef it must be remembered that life originates with water and in order to attain spiritual life one needs to focus on the Unity of God Who possesses all powers. The metaphor of water from the sky connotes that just as rainfall makes the earth and the soil verdant similarly when the spiritual water comes down it facilitates the spiritual development of people. Huzur[aba] has explained that physical rainfall falls on all land but this does not result in rocks and deserts to bloom. Similarly the spiritual water only benefits those who are pure and those who have a glimmer of goodness in them.

Indeed the Knower of all subtleties God knows who is it that seeks Him. Covering the faults and failings of His servants, forgiving their errors He enables those who seek the spiritual water to recognise His light. By citing His attribute of being Powerful, attention is drawn that He also metes justice and that the ultimate triumph is His and of those whom He sends and worldly opposition can never extinguish this light. Huzur[aba] said this is one of God's many decrees and it is inevitable. The stability of the world is in trying to seek beneficence from the Divine attribute of Al Lateef and not be deprived of this blessing.

**اَللَّطِیۡفُ :** قران کریم میں خدا تعالیٰ نے مختلف آیات میں بعض مضامین بیان فرما کر جن میں مختلف رنگوں میں خدا تعالیٰ کی اپنے بندوں پر مہربانیوں کا ذکر ہے اس کو اپنی صفت لطیف کے ساتھ باندھا ہے۔ اقرب یہ لغت کی کتاب ہے۔ اس میں لطیف کا معنی لکھا ہے کہ لطف و مہربانی کرنے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے بھی ہے اور تب اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ اپنے بندوں سے حسن سلوک کرنے والا۔ اپنی مخلوق کو ان کے منافع، نرمی اور مہربانی سے عطا کر کے ان سے حسن سلوک کا معاملہ کرنے والا۔ باریک در باریک اور مخفی در خفی امور کو جاننے والا۔ علامہ قرطبی نے اس کے معنی کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں پر لطف کرنے سے مراد انہیں اعمال حسنہ کی توفیق بخشنا اور گناہوں سے بچائے رکھنا

ہے۔ ملاطفت یعنی حسن سلوک بھی اسی سے نکلا ہے۔ ان ساری باتوں کا جو خلاصہ نکلتا ہے وہ یہ ہے کہ ایک تو اللہ تعالیٰ اپنی اس صفت کے تحت ہدایت کے نور سے خود منور کرتا ہے پھر نمبر دو یہ کہ وہ اپنی صفت لطیف کے تحت ہماری جسمانی اور روحانی نشو نما اور پرورش کا سامان کرتا ہے پھر یہ کہ وہ اپنی صفت کے تحت ہماری آزمائش کے وقت ہمارا دوست اور ولی ہوتا ہے پھر یہ کہ وہ اپنی صفت لطیف کے تحت ہماری پردہ پوشی فرماتا ہے۔ اور پھر اپنی صفت لطیف کی وجہ سے انسان کو سزا دینے اور پکڑنے میں جلدی نہیں کرتا۔ یہ سب باتیں ایسی ہیں جن کا قرآن کریم میں خدا تعالیٰ نے صفت لطیف کے حوالے سے ذکر فرمایا ہے۔

## Al Haleem - The Divine Attribute of Forbearance

**Reference:**

Friday Sermon 21st March 2008

https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-03-21.html

The life of the Holy Prophet[saw], who was the most excellent exemplar of Divine attributes, is replete with instances of forbearance. The blessed model that the Holy Prophet[saw] set forth was not just for the people of that time. It is an example for us to follow for the rest of the time to come, not just to listen to or read about and enjoy and overlook when it is time to put it in practice.

In his Friday Sermon Huzur[aba] related the incident at the victory Mecca when Safwan bin Umaiya fled. Pardon was sought for him which the Prophet[saw] granted. When he was contacted and informed he asked for a specific token that would assure him of the pardon. He was given the turban that the Holy Prophet[saw] had on at the time he had entered Mecca triumphant and was assured of the forbearance of the Holy Prophet[saw]. When Safwan bin Umaiya asked for a respite of two months, the Prophet[saw] granted him four months.

Indeed, the Holy Prophet[saw] had said that the real champion is not one who thrashes an opponent, rather a real champion is one who controls himself when angered. Huzur[aba] said the Holy Prophet[saw] did not ever feel anger on anything of personal nature but only on matters of Allah's religion.

Once a man came to the Holy Prophet[saw] and said that he did nothing but good to his relatives whereas they were always bad to him in return. The Holy Prophet[saw] told the man that his actions covered the malice of the relatives and that as long as he was firm on his way Allah's help would be with him. The Holy Prophet[saw] said that Allah liked two qualities; one was forbearance and the other dignity.

Forbearance connotes compassion, forgiveness, tolerance, kindness and suppressing anger. All these qualities are essential for the betterment of society as well as for spirituality and should be adopted by each Ahmadi.

The Promised Messiah[as] who, in subservience of his master, also demonstrated great forbearance. He once said: 'With the exception of indecency all weaknesses and petulant behaviour peculiar to women should be tolerated. It is shameful that a man should fight a woman.

(Malfuzat vol. 1 p. 307 - Essence of Islam vol. III p. 313)

A Khadim of the Promised Messiah[as] said that his high morals and courtesy were unmatched and all his life he did not ever tell him off or spoke harshly, although he was inefficient and would delay the tasks. During his ailments the Promised Messiah[as] never exhibited any of the usual irritation ailing people feel. He would not even ask people around him to quieten if he suffered from severe headache. His temperament during ill health would be consistent with his usual affable self. Many opponents would come by and use extremely crass and rude language with the Promised Messiah[as] which he would simply hear out without any response. Thus demonstrating civility of high order. Indeed the Promised Messiah[as] said that his nafs (self) had become a Muslim and that no matter how vulgar a tone was used in addressing him, it could not undermine his nafs.

The Promised Messiah[as] would say that even the abuse of a guest should be tolerated as he was not among one's followers. The Holy Prophet[saw] had said that one who is visiting (a holy person) has a right on the person visited. The Promised Messiah[as] said to incur displeasure of such a guest was sinful.

The most supreme reflection of the Divine attribute of Al Haleem was indeed the Holy Prophet[saw]and in this age the Promised Messiah[as] had

acted in the footsteps and in subservience of his master and demonstrated these blessed models for our reformation.

**اَلْحَلِيْم :** اللہ تعالیٰ کی ایک صفت حلیم ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ رحم کرنے والی ہستی، معاف کرنے والا، درگزر کرنے والا یعنی نافرمانی کی صورت میں نافرمانوں پر فوری غضب نازل نہیں کرتا۔ نافرمانی اسے بے چین نہیں کرتی۔ پھر پردہ پوشی کرنے والا ہے گویا اللہ تعالیٰ کی اس صفت میں کئی صفات کے معنی آگئے ہیں۔ رحیم بھی ہے۔ غفور بھی ہے۔ ستار بھی ہے لیکن جب انسان اصرار کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی قائم کردہ حدود کو توڑنا شروع کر دیتا ہے تو پھر اگر وہ چاہے تو اس کی وہ صفات کام کرنا شروع کر دیتی ہیں جن میں پکڑ اور سزا بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات حلیم ہے اور باوجود بعض لوگوں اور قوموں کے حد سے زیادہ بڑھے ہوئے ہونے کے، زیادتیوں میں بڑھے ہوئے ہونے اور نافرمانیوں میں بڑے ہوئے ہونے کے اپنی اس صفت کے تحت اس دنیا میں ایسے لوگوں اور قوموں سے عموماً صرف نظر کرتے ہوئے انہیں فوری نہیں پکڑتا۔ اگر وہ اس طرح رحم نہ کرے اور نرمی کا سلوک نہ کرے اور فوری سزا اور پکڑ اور انتقام کی صفات حرکت میں آجائے تو دنیا میں کوئی فرد بشر باقی نہ بچے بلکہ پھر کوئی جاندار بھی باقی نہ بچتا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے پر ایمان لانے والوں کو بھی اپنی صفات کے اختیار کرنے کا حکم دیا ہے۔ ایک مومن کی یہی نشانی بتائی گئی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں رنگین ہو۔

## As-Sattar – Covers the weaknesses and failings

**References:**

Friday Sermon 27th March 2009

https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-03-27.html

Friday Sermon 3rd April 2009

https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-04-03.html

Friday Sermon 31st March 2017

https://www.alislam.org/friday-sermon/2017-03-31.html

The word Sattar connotes to cover and protect something. Our Loving God forgives our countless mistakes and does not punish us for our shortcomings instantly. True believers are those who benefit from this kindness by becoming aware of their failings and try to reform rather than

get more audacious. When God covers the failings of man then man should also pay attention to his lapses and come in the sphere of God's refuge and experience wondrous manifestations of the Divine quality of being As-Sattar.

The Promised Messiah[as] said that there is no concept of this trait of God in other religions; otherwise there would have been no theory of atonement in Christianity. Only Islam presents the concept of God being a Coverer of faults. However, this certainly does not signify that because God likes to cover failings and forgives, people should become uncontrolled and have no notion of right and wrong since forgiveness is assured. A Hadith informs us that God covers up a believer in countless covers. Each time a believer commits a sin, a cover is torn until there remains no cover. This is when God says to His angels to cover His servant with their wings. If the believer repents upon being covered by the angels, Allah restores the covers; in fact He restores them nine-fold. However, if the believer does not repent God tells the angels to abandon him. This is when all the failings and sins of the person are made apparent.

The Promised Messiah[as] said 'People of our community should pray for a brother when they notice any failing in him. However, if they do not pray and mention it to others thus taking it further, then they commit sin. Which failing is such that it cannot be overcome? This is why one should always help a brother by praying for him.' He also said, 'Some people are weak, just like one recovering from a severe illness. Some have acquired some strength. What is needed is that one privately counsels whoever one finds to be weak. If the person does not abide, then pray for him or her. If both these actions are not beneficial then consider the matter to be pre-destined. it is certainly not the teaching of the Holy Qur'an to notice a failing and spread it and go on citing it. Allah the Exalted is Sattar, you should 'reflect the high morals of Allah, [adopt His attributes on a human level] we do not mean to say that one should support failings rather do not circulate them and do not backbite because according to the Book of God this is sin.'

There is not a single human in the world who is bereft of any type of flaws and shortcomings. We should always keep in mind the following statement of the Holy Prophet[saw] that: You should desire for others what you desire

for yourself. And so when one see weaknesses in someone, instead of publicising his flaws, they should focus on engaging in *Istighfar* (seeking forgiveness from Allah for one's sins). The Holy Prophet[saw] further stated that one who remains occupied in serving his brothers, Allah the Almighty will continue to fulfil his needs and one who alleviates the troubles of a fellow Muslim, Allah the Almighty will lesson one affliction from the afflictions of the Day of Judgment. And, one who covers the sins of a Muslim, Allah the Almighty will cover his sins on the Day of Judgment.

**اَلْسَتَّارُ:** اللہ تعالیٰ کا ایک نام ستّار ہے۔ ستار کے معنی ہیں وہ ذات جو پردے میں ہے یا چھپی ہوئی ہے . پھر اللہ تعالیٰ کے بارے میں کہا جاتا ہے وَاللّٰہُ سَتَّارُ الْعُیُوْب یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے جو غلطیوں اور کمزوریوں کو چھپاتا ہے بلکہ احادیث میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ستر پسند ہے، پردہ پوشی پسند ہے۔ روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ حیا اور ستر کو پسند فرماتا ہے۔ دنیا میں کوئی انسان نہیں جو ہر عیب سے ہر لحاظ سے پاک ہو۔ اللہ تعالیٰ کی صفت ستار ہے جو ہماری پردہ پوشی کرتی ہے اگر انسان کی غلطیوں کی، کوتاہیوں کی، گناہوں کی پردہ دری ہونے لگے تو کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہے، اللہ تعالیٰ جو سَتَّارُ الْعُیُوْب ہے اور غَفَّارُ الذُّنُوْب ہے اس نے ہمیں یہ دعا بھی ہم پر احسان کرتے ہوئے سکھائی کہ تم جہاں اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں سے بچنے کی کوشش کرو وہاں استغفار بھی کیا کرو تو میں تمہارے گناہوں کو بھی معاف کروں گا۔ تمہاری پردہ پوشی کروں گا۔ تمہاری دعاؤں کو قبول کروں گا اللہ تعالیٰ کی مغفرت خاص طور پر ان لوگوں کو بھی اپنی چادروں میں لپیٹتی ہے جو استغفار کرنے والے ہیں۔ غَفَرَ کا مطلب بھی چھپانا اور ڈھانکنا ہوتا ہے اور یہی مطلب کم و بیش ستر کا ہے۔

## 4. Salat ........................................................................ 4-نماز

### *Iqamatus Salat* – The Observance of Prayer

### By Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib

### Model of the Holy Prophet[saw] in *Iqamatus Salat*

Till now, a brief exposition on the details of Iqamatus Salat has been provided now let us see the actual examples of Iqamatus Salat in the real world. The personality, which the Creator of the universe, Allah, has presented as a perfect model is that of the Holy Prophet Muhammad[saw], The Holy Prophet[saw] fulfilled the right of Iqamatus Salat so beautifully that Allah testified that his prayers, his worship, his living and dying, were all for His sake, the Lord of all the worlds, and even the enemies of the Holy Prophet[saw] publicly announced *'Ashiqa Muhammadun Rabbahu'*, that Muhammad[saw] has fallen in love with his Lord! The Holy Prophet[saw] has stated,

"O People! I like three things from this world, but I tell you that *Qurratu 'aini fis-salat that* the delight and pleasure of my eyes is in the observance of prayer." (Bukhari)

In Iqamatus Salat, the perfect example of the Holy Prophet[saw] is spread throughout his life. The system of congregational prayer began since the inception of Islam, after which, throughout the whole of his life, the Holy Prophet[saw] did not let any lapse interfere in this obligation, whether in a state of travel or residence, health or illness, or in a state of war or peace. In a state of travel, the Prophet[saw] would stop the travelling caravan and shorten or combine the prayers. In the case of rain, he would also offer his prayers upon his ride, and would not let any excuse interfere with observing prayer.

On one occasion the Holy Prophet[saw] was severely wounded after falling off a horse. It was impossible for him to offer his prayers while standing, but the Holy Prophet[saw] did not like that he should miss the congregational prayer, and led the prayer while sitting. (Bukhari). At the Battle of Badr, the supplications which the Holy Prophet[saw] made in a small pavilion, to this

day, warm the hearts. The state of his engrossment was such as his mantle would fall off his back again and again, but this worshipper of the One God was above all that, and remained engaged in his invocations. In the Battle of Uhud, the Holy Prophet[saw] was weakened by severe wounds. He was also grieved by the martyrdom of seventy of his Companions, yet the Holy Prophet[saw] offered his prayers in congregation even on that day, as per his custom. Due to the engagements of war during the Battle of Ahzab, when the Zuhr (Noon Prayer) and 'Asr (Afternoon Prayer) prayers could not be offered on time and the sun declined, due to his exceeding love for Iqamatus Salat, the expression which spontaneously came to the blessed lips of the Holy Prophet[saw] was that, Allah destroy this enemy, due to whom a delay has occurred in our prayers. Another aspect of Iqamatus Salat is fear and humility. This magnificence was at its peak in the prayers of the Holy Prophet[saw].

With eyes of perception, just observe the young man who would abandon the attractions, beauty and pleasure of this world, and retire to the cave of Hira' in complete solitude to find pleasure of heart in worship. In the darkness of night he would enlighten the rays of spirituality with his worship and would strain his soul. Someone asked Hazrat 'A'ishah[ra], the blessed wife of the Holy Prophet[saw] to narrate the state of the Holy Prophet[saw]'s prayer. She responded:

"Where shall I find the words to describe the beauty and length of those prayers?" (Bukhari, Kitabus Saum).

The Holy Prophet[saw] would stand in prayer for so long that his blessed feet would become swollen. When someone suggested that he take rest, he responded saying, "Shall I not be a thankful servant to my Lord?" The state of his prostrations to Allah were also something to behold. The narrator relates that the state of the Holy Prophet[saw] in prostration was like a pot fervently boiling upon the stove, or like two millstones in a grinder hitting each other. To think of this causes the body to tremble and the following supplication comes from the heart:

"The emotion that existed in the supplications of Muhammad[saw], if only a glitter of it were granted to my prostrations as well."

With regards to prayer, the attachment and interest of the Holy Prophet[saw] was such as even in his final illness, he was suffering from a severe temperature, and was drifting in and out of a state consciousness. In anxiety, he would ask again and again, "Is it time for prayer?" He was told that the companions were waiting for him in the mosque. In order to decrease the severity of his temperature he asked that cold water be put on his body, and as he got up to go to the mosque, he fell into a state of unconsciousness again. Upon regaining consciousness, he once again asked about the prayer. He was told that the companions were waiting in the mosque. He had cold water put on his body again. The temperature fell to some extent, but he became unconscious again. Afterwards, when his state became a bit better, he placed both hands on two Companions and went to the mosque in such a state that his feet were being dragged behind him. The Holy Prophet[saw] led the prayers sitting beside Hazrat Abu Bakr[ra] (later to become the First Khalifa of Islam) and thus set such an example of Iqamatus Salat that it shall remain unparalleled until the end of time.

**Model of the Promised Messiah[as] in Iqamatus Salat**

Let us study the state of Iqamatus Salat in the blessed life of the Promised Messiah[as] in light of only a few examples. The most luminous aspect of the life of the Promised Messiah[as] was his love of Allah. The whole of his life was absorbed in this very love and the observance of worship and prayer was his spiritual food. His observance of prayer in congregation was unparalleled. In the days of his youth, he was referred to as a *Masitar*, i.e., one whose time is primarily spent in the mosque engaged in worship. Hazrat Pir Sirajul Haq Nu'mani[ra] writes:

"I presented myself before the Promised Messiah[as] in 1882 and remained in his presence until a few months prior to his demise. I always found the Promised Messiah[as] compliant to the observance of congregational prayer." (Tadhkiratul Mahdi, pp. 70)

It is narrated by Hazrat Mufti Muhammad Sadiq[ra] that two or three years prior to the demise of the Promised Messiah[as], whenever the Promised Messiah[as] could not come out for the Maghrib (evening prayer) and 'Isha (night Prayer) he would gather the women and children in the home and offer the prayers in congregation. (Speech at Jalsa Salana, 1930)

In his early days, the Promised Messiah[as] would keep Hafiz Mu'inuddin with him for the mere purpose that in this way, he would receive the opportunity to offer prayer in congregation. During the law-suits that he faced, the Promised Messiah[as] never missed a prayer. He would seek permission from the court and offer his prayers on time.

The Companions of the Promised Messiah[as] have described a wonderful image of the prayers of the Promised Messiah[as]. There is a narration of Hafiz Hamid 'Ali that the Promised Messiah[as] would offer his prayers with great preoccupation and interest. He would repeat the words *ihdinas-siratal mustaqim* اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (Guide us in the right path) very often and would repeat the words *Ya hayyu ya qayyumu birahmatika astaghith* يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ (O Living and Self Sustaining Allah, I beseech Thy Mercy). He would repeat these words again and again with great emotion and passion as if someone asking for something of his superior, and weeping, asking for his desired item again and again, generally, his prostrations before Allah in prayer were very lengthy and at times it seemed that he would melt and flow away in his emotions.

In addition to Tahajjud, the Promised Messiah[as] would sit in complete seclusion for the worship of Allah during a part of the day. In his last years, when he had the Baitul Du'a built, he would shut the door and sit inside for about two hours and engage himself in the worship of Allah. Many a time, in search of seclusion, he would go out and would sit and worship his Lord in seclusion.

Another aspect of Iqamatus Salat is that when the time for prayer arrives, it should be given precedence over all other engagements. I present a beautiful example of this from the life of the Promised Messiah[as]. Hazrat Sayyidah Nusrat Jahan Begum Sahiba[ra], the blessed wife of the Promised Messiah[as], states that the Promised Messiah[as] said to her:

"Once, I travelled for a law-suit. Other cases were being dealt with, while I waited under a tree outside. Since it was time for prayer, I began to offer my prayer right there. However, during my prayer I began to hear my name being summoned by the court, but I continued praying. When I completed my prayer, I noticed an attendant of the court standing next to me. As soon

as I completed it, he said, 'Mirza Sahib! Congratulations, you have won the case." (Siratul Mahdi, Vol. 1, 99.15)

The great care of the Promised Messiah[as] regarding Iqamatus Salat reminds us of the perfect example of the Holy Prophet[saw] at every step. The soul is entranced to see how this true servant followed his Master, the Holy Prophet[saw] at every step. Furthermore, his state is such, that after fulfilling his responsibility of worship to the maximum limits of his capacity, he still feels embarrassment and shame.

The final action of this blessed individual was prayer. In his last moments the Promised Messiah[as] became very weak. Hazrat Mirza Bashir Ahmad[ra] his son describes these last few moments:

When the time for Morning Prayer arrived, The Promised Messiah[as] asked in a faint voice, 'Is it time for prayer?' A servant responded, 'Yes Huzoor, it is time. Upon hearing this, the Promised Messiah[as] touched the sides of his bed, to perform Tayyamum (an alternative for ablution when water is unavailable) and intended for prayer whilst lying, but fell unconscious. When he regained his consciousness he enquired again, 'Is it time for prayer?' It was said that, 'Yes Huzoor, it is time.' Then he intended for prayer again and offered his prayer whilst lying there."

(Silsilah Ahmadiyyah, pp. 182)

## اِقَامَۃُ الصَّلوٰۃ میں اُسوۂ نبوی ﷺ

اِقَامَۃُ الصَّلوٰۃ کے بارہ میں اوامر اور تفاصیل سے ہم نے کسی حد تک آگاہی حاصل کی۔ آیئے اب ذرا دیکھیں کہ عملی دُنیا میں اِقَامَۃُ الصَّلوٰۃ کے کون سے پاکیزہ نمونے ہیں جو ہمیں دعوتِ عمل دیتے ہیں۔ خالقِ کائنات، اللہ تبارک و تعالیٰ نے جس ذات کو سب جہانوں اور سب زمانوں کے لئے اُسوۂ حسنہ قرار دیا، وہ ہمارے آقا و مولیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کا وجود باوجود ہے۔ آپؐ نے اِقَامَۃُ الصَّلوٰۃ کا حق ایسے خوبصورت رنگ میں ادا فرمایا کہ ایک طرف تو خدا تعالیٰ نے خود گواہی دی کہ آپؐ کی نمازیں، آپ کی عبادتیں، اور جینا اور مرنا سب کا سب اللہ کی خاطر ہے جو سب جہانوں کا ربّ ہے اور دوسری طرف آپ کے مخالفین نے برملا اقرار کیا کہ عَشِقَ مُحَمَّدٌ رَبَّہٗ کہ محمدؐ تو دل و جان سے اپنے رب کا عاشق ہو گیا ہے۔ رسولِ پاک ﷺ

نے خود فرمایا کہ اے لوگو! مجھے تمہاری دنیا میں سے تین چیزیں بہت پسند ہیں لیکن میں تمہیں بتاتا ہوں کہ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلٰوةِ کہ میری آنکھوں کی حقیقی ٹھنڈک اور راحت نماز کی ادائیگی میں ہے۔

اِقَامَةُ الصَّلٰوة میں ہمارے آقا حبیبِ کبریا محمد عربی ﷺ کا اسوۂ کاملہ ساری حیاتِ طیبہ پر پھیلا ہوا ہے۔ نماز باجماعت کا سلسلہ آغازِ اسلام سے شروع ہو گیا تھا اور پھر ساری زندگی سفر و حضر، بیماری و صحت، حالتِ جنگ ہو یا امن، ہر حال میں اس فریضہ میں ہرگز کوئی کوتاہی نہ آنے دی۔ سفر کے دوران نماز کا وقت آنے پر قافلہ روک کر باجماعت قصر اور جمع کر کے ادا کرتے، بارش کی صورت میں بعض دفعہ سواری کے اُوپر بھی آپ ؐ نے نماز ادا فرمائی اور کسی عذر کو حائل نہ ہونے دیا۔

ایک دفعہ گھوڑے سے گرنے کی وجہ سے آپ ﷺ شدید زخمی ہو گئے۔ کھڑے ہو کر نماز ادا کرنا ممکن نہ تھا، لیکن آپ ؐ نے نماز باجماعت میں ناغہ کرنا پسند نہ فرمایا اور بیٹھ کر نماز پڑھائی۔ غزوہ بدر کے موقع پر جو دعائیں آپ ؐ نے ایک چھوٹے سے خیمہ میں کیں، ان کی یاد آج بھی دلوں کو گرماتی ہے۔ واحد کا سچا پرستار ان سب باتوں سے بے نیاز اپنی مناجات میں مصروف رہا۔ غزوہ اُحد میں جنگی مصروفیت کی وجہ سے نماز ظہر و عصر وقت پر ادا نہ ہو سکیں اور سورج غروب ہونے کے قریب ہو گیا تو اِقَامَةُ الصَّلٰوة کی غیر معمولی محبت کی وجہ سے بے اختیار آپ ؐ کی زبان مبارک سے یہ اظہار ہوا کہ خدا ان دُشمنوں کو غارت کرے، جن کی وجہ سے ہماری نمازوں میں تاخیر ہوئی۔

اِقَامَةُ الصَّلٰوة کا ایک پہلو نمازوں میں خشوع و خضوع ہے۔ سرورِ کائنات محمد مصطفیٰ ﷺ کی نمازوں میں یہ شان اپنے معراج پر تھی۔ ذرا چشمِ تصور سے اس نوجوان کو دیکھیئے جو دُنیا کی چکاچوند اور لطف و سرور کو پیچھے چھوڑ کر غارِ حرا کی تنہائیوں میں تنِ تنہا عبادت سے اپنے دل کو شادکام کرتا۔ رات کے اندھیروں میں روحانیت کی شمعیں فرزاں کرتا اور اپنی جان کو ہلکان کر دیتا تھا۔ کسی نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ رسول خدا ﷺ کی نمازوں کی کیفیت تو بتایئے تو آپؓ کا جواب تھا کہ:

لَا تَسْئَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ

(صحیح البخاری کتاب التہجد باب قیام النبی صلی اللہ علیہ وسلم باللیل فی رمضان وغیرہ)

کہ ان نمازوں کے حسن اور طوالت کا سوال نہ پوچھو۔ اس بیان کا حق ادا کرنے کیلئے میں مناسب الفاظ کہاں سے لاؤں۔ آپ ﷺ نمازوں میں اتنا لمبا قیام فرماتے کہ آپؐ کے مبارک قدم متورم ہو جاتے۔ کسی نے آرام کا مشورہ دیا تو فرمایا کہ کیا میں اپنے ربّ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں؟ آپؐ کے سجدوں کا حال بھی سن لیجئے! راوی بیان کرتے ہیں کہ سجدہ کی حالت میں

آپؐ کی گریہ وزاری کا یہ عالم ہوتا کہ جیسے چولہے پر رکھی ہوئی ہنڈیا ابل رہی ہو یا چکی کے دو پاٹ آپس میں رگڑ کھا رہے ہوں۔ اس کیفیت کا سوچ کر جسم پر کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور بے اختیار دل سے یہ دُعا نکلتی ہے۔

جو زاریاں تھیں تیرے محمدؐ کی دعا میں

بس ان کی جھلک سی مرے سجدوں کو عطا ہو

## اِقَامَۃُ الصَّلوٰۃ میں مسیح پاکؑ کا نمونہ

آیئے اب چند واقعات کی روشنی میں رسولِ مقبول ﷺ کے غلامِ صادق، سیدنا حضرت مسیح پاک علیہ السلام، کی حیاتِ طیبہ میں اِقَامَۃُ الصَّلوٰۃ کی کیفیات کا مطالعہ کریں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی سیرت کا سب سے جلی عنوان محبتِ الٰہی ہے۔ آپ کی ساری زندگی اس محبت میں فنا تھی اور عبادت اور نماز کا اہتمام آپؑ کی روح کی غذا تھا۔ ساری زندگی نماز باجماعت کا بے مثال اہتمام رہا۔ عنفوانِ شباب میں آپؑ کو 'مسیتڑ' کہا جاتا تھا، یعنی وہ شخص جس کا زیادہ وقت مسجد میں عبادت کرتے گزرتا تھا۔ حضرت پیر سراج الحق نعمانی صاحبؓ لکھتے ہیں کہ میں 1882ء میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تھا، تب سے وفات کے کچھ ماہ قبل تک حاضرِ خدمت رہا۔ ہمیشہ نماز باجماعت کا حضرتؑ کو پابند پایا۔ (تذکرۃ المہدی، صفحہ 70)

حضرت مفتی محمد صادق صاحبؓ کی روایت ہے کہ وفات سے دو تین سال قبل جب کبھی حضورؑ نماز مغرب و عشاء کے واسطے باہر تشریف نہ لا سکتے، تو گھر کے اندر عورتوں اور بچوں کو جمع کر کے نماز باجماعت ادا فرماتے۔

(تقریر مفتی محمد صادق صاحبؓ جلسہ سالانہ 1930ء بحوالہ الفضل 3 جنوری 1931ء)

بہت ابتدائی زمانہ میں حضرت صاحبؑ نے حافظ معین الدین صاحب کو محض اس غرض سے اپنے ساتھ رکھا ہوا تھا کہ اس طرح نماز باجماعت کا موقع مل جاتا ہے۔ مقدمات کی پیروی کے دوران بھی آپؑ نے کبھی کوئی نماز قضاء نہیں ہونے دی۔ عدالت سے اجازت لیکر نمازیں بروقت ادا کرتے۔

آپؑ کے صحابہ کرامؓ نے حضرت مسیح پاک علیہ السلام کی نمازوں کا خوب نقشہ بیان کیا ہے۔ حضرت حافظ حامد علی صاحب کی روایت ہے کہ حضورؑ غیر معمولی انہماک اور توجہ سے نماز ادا فرماتے۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ کے الفاظ کا بہت تکرار کرتے اور سجدہ میں يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ کا بہت اعادہ کرتے۔ بار بار یہی الفاظ بولتے، جیسے کوئی بڑے

الحاح اور زاری سے کسی بڑے سے کوئی شے مانگے اور بار بار روتے ہوئے اپنی مطلوبہ چیز کو دوہرائے، ایسا ہی حضرت صاحبؑ کرتے۔ سجدہ بالعموم بہت لمبا ہوتا اور بعض دفعہ ایسا معلوم ہوتا کہ اس گریہ وزاری میں آپ پگھل کر بہہ جائیں گے۔

نماز تہجد کی خلوت کے علاوہ دن کے وقت بھی عموماً آپ ایک وقت بالکل علیحدگی میں عبادت میں گزارتے۔ آخری سالوں میں جب آپؑ نے بیت الدعا بنوایا تو اسے اندر سے بند کر کے دو گھنٹے کے قریب بالکل علیحدگی میں مصروفِ عبادت رہا کرتے تھے۔ بسا اوقات تلاشِ خلوت میں باہر چلے جایا کرتے اور علیحدگی میں بیٹھ کر عبادتِ الٰہی کرتے۔

اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃ کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ نماز کے وقت نماز کو ہر دوسرے کام پر مقدم کیا جائے۔ اس کی ایک خوبصورت مثال، حضرت مسیح پاک علیہ السلام کی زندگی سے پیش کرتا ہوں۔ حضرت اماں جانؓ کا بیان ہے کہ خود حضرت مسیح پاک علیہ السلام نے ان سے ذکر فرمایا کہ:

”ایک دفعہ میں کسی مقدمہ کی پیروی کے لئے گیا۔ عدالت میں اور مقدمے ہوتے رہے اور میں باہر ایک درخت کے نیچے انتظار کرتا رہا۔ چونکہ نماز کا وقت ہو گیا تھا، اس لئے میں نے وہیں نماز پڑھنا شروع کر دی۔ مگر نماز کے دوران میں ہی عدالت سے مجھے آوازیں پڑنی شروع ہو گئیں۔ مگر میں نماز پڑھتا رہا۔ جب میں نماز سے فارغ ہوا تو میں نے دیکھا کہ میرے پاس عدالت کا بہرا کھڑا ہے۔ سلام پھیرتے ہی اس نے مجھے کہا: مرزا صاحب مبارک ہو، آپ مقدمہ جیت گئے ہیں۔“

(سیرت حضرت مسیح موعودؑ از یعقوب علی صاحب عرفانی حصہ سوم صفحہ 395)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا اِقَامَۃُ الصَّلٰوۃ کا اس قدر اہتمام قدم قدم پر رسول پاک ﷺ کے اُسوہ حسنہ کی یاد دلاتا ہے اور روح وجد کرنے لگتی ہے۔ یہ دیکھ کر کہ کس طرح یہ غلامِ صادق، آقائے نامدار ﷺ کے نقوشِ پا کی قدم بقدم پیروی کرتا ہے اور دوسری طرف خود اس کے دل کی حالت یہ ہے کہ اپنی بساط کی آخری حد تک عبادت بجالانے کے بعد بھی دل میں شرمساری اور ندامت محسوس کرتا ہے۔

اس مبارک وجود کی زندگی کا آخری کام بھی نماز تھا۔ آخری لحات میں آپؑ کو بہت زیادہ ضعف ہو گیا تھا۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ان لحات کی کیفیت بیان کرتے ہیں فرمایا:

”صبح کی نماز کا وقت ہوا تو نحیف آواز میں دریافت فرمایا: کیا نماز کا وقت ہو گیا ہے؟ ایک خادم نے عرض کیا: حضور ہو گیا ہے۔ اس پر آپؑ نے بسترے کے ساتھ دونوں ہاتھ تیمم کے رنگ میں چھو کر لیٹے لیٹے ہی نماز کی نیت باندھی مگر اس دوران

میں بے ہوشی کی حالت ہوگئی۔ جب ذرا ہوش آیا تو پھر پوچھا: کیا نماز کا وقت ہو گیا ہے؟ عرض کیا گیا ہاں حضور ہو گیا ہے۔
پھر دوبارہ نیت باندھی اور لیٹے لیٹے نماز ادا کی۔" (سلسلہ احمدیہ جلد اول صفحہ 182)

## 5. Hadith ........................................................ 5-حدیث

**HADITH NUMBER 26**

**Do Not Imitate Other Nations**

دوسری قوموں کی مشابہت اختیار نہ کرو

عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ ۔

(سُنَن أبِی داود كِتَابِ اللِّبَاسِ بَابٌ فِی لُبْسِ الشُّهْرَةِ)

Narrated by Hazrat Ibn Umar[ra]:

The Prophet of Allah[saw] said:

“Who so imitates another people (leaving the way and tradition of his own community and people) will be considered one of them.”

(Sunan Abu Dawud, Book of Dress, Chapter: A garment of fame and vanity)

ترجمہ: عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے کہ جو شخص اپنی ملت اور قوم کا طریق چھوڑ کر کسی دوسری قوم کی مشابہت اختیار کرتا ہے وہ اسی قوم میں سے سمجھا جائے گا۔

**Explanatory Note:**

This brief Hadith carries a subtle psychological point: it means that one who abandons the way and the custom of his own people and its characteristics and seeks to look like another people, it will be understood in his case that his heart has been influenced by the way and custom and tradition of the other people, and has yielded to them in mental slavery. For the desire to seek resemblance with others in this manner springs from a sense of inferiority complex. A person feels that the culture and civilisation and circumstances and outlook of a certain people are far superior and higher than the culture, civilization and circumstances and

outlook of his own community, and starts looking down upon himself in comparison with them, then, falling into mental slavery, he begins to imitate them blindly. No doubt, therefore, that such a person would be listed as a member of the community he seeks to imitate. The Holy Prophet[saw] has, therefore, by means of this Hadith, warned the Muslims against imitating the ways and culture of other communities and commanded them to adopt the Islamic culture instead, believing it to be the best and highest of all other cultures and civilisations; otherwise, they will land themselves in the worst sort of mental slavery and thus lose their distinct identity and their excellent individuality. And there is little doubt about it that mental slavery is far worse than secular slavery. A man who is a slave temporarily is no doubt a subject of the other fellow, but in spite of it, his heart and his mind are free. But one who is mentally a captive, inspite of being a free man temporarily, loses the freedom of his soul and mind and his deeds are in no way better than those of the monkey who knows only aping to the tune of others. But it is a pity that notwithstanding these wise instructions of their chief[saw] Muslims of today have taken to the worst form of slavery of Western countries.

It is no doubt true, that there is no harm in adopting a good thing in a befitting manner. Even our chief[saw] says in this connection:

"A wise saying is the lost property of the faithful, and wherever he finds it, he is most entitled to take it, for it is his property."

Sunan at-Tirmidhi, Book of Knowledge, Chapter: What has been related about the superiority of Fiqh over worship. See Page: 164

But it does not mean that every nonsense should be adopted blindly. On the contrary, in taking to a thing, there should be two determining factors taken into consideration:

1. Firstly, it should be, in fact, good and should not be contrary to the spirit of Islamic teaching and tradition.

2. Secondly, it should not be adopted blindly, in imitation, but should be thoroughly scrutinised and its pros and cons carefully weighed, and it should be adopted in a healthy way.

# تشریح

یہ مختصر سی حدیث ایک نہایت لطیف نفسیاتی نکتہ پر مشتمل ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ جو شخص اپنی قوم کے طور و طریق اور اپنی قوم کے شعار کو چھوڑ کر کسی دوسری قوم کی مشابہت اختیار کرتا ہے اس کے متعلق یہی سمجھا جائے گا کہ اس کا دل اس دوسری قوم کے طور و طریق اور اس کے شعار سے متاثر ہو کر اس کی ذہنی غلامی اختیار کر چکا ہے کیونکہ اس قسم کے تشبہ کی خواہش دراصل احساسِ کمتری کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے یعنی ایک شخص کسی قوم کے تہذیب و، وتمدن اور ان کے حالات و خیالات کو بہتر اور ارفع خیال کر کے اپنے آپ کو ان کے مقابلہ میں پست اور ادنیٰ سمجھنے لگتا ہے اور پھر ذہنی غلامی میں مبتلا ہو کر اس قوم کی اندھی تقلید شروع کر دیتا ہے۔ پس اس میں کیا شک ہے کہ ایسا شخص دراصل اسی قوم میں سے سمجھا جائے گا جس کی مشابہت وہ اختیار کرتا ہے۔ لہٰذا اس لطیف حدیث کے ذریعہ آنحضرت ﷺ نے مسلمانوں کو ہوشیار فرمایا ہے کہ وہ کبھی کسی دوسری قوم کے طریق و تمدن کے نقال نہ بنیں بلکہ اسلام کے تمدن کو سارے دوسرے تمدنوں سے بہتر اور ارفع خیال کر کے اسلامی شعار اختیار کریں ورنہ وہ ایک بدترین قسم کی ذہنی غلامی میں مبتلا ہو کر اپنی ممتاز ہستی اور اپنی ارفع انفرادیت کو کھو بیٹھیں گے اور اس میں کیا شبہ ہے کہ ذہنی غلامی ظاہری غلامی سے بھی بدتر چیز ہے۔ ایک ظاہری غلام بے شک دوسرے شخص کا مملوک ہوتا ہے مگر باوجود اس کے، اس کے دل و دماغ آزاد ہوتے ہیں لیکن ذہنی غلامی میں مبتلا ہونے والا شخص بظاہر آزاد ہونے کے باوجود اپنے دل و دماغ کی ساری آزادی کھو بیٹھتا ہے اور اس کے اعمال اس بندر کے اعمال سے بہتر نہیں ہوتے جو محض نقالی جانتا ہے۔

مگر افسوس ہے کہ اپنے آقا ﷺ کی اس حکیمانہ تعلیم کے باوجود آج کل کے مسلمانوں نے مغربی ممالک کی بدترین غلامی اختیار کر رکھی ہے۔ فَاعْتَبِرُوْا يَا أُولِي الْأَبْصَار بے شک یہ درست ہے کہ ایک فی الواقع اچھی اور مفید چیز کو اچھے رنگ میں لے لینے میں کوئی ہرج نہیں۔ چنانچہ خود ہمارے آقا محمد ﷺ فرماتے ہیں کہ اَلْكَلِمَةُ الْحِكْمَةَ ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ حَيْثُمَا وَجَدَهَا فَهُوَ أَحَقُّ بِهَا

یعنی "حکمت اور خوبی کی بات مومن کی اپنی ہی کھوئی ہوئی چیز ہوتی ہے۔ اسے چاہیے کہ جہاں بھی ایسی چیز پائے اسے لے لے کیونکہ وہ اس کی اپنی ہی چیز ہے۔"

مگر اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں ہے کہ ہر رطب و یابس چیز کو اندھے طور پر اختیار کرنا شروع کر دیا جائے بلکہ کسی چیز کے اختیار کرنے کے لئے دو شرطیں ضروری ہیں:

(۱) ایک یہ کہ وہ فی الواقع اچھی ہو اور اسلامی تعلیم اور اسلامی شعار کے خلاف نہ ہو۔

(۲) دوسرے یہ کہ اسے غلامانہ ذہنیت کے ساتھ اندھے طریق پر اختیار نہ کیا جائے بلکہ پرکھ کر اور کھوٹا کھرا دیکھ کر علیٰ وجہ البصیرت لیا جائے۔

## 6. Malfoozat .................................................. 6-ملفوظات

**Third Address of the Promised Messiah[as]**
**at the Annual Convention on 30 December 1897**

### Two Forms of Old Age

Man is faced with a time when his physical form begins to weaken and this is known as old age. At this time the eyes lose their ability to see, while the ears are unable to hear. In summary, every part of the body becomes almost useless and incapable. Remember that there are two forms of old age: natural and unnatural. The natural form is as we have described just now. The unnatural form is when a person neglects the illnesses that they suffer from. In turn, such a person grows weak and begins to enter into old age prematurely, as it were. As this is the phenomenon in the physical realm, so too is the case in the inner, spiritual realm. If a person does not endeavour to transform their immoral ways into exemplary morals and good qualities, their moral compass is shattered completely. The guidance of the Messenger of Allah, peace and blessings of Allah be upon him, and the teaching of the Holy Quran, clearly prove the fact that every illness has a cure. However, if indolence and sloth overtake a person, what other avenue is there except for ruin? If a person leads a life of carelessness like an old person, how can they be saved?

## A Transformation of Morals Is Possible Through Struggle and Prayer

Until a person undertakes a struggle and seeks recourse to prayer, the overwhelming weight of ignorance that overtakes the heart cannot be removed. As such, Allah the Exalted has stated:

إِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ۝

Meaning, God Almighty does not dispel the diverse afflictions and calamities that befall a nation until its people themselves do not endeavour to remove them [Holy Quran 13:12]. If there is no determination and courage, how can a transformation be brought about? This is an unchangeable custom of Allah the Exalted, as He states:

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا۝

*And thou wilt never find a change in the way of Allah. [Holy Quran 33:63]*

Therefore, whether it is our community or anyone else, it is only through effort and prayer that a transformation of morals is possible. There is no other way.

## Who is Truly Mighty?

Our community does not require people who possess the physical strength of mighty wrestlers. Instead, we require people who possess the strength to continue working towards the transformation of their morals. Without doubt, a truly mighty and powerful person is not one who can move a mountain from its place—not in the least. True courage is to muster the strength to reform one's morals. So remember, strive with all your strength and resolve to improve your morals, because this is true strength and bravery.

## A Sinner is One Who Severs their Relationship with God Almighty in This Life

A sinner is one who severs their relationship with God Almighty in this very life. For such a person was instructed to become devoted to God Almighty and to keep in the company of the truthful, but they instead became slaves to passion and desire, and joined hands with the wicked and those who

were the enemies of God and His Messenger. In other words, they have demonstrated through their practical example that they have severed their relationship with God Almighty. It is the way of Allah that when an individual takes a step in one direction, they move further away from the opposing direction. If a person separates themselves from God Almighty and becomes a slave to carnal desires and passions, God, in turn, moves further and further away from them. As a person grows closer to their own passions and desires, their connection with God is weakened. As the proverb goes: 'love begets love'. Therefore, if a person demonstrates that they are averse to God in practice, then they ought to know that God too is averse to them. If, on the other hand, a person loves God Almighty and flows towards Him like water, then they ought to know that God is Gracious. When a person loves Allah the Exalted, He in turn shows him greater love. He is a God who sends down blessings upon those who love Him. God makes them feel that He is with them, to the extent that He blesses their words and their lips. The garments of such an individual and their every word become a source of blessing for others. In the ummah of Prophet Muhammad[saw] there exists categorical proof of this even now, that when a person becomes devoted to God, God too befriends him.

**A Person Who Strives Towards God Never Fails**

When a person strives and exerts an effort towards God Almighty, He does not allow for it to go in vain. A landowner may lose his crop, an employee may cause harm to someone who dismisses them, and a person who is tested may fail, but a person who strives towards God is never met with failure. The promise of Allah the Almighty is true:

الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا۝

*As for those who strive in Our path — We will surely guide them in Our ways.* [Holy Quran 29:70]

A seeker of the avenues that lead to God Almighty ultimately reaches his final destination. If we feel sympathy upon witnessing the effort and conditions of students who spend day and night preparing for worldly examinations, how can Allah the Exalted, who is boundless and infinite in His mercy and compassion, waste the effort of a person who strives

towards Him? Of course not. Never would He do so. Allah the Exalted does not allow anyone's effort to go in vain. God Almighty states:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ۝

*Surely, Allah suffers not the reward of those who do good to be lost.*

[Holy Quran 9:120]

Allah the Exalted also states:

فَمَنۡ يَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَيۡرًا يَّرَهٗ۝

*Then whoso does an atom's weight of good will see it. [Holy Quran 99:8]*

However, the grace of Allah the Exalted does not disregard even the most insignificant of actions. What a pity then that man becomes so engrossed in labouring for the sake of uncertain and insecure objectives to the extent that he deprives himself as it were of every kind of comfort; he bears a thousand pains and hardships merely on the tenuous hope that perhaps he will succeed. A businessman will invest hundreds and thousands of rupees in the hopes of profit, but even he is unaware for certain if this will bring guaranteed returns. However, I do not observe the same toil and effort by those who seek God Almighty (Whose promises are definite and categorical, and towards Whom an advance through even the slightest effort is never wasted). Why do these people not understand? Why do they not fear that they will have to die one day? Even after witnessing these other failures, are they not moved to consider this bargain, in which there is no prospect of loss or failure, and in which profit is guaranteed? How great an effort does a farmer invest in the cultivation of his crop, but who can say for certain that the result will prove fruitful?

How Merciful is Allah the Almighty! He is a treasure from whom one can collect a *cowrie*, a rupee or even a gold coin. Here, there is no fear of thieves and robbers, nor a chance of bankruptcy. It is narrated in a Hadith that if a person removes a thorn from the path, they shall receive a spiritual reward for this as well. If when fetching water, a person pours a bucket into his brother's vessel, God Almighty does not allow it to go unrewarded. Remember that the path on which man can never fail is the

path of God. The path of this world is full of obstacles that cause a person to stumble at every step, and hurdles threatening failure obstruct the way. Those who abandoned their rule of entire kingdoms were, surely, not out of their minds. People like Ibrahim ibn Adham, Shah Shuja, and King Abdul-Aziz, who is also known as a Reformer (*Mujaddid*), gave up their worldly rule, sovereignty and majesty. The reason is that there are obstacles at every step, which cause one to stumble. God is a pearl and when a person gains insight into His Being, he begins to view materialistic things with such contempt and scorn that he must force and compel himself to even cast a glance upon such matters. Hence, seek true insight of God Almighty and take your every step in His direction. For it is in this that all success lies.

**The Miracle of Morals**

The demands of faith are that a person seeks their own reformation from Allah the Exalted, while employing their own strength. It is narrated in a Hadith that Allah Almighty does not disregard the prayer of a person who raises their hands with firm faith. And so, beg of God, and implore him with firm faith and sincere resolve. I advise you once again that to exhibit good morals is no less than showing a miracle. If any of you assert that it is not your desire to show miracles, then realise that Satan has deceived you. By the manifestation of miracles, I am not referring to pride and conceit. Miracles enlighten people of the truth and veracity of Islam, and become a source of guidance. I proclaim once again that pride and conceit have no part in the miracle of morals to which I refer. Such a thought is the incitement of Satan. There are tens of millions of Muslims that can be seen to exist in various parts of the world. Have these Muslims come to Islam by the dint of the sword through compulsion and force? absolutely not. This is completely false. It is the miraculous effect of Islam which has drawn them in. Miracles are of various kinds. Among these varying types, there is one form known as the miracle of morals, and it reigns supreme in all fields. Those who accepted Islam did so merely by witnessing the miracles of the righteous—miracles that left an impression upon them. It was Islam itself in which they witnessed an honourable light. The sword did not convert them. Many renowned and reputable British scholars have had to accept that the truthful spirit of Islam itself is so powerful that it compels people of other religions to join the fold.

# حضرت اقدس علیہ السلام کی تیسری تقریر

## بر موقعہ جلسہ سالانہ 30/ دسمبر 1897ء

## پیرانہ سالی کی دو قسمیں

انسان پر جیسے ایک طرف نَقْص فِی الْخَلْقِ کا زمانہ آتا ہے جسے بڑھاپا کہتے ہیں۔ اُس وقت آنکھیں اپنا کام چھوڑ دیتی ہیں اور کان شنوا نہیں ہوسکتے۔ غرض کہ ہر ایک عضوِ بدن اپنے کام سے عاری اور معطّل کے قریب قریب ہو جاتا ہے۔ اسی طرح سے یاد رکھو کہ پیرانہ سالی دو قسم کی ہوتی ہے۔ طبعی اور غیر طبعی۔ طبعی تو وہ ہے جیسا کہ اُوپر ذکر ہوا۔ غیر طبعی وہ ہے کہ کوئی اپنی امراض لاحقہ کا فکر نہ کرے تو وہ انسان کو کمزور کر کے قبل از وقت پیرانہ سال بنا دیں۔ جیسے نظام جسمانی میں یہ طریق ہے ایسا ہی اندرونی اور رُوحانی نظام میں ہوتا ہے۔ اگر کوئی اپنے اخلاقِ فاسدہ کو اخلاقِ فاضلہ اور خصائلِ حسنہ سے تبدیل کرنے کی کوشش نہیں کرتا تو اس کی اخلاقی حالت بالکل گر جاتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اور قرآن کریم کی تعلیم سے یہ امر ببداہت ثابت ہو چکا ہے کہ ہر ایک مرض کی دوا ہے لیکن اگر کسل اور سُستی انسان پر غالب آجاوے تو بجز ہلاکت کے اور کیا چارہ ہے۔ اگر ایسی بے نیازی سے زندگی بسر کرے جیسی کہ ایک بوڑھا کرتا ہے تو کیونکر بچاؤ ہو سکتا ہے۔

## تبدیل اخلاق مجاہدہ اور دُعا سے ممکن ہے

جب تک انسان مجاہدہ نہ کرے گا دُعا سے کام نہ لے گا وہ غمرہ جو دل پر پڑ جاتا ہے دُور نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ (الرعد:12) یعنی خدائے تعالیٰ ہر ایک قسم کی آفت اور بلا کو جو قوم پر آتی ہے دُور نہیں کرتا ہے جب تک خود قوم اس کو دُور کرنے کی کوشش نہ کرے۔ ہمت نہ کرے، شجاعت سے کام نہ لے تو کیونکر تبدیلی ہو۔ یہ اللہ تعالیٰ کی ایک لا تبدیل سنت ہے جیسے فرمایا وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا (الاحزاب:63) پس ہماری جماعت ہو یا کوئی ہو وہ تبدیل اخلاق اُسی صورت میں کر سکتے ہیں جبکہ مجاہدہ اور دُعا سے کام لیں ورنہ ممکن نہیں ہے۔

## اصلی شہ زور کون ہے؟

ہماری جماعت میں شہ زور اور پہلوانوں کی طاقت رکھنے والے مطلوب نہیں بلکہ ایسی قوت رکھنے والے مطلوب ہیں جو تبدیلِ اخلاق کے لئے کوشش کرنے والے ہوں۔ یہ ایک امرِ واقعی ہے کہ وہ شہ زور اور طاقت والا نہیں جو پہاڑ کو جگہ سے ہٹا سکے۔ نہیں نہیں اصل بہادر وہی ہے جو تبدیلِ اخلاق پر مقدرت پاوے۔ پس یاد رکھو کہ ساری ہمت اور قوت تبدیلِ اخلاق میں صرف کرو کیونکہ یہی حقیقی قوت اور دلیری ہے۔

## مجرم وہ ہے جو اپنی زندگی میں خدا تعالیٰ سے اپنا تعلق قطع کرلے

مجرم وہ ہے جو اپنی زندگی میں خدا تعالیٰ سے اپنا تعلق کاٹ لیوے۔ اس کو تو حکم تھا کہ وہ خدا تعالیٰ کے لئے ہو جاتا اور صادقوں کیساتھ ہو جاتا مگر وہ ہوا و ہوس کا بندہ بن کر رہا اور شریروں اور دُشمنانِ خدا و رسول سے موافقت کرتا رہا۔ گویا اس نے اپنے طرزِ عمل سے دکھا دیا کہ خدا تعالیٰ سے قطع تعلق کر لیا ہے۔ یہ ایک عادۃ اللہ ہے کہ انسان جدھر قدم اٹھاتا ہے اس کی مخالف جانب سے وہ دور ہوتا جاتا ہے۔ وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے الگ ہو کر اگر ہوا و ہوس نفسانی کا بندہ ہوتا ہے تو خدا اس سے دور ہوتا جاتا ہے اور جوں جوں ادھر تعلقات بڑھتے ہیں اُدھر کم ہوتے ہیں۔ یہ مشہور بات ہے کہ دل را بدل رہے است۔ پس اگر خدائے تعالیٰ سے عملی طور پر بیزاری ظاہر کرتا ہے تو سمجھ لے کہ خدائے تعالیٰ بھی اس سے بےزار ہے اور اگر خدائے تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اور پانی کی طرح اس کی طرف جھکتا ہے تو سمجھ لے کہ وہ مہربان ہے۔ محبت کرنے والے سے زیادہ اللہ تعالیٰ اس کو محبت کرتا ہے۔ وہ وہ خدا ہے کہ اپنے محبوں پر برکات نازل کرتا ہے اور ان کو محسوس کرا دیتا ہے کہ خدا ان کے ساتھ ہے۔ یہاں تک کہ ان کے کلام میں، ان کے لبوں میں برکت رکھ دیتا ہے، اور لوگ اس کے کپڑوں اور اس کی ہر بات سے برکت پاتے ہیں۔ اُمتِ محمدّیہ میں اس کا بین ثبوت اس وقت تک موجود ہے کہ جو خدا کے لئے ہوتا ہے، خدا اس کا ہو جاتا ہے۔

## خدا کی طرف سعی کرنے والا کبھی بھی ناکام نہیں رہتا

خدا تعالیٰ اپنی طرف آنے والے کی سعی اور کوشش کو ضائع نہیں کرتا۔ یہ ممکن ہے کہ زمیندار اپنا کھیت ضائع کرلے۔ نوکر موقوف ہو کر نقصان پہنچا دے۔ امتحان دینے والا کامیاب نہ ہو مگر خدا کی طرف سعی کرنے والا کبھی بھی ناکام نہیں رہتا۔ اس کا سچا وعدہ ہے کہ اَلَّذِیۡنَ جَاہَدُوۡا فِیۡنَا لَنَہۡدِیَنَّہُمۡ سُبُلَنَا (العنکبوت:70) خدائے تعالیٰ کی راہوں کی تلاش میں جو

جو یا ہوا ہو وہ آخر منزلِ مقصود پر پہنچا۔ دنیوی امتحانوں کیلئے تیاریاں کرنے والے راتوں کو دن بنادینے والے طالب علموں کی محنت اور حالت کو ہم دیکھ کر رحم کھا سکتے ہیں تو اللہ تعالیٰ جس کا رحم اور فضل بے حد اور بے انت ہے اپنی طرف آنے والے کو ضائع کر دے گا؟ ہر گز نہیں۔ ہر گز نہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی کی محنت کو ضائع نہیں کرتا۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ (التوبہ:120)اور پھر فرماتا ہے۔مَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّۃٍ خَیۡرًا یَّرَہٗ (الزلزال:8)ہم دیکھتے ہیں کہ ہر سال ہزار ہا طلب علم سالہا سال کی محنتوں اور مشقتوں پر پانی پھر تا ہوا دیکھ کر روتے رہ جاتے ہیں اور خود کشیاں کر لیتے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ کا فضلِ عمیم ایسا ہے کہ وہ ذرا سے عمل کو بھی ضائع نہیں کرتا۔ پھر کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ انسان دنیا میں ظنی اور وہمی باتوں کی طرف تو اس قدر گرویدہ ہو کر محنت کرتا ہے کہ آرام اپنے اوپر گویا حرام کر لیتا ہے اور صرف خشک امید پر کہ شاید کامیاب ہو جاویں ہزار ہا رنج اور دکھ اٹھاتا ہے۔ تاجر نفع کی امید پر لاکھوں روپے لگا دیتا ہے، مگر یقین اسے بھی نہیں ہوتا کہ ضرور نفع ہی ہو گا، مگر خدا تعالیٰ کی طرف جانے والے کی (جس کے وعدے یقینی اور حتمی ہیں کہ جس کی طرف قدم اٹھانے والے کی ذرا بھی محنت رائیگاں نہیں جاتی) میں اس قدر دوڑ دھوپ اور سرگرمی نہیں پاتا ہوں۔ یہ لوگ کیوں نہیں سمجھتے؟ وہ کیوں نہیں ڈرتے کہ آخر ایک دن مرنا ہے۔ کیا وہ ان ناکامیوں کو دیکھ کر بھی اس تجارت کی فکر میں نہیں لگ سکتے۔ جہاں خسارہ کا نام ونشان بھی نہیں اور نفع یقینی ہے۔ زمیندار کس قدر محنت سے کاشتکاری کرتا ہے، مگر کون کہہ سکتا ہے کہ نتیجہ ضرور راحت ہی ہو گا۔

اللہ تعالیٰ کیسا رحیم ہے اور یہ کیسا خزانہ ہے کہ کوڑی بھی جمع ہو سکتی ہے۔ روپیہ اور اشرفی بھی۔ نہ چور چکار کا اندیشہ نہ یہ خطرہ ہے کہ دیوالہ نکل جاوے گا۔ حدیث میں آیا ہے کہ اگر کوئی ایک کانٹا راستہ سے ہٹاوے تو اس کا بھی ثواب اس کو دیا جاتا ہے، اور پانی نکالتا ہوا اگر ایک ڈول اپنے بھائی کے گھڑے میں ڈال دے تو خدائے تعالیٰ اس کا بھی اجر ضائع نہیں کرتا۔ پس یاد رکھو کہ وہ راہ جہاں انسان کبھی ناکام نہیں ہو سکتا وہ خدا کی راہ ہے۔ دنیا کی شاہراہ ایسی ہے جہاں قدم قدم پر ٹھوکریں اور ناکامیوں کی چٹانیں ہیں۔ وہ لوگ جنھوں نے سلطنتوں تک کو چھوڑ دیا آخر بے وقوف تو نہ تھے۔ جیسے ابراہیم ادہم، شاہ شجاع، شاہ عبد العزیز جو مجدد بھی کہلاتے ہیں۔ حکومت، سلطنت اور شوکت دنیا کو چھوڑ بیٹھے۔ اس کی یہی وجہ تو تھی کہ ہر قدم پر ایک ٹھوکر موجود ہے۔ خدا ایک موتی ہے اس کی معرفت کے بعد انسان دنیاوی اشیاء کو ایسی حقارت اور ذلت سے دیکھتا ہے کہ ان کے دیکھنے کے لئے بھی اسے طبیعت پر ایک جبر اور اکراہ کرنا پڑتا ہے۔ پس خدا تعالیٰ کی معرفت چاہو اور اس کی طرف ہی قدم اُٹھاؤ کہ کامیابی اسی میں ہے۔

## اخلاقی کرامت

اللہ تعالیٰ سے اصلاح چاہنا اور اپنی قوت خرچ کرنا یہی ایمان کا طریق ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو یقین سے اپنا ہاتھ دُعا کے لئے اٹھاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی دُعا رد نہیں کرتا ہے۔ پس خدا سے مانگو اور یقین اور صدق نیت سے مانگو۔ میری نصیحت پھر یہی ہے کہ اچھے اخلاق ظاہر کرنا اپنی کرامت ظاہر کرنا ہے۔ اگر کوئی کہے کہ میں کرامتی بننا نہیں چاہتا تو یہ یاد رکھے کہ شیطان اسے دھوکہ میں ڈالتا ہے۔ کرامت سے عُجب اور پندار مراد نہیں ہے۔ کرامت سے لوگوں کو اسلام کی سچائی اور حقیقت معلوم ہوتی ہے اور ہدایت ہوتی ہے۔ میں تمہیں پھر کہتا ہوں کہ عجب اور پندار تو کرامت اخلاقی میں داخل ہی نہیں۔ پس یہ شیطانی وسوسہ ہے۔ دیکھو یہ کروڑ ہا مسلمان جو روئے زمین کے مختلف حصص میں نظر آتے ہیں کیا یہ تلوار کے زور سے جبر و اکراہ سے ہوئے ہیں؟ نہیں ! یہ بالکل غلط ہے۔ یہ اسلام کی کرامتی تاثیر ہے جو ان کو کھینچ لائی ہے۔ کرامتیں انواع واقسام کی ہوتی ہیں۔ منجملہ ان کے ایک اخلاقی کرامت بھی ہے جو ہر میدان میں کامیاب ہے۔ انہوں نے جو مسلمان ہوئے، صرف راستبازوں کی ہی کرامت دیکھی اور اس کا اثر پڑا۔ انہوں نے اسلام کو عظمت کی نگاہ سے دیکھا نہ کہ تلوار کو دیکھا۔ بڑے بڑے محقق انگریزوں کو یہ بات ماننی پڑی ہے کہ اسلام کی سچائی کی روح ہی ایسی قوی ہے، جو غیر قوموں کو اسلام میں آنے پر مجبور کردیتی ہے۔

## 7. Prayer To Memorise ................................ 7۔زبانی یاد کرنے کیلئے دُعا

### دُعائے استخارہ

https://www.alislam.org/video/deeni-o-fiqahimasail-4-istikhara-dua/

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں تمام کاموں میں استخارہ کرنے کی ایسے تعلیم دیتے جیسے قرآنِ کریم کی کسی سورت کی تعلیم دیتے۔ آپؐ فرماتے: جب تم میں سے کوئی شخص کوئی کام کرنا چاہے تو فرض کے علاوہ دو رکعت نماز پڑھے، پھر یہ دعا پڑھے: (صحیح بخاری، حدیث 1162)

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاقْدِرْهُ لِيْ

وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ

وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ، وَاقْدِرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ۔

**Translation:** O Allah, I seek good from Thee out of Thy knowledge and seek power from Thee out of Thy power and I beg of Thee out of Thy boundless Grace, for Thou hast power and I have no power, and Thou hast knowledge and I have no knowledge, and Thy knowledge encompasses the unseen.

O Allah! If it be within Thy knowledge that this task is for my good, both materially and spiritually, and in respect of my ultimate end, then make it possible for me and bless me therein, but if it be within Thy knowledge that it is harmful for me in my spiritual and material life and in respect of my ultimate end, then turn me away therefrom, and enable me to attain good wherever it may be and cause me to be blessed therewith.
(*Bukhari, Kitabud-Da'wat Babud-Du'a indal Istikharah*; Also *Tirmidhi; Sharah As-Sunnah* Vol. 4, page 153)

ترجمہ: یا الٰہی میں تیرے علم کے ساتھ تجھ سے خیر طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کے ذریعہ قدرت طلب کرتا ہوں اور تجھ سے بڑا فضل مانگتا ہوں۔ کیونکہ تو طاقت رکھتا ہے اور میں طاقت نہیں رکھتا۔ اور تجھے ہی سب علم ہے مجھے کوئی علم نہیں۔ اور تو تمام غیب باتوں کو اچھی طرح جانتا ہے۔ الٰہی اگر تو جانتا ہے کہ یہ امر میرے حق میں بہتر ہے بلحاظ دین اور دنیا کے اور میرے انجام کار میں، تو تُو اسے میرے لئے مقدر فرمادے اور میرے لئے آسان کردے اور پھر میرے لئے اس میں برکت کے سامان پیدا فرما۔ اور اگر تو جانتا ہے کہ یقیناً یہ معاملہ میرے لئے بُرا ہے میرے دین اور دنیوی زندگی کیلئے اور میرے انجام کار میں، پس اس کو مجھ سے ہٹادے اور مجھ کو اس سے پھیر دے اور جہاں بھی بھلائی ہو اسے میرے لئے مقدر فرمادے پھر اس سے مجھ کو خوش کردے۔

A Prayer to seek guidance from God Almighty when one intends to embark upon any important task or project, e.g., trade, journey, marriage, etc. The matter may be religious or otherwise. The purpose of this Prayer is also to seek God's help so that the outcome of the task in hand is successful.

A two Rak'at Prayer is offered, before one goes to bed at night, in which Surah Al-Fatihah is followed by Surah Al-Kafirun in the first Rak'at and Surah Al- Fatihah followed by Surah Al-Ikhlas in the second Rak'at. During

Qa'dah position after reciting Tashahhud and Durud and some other prayers, the istikhara prayer should be recited.

## 8. Al-Qaseedah ........................................................ 8-القصیدہ

**(45)**

لَا شَكَّ أَنَّ مُحَمَّدًا خَيْرُ الْوَرٰى

رِيْقُ الْكِرَامِ وَنُخْبَةُ الْاَعْيَانِ

No doubt, it is Muhammad[saw] who is the best of all creation; He is the essence (and vital force) of the elect of God.

بیشک محمدؐ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) تمام مخلوقات سے بہترین شخص ہیں

معزز لوگوں کی رُوح و قوت اور منتخب لوگوں میں سے چیدہ ہیں۔

**(46)**

تَمَّتْ عَلَيْهِ صِفَاتُ كُلِّ مَزِيَّةٍ

خُتِمَتْ بِهِ نَعْمَاءُ كُلِّ زَمَانٍ

All (noble) qualities (pertaining to) every kind of superiority, have reached perfection in him; And (also) the (spiritual) bounties for all times have reached their climax in him (and Allah will now grant these only to those who truly follow Him)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر قسم کی فضیلت کی صفات مکمل ہیں۔

آپؐ (کی ذات اقدس) پر ہر زمانہ کی نعمتیں ختم (کامل) کر دی گئی ہیں۔

(English and Urdu translation taken from: Basics of Religious Education; Fifth Edition)

# 8. History Of Islam ................................................ 8-تاریخ اسلام

## The Life & Character of the Seal of Prophets

**Hazrat Mirza Bashir Ahmad Sahib M.A[ra]**

### There should be a Specified Supplication in Prayer

The Holy Prophet[saw] states:

إِذَا دَعَا أَحَدُكُمْ فَلْيَعْزِمِ الْمَسْأَلَةَ وَلَا يَقُوْلَنَّ اللّٰهُمَّ إِنْ شِئْتَ فَاعْطِنِيْ فَإِنَّهُ لَا مُسْتَكْرِهَ لَهٗ۔

"When any one of you begins to pray, he should stand firmly upon his request and should not say, 'O God, if you wish accept my prayer,' because of course, God will only accept it if He truly wills. For God is the Ruler of us all and He is not compelled by anyone. As such, one should not weaken the effect of his prayer or the concentration of his heart by using conditional or lose-ended words."

Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābud-Da'awāt, Bābu Li-Ya'zimil-Mas'alata Fa-Innahū Lā Mukriha Lahū, Ḥadīth No. 6338

The final part of this instruction by the Holy Prophet[saw] is based on a very critical and sound principle of psychology. It is obvious that a state of attention, concentration and engrossment is necessary in prayer, and this state can only be developed when the supplicant implores after standing firm upon something with determination and belief. However, if the supplicant uses words such as, 'O God, if you wish accept this prayer,' in such a case, the necessary state of attention and engrossment will never be developed which is required for the acceptance of prayer. The Holy Prophet[saw] states that in any case, God is not subservient to man, in that whatever he asks for, God grants him without question and does not possess the power of denial. Rather, He is a Ruling God and in accordance to His own wisdoms, possesses the power to accept or reject a prayer. Why then should man permit a state of doubt to enter his heart and waver from that status of determination, concentration and engrossment, which is necessary in producing the magnetism and attraction needed in pleading.

## Always Think Well of God

The Holy Prophet[saw] further expounded this principle at another point in the following words:

اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ۔

*"God states that, 'I deal with My servant in accordance to the belief he holds of Me."*

Ṣaḥīḥu Muslim, Kitābudh-Dhikri Wad-Du'ā'i..., Bābul-Haththi 'Alā Dhikrillāhi Ta'ālā, Ḥadīth No. 6805

Ṣaḥīḥul-Bukhārī, Kitābut-Tauḥīd, Bābu Qaulillāhi Ta'ālā Yurīdūna Aiń-Yubaddilū Kalāmallāhi, Ḥadīth No. 7505

This point is also a key to infinite prosperity but it is unfortunate that most people are unaware of this truth. In any case, a state of determination and belief is necessary in prayer and in normal circumstances it is unlawful to pray in doubtful words. However, this prohibition is only in the case when the supplicant employs such a method due to a lack of belief or attention. However, in special circumstances, if the supplicant stands upon a level of concentration and belief and then leaves the final decision of his matter to God, and due to this a state of distrust, inattention or a lack of belief is not developed, rather, a state of trust in Allāh and handing over the matter to Allāh is attained; in such a case, to pray in this manner would not be unlawful.

## Summary of the Islāmic Teaching on Prayer

From the above-mentioned verses and *Aḥādīth* the following fundamental points are proven with relevance to the concept of prayer:

It is the obligation of every Muslim that he continues praying to God, whether he is confronted with a state of fear or hope, whether he is in a state of difficulty or ease, whether he desires to gain safety from an affliction or desires to acquire beneficence.

Prayer should be offered in every situation, in a state of passionate expression and silently, i.e., at a time when man is surrounded by such worries as becomes difficult to contain one's emotions and so they overflow and when he is able to contain his emotions he should present his supplication in steadfastness and silence.

True faith, virtue, purity, obedience and devotion are necessary in the acceptance of prayer. Those who lend an ear to the call of God are also heard by God with greater attention and love when they call upon Him.

The prayers of ungrateful people who do not show gratitude to the favours of God, as well as those who are rebellious to the Divine system, do not reach a level of acceptance, rather (their prayers) come to an end, just like a cry in the desert wilderness.

Prayer also possesses the power to change the course of Divine destiny and decree. In other words, if something is about to take place as per the normal law of nature, and a virtuous servant of His prays for the revocation of such an event, God the Exalted changes His normal decree and institutes His special decree in accordance to the prayer of His servant.

However, it is the eternal verdict of God that He does not do anything which contradicts His custom or promise. Hence, such prayers which conflict with the custom or promise of God the Exalted are not accepted. Similarly, such prayers which open the door to sin or a severing of ties of kinship are not accepted.

Impatience in prayer is like a lethal poison. Instead, one should remain engaged in prayer with patience and steadfastness. Those people who pray a little and then tire away and begin to say things such as, 'We have prayed much and seen that God does not listen to us,' their prayers are not accepted.

Words of doubt, those lacking conviction or expressing disappointment, should never be used in prayer. Instead, one should pray with belief, determination and with the trust that God will listen.

God is free to accept or reject a prayer. He is not coerced or compelled by anyone. When He finds a prayer to be worthy of acceptance, He accepts it and when He does not find it worthy of acceptance, He rejects it. However, in the case that a prayer is apparently rejected, if the supplicant is deserving, God provides compensation in some other manner; be it in this world or in the hereafter.

Prayer is the essence and spirit of worship and a worship which is devoid of prayer is like that worthless and hollow bone which is bereft of marrow.

Prior to closing this note, it is necessary to mention that not only has Islām provided explanation and detail with relevance to the concept of prayer and especially emphasised it, but in order to grant Muslims a practical lesson in prayer, and in order to make them habitual in prayer, it has assigned a prayer to man's every movement, so that no hour remains empty of the remembrance of God. For example: upon one's birth, one's death, entering the mosque, leaving the mosque, departing for a journey, returning from a journey, on embarking, on disembarking, starting a meal, finishing a meal, when sleeping, on waking, while ascending, while descending, on meeting friends, on departing from friends, on marriage, on going to one's wife, spotting the new moon, for rain, for rain to be withheld, on a storm, on leaving the house, entering the house, on eating the first fruit of the season, on visiting the sick, on viewing a Muslim's dead body and on burying a Muslim. Hence, a prayer has been linked to every action of life. Moreover, these prayers are not mere tradition, rather, they are a living thing, which flow forth from the depths of the heart. True Muslims observe them with complete conviction and presence of heart. If only the world would give due value to this magnificent treasure!

## سیرت خاتم النبیین ﷺ - حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے

## دعا میں معین درخواست ہونی چاہئے

آپ ﷺ فرماتے ہیں:

إِذَا دَعَا أَحَدُكُمْ فَلْيَعْزِمِ الْمَسْئَلَةَ وَلَا يَقُوْلَنَّ اللّٰهُمَّ إِنْ شِئْتَ فَاعْطِنِيْ فَإِنَّهٗ لَا مُسْتَكْرِهٗ لَهٗ

یعنی "جب تم میں سے کوئی شخص دعا کرنے لگے تو اسے چاہئے کہ اپنے سوال پر پختگی سے قائم ہو اور ایسے الفاظ استعمال نہ کرے کہ خدایا اگر تو پسند کرے تو میری اس دعا کو قبول کر لے کیونکہ خدا تو بہرحال اسی صورت میں قبول کرے گا کہ وہ اسے پسند کرے گا کیونکہ خدا سب کا حاکم ہے اور اس پر کسی کا دباؤ نہیں۔ پس خواہ مخواہ مشروط یا ڈھیلے ڈھالے الفاظ کہہ کر اپنی دعا کے زور اور اپنے دل کی توجہ کو کمزور نہیں کرنا چاہئے۔" (صحیح بخاری کتاب الدعوات)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ آخری ارشاد علم النفس کے ایک بھاری اور پختہ اصول پر مبنی ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ دعا کے لئے توجہ اور انہماک اور استغراق کی کیفیت ضروری ہے اور یہ کیفیت اس صورت میں پیدا ہو سکتی ہے کہ جب دعا کرنے والا عزم اور یقین کے ساتھ ایک بات پر قائم ہو کر کسی چیز کا سوال کرے لیکن اگر وہ اس قسم کے الفاظ کہے کہ خدایا تو اگر چاہے تو میری یہ بات مان لے تو اس صورت میں اس کے اندر کبھی بھی وہ توجہ اور وہ استغراق کا رنگ پیدا نہیں ہو سکتا جو دعا کی قبولیت کے لئے ضروری ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بہر حال خدا انسان کے ماتحت تو ہے نہیں کہ ہر چیز جو انسان مانگے تو وہ ضرور اسے دے دے اور انکار کی طاقت نہ رکھتا ہو بلکہ وہ ایک حکمران خدا ہے اور اپنے مصالح کے ماتحت قبول کرنے اور رد کرنے ہر دو کی طاقت رکھتا ہے تو پھر انسان کیوں اپنے دل میں ایک شک کی حالت پیدا کر کے اس عزم اور توجہ اور استغراق کے مقام سے متزلزل ہو جو سوال میں کشش اور قوت جذب پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے۔

## خدا پر ہمیشہ نیک گمان رکھو

اس اصول کی تشریح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک دوسری جگہ ان الفاظ میں فرماتے ہیں کہ:

اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ۔

یعنی "خدا فرماتا ہے کہ میرا بندہ میرے متعلق جس طرح کا گمان رکھتا ہے میں اسی کے مطابق اس سے سلوک کرتا ہوں۔"

(مسلم و بخاری)

یہ نکتہ بھی بے شمار کامیابیوں کی کلید ہے مگر افسوس ہے کہ اکثر لوگ اس کی حقیقت سے ناواقف ہیں۔ بہر حال دعا کے لئے عزم اور یقین کی کیفیت ضروری ہے اور عام حالات میں شک کے الفاظ میں دعا کرنا جائز نہیں مگر یہ عدم جواز اسی صورت میں ہے کہ دعا کرنے والا عدمِ یقین یا عدم توجہ کی وجہ سے ایسا طریق اختیار کرے لیکن اگر وہ خاص حالات میں توجہ اور یقین کے مقام پر قائم رہتے ہوئے پھر کسی معاملہ میں اپنے فیصلہ کو خدا پر چھوڑ دے اور اسکی وجہ سے اس کی حالت میں بے اعتمادی یا بے توجہی یا عدم یقین کا رنگ پیدا نہ ہو بلکہ توکل الی اللہ اور تفویض الی اللہ کا رنگ ہو تو ایسی صورت میں اس طریق پر دعا کرنا بھی ناجائز نہیں ہوگا۔

## دعا کے متعلق اسلامی تعلیم کا خلاصہ

مذکورہ بالا آیات واحادیث سے مسئلہ دعا کے متعلق مندرجہ ذیل اصولی باتیں ثابت ہوتی ہیں :

1- ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ ہر حال میں خدا سے دعا کرتا رہے خواہ اسے خوف کی حالت در پیش ہو یا طمع کی خواہ وہ تنگی کی حالت میں ہو یا آرام میں۔ خواہ وہ کسی مصیبت سے بچنا چاہتا ہو یا کسی بھلائی کے حاصل کرنے کا آرزومند ہو۔

2- دعا ہر حالت میں ہونی چاہئے تضرع کی حالت میں بھی اور خفیہ حالت میں بھی یعنی اس وقت بھی کہ جب انسان پر افکار کا ایسا ہجوم ہو کہ وہ اپنے جذبات کو قابو میں نہ رکھ سکتا ہو اور وہ پھوٹ پھوٹ کر باہر آتے ہوں اور اس وقت بھی کہ جب وہ اپنے جذبات کو قابو میں رکھ کر صبر اور خاموشی کے ساتھ اپنی التجا کو پیش کر سکتا ہو۔

3- دعا کی قبولیت کے لئے سچا ایمان اور نیکی اور طہارت اور اطاعت اور عبودیت ضروری ہیں۔ جو لوگ خدا کی آواز پر کان دھرتے ہیں خدا بھی ان کی آواز کو زیادہ توجہ اور زیادہ محبت کے ساتھ سنتا ہے۔

4- ناشکر لوگوں کی دعائیں جو خدا کے انعاموں پر شکر گزاری کا طریق اختیار نہیں کرتے اور نیز ان لوگوں کی دعائیں جو خدائی نظام کے باغی ہیں درجہ قبولیت کو نہیں پہنچتیں بلکہ صدائے صحرا کی طرح فضا میں گونج کر ختم ہو جاتی ہیں۔

5- دعا میں یہ طاقت حاصل ہے کہ وہ خدائی قضا و قدر کو بھی بدل سکتی ہے یعنی اگر خدا کے عام قانون قدرت کے ماتحت کوئی بات ہونے والی ہو اور پھر اس کا کوئی پاک بندہ اس سے اس بات کے ٹل جانے کی دعا کرے تو خدا تعالیٰ اپنی اس عام تقدیر کو بدل کر اپنے بندے کی دعا کے مطابق خاص تقدیر جاری کر دیتا ہے۔

6- مگر خدا کا یہ ازلی فیصلہ ہے کہ وہ اپنی کسی سنت یا وعدہ کے خلاف کوئی بات نہیں کرتا۔ پس ایسی دعائیں جو اس کی کسی سنت یا وعدہ کے خلاف ہوں قبول نہیں ہوتیں۔ اسی طرح ایسی دعائیں جو گناہ یا قطع رحمی کا دروازہ کھولتی ہوں قبول نہیں ہوتیں۔

7- دعا کے لئے جلد بازی سمّ قاتل ہے بلکہ صبر اور استقلال کے ساتھ دعا میں لگے رہنا چاہئے جو لوگ کچھ وقت دعا کر کے پھر تھک جاتے اور اس قسم کے الفاظ بولنے لگ جاتے ہیں کہ ہم نے بہت دعائیں کر کے دیکھ لیا خدا ہماری نہیں سنتا ان کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔

8- دعا میں شک یا عدم یقین یا مایوسی کے الفاظ ہرگز استعمال نہیں کرنے چاہئیں بلکہ یقین اور عزم کے ساتھ یہ امید رکھتے ہوئے کہ خدا ہماری سنے گا دعا کرنی چاہئے۔

9- خدا دعا قبول کرنے یا ردّ کرنے میں آزاد ہے۔ اس پر کسی کا دباؤ یا جبر نہیں۔ جب وہ وہ کسی دعا کو قبولیت کے قابل خیال کرتا ہے تو اسے قبول کرتا ہے اور جب قبولیت کے قابل نہیں سمجھتا تو اسے رد کر دیتا ہے مگر بظاہر رد کرنے کی صورت میں بھی اگر دعا کرنے والا مستحق ہے تو خدا کسی اور رنگ میں اس کی تلافی فرما دیتا ہے خواہ اسی دنیا میں خواہ آخرت میں۔

۱۰- دعا تمام عبادتوں کی جان اور روح رواں ہے اور جو عبادت دعا سے خالی ہے وہ اس ردی اور کھو کھلی ہڈی کی طرح ہے جو گودے سے خالی ہو۔

اس نوٹ کو ختم کرنے سے پہلے یہ ذکر بھی ضروری ہے کہ اسلام نے نہ صرف دعا کے مسئلہ کو تشریح اور تفصیل کے ساتھ بیان کر کے اس پر خاص زور دیا ہے بلکہ مسلمانوں کو دعا کا عملی سبق دینے اور دعا کا عادی بنانے کے لئے انسان کی ہر حرکت و سکون کے ساتھ کوئی نہ کوئی دعا مقرر کر دی ہے تا کہ اس کی کوئی گھڑی خدا کی یاد سے خالی نہ رہے مثلاً کسی کے پیدا ہونے، کسی کے وفات پانے، مسجد میں داخل ہونے، مسجد سے نکلنے، سفر میں جانے سفر سے واپس آنے، سواری پر چڑھنے، سواری سے اترنے، کھانا شروع کرنے، کھانا ختم کرنے، بستر پر جانے، بستر سے اٹھنے، پہاڑی پر چڑھنے، وادی میں اترنے، دوستوں سے ملنے، دوستوں سے جدا ہونے، شادی کرنے، بیوی سے ملنے، نیا چاند دیکھنے، بارش کے برسنے، بارش کے رکنے، آندھی کے چلنے، گھر سے نکلنے، گھر میں داخل ہونے، موسم کا پہلا پھل کھانے، بیمار کی تیمار داری کرنے، کسی مسلمان کی نعش کے پاس جانے، کسی مسلمان کو دفن کرنے، غرض زندگی کے ہر حرکت و سکون کو کسی نہ کسی دعا کے ساتھ وابستہ کر دیا ہے اور یہ دعا محض رسمی دعا نہیں بلکہ دل کی گہرائیوں سے نکلنے والی زندہ چیز ہے جو ایک سچا مسلمان کامل یقین اور حضورِ قلب کے ساتھ اختیار کرتا ہے۔ کاش دنیا اس عظیم الشان خزانہ کی قدر کرے۔

## 10. Book of the Promised Messiah[as] ... 10- حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب

New book will be prescribed nearer the time.

# SYLLABUS FOR

# Term - 1

# October 2025 to January 2026

# Overview of Ta'lim Syllabus - Term 1
# October 2025 - January 2026

| S.No. | Components | Details |
|---|---|---|
| 1 | Holy Quran<br>(Urdu Commentary from Tafsir-e-Kabir)<br>(English Commentary from Five Volume Commentary | Surah Al-A'la<br>Chapter 87 – Part 30 |
| 2 | Commandments of the Holy Quran. | 1. Ale-Imran - 3:104<br>2. Ale-Imran - 3:104<br>3. Ale-Imran - 3:106 |
| 3 | Attributes of Allah The Almighty<br>(with summary from relevant Friday Sermons) | As-Shafi<br>Al-Mujeeb<br>Al-Wali |
| 4 | Salat | Guidance of Hazrat Khalifatul Masih V[aba] in regards to Salat.<br>Iqamatus Salat – The Observance of Prayer<br>by Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib - Missionary Incharge UK |
| 5 | Hadith<br>English: Forty Gems of Beauty<br>Urdu: چالیس جواہر پارے | Hadith No: 30<br>True repentance washes off sin.<br>سچی توبہ گناہ کو مٹا دیتی ہے۔ |
| 6 | Malfoozat | Malfoozat Volume 1<br>Urdu Pages: 131 – 137<br>English Pages: 148 – 154 |
| 7 | Prayers to Memorise | Funeral Prayer |
| 8 | Al-Qaseedah | Qaseedah Couplets: 47 & 48<br>(with Urdu and English translation) |

| | | |
|---|---|---|
| 9 | History of Islam | The Life & Character of the Seal of Prophets.Vol. III – Pages: 176-179<br>سیرت خاتم النبیین ﷺ- حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے - جلد سوم–صفحہ: 889-893 |
| 10 | 10. Book of The Promised Messiah[as] | New book will be prescribed nearer the time. |

❁❁

## 1. Holy Qur'an ................................................ . 1-قرآن کریم

### Al-A'la – سُوْرَةُ الْاَعْلٰی

*(Revealed before Hijra)*

**Verse-01**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۱

**Translation**: In the name of Allah, the Gracious, the Merciful.

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

**Verse-02**

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝۲

**Translation**: Glorify the name of thy Lord, the Most High,

ترجمہ: اپنے بزرگ و بالا ربّ کے نام کا ہر عیب سے پاک ہونا بیان کر۔

**Commentary:** The verse may be interpreted as: (a) glorify the name of thy Lord, the most High; and (b) glorify the most high name of thy Lord. The words رَبِّكَ اَلْاَعْلٰی the most High Lord signify that as God has created man for unlimited progress, therefore, He has endowed him with great natural powers and faculties that he may fulfil his high destiny; only his development is to be progressive and in stages. Incidentally, the Divine attribute رَبِّ The Lord Who makes things grow and develop by stages disposes of the objection, viz. why the perfect Law was not revealed in the beginning of creation? The word implies that perfect Law could only have been revealed after man's intellect and reason had attained their highest development which happened after a long and gradual process of evolution.

اُردو تفسیر آیت-02

اس آیتِ کریمہ کے معنی ہیں کہ تو تسبیح کر اپنے ربّ کے نام کی جو اعلیٰ ہے۔ یا اپنے ربّ کے اعلیٰ نام کی تسبیح کر۔ یہاں اعلیٰ صفت ربّ بھی ہو سکتا ہے اور صفت اسم بھی۔ یعنی یہ بھی معنی ہو سکتے ہیں کہ اپنے ربّ کے اسم کی جو اعلیٰ

ہے تسبیح بیان کر اور یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ اپنے اعلیٰ ربّ کے نام کی تسبیح بیان کر۔ ربّ کی صفت قرار دینے کی صورت میں اس کے یہ معنی ہوں گے کہ تیرا ربّ جو اعلیٰ ہے یعنی تیرا ربّ جس کی ربوبیت سب سے بلند اور ارفع شان رکھتی ہے اس کی تسبیح بیان کر۔ اور اسم کی صفت ہونے کی صورت میں آیت کے یہ معنی ہوں گے کہ تو اپنے ربّ کے سب سے بلند نام کی تسبیح کر اور مطلب یہ ہوگا کہ تو اپنے ربّ کا نام دنیا میں بلند کر۔ قران کریم میں رب کا لفظ غیر اللہ کی نسبت بھی استعمال کیا گیا ہے۔ اور اس طرح تسلیم کیا گیا ہے کہ اور لوگوں کو بھی نام کے لحاظ سے خدا تعالیٰ کی اس صفت میں اشتراک حاصل ہے۔ چنانچہ ماں باپ ایک قسم کے رب ہوتے ہیں کیونکہ وہ بچوں کی ربوبیت کرتے ہیں۔ استاد بھی ایک قسم کا رب ہوتا ہے۔ مذہبی پیشوا بھی ایک قسم کا رب ہوتا ہے۔ اسی طرح محسن انسان بھی ایک قسم کا رب ہوتا ہے۔ اور یہ سب اپنے اپنے دائرہ میں دوسروں کی ربوبیت کرتے ہیں۔ پس چونکہ اور لوگ بھی اللہ تعالیٰ کی صفت ربوبیت میں شریک ہوتے ہیں اس لیے یہاں صرف رب کا لفظ استعمال نہیں کیا گیا بلکہ رب کے ساتھ اعلیٰ کا بطور صفت ذکر کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ گو اور لوگوں کو بھی نام کے لحاظ سے اس صفت میں اشتراک حاصل ہوتا ہے مگر تیرا رب وہ ہے جو اعلیٰ ہے اور دوسروں کے رب وہ ہیں جو ادنیٰ ہیں۔ ان کی ربوبیتیں سخت ناقص ہوتی ہیں مگر خدا تعالیٰ کی ربوبیت ہر لحاظ سے کامل ہوتی ہے۔ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى کے متعلق یہ امر بھی یاد رکھنا چاہیے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رضوان اللہ علیہم کا طریق یہ تھا کہ اس آیت کے نازل ہونے سے پہلے جب وہ رکوع میں جاتے تو کہا کرتے اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ اور جب سجدے میں جاتے تو کہتے اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُّ مگر جب یہ آیت نازل ہوئی کہ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِجْعَلُوْهَافِیْ سُجُوْدِكُمْ۔ یہ تسبیح سجدہ کے وقت کیا کرو۔ اور جب یہ آیت نازل ہوئی کہ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ( الحاقہ: 53) تو آپ نے فرمایا اِجْعَلُوْهَافِیْ رُكُوْعِكُمْ یہ تسبیح رکوع کے وقت کیا کرو۔ چنانچہ یہ جو ہم رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِيْمِ اور سجدہ میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰى کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے اسی حکم کے نتیجے میں کہتے ہیں کہ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ اور سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى

**Verse-03**

الَّذِیۡ خَلَقَ فَسَوّٰی ۪ۙ﴿۳﴾

**Translation**: Who creates and perfects,

ترجمہ: جس نے پیدا کیا پھر ٹھیک ٹھاک کیا۔

**Commentary:** The verse shows that a high destiny awaits man and that for the fulfilment of it God has endowed him with the highest natural faculties and capacities. He can attain the highest spiritual stature; can reflect in his person Divine attributes so as to become the mirror of his Creator. This implies that the Creator Himself is perfect and is completely free from all conceivable defects and weaknesses.

اُردو تفسیر آیت-03

خدا تعالیٰ نے پیدا کیا اور اسے درست اور بے عیب بنایا۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ خدا تعالیٰ نے انسان کو ایسے رنگ میں پیدا کیا ہے کہ اس کے اندر تمام ضروری طاقتیں موجود ہیں اور ترقی کے مادے اس میں پوری طرح پائے جاتے ہیں گویا وہ سب صفات جو انسانی ترقی کے لئے ضروری تھیں اللہ تعالیٰ نے انسان کے لئے مہیا فرمادی ہیں۔ پس سَوّٰی کے معنی یہ ہوئے کہ اللہ تعالی نے انسان میں اعتدال اور ترقی کا مادہ پیدا کیا ہے۔ ہر قسم کی قابلیتیں اس میں رکھ دی ہیں اور ہر قسم کی ضروریات اس کے لیے مہیا کر دی ہیں اور یہی بے عیب پیدا کرنے کے معنی ہیں کہ انسانی پیدائش میں کوئی چیز ایسی نہیں جس کے متعلق یہ کہا جاسکے کہ وہ لغو اور فضول ہے۔ مثلاً آنکھ ہے، یہ بالکل بیکار ہوتی اگر اس کے مقابل میں سورج کی روشنی پیدا نہ کی جاتی۔ اسی طرح تمام جسمِ انسانی کو دیکھ لو ہر چیز کسی نہ کسی غرض کے لیے پیدا کی گئی ہے۔ اور اس کا ضرور کوئی نہ کوئی فائدہ ہے۔ پھر خَلَقَ فَسَوّٰی کے یہ معنی بھی ہیں کہ اللہ تعالی نے انسان کو معتدل القویٰ بنایا ہے اور اس کی قوتوں میں اس نے ہر لحاظ سے اعتدال پیدا کیا ہے۔ ایک طرف اگر اس نے انسان میں غصہ کی طاقت رکھی ہے تو اس کے بالمقابل اس نے نرمی کی قوت بھی اس میں رکھ دی ہے۔ اگر ایک طرف اس میں انتقام کی قوت پائی جاتی ہے تو دوسری طرف عفو کی قوت بھی اس میں موجود ہے۔ اگر ایک طرف اس میں شہوت کا مادہ پایا جاتا ہے تو دوسری طرف عِفت کا مادہ بھی اللہ تعالی نے اس میں رکھ دیا ہے۔ یہ دونوں بظاہر

متضاد قوتیں مل کر انسان کی اخلاقی اور روحانی ترقی کا موجب ہوتی ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام اس کی مثال دیتے ہوئے فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی نامرد ہو تو اسے یہ نہیں کہا جائے گا کہ وہ بڑا عفیف ہے یا اگر کوئی شخص نا بینا ہو تو اس کے متعلق ہم نہیں کہہ سکتے کہ وہ کبھی بد نظری نہیں کرتا۔ حقیقت یہ ہے کہ جب تک دونوں قسم کی قوتیں انسان میں نہ پائی جائیں اور ان قوتوں میں وہ صحیح توازن قائم نہ کرے اس وقت تک وہ اخلاقی زندگی بسر کرنے والا قرار نہیں دیا جا سکتا۔ پس خَلَقَ فَسَوّٰی کے ایک معنی یہ بھی ہیں کہ ہم نے انسان کو مُعْتَدِ الْقَوٰی بنایا ہے اور اس کے دائیں بائیں متضاد قوتیں رکھی ہیں اور اس کے اندر یہ مادہ پیدا کیا ہے کہ وہ ان قوتوں کے درمیان میں اپنے آپ کو اس طرح کھڑا رکھے جس طرح ترازو کے دو پلڑے آپس میں برابر ہوتے ہیں۔ خَلَقَ فَسَوّٰی کے ایک یہ بھی معنی ہیں کہ اللہ تعالی نے انسان کو پیدا کیا اور پھر جب اس میں خرابی پیدا ہوئی اللہ تعالی نے اس کی درستی کے سامان کیے اور اس کی کجی کو دور کیا۔

**Verse-04**

وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰی ۝۳

**Translation**: And Who designs and guides,

ترجمہ: اور جس نے (عناصر کو) ترکیب دی پھر ہدایت دی۔

**Commentary:** This and the preceding verse give four reasons for the glorification of God, viz. (1) God brought us into being. (2) He endowed us with all the faculties and capacities that are needed for our spiritual and intellectual development. (3) He determined man's physical and spiritual needs and (4) for the fulfilment of those needs He revealed guidance that man might attain the object of his creation.

اُردو تفسیر آیت-04

اس کے ایک معنی یہ ہیں کہ جب کبھی بھی دین میں خرابی پیدا ہوئی اور وہ کج ہوا اللہ تعالیٰ نے اس کی ضرورت کے مطابق اس کی اصلاح کے سامان کئے اور اس کی کجی کو دور کر دیا۔ ان معنوں کے لحاظ سے وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰي کے یہ معنی ہوں گے کہ جب بھی وہ کج ہوا اس کی ضرورت کے مطابق اللہ تعالیٰ نے ہدایت بھجوا دی اور اس طرح اس کی

اصلاح کی۔ اگر ضرورت کے مطابق ہدایت نہ ہوتی یا کم ہوتی تو وہ گمراہ ہو جاتا اور اگر ضرورت سے بڑھ جاتی تب بھی اس کی قوتیں ٹوٹ جاتیں اور وہ حیران رہ جاتا پس اصلاح کا اس نے صحیح طریق اختیار کیا اور اس قدر جو ضروری تھا نازل کیا۔ گویا جیسی جیسی مرض تھی اور جتنی جتنی کجی پائی جاتی تھی اس کے مطابق اللہ تعالیٰ نے علاج نازل کیا۔ قَدَّرَ فَهَدٰی میں اللہ تعالی نے یہی مضمون بیان کیا ہے کہ کامل تعلیم وہی ہو گی جو ماحول کے مطابق ہو اگر نماز کے متعلق صرف یہی حکم دیا جاتا کہ ہر شخص کو کھڑے ہو کر پڑھنی چاہیے تو ایک بیمار جو کھڑا نہ ہو سکتا وہ کیا کرتا اس لیے اللہ تعالی نے ساتھ ہی اجازت دے دی کہ اگر کوئی بیمار ہو تو بیٹھ کر پڑھ لے۔ اگر بیٹھ کر بھی نہیں پڑھ سکتا تو لیٹ کر نماز پڑھ لے۔ گویا ماحول کو مد نظر رکھ کر اللہ تعالی نے تعلیم دی ہے یہ نہیں ہوا کہ اس نے انسان کے مادی ماحول کو نظر انداز کر دیا ہو۔ پس کامل تعلیم وہی ہو سکتی ہے جو قَدَّرَ فَهَدٰی کے مطابق ہو۔ مثلاً اللہ تعالی نے زکوٰۃ کا حکم تو دے دیا مگر ساتھ ہی کہہ دیا کہ یہ حکم ہر شخص کے لیے نہیں بلکہ ان لوگوں کے لیے ہے جن کے پاس اتنا روپیہ ہو۔ اگر یہ استثناء نہ کیا جاتا تو لاکھوں لوگ اس تعلیم پر عمل نہ کر سکتے اور گنہگار بن جاتے۔ لیکن باقی مذاہب کی تعلیم میں اس ماحول کو مدِّ نظر نہیں رکھا گیا۔ مثلاً آریہ سماج کی یہ تعلیم ہے کہ مردہ جلانے کے لیے صندل، گھی، زعفران اور کئی قسم کی چیزیں اکٹھی کرنی چاہئیں ۔ میں نے ایک دفعہ اندازہ لگایا تو یہ چیزیں جن کو مردہ جلانے کے لیے ضروری قرار دیا گیا تھا قریباً 600 روپے کی بن گئیں حالانکہ کئی آدمی ایسے ہوتے ہیں کہ اگر وہ اپنے گھر کی تمام چیزیں بیچ ڈالیں تب بھی وہ 600 روپیہ اکٹھا نہیں کر سکتے۔

**Verse-05**

وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝۵

**Translation**: And Who brings forth the pasturage,

ترجمہ: اور جس نے زندگی کی حفاظت کے لئے سبزہ نکالا۔

**Verse-06**

فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۝۶

**Translation**: Then turns it black, rotten rubbish.

ترجمہ: پھر اسے (ناقدروں کے لئے) سیاہ کوڑا کرکٹ بنا دیا۔

**Commentary Verses 5 & 6:** The verse constitutes a subtle answer to the objection: Why God first revealed incomplete laws, suited only to the needs of the peoples and the periods in which they were revealed, and then revealed the last and most perfect Shari'ah in the form of the Quran, which was meant to guide mankind for all time? It purports to say that God has created two kinds of things: (1) Those that like herbage and pasture satisfy man's temporary needs and thus have a limited tenure of life. The former Scriptures, like these things, fulfilled man's temporary needs and, therefore, were subject to decay and death. (2) Those things such as the sun, the moon, the earth, etc. which are of permanent use for man. They will last with the universe. Like the latter the Quran is meant to be man's unerring guide till the end of time; hence it is immune to change, replacement and the wasting effect of time.

## اُردو تفسیر آیت 05-06

فرماتا ہے وہ خدا ہی ہے جس نے چارہ کو پیدا کیا ہے اور چارہ ایک محدود اور تھوڑے زمانے سے تعلق رکھنے والی چیز ہوتی ہے۔ بعض سبزیاں ایسی ہیں جو مہینہ دو مہینے رہتی ہیں اور بعض ایسی ہیں جو چار پانچ مہینے رہتی ہیں۔ مگر اس عرصے کے بعد وہ سڑ گل جاتی ہیں اور خدا ان کو غُثَآءً اَحْوٰی کر دیتا ہے۔ یعنی اس کو سڑی گلی چیز کر دیتا ہے اور وہ اَحْوٰی ہو جاتی ہے یعنی نہ صرف یہ کہ وہ سڑی ہوئی ہوتی ہے بلکہ گل سڑ کر سیاہی مائل ہو جاتی ہے۔ ان کی پیدائش بھی خدا تعالیٰ کی قدرت کا نتیجہ ہے تو روحانی زندگی میں تمہیں کیوں اعتراض پیدا ہوتا ہے اور کیوں تم اس حقیقت کو نہیں سمجھتے کہ بعض چیزیں عارضی زندگی رکھنے والی ہوتی ہیں اور بعض مستقل۔ کوئی تعلیم تھوڑے زمانے کے لیے ہوتی ہے اور کوئی تعلیم لمبے عرصہ کے لیے۔ خدا تعالیٰ کی مخلوق میں اس کا ثبوت موجود ہے کہ جہاں اس نے بعض چھوٹی چھوٹی چیزیں مثلاً ترکاریاں وغیرہ پیدا کی ہیں جو چند دنوں کے بعد ہی گل سڑ جاتی ہیں وہاں اس نے ایسے درخت بھی پیدا کیے ہیں جو سینکڑوں سال کی زندگی رکھتے ہیں اور بعض اشیاء تو ایسی ہیں کہ جب تک نسلِ انسانی رہے گی اس وقت تک وہ چیزیں بھی قائم رہیں گی مثلاً سورج اور چاند اور پہاڑ اور زمین اور کانیں وغیرہ۔ غرض دونوں قسم کی مخلوق دنیا میں پائی جاتی ہے۔ پس یہ کہنا کہ وہ خدائی تعلیم کس طرح ہو گئی جو ایک وقت کے بعد منسوخ ہو گئی اگر خدائی تعلیم ہوتی تو کبھی منسوخ نہ کرتی بالکل احمقانہ بات ہے۔ زیادہ تر ہندوؤں میں یہ خیال پایا جاتا ہے کہ خدا تعالیٰ اگر اپنا کلام نازل کرے تو پھر اسے کبھی منسوخ نہیں ہونا چاہیے مگر ان کا یہ خیال قطعی طور پر

غلط اور بے بنیاد ہے قانون قدرت پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالی نے دونوں قسم کی چیزیں پیدا کی ہیں وہ بھی جو لمبی زندگی رکھتی ہیں اور وہ بھی جو عارضی زندگی رکھتی ہیں۔ اسی طرح سابق تعلیمات صرف وقتی ضرورت کو پورا کرتی تھیں مگر ایک وقت کے بعد سڑ جاتی تھیں آخر وہ وقت آگیا کہ بنی نو انسان کو مستقل شریعت دی جائے۔

**Verse-07**

سَنُقۡرِئُكَ فَلَا تَنۡسٰۤى ۞

**Translation**: We shall teach thee *the Qur'an*, and thou shalt forget *it* not,

ترجمہ: ہم ضرور تجھے قراءت سکھائیں گے پس تو نہیں بھولے گا۔

**Verse-08**

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعۡلَمُ الۡجَهۡرَ وَمَا يَخۡفٰى ۞

**Translation**: Except as Allah wills. Surely, He knows *what is* open and what is hidden.

ترجمہ: سوائے اس کے جو اللہ چاہے۔ یقیناً وہ ظاہر کو بھی جانتا ہے اور اسے بھی جو مخفی ہے۔

**Commentary Verses 7 & 8:** the verse develops the argument implied in the preceding one. It purports to say that The Quran being God's last Message for mankind has been granted Divine protection against interference, distortion or interpolation. The promise of protection has been given in emphatic and clear terms, viz.

"Verily, We Ourself have sent down the Reminder, and most surely We will be its Guardian" (15:10). The last fourteen centuries have witnessed the fulfilment of this mighty prophecy, in that the Quran has become a part of the thought and life of the Muslims as a whole, so much, that at all times there is found in the world a section of Muslims who proclaim and uphold its true teachings and learn its text by heart. The Quran that we have with us today is the same, without the change of a word or letter, which was given to the world by the Holy Prophet[saw]. The Holy Prophet[saw] was human and as such he was apt to forget and he did forget things as far as the affairs of life were concerned. But God, in His infallible wisdom, had so arranged that despite the fact that the Prophet[saw] was not literate and

sometimes long Surahs were revealed to him in one piece, the revelation remained so indelibly imprinted on his mind that he was never found to forget or falter in reciting the revealed portions. It is marvellous indeed that very long Surahs such as Al-Baqarah, Al-e-'Imran or An-Nisa', were revealed piecemeal, and a period of several years had intervened between the revelation of different parts of each of those Surahs and yet the Prophet[saw] never for a moment fumbled or faltered in putting the revealed verses in their proper places.

The expression "as God wills", pertains only to matters of ordinary everyday life. The words, "He knows what is manifest and what is hidden," mean that as God knew all the needs of man of which man himself was unconscious and which he was incapable of knowing, God provided those needs in the Quran, and so there could be no possibility of the Holy Prophet[saw] forgetting what was revealed to him.

## اُردو تفسیر آیت-07-08

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ہم نے دوسروں کو خاص طور پر نہیں پڑھایا مگر تیرے لیے چونکہ ہماری ربوبیتِ اعلیٰ ظاہر ہوئی ہے اس لیے ہم تجھے ایسا درس دیں گے جو تجھے کبھی نہیں بھولے گا۔ یعنی وہ کلام جو تجھ پر نازل ہوگا وہ ہمیشہ دنیا میں قائم رہے گا۔ اب دیکھو خدا تعالیٰ نے قران کریم کی حفاظت کے کیسے سامان پیدا فرما دیے کہ نہ صرف اس نے باطنی حفاظت کی بلکہ ظاہری حفاظت کے لیے بھی اس نے متعدد سامان پیدا کر دیے۔ پہلا سامان جو خدا تعالیٰ نے قران کریم کی ظاہری حفاظت کے لیے کیا وہ یہ ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے معاً بعد مسلمانوں میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ اگر ایک ہی متفق جتھہ حکومت کرتا رہتا تو ممکن تھا کہ کسی وقت ایمان کی کمزوری پیدا ہو کر وہ اپنی مرضی کے خلاف آیات قران کریم میں سے نکال دینے کی کوشش کرتا۔ مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے معاً بعد انصار اور مہاجرین میں رقابت اور اختلاف پیدا ہو گیا اور وہ ایک دوسرے کے حالات کے کڑے نگران بن گئے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کسی بے ایمان سے بے ایمان کو بھی جرات نہ ہوئی کہ وہ قران کریم میں کسی قسم کی تحریف یا تغیر پیدا کر سکے۔ دوسرا سامان خدا تعالیٰ نے یہ کیا کہ حُفاظ کو اس کثرت سے پیدا کر دیا کہ دنیا میں اس کی اور کہیں نظیر نہیں ملتی۔ صرف قران کریم وہ کتاب ہے جس کے لاکھوں حُفاظ آج بھی دنیا میں موجود ہیں اور

وہ شروع سے لے کر آخر تک اس کا ایک ایک لفظ اور ایک ایک حرف سنا سکتے ہیں۔ تیسرے رغبت کے علاوہ بعض طرز کا کلام ایسا ہوتا ہے جس کا حفظ کرنا آسان ہوتا ہے اور بعض طرز کا کلام ایسا ہوتا ہے جس کا حفظ کرنا نہایت مشکل ہوتا ہے۔ قرانِ کریم کو اللہ تعالیٰ نے ایسے اَسلوب پر نازل کیا ہے کہ نثر ہونے کے باوجود شعروں کی طرح ہے اور اس کا یاد کرنا نہایت آسان ہے۔ چوتھی چیز جس کا قران کریم کی ظاہری حفاظت کے ساتھ تعلق ہے وہ مسلمانوں میں عِلم قلم کی کثرت ہے جو اس سے پہلے کسی قوم کو نصیب نہیں ہوا۔ اِدھر رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ظہور ہوا اور اُدھر مسلمانوں میں قلم کا اتنا رواج ہوا اتنا رواج ہوا کہ اس سے پہلے دنیا کی تاریخ میں علم قلم کی کثرت کا کہیں ثبوت نظر نہیں آتا۔ پانچواں سامان اللہ تعالیٰ نے قران کریم کی حفاظت کے لیے یہ کر دیا کہ اسلام شروع میں ہی مختلف ممالک میں پھیل گیا چنانچہ ابھی ہزاروں صحابہ رضوان اللہ علیہم زندہ تھے کہ اسلام شام میں بھی پہنچ گیا۔ عراق میں بھی پہنچ گیا۔ فلسطین میں بھی پہنچ گیا۔ اناتکیہ میں بھی پہنچ گیا۔ ایران میں بھی پہنچ گیا۔ مصر میں بھی پہنچ گیا۔ اسی طرح افریقہ کے مختلف علاقوں تک اسلام کا نام جا پہنچا۔ یہاں تک کہ صحابہؓ چین تک گئے اور انہوں نے اسلام کی اشاعت کی۔ ہندوستان میں آئے اور یہاں انہوں نے اسلام پھیلایا۔ اور چونکہ وہ جہاں بھی جاتے قران کریم کی کاپیاں اپنے ساتھ رکھتے تھے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اس ذریعے سے قرآنِ کریم کی ہزاروں کاپیاں یک دم سارے جہان میں پھیلا دیں۔ چھٹا سامان اللہ تعالیٰ نے حفاظتِ قرآنِ کریم کے متعلق یہ پیدا کیا کہ شروع میں ہی عربی زبان مختلف ممالک میں پھیل گئی اور اس وجہ سے ترجمہ کرنے کی ضرورت نہ رہی۔ ہر ملک کے لوگ عربی زبان میں ہی قرآنِ کریم کو سمجھ سکتے ہیں۔ یہ چھ ایسے سامان ہیں جو دنیا کی اور کسی قوم کی الہامی کتاب کو میسر نہیں آئے صرف قرانِ کریم کو ہی اللہ تعالیٰ نے یہ سامان عطا فرمائے ہیں۔ اِلَّا مَاشَاءَاللّٰہ میں مسلمانوں کی آخری زمانہ کی حالت کا نقشہ کھینچا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں پر ایک زمانہ ایسا آنے والا ہے جب وہ الفاظ کو تو یاد رکھیں گے مگر عمل کرنا بھول جائیں گے۔ وہ ظاہر میں مسلمان کہلائیں گے۔ پس قرآنِ کریم ظاہر میں محفوظ رہے گا۔ لیکن چونکہ وہ باطن میں اسلام کو کھودیں گے۔ قرآن کا مغز بھی ان سے اٹھ جائے گا۔ غرض اس جگہ بتایا گیا ہے کہ قرآنِ کریم کی حفاظت دو قسم کی ہے ایک لفظی حفاظت اور ایک معنوی حفاظت۔ لفظی حفاظت کے متعلق یہ وعدہ ہے کہ وہ غیر فاصل ہوگی۔ کوئی زمانہ ایسا نہیں آئے گا جب قرانِ کریم کے الفاظ میں تغیر و تبدل ہو جائے۔ مگر معنوی غیر

فاصل حفاظت کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی وعدہ نہیں۔ بلکہ امتِ محمدیہؐ بگڑ جائے گی تو کوئی نبی آجائے گا پھر بگڑے گی تو پھر کوئی نبی آجائے گا ظاہری حفاظت بغیر کسی وقفے کے ہوگی۔ لیکن باطنی حفاظت گو ہوگی قیامت تک مگر وقفوں کے ساتھ ہوگی۔

**Verse-09**

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿٩﴾

**Translation**: And We shall facilitate for thee *every* facility.

ترجمہ: اور ہم تجھے آسانی مہیا کریں گے۔

**Commentary:** The verse signifies: (a) that it is easy to commit the Quran to memory; (b) that its teachings possess an adaptability all their own, which makes them conform to, and meet, the exigencies of changing conditions and circumstances and the needs and requirements of men of different temperaments and dispositions; and (c) that the Quranic injunctions are not arbitrary but wise and rational. These factors combined together make the Quran a Book easy to learn and to act upon. These, among others, are some of the means which God has provided for the eternal protection and preservation of the Quranic text and its meaning.

اُردو تفسیر آیت-09

اس آیت میں اللہ تعالیٰ یہ مضمون بیان فرماتا ہے کہ تیرے دین کی حفاظت اور اس کے دائمی طور پر قیام کا یہ بھی ایک ذریعہ ہے کہ اس میں یُسریٰ یعنی احکام شریعت میں زیادہ سہل کو مد نظر رکھا گیا ہے۔ قرآن کریم میں کوئی ایسی تعلیم نہیں جس میں فطرت انسانی کے کسی پہلو کو نظر انداز کیا گیا ہو یا کوئی ایسی تعلیم دی گئی ہو جس پر عمل کرنا لوگوں کو بارِ خاطر معلوم ہو۔ اس میں ایسی سہولتیں موجود ہیں جن کی وجہ سے ہر فطرت کا انسان اس کے احکام پر عمل کر سکتا ہے۔ چنانچہ دیکھ لو یہ یُسریٰ ہی ہے کہ کسی وقت کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کا حکم ہے اور کسی وقت بیٹھ کر نماز پڑھنے کی اجازت ہے کسی وقت لیٹ کر نماز پڑھنے کی اجازت ہے اور کسی وقت اشاروں اشاروں میں ہی نماز پڑھ لینے کی اجازت ہے۔ اگر صرف اتنا ہی حکم دے دیا جاتا کے کھڑے ہو کر نماز پڑھو تو بیمار اور معذور لوگ اس پر عمل

نہ کر سکتے مگر اللہ تعالیٰ نے ہر حالت کو مدّ نظر رکھتے ہوئے اپنے احکام میں لچک پیدا کر دی ہے۔ مثلاً جہاد پر قرآن کریم نے بڑا زور دیا ہے مگر ساتھ ہی کہہ دیا ہے کہ وہ لولے اور لنگڑے جو جہاد پر جانے کی طاقت نہیں رکھتے اگر دل میں اسلام کا درد رکھتے ہوں اور خواہش رکھتے ہیں تو وہ بھی جہاد کے ثواب میں شریک ہوں گے۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے جس کا جواب دینا نہایت ضروری ہے اور وہ یہ کہ اسلام میں تو پانچ وقت نمازیں پڑھنے کا حکم ہے اور عیسائیوں میں ہفتہ میں صرف ایک دن تھوڑی دیر کے لیے عبادت کرنے کا حکم ہے۔ اب بتاؤ ان دونوں میں سے کون سی آسان تعلیم ہوئی۔ اس کے متعلق یاد رکھنا چاہیے کہ یُسْرٰی ایسی چیز کو بھی کہتے ہیں جو خواہ جسمانی طور پر تکلیف دِہ ہو لیکن روحانی طور پر انسان کے لیے نہایت فرحت بخش ہو۔ ہمارے ہاں لوگ کہا کرتے ہیں کہ میرے لیے تو مر جانا آسان ہے بہ نسبت فلاں دوست کو چھوڑ دینے کے۔ موت کی تلخی جسم کے لیے بڑی سخت ہوتی ہے مگر اس کے باوجود انسان کہتا ہے میرے لیے مرنا آسان ہے مگر میں اس دوست کو نہیں چھوڑ سکتا۔ جس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ میرے قلب کو اس سے اپنی زندگی سے بھی زیادہ اُنس اور پیار ہے۔ اسی طرح اسلام میں گو روزانہ پانچ وقت نمازیں پڑھنے کا حکم ہے مگر چونکہ نماز میں انسان کا اپنا روحانی فائدہ ہے اس لیے پانچ نمازیں پڑھنا اس کے لیے آسان ہو جائے گا بہ نسبت اس ایک نماز کے جو ہفتہ میں صرف ایک دن پڑھنی پڑے۔ پس یُسْرٰی سے مراد ظاہری آسانی نہیں بلکہ روحانی فوائد کے اعتبار سے آسانی مراد ہے کہ جب انسان روحانی فوائد دیکھتا ہے تو عمل اس کے لیے آسان ہو جاتا ہے۔

### Verse-10

فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿۱۰﴾

**Translation**: So go on reminding; surely, reminding is profitable.

ترجمہ: پس نصیحت کر۔ نصیحت بہر حال فائدہ دیتی ہے۔

**Commentary:** The verse means that only those people profit by admonition who have fear of God in their hearts. But as it is not given to one to know when admonition would be beneficial to a man, no opportunity should be lost to preach truth and righteousness.

## اُردو تفسیر آیت-10

ذِکْرٰی کے معنی نصیحت کرنے اور یاد کرنے کے ہوئے یہاں صرف نصیحت کرنے اور وعظ کرنے کے ہی معنی ہیں۔ دوسرے معنی یہاں چسپاں نہیں ہوتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب ہم نے ایسی کامل تعلیم دی ہے جو ہمیشہ رہنے والی ہے اور جس کی قیامت تک حفاظت کی جائے گی تو اب تیرا یہ کام ہے کہ تو لوگوں کو نصیحت کر جب کہ یہ بات یقینی ہے کہ نصیحت لوگوں کو فائدہ دیتی ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب کہ یہ یقینی اور تحقیقی بات ہے کہ ذِکْرٰی سے ہمیشہ نفع پہنچتا ہے تو پھر اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو ذِکْرٰی کو چھوڑیو نہیں بلکہ دن اور رات اس میں مشغول رہیو۔ اگر آج نہیں تو کل اور کل نہیں تو پرسوں ان لوگوں کے سینے کھل جائیں گے اور یہ ہدایت کو قبول کر لیں گے۔ پس یہاں یہ حکم نہیں دیا گیا کہ ایک دو دفعہ نصیحت کرو اگر فائدہ نہ ہو تو چھوڑ دو بلکہ حکم یہ دیا گیا ہے کہ ہمیشہ نصیحت کرتے جاؤ کیونکہ نصیحت ایسی چیز ہے جو ضرور دل پر اثر کرتی ہے۔

**Verse-11**

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۱﴾

**Translation**: He who fears will soon heed;

ترجمہ: وہ ضرور نصیحت پکڑے گا جو ڈرتا ہے۔

## اُردو تفسیر آیت-11

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ اس کی تفسیر فرماتے ہیں کہ انسانی حالات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ قلبی کیفیات ہمیشہ بدلتی رہتی ہیں۔ کبھی اس پر خشیت کی حالت طاری ہوتی ہے اور کبھی عدم خشیت کی۔ جب انسانی قلب پر الٰہی خشیت طاری ہو اور اللہ تعالیٰ کے جلال اور اس کی ہیبت سے وہ متاثر ہو تو اس وقت معمولی سے معمولی نصیحت بھی بڑا گہرا اثر کرتی ہے لیکن اگر دل میں خشیت نہ ہو تو اعلیٰ سے اعلیٰ نصیحت بھی بے کار ہو جاتی ہے۔ ہر شخص کو اپنی زندگی میں اس کا تجربہ ہوگا کہ بعض دفعہ ایک بات کسی شخص کو بیسیوں دفعہ کہی جاتی ہے مگر اس پر کوئی اثر نہیں ہوتا اور بعض دفعہ صرف ایک مرتبہ کہی جاتی ہے تو فوراً اس کا اثر ظاہر ہو جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہی ہے

کہ انسانی قلب کی حالت بدلتی رہتی ہے کبھی اس پر خشیت کی گھڑیاں آتی ہیں اور کبھی عدم خشیت کی۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ وعظ و نصیحت کے متعلق دوام سے کام لینے کی وجہ بیان فرماتا ہے اور بتاتا ہے کہ چونکہ انسانی قلب پر خشیت کے اوقات بھی آتے رہتے ہیں اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ سامع پر وہ گھڑی جب ہدایت کے لئے اس کا سینہ کھل جائے کب آئے گی اس لئے تمہارا فرض ہے کہ تم ہمیشہ نصیحت کرتے رہو کیونکہ تم نہیں جانتے دوسرے کی ہدایت کا کون سا وقت مقرر ہے۔

**Verse-12**

وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿۱۲﴾

**Translation**: But the reprobate will turn aside from it,

ترجمہ: اور سخت بدبخت (شخص) اُس سے اجتناب کرے گا۔

**Commentary:** The verse signifies that for those people who, on account of their persistent defiance and rejection of truth and blind opposition to God's Messengers, incur punishment, a Divine decree comes into operation that they will not benefit by admonition.

اُردو تفسیر آیت-12

اوپر کی آیات میں اللہ تعالیٰ نے یہ مضمون بیان فرمایا تھا کہ نصیحت کو بالالتزام جاری رکھنا چاہیے۔ کیونکہ خشیت کے اوقات انسانی قلب پر آتے رہتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ جو شخص آج انکار کر رہا ہو وہ کل ہماری باتوں کو تسلیم کرنے لگ جائے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ بیان فرماتا ہے کہ اگر تم ہمارے اس حکم پر عمل جاری رکھو تو پھر ایسا ہی شخص ہدایت پانے سے محروم رہ سکتا ہے جو سخت شقی ہو اور جس کے گناہوں کی وجہ سے خدا تعالیٰ نے یہ فیصلہ کر دیا ہو کہ اب اسے ہدایت نہیں مل سکتی ورنہ اور لوگ ضرور مان جائیں گے۔ یہ علیحدہ سوال ہے کہ وہ جلدی مانتے ہیں یا دیر کے بعد مانتے ہیں۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اللہ تعالی نے اَشْقی کا لفظ کیوں استعمال فرمایا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ چونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء علیہم السلام سے افضل ہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا انکار بھی تمام انبیاء علیہم السلام کے منکرین سے زیادہ شقی اور بدبخت ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کا منکر صرف شقی ہے۔ عیسیٰ

علیہ السلام کا منکر صرف شقی ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کا منکر صرف شقی ہے۔ مگر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منکر اَشقَی ہے۔ کیونکہ آپ تمام انبیاء سابقین سے زیادہ بلند درجہ رکھنے والے ہیں اور آپ جو ہدایت لائے وہ بھی تمام ہدایتوں سے افضل اور برتر ہے۔ دوسرے اَشقَی کا لفظ جیسا کہ میں اوپر بیان کر چکا ہوں یہ بتانے کے لیے بھی استعمال کیا گیا ہے کہ ہدایت سے محروم صرف بڑا شقی ہوتا ہے ورنہ عام شقی بھی کسی وقت ہدایت پا جاتا ہے۔

**Verse-13**

الَّذِیۡ یَصۡلَی النَّارَ الۡکُبۡرٰی ﴿۱۳﴾

**Translation**: He who is to enter the great Fire.

ترجمہ: جو سب سے بڑی آگ میں داخل ہو گا۔

**Verse-14**

ثُمَّ لَا یَمُوۡتُ فِیۡہَا وَلَا یَحۡیٰی ﴿۱۴﴾

**Translation**: Then he will neither die therein nor live.

ترجمہ: پھر وہ اس میں نہ مرے گا اور نہ جئے گا۔

**Commentary Verses 13 & 14:** The unfortunate disbelievers will burn in grievous torment of an abiding character and death will not be allowed to end it; on the other hand, "death will come to him from every quarter but he will not die" (14:18).

اُردو تفسیر آیت-13-14

چونکہ اس شخص نے سب سے بڑے نبی کا انکار کیا تھا اس لیے اس مناسبت کی بنا پر فرمایا کہ ایسے شخص کو سب سے بڑی آگ میں داخل کیا جائے گا۔ یا باوجود بار بار کی اور پوری تبلیغ کے نہ مانا اس لیے اشد ترین بھڑکنے والی آگ میں داخل کیا جائے گا۔ وہ مرے گا اس لئے نہیں کہ زندہ رہے گا اور زندہ اس لئے نہیں ہو گا کہ زندگی اس کو کہتے ہیں جس میں اطمینان اور آرام اور سکون حاصل ہو۔ اسے چونکہ انتہائی تکلیف ہو گی اس لئے اس کے زندہ ہونے کو زندگی نہیں کہا جائے گا۔ اس کی ایسی ہی مثال ہے جیسے کسی سخت بیمار سے دریافت کیا جائے کہ تمہارا کیا حال ہے تو وہ

کہتا ہے میرا حال کیا پوچھتے ہو میں نہ مرتا ہوں نہ جیتا ہوں۔ یعنی میں مرا تو نہیں کیونکہ جی رہا ہوں مگر میں جیتا بھی نہیں ہوں کیونکہ زندگی سخت تکلیف سے کٹ رہی ہے۔ اس طرح فرماتا ہے لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى عذاب اتنا شدید ہو گا کہ نہ تو وہ مر کر اس سے چھٹکارا حاصل کر سکیں گے اور نہ زندہ رہ کر اس کو برداشت کرنے کی طاقت رکھیں گے ان کی زندگی موت سے بدتر ہو گی اس آیت میں ایک لطیفہ بھی ہے۔ عیسائی عام طور پر اعتراض کیا کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دشمنوں کو تلوار کے گھاٹ اتار دیا کرتے تھے ان کے اس اعتراض کا اس آیت سے بھی ردّ ہوتا ہے کیونکہ اس میں بطور پیشگوئی بتایا گیا ہے کہ اسلام کے دشمن جو آج تمہیں دکھائی دے رہے ہیں ان کو زندہ رکھا جائے گا تا کہ یہ اپنی آنکھوں سے اسلام کی ترقی اور اپنی ناکامی و نامرادی کو دیکھ دیکھ کر جلیں اور انہیں معلوم ہو کہ وہ کیسے غلط راستہ پر چلتے رہے ہیں۔ اگر مسلمان دشمنوں کو ہلاک کر دیتے تو یہ پیشگوئی کس طرح پوری ہوتی۔ پس دشمن کے اعتراض کا اس آیت میں جواب دے دیا گیا ہے۔ یہ سورۃ ابتدائی مکی سورتوں میں سے ہے اور شروع میں ہی مسلمانوں کو حکم دے دیا گیا ہے کہ تمہاری مخالفت تو ہو گی مگر دیکھنا دشمن کو مارنا نہیں سوائے اس کے کہ وہ خود حملہ کر کے آجائیں کیونکہ ہم نے اسلام کو اتنی ترقی اور اتنی عظمت دینی ہے کہ ان کی زندگی کا ایک ایک لمحہ ہزار ہزار موت کے برابر ہو جائے گا پس انہیں زندہ رہنے دینا تا کہ یہ اسلام کی شوکت اور اپنی نامرادی کو دیکھ دیکھ کر ذلیل ہوں اور انہیں اپنی زندگی موت سے بھی بدتر معلوم ہو۔

**Verse-15**

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۵﴾

**Translation**: Verily, he *truly* prospers who purifies himself,

ترجمہ: یقیناً وہ کامیاب ہو گیا جو پاک ہوا۔

اُردو تفسیر آیت-15

اللہ تعالیٰ اس آیت میں فرماتا ہے یقیناً وہ شخص بامراد ہوا جو نفسانی خواہشات سے اجتناب اختیار کر کے پاک ہوا۔ تَزَكّٰى کے معنی پاک ہونے کے ہوتے ہیں۔ پس اس آیت کے یہ معنی ہیں کہ وہ شخص کامیاب ہوا جس نے تقدس کا جامہ پہن لیا۔ اللہ تعالیٰ چونکہ خود قدوس ہے اس لئے وہی شخص اس کا قرب حاصل کر سکتا ہے جو تقدس اور پاکیزگی

اپنے اندر پیدا کرتا ہے۔ گناہ آلود زندگی بسر کرنے والے خدا تعالیٰ کے احکام کو پس پشت ڈالنے والے شیطانی راہوں کو اختیار کرنے والے اور نفسانی خواہشات کے پیچھے چلنے والے دنیا میں بھی ذلیل ہوتے ہیں اور آخرت میں بھی ذلیل ہوں گے۔ تمام کامیابیوں کی جڑ پاکیزگی اختیار کرنا ہے۔

**Verse-16**

وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿١٦﴾

**Translation**: And remembers the name of his Lord and offers Prayers.

ترجمہ: اور اپنے ربّ کے نام کا ذکر کیا اور نماز پڑھی۔

اُردو تفسیر آیت-16

ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ کے معنی صرف یہی نہیں کہ انسان منہ سے کہتا رہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔ یا آج کل کے نام نہاد مسلمانوں کی طرح جو ذکرِ الٰہی کی اہمیت اور اس کے طریق سے ناواقف ہوتے ہیں صرف اللہ اللہ کہتا رہے بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ خدا انسان کو ہر وقت یاد رہے چنانچہ فَصَلّٰى کا لفظ جو اس کے ساتھ ہی استعمال ہوا ہے بتا رہا ہے کہ ذَكَرَ سے مراد محض الفاظ کی رٹ لگانا نہیں بلکہ اس سے مراد وہ ذکر ہے جس کے نتیجہ میں نماز پڑھی جاتی ہے اگر منہ سے کہنے والی بات ہی مراد ہوتی تو وہ تو خود بخود نماز میں آجاتی ہے اس کے علیحدہ بیان کرنے کی ضرورت نہیں تھی مگر اللہ تعالیٰ کا ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ کا پہلے ذکر کرنا اور فَصَلّٰى کو بعد میں رکھنا بتا رہا ہے کہ یہ وہ ذکر ہے کہ جس کے بعد نماز پڑھی جاتی ہے یعنی انسانی قلب پر خدا تعالیٰ کی محبت اس قدر غالب ہو کہ وہ بے چین ہو کر کھڑا ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہو جائے۔ پھر خدا کی محبت کا شعلہ اس کے دل میں بھڑک اٹھے اور وہ اپنے محبوب کے سامنے سر بسجود ہو جائے گویا ایک دیوانگی اور وارفتگی اس پر طاری ہو۔ خدا تعالیٰ کا ذکر اس کی غذا ہو اور اس کی یاد اس کے دل میں اس طرح بار بار تازہ ہو کہ وہ اس بات پر مجبور ہو جائے کہ خدا تعالیٰ کی عبادت کرے اور اپنی محبت کے جذبات کا ہدیہ اس کے سامنے پیش کرے۔ گویا اس ذَكَرَ سے مراد محض منہ سے اللہ تعالیٰ کہنا نہیں بلکہ وہ عملی حالت مراد ہے جو اللہ تعالیٰ کے عشق پر دلالت کرتی ہے اور جس کے نتیجہ میں نماز اور عبادت پیدا ہوتی ہے۔

**Verse-17**

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۱۷﴾

**Translation**: But you prefer the life of this world,

ترجمہ: در حقیقت تم تو دنیوی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔

**Verse-18**

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۸﴾

**Translation**: Whereas the Hereafter is better and more lasting.

ترجمہ: حالانکہ آخرت بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہے۔

اُردو تفسیر آیت-17-18

اس آیت میں اللہ تعالیٰ دشمنانِ اسلام کی مخالفت کی وجہ بیان کرتا ہے کہ ان کی یہ مخالفت کسی نیک جذبہ کی بنا پر نہیں کیونکہ مسلمان تو خدا تعالیٰ سے محبت کرنے والے اور اس کی عبادتیں کرنے والے ہیں بلکہ اس لئے ہے کہ وہ دنیوی زندگی کو اخروی زندگی پر ترجیح دیتے ہیں سو مسلمانوں کو اپنے لئے سدراہ سمجھتے ہیں حالانکہ وہ نادان اتنا نہیں جانتے کہ دنیوی حیات تو ایک عارضی چیز ہے باقی رہنے والی زندگی تو وہی ہے جو آخرت کی ہے۔ مگر چونکہ آخرت پر ان کو ایمان نہیں اور دنیوی زندگی کے وہ دلدادہ ہیں اس لئے مسلمانوں کی مخالفت کرتے ہیں۔

**Verse-19**

اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۹﴾

**Translation**: This indeed is *what is taught* in the former Scriptures —

ترجمہ: یقیناً یہ ضرور پہلے صحیفوں میں بھی ہے۔

**Verse-20**

صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿۲۰﴾

**Translation**: The Scriptures of Abraham and Moses.

ترجمہ: ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔

**Commentary Verses 19 & 20:** Because the essential principles of all religions are basically identical, the teachings mentioned in the foregoing verses are also found in the Scriptures of Moses and Abraham. The verse may also signify that the prophecy about the appearance of a great Prophet who was to give to the world the Last Divine Message and the most perfect teaching is found in the Scriptures of Moses (Deut. 18:18- 19 & 33:2) and Abraham.

اُردو تفسیر آیت-19-20

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ اس کی تفسیر فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ بات جو ہم نے پہلے بیان کی ہے یہ کوئی فرضی اور من گھڑت نہیں بلکہ صحفِ اولیٰ میں بھی یہ بات پائی جاتی ہے چنانچہ موسیٰؑ اور ابراہیمؑ کے صحف کا مطالعہ کرو تو تمہیں معلوم ہو گا کہ ان صحف میں ایک قولِ فصل کی خبر دی گئی تھی اور بتایا گیا تھا کہ ایک بہت بڑا نبی آنے والا ہے جو اپنے ساتھ ایک کامل شریعت لائے گا۔ ان صحف میں اس قسم کی پیشگوئیوں کا موجود ہونا بتا رہا ہے کہ باوجود پہلی کتب کے اس کتاب کی ضرورت تھی تبھی تو پہلے نبیوں نے اس کی خبر دی ورنہ انہیں اپنے بعد کسی اور نبی کے مبعوث ہونے یا کسی اور کتاب کے نازل ہونے کی خبر دینے کی کیا ضرورت تھی۔ صحفِ ابراہیم علیہ السلام میں رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بعثت کی جو خبر دی گئی تھی اس کو خود قرآن کریم نے نقل کیا ہے چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی کہ (البقرہ: 130) یعنی اے میرے رب تو ان میں ایک ایسا رسول مبعوث کیجیو جو ان پر تیری آیات کی تلاوت کرے انہیں کتاب اور حکمت سکھائے اور انہیں پاکیزہ و مطہر بنائے۔ ان کی اس دعا سے صاف پتہ لگتا ہے کہ خواہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نوح علیہ السلام کی شریعت پر عمل کرنے والے تھے اور خواہ ان کے اپنے الہامات کے بعض صحف تھے بہر حال ان کی تعلیمات مٹنے والی تھیں۔ اگر مٹنے والی نہ ہوتیں تو وہ یہ دعا ہی کیوں کرتے یہی حال حضرت موسی علیہ السلام کا ہے ان کی کتاب تورات میں تو نہایت صراحت کے ساتھ یہ پیش گوئی آج تک موجود ہے کہ خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر طلوع ہوا۔ فاران ہی کے پہاڑ سے وہ جلوہ گر ہوا۔ 10 ہزار قدوسیوں کے ساتھ آیا اور اس کے داہنے ہاتھ ایک آتشی شریعت

ان کے لیے تھی۔( استثناء باب 33 آیت 1 تا 3) ۔ حضرت موسی علیہ السلام کی پیش گوئی کا تورات میں آج تک ذکر موجود ہے مگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیش گوئی کا تورات میں کہیں وضاحت کے ساتھ ذکر نہیں آتا صرف قرانِ کریم نے اس کا ذکر کیا ہے لیکن قرآنِ کریم کے اس دعوی کی صداقت کا ثبوت یہ ہے کہ مکہ کے لوگوں کے سامنے قرآنِ کریم نے یہ بات پیش کی اور بڑے زور سے اعلان کیا کہ قرآن کے متعلق صحفِ ابراہیم اور صحفِ موسیٰ میں پیش گوئی پائی جاتی ہے۔ مگر کفار میں سے کسی نے بھی اس کا انکار نہ کیا اور انہوں نے ایک دفعہ بھی یہ اعتراض نہیں کیا کہ تم غلط کہتے ہو صحف ابراہیم میں اس قسم کی کوئی پیش گوئی نہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ لاکھوں لوگوں کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس پیش گوئی کا علم تھا اور وہ جانتے تھے کہ ابراہیم علیہ السلام نے یہ پیش گوئی کی ہوئی ہے کہ میرے بعد ایک شرعی نبی آئے گا۔

## 2. Commandments of the Holy Quran

| ریفرینس<br>Ref. | ترجمہ<br>Translation | حُکْمُ الْقُرْآن |
|---|---|---|
| آل عمران: 104<br>Ale-Imran: 104 | اور اللہ کی رسّی کو سب کے سب مضبوطی سے پکڑ لو<br>And hold together, by the rope of Allah | وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا |
| آل عمران: 104<br>Ale-Imran: 104 | اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو<br>And remember the favour of Allah which He bestowed upon you | وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ |
| آل عمران: 106<br>Ale-Imran: 106 | اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے تفرقہ کیا<br>And be not like those who became divided | وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا |

## 3. Attributes of Allah the Almighty ........................ 3-اسماءالحسنیٰ

| Original Arabic | Transliteration | Meaning in English | Meaning in Urdu |
|---|---|---|---|
| اَلشَّافِي | As-Shafi | The Healer | شفادینے والا |
| اَلْمُجِيْبُ | Al-Mujeeb | The Answerer (of prayers) | قبول کرنے والا |
| اَلْوَلِيُّ | Al-Wali | The Best Friend<br>The Protector | بہترین دوست، نگہبان |

### As-Shafi - The Healer

**Reference:**

Friday Sermon 19th December 2008

https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-12-19.html

One must remember that it is indeed God, The Healer, Who has power to grant health and healing, and a Believer has firm faith on this attribute of Allah. Indeed, the recovery of a person afflicted with illness to complete health is a faith-inspiring event for a Believer. Allah provides healing not only to human beings, but to His entire creation, including animals as well as plants. In his Friday Sermon, Huzoor[aba] said that in this manner, God not only provides physical healing but spiritual as well, and to that end, He sends Messengers, Prophets and Saintly people to mankind to guide them.

In modern day, man has made great progress in the field of medicine and medical technology, but it is due to the intelligence that God has bestowed upon man as a favour to him that he is able to make such advancement. A true believer always turns only to Allah for healing. The Holy Prophet[saw] once said to a physician: "You are only a soother to your patient. Its physician is He Who has created him i.e Allah." The Promised Messiah's[as] life also sheds light on this topic where we find that he did not like to get treatment from a physician who had no belief in the existence of God.

In his Sermon, Huzoor[aba] reminded us that modern advancement in medical technology and surgery has afforded man a longer life-span and improved his quality of life, but this should not develop the thought that man has acquired divine attributes and can provide healing by himself. One must remember that this progress is also due to God Himself Who has enabled man to acquire knowledge to develop these technologies.

The Holy Prophet[saw] always insisted on prayer and sadqa (giving of charity) that assist in the healing of disease and that one should solely depend on God for recovery from any type of illness. The Promised Messiah[as] also provided cure for people by praying for their recovery and having firm faith in God's healing powers.

The most important thing to remember is that illness and disease come from God, and health and healing also come only from God, so one should prostrate before Him and beg for His Mercy, implore His divine help and believe firmly in His attribute of Ashaafi and then remain pleased with His Will.

**اَلشَّافِيْ:** شفا کا ذریعہ صرف علاج ہی نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی ذات شفا دینے والی ہے۔ اور یہی اسلام ہمیں بتاتا ہے اور اس پر ایک مومن کو کامل یقین ہونا چاہیے اور ہوتا ہے۔ ایک نیک فطرت انسان تو سوچنے کے مراحل پر ہوتا ہے لیکن ایک مومن جو ہے وہ اس یقین پر قائم ہوتا ہے کہ حقیقی اَلشَّافِیْ خدا تعالیٰ کی ذات ہے۔ ہر مریض جو کسی بھی مومن کے سامنے شفاء پاتا ہے، اللہ تعالیٰ کی صفت شافی پر اس کے یقین کو مزید مضبوط کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی اَلشَّافِیْ ذات صرف انسان تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ تمام جاندار، چرند، پرند حتیٰ کہ نباتات بھی اس کے نمونے دکھا رہے ہوتے ہیں۔ انسان جو اشرف المخلوقات ہے، اس کے لیے اللہ تعالیٰ نے جسمانی شفاء کے ساتھ ساتھ روحانی شفاء کا بھی انتظام کیا ہوا ہے اور روحانیت کی ترقی اور اپنے قریب کرنے اور روحانی بیماریوں کو دور کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ اپنے انبیاء اور نیک لوگوں کو دنیا میں بھیجتا ہے اگر انسان اپنی عقل کا صحیح استعمال کرے تو اس بات پر اللہ تعالیٰ کے آگے جھکتا چلا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح اس کی روحانی اور جسمانی شفاء کے لیے سامان پیدا فرمائے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک بڑھ بڑھ کر باتیں کرنے والے کو جو اپنے آپ کو بڑا معالج سمجھتا تھا فرمایا کہ اصل طبیب تو اللہ تعالیٰ ہے۔ ہاں تُو ایک ہمدردی کرنے والا شخص ہے۔ اس بیماری کا اصل طبیب وہ ہے جس نے اسے پیدا کیا ہے۔

## Al Mujeeb - The Answerer of Prayer

**Reference:**

Friday Sermon 25th April 2003

https://www.alislam.org/friday-sermon/2003-04-25.html

Friday Sermon 11th August 2006

https://www.alislam.org/friday-sermon/2006-08-11.html

Al Mujeeb means One who hears supplications or such an existence that if you ask Him something He blesses you and accepts your prayer. This is the God of Islam who lives eternally and grants life. After listening to the prayers of the afflicted He gives proof of His existence.

We are fortunate that we believe in the Holy Prophet[saw] who helped us recognise God and come out of the deep ditches of despair. The Holy Prophet[saw] said that Allah is Most Modest, Most Noble and Most Generous, in that when a human raises his two hands in prayer, it is contrary to Allah's Modesty to turn them away unanswered and that Allah treats His servants according to their thought-processes; if they remember Him in their hearts or mention Him in an assembly or get closer to Him by any measure, big or small, His treatment is always in accordance: if they walk to Him, He indeed runs to them.

The Promised Messiah[as] has explained that at times Allah answers our prayers in the way we wish things to turn out and at times He makes us agree and submit to His Will. Therefore, whilst we are praying, we should have this awareness in our mind that He alone is our Lord. God Almighty has said Himself that He listens to prayers and to call upon Him as He responds. How unfortunate therefore is one who at the time of need depends on others instead of God! For the acceptance of prayer, such a faith is conditional which ignores all worldly means, thus one should have firm faith in God and act on all His commands. It is through prayer alone that one can recognise the true existence of God. If a person believes in God firmly and with sincerity of heart continues to engage in supplications, his or her prayers will definitely be answered. Therefore, if you wish to gain the love of God you should call on Him. You should not become of those who remember God only in difficulty and forget him at times of ease. The

Promised Messiah[as] said that if you wish to bring peace into your homes, you should ensure your home is filled with prayers.

**اَلْمُجِیْبُ:** اللہ تعالیٰ کی ایک صفت مجیب ہے جس کے معنی ہیں دعا کو سننے والا یا ایسی ہستی جس سے جب سوال کیا جائے اور دعا مانگی جائے تو عطا کرتا ہے، نوازتا ہے، قبول کرتا ہے۔ پس یہ اسلام کا خدا ہے جو ہمیشہ سے زندہ ہے اور زندگی بخش ہے، جو مضطر کی دعاؤں کو سن کر اپنے وجود کا ثبوت دیتا ہے۔ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہم اس نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو ماننے والے ہیں جس نے ہمیں اس خدا کی پہچان کروائی جو ہمیں مایوسیوں کی گہری کھائیوں سے نکال کر امیدوں کی روشنی عطا فرماتا ہے اور پھر صفت مجیب کا مزید فہم وادراک عطا کرتے ہوئے اپنے انعامات اور فضلوں کو حاصل کرنے کے لیے وہ راستے دکھاتا ہے جو اس کے قرب کو حاصل کرنے والے اور اس کی بلندیوں پر لے جانے والے ہیں اس نے ہمیں بتایا کہ اسلام کا خدا وہ خدا ہے جو سنتا بھی ہے اور بولتا بھی ہے۔ دعا مانگو تو جواب بھی دیتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام فرماتے ہیں ہمارا زندہ حیّ و قیوم خدا ہم سے انسان کی طرح باتیں کرتا ہے ہم ایک بات پوچھتے ہیں اور دعا کرتے ہیں تو قدرت کے بھرے ہوئے الفاظ کے ساتھ جواب دیتا ہے، دعائیں قبول کرتا ہے اور قبول کرنے کی اطلاع دیتا ہے۔

## Al Wali - The Friend

**Reference:**

Friday Sermon 23rd October 2009

https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-10-23.html

Friday Sermon 30th October 2009

https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-10-30.html

Al Wali is a Friend and a Helper, a Being that takes care of all matters of the entire universe and all creation. Our Protector is God and He demonstrates to us that He is also our Friend, Helper and Guardian at every step and continually blesses us with His grace.

It is stated in Surah Al Baqarah 'Allah is the friend of those who believe: He brings them out of every kind of darkness into light. And those who disbelieve, their friends are the transgressors who bring them out of light

into every kind of darkness. These are the inmates of the Fire; therein shall they abide.' (2:258).

Thus, God is the Helper of believers and fulfils their needs, guides them and establishes their reasoning and proofs. The truth is that God is the Friend of those who believe whose belief is free from worldly contamination and continues to traverse stages of development. It takes them out of darkness and into light, that is, out of spiritual and physical weak states towards advancement and strength.

It is God's protection that enables mankind to endure tragedies such as loss of property, and children, otherwise man can lose sense with the gravity of some losses. Therefore, this is also a way through which God protects. Some people cannot deal with misfortune or loss and it affects them severely. Some lose their belief in God. These models are there for us to appreciate that if God's grace and blessings were not in operation, man's life could not go on. When misfortune befalls pious people, they say, 'Surely, to Allah we belong and to Him shall we return.**'** (2:157) and as a result of this they receive Divine blessings and are safeguarded against the ill-effects of all troubles and of difficult situations.

According to the laws of nature, everyone is included in God's protection, those who believe as well as those who do not believe. In this there is a lesson for those who do not believe that if they continue to exceed in their mischief, God can take His protection away and such a situation would lead to definite destruction. God states in the verse 13:12 **'**Surely, Allah changes not the condition of a people until they change that which is in their hearts', this signifies that God does not alter His way about the pious and they continue to be recipients of His blessings. As long as they are pious and honour the dues of God and the dues of mankind and are pious individually as well as collectively, they will be recipients of God's grace.God's grace is removed when rather than make Him one's Friend, Satan is followed. As a result, vices set in - evil, wicked ways are practised so much so that people are killed in the name of religion. This is when God removes His protection and His refuge. This part of the verse does not simply mean that God does not treat well those who do evil. Rather, it is that God does not alter His ways towards the pious, unless they deprive themselves of His blessings by doing wicked deeds.

It is not that by simply saying the *Kalima* (declaration of faith) one comes into the eternal sphere of God's special protection. The real condition is to practice good deeds after believing. Conduct of others is a source of reformation and indeed should be so. Ahmadis should continue to self-reflect and self-examine themselves if they are on the right path, they should keep an eye on their practices and be ever grateful for His blessings. If this will be maintained, then in accordance with His promise God will be our Protector and Helper.

God states, '…Therefore observe Prayer and pay the Zakat, and hold fast to Allah. He is your Master. An excellent Master and an excellent Helper!' (22:79).

**اَلْوَلِیُّ:** اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ولی ہے۔ اس کا مطلب ہے مددگار۔ بعض نے اس کے یہ معنی کیے ہیں کہ وہ ذات جو تمام عالم اور مخلوقات کے معاملات سرانجام دینے والی ہے جس کے ذریعے سے وہ عالم قائم ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت اَلْوَالِی ہے جس کا مطلب ہے کہ وہ ذات جو تمام اشیاء کی مالک اور ان پر تصرف رکھنے والی ہے۔ لسان العرب میں یہ لکھا ہے۔ الولی کا مطلب ہے دوست، مددگار۔ ابن الاعرابی کے مطابق اس سے مراد ایسا محب ہے جو اتباع کرنے والا ہو۔ سورۃ البقرہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا، کہ اللہ ان لوگوں کا دوست ہے جو ایمان لائے۔ جیسا کہ ہم نے ولی کے معنوں میں دیکھا ہے۔ ولی دوست اور مددگار کو بھی کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مومنوں اور غیر مومنوں دونوں کو اپنی اس صفت کے حوالے سے توجہ دلائی ہے۔ بلکہ کفار کو تنبیہ بھی کی ہے۔ سورۃ رعد میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس کے لیے اس کے آگے اور پیچھے چلنے والے محافظ مقرر ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ یقیناً اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ خود اسے تبدیل نہ کریں جو ان کے نفوس میں ہے۔ اور جب اللہ کسی قوم کے بدانجام کا فیصلہ کر لے تو کسی صورت اس کا ٹالنا ممکن نہیں اور اس کے سوا ان کے لیے کوئی کارساز نہیں۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے جیسا کہ ہم نے دیکھا چار باتیں بیان فرمائی ہیں۔ پہلی بات تو یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کی حفاظت اپنے ہاتھ میں لی ہوئی ہے۔ دوسری یہ کہ قوموں کی

حالت کا فیصلہ اللہ تعالیٰ ان کے عمل کے مطابق کرتا ہے۔ تیسرے یہ کہ جب اللہ تعالیٰ کسی کو سزا کا مستوجب قرار دیتا ہے تو اسے ٹالا نہیں جا سکتا اور پھر یہ کہ اللہ تعالیٰ ہی حقیقی ولی اور نگران اور محافظ اور مددگار ہے۔

## 4. Salat ........................................................................ 4-نماز

**_Iqamatus Salat_ – The Observance of Prayer**

**By Maulana Ataul Mujeeb Rashed Sahib**

### Guidance of Hazrat Khalifatul Masih V[aba] in regards to Salat

#### Safeguarding Salat

Only guarding and supervising Prayers will guarantee to keep us and our future generations free of sins and wrongdoings. If you want to save your children from falling into (these) filthy and obscene practices then the best way is try to make them regular with Prayers.

(Khutubat e Masroor Vol. 3 pp 372-373)

#### Salat and Self-assessment

Each one of us should try to assess continuously that we are not falling short in any way concerning the Salat. (Mash'al e Rah Vol 5 part 3 p134)

#### Salat and Reward

Forcing oneself to get up from the bed and go to the mosque for congregational Prayer, attending to Prayers at the cost of one's business; that is what makes one deserving of reward.

(Khutubat e Masroor Vol. 3 p 23)

#### Salat and Work

When it is time for Salat, focus your attention fully on Prayer as commanded by Allah. Your engagements or other excuses should not stop you from offering Prayers. Do not neglect Salat for the sake of your work

rather stop your work for the sake of Salat. Otherwise that is also a kind of hidden Shirk. (Khutubat e Masroor Vol. 3 p 272)

## Salat - 'the Middle One'

Be watchful over your Prayers and 'the middle one' as well, Salat, the hour of which approaches when you are pre-occupied with worldly engagements, needs special attention. Salat restrains one from indecency.... By achieving excellence in Salat, one attains nearness to God and His love, without which he is like a tree that had its root cut off.

(Khutubat e Masroor Vol. 6 p 281-294)

## The Excellence of Worship during Youth

The Promised Messiah[as] says:

"If he spent this period (of his youth) in the worship of Allah, the reformation of the self, and obedience to God, he will be so rewarded in his old age, that when he will be unable to perform any worship, and indisposition and lethargy will overtake him, the angels will continue to record in his name the same Salat, fasting, Tahajjud, etc., which he used to perform in his youth. This is the Grace of Allah that considering his disability, despite his failure to do anything, such deeds are recorded in his account. (Malfuzat, Volume 4, p 199 - footnote (new edition) Thus, every Ahmadi, in state of health, should try to be regular with his Prayers. Not only be regular, but he should also pay attention to congregational Prayers.'' (Khutubat e Masroor Vol. 3 p 24)

## Pray in Congregation

"Every Ahmadi, who has accepted the Promised Messiah[as], and thereby counts himself to be one of the believers, should pay special attention to these matters. Firstly, strive to offer Prayers regularly. As far as possible, try to offer the Prayer in congregation. Then adorn these (obligatory) Prayers with voluntary Prayers. In the context of Salat, I would like to make another point. Always remember that worship has a great connection with the institution of Khilafat. And what is worship? It is Salat. The verse, that follows the Divine promise of comfort and Khilafat for the believers, enjoins *aqeemussalaat* (observe Salat) as well. Therefore, the first condition to acquire an established position and benefit from the

institution of Khilafat is observance of Salat, because it is worship and Salat that will absorb Allah's Grace." (Khutbat-e- Masroor Vol. 5 p 148-151)

**Parents' own Example**

Another important matter, one of very important matters rather the most important matter, is to inculcate the habit of five daily Prayers in the children because faith without worship is no faith. Parents own example is most important in this regard. If they are regular with Salat their children will be regular as well. Otherwise their hollow words of advice will have no effect on the children.

(Friday Sermon 27 June 2003; Khutbat-e-Masroor Vol. 1 p 144)

**Joy and Comfort in Prayers**

If we submit our tearful lamentations to our Lord, He will surely listen to our supplications, as promised by Him. First of all, bowing down to Allah, the Almighty, we will have to direct our Salat and supplications exclusively to Him; that is the basic thing. If you get joy and comfort in Salat then you have achieved everything. During the Salat, particularly supplicate in the words that we have been taught by the Holy Prophet[saw] According to the Hadith, he used to pray: 'O Allah, grant my soul its taqwa, and cleanse it thoroughly and Thou are the best of all who can cleanse it. (Heart can only get cleansed by the Grace of Allah). (Muslim, kitabuz-zikr wad-dua)

May Allah grant us the ability to cleanse our hearts!

(Khutbat-e-Masroor vol. 2p 220 )

# ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

## نمازوں کی حفاظت

"نمازوں کی حفاظت اور نگرانی ہی اس بات کی ضامت ہو گی کہ ہمیں اور ہماری نسلوں کو گناہوں اور غلط کاموں سے پاک رکھے ... اگر اپنے بچوں کو ان گندگیوں اور غلاظتوں میں گرنے سے بچانا ہے تو سب سے بڑی کوشش یہی ہے کہ نمازوں میں باقاعدہ کریں۔" (خطبات مسرور جلد 3 صفحات 372 تا 373)

## نماز اور جائزہ

"ہم میں سے ہر ایک کو ہمیشہ یہ کوشش کرنی چاہئے اس بات کا جائزہ لیتے رہنا چاہئے کہ میں نماز میں کسی قسم کی کوتاہی کرنے والا تو نہیں۔" (مشعل راہ جلد 5 حصہ سوئم صفحہ 134)

## نماز اور ذریعہ ثواب

"جبر کر کے بستر سے اٹھنا اور مسجد میں باجماعت نماز کیلئے جانا، اپنے کام کا حرج کر کے نمازوں کی طرف توجہ کرنا یہی چیز ہے جو ثواب کمانے کا ذریعہ بنتی ہے۔" (خطبات مسرور جلد 3 صفحہ 23)

## نماز اور کام

"نمازوں کے اوقات میں جیسا کہ خدا تعالیٰ کا حکم ہے پوری توجہ نمازوں کی طرف رکھو۔ تمہارے کام یا تمہارے دوسرے عذر تمہیں نمازیں پڑھنے سے نہ روکیں۔ کام کی خاطر نماز کو نہ چھوڑو بلکہ نماز کی خاطر کام کو چھوڑو ورنہ یہ بھی ایک قسم کا مخفی شرک ہے۔" (خطبات مسرور جلد 3 صفحہ 272)

## درمیان کی نماز

"اپنی نمازوں کی حفاظت کرو اور درمیان کی نماز کی بھی ... ایسی نماز جس کا وقت مصروفیت کے درمیان آئے وہ نماز جو بندے اور اس کی دنیاوی ضروریات کی راہ میں حائل ہو اس پر خاص توجہ کی ضرورت ہے... نماز فحشاء سے روکتی ہے... نماز میں کمال حاصل کرنے سے انسان کو خدا کا قرب اور اس کی محبت عطا ہوتی ہے اور اس کے بغیر وہ ایسے درخت کی مانند ہے جس کی جڑ کاٹ دی گئی ہو۔" (خطبات مسرور جلد ششم صفحات 281 تا 294)

## جوانی کی عبادت کی فضیلت

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ:

''اگر اُس نے یہ زمانہ خدا کی بندگی، اپنے نفس کی آراستگی اور خدا کی اطاعت میں گزارا ہو گا تو اس کا اسے یہ پھل ملے گا کہ پیرانہ سالی میں جبکہ وہ کسی قسم کی عبادت وغیرہ کے قابل نہ رہے گا اور کسل اور کاہلی اسے لاحق ہو جائے گی تو فرشتے اس کے نامۂ اعمال میں وہی نماز، روزہ تہجد وغیرہ لکھتے رہیں گے جو کہ وہ جوانی کے ایام میں بجالاتا تھا۔ اور یہ خدا تعالیٰ کا فضل ہوتا ہے کہ اس کی ذات پاک اپنے بندہ کو معذور جان کر باوجود اس کے کہ وہ عمل بجا نہیں لاتا پھر بھی وہی اعمال اس کے نام درج ہوتے رہتے ہیں۔'' (ملفوظات جلد چہارم صفحہ 199 حاشیہ)

''پس ہر احمدی کو صحت کی حالت میں یہ کوشش کرنی چاہئے کہ وہ اپنی نمازوں میں باقاعدگی اختیار کرے اور نہ صرف باقاعدگی اختیار کرے بلکہ باجماعت نمازوں کی طرف بھی توجہ دے۔'' (خطبات مسرور جلد 3 صفحہ 24)

## باجماعت نماز ادا کریں

''ہر احمدی کو جو حضرت مسیح موعودؑ کو مان کر اپنے آپ کو مومنین کی جماعت میں شامل سمجھتا ہے ان ... امور کی طرف خاص طور پر بہت توجہ دینی چاہئے۔ پہلی چیز نماز کا اہتمام، باقاعدگی سے ادائیگی ہے۔ حتی الوسع باجماعت نماز ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ پھر ان نماز کو نوافل کے ساتھ سجایا بھی جائے ... نمازوں کے حوالے سے ہی میں ایک اور بات کہنا چاہتا ہوں ہمیشہ یاد رکھیں کہ خلافت کے ساتھ عبادت کا بڑا تعلق ہے اور عبادت کیا ہے؟ نماز ہی ہے جہاں مومنوں سے دلوں کی تسکین اور خلافت کا وعدہ ہے وہاں ساتھ ہی اگلی آیت میں اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ (النور:57) کا بھی حکم ہے۔ پس تمکنت حاصل کرنے اور نظام خلافت سے فیض پانے کیلئے سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ نماز قائم کرو، کیونکہ عبادت اور نماز ہی ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے والی ہوگی۔'' (خطبات مسرور جلد پنجم صفحہ 148-151)

## والدین کا اپنا نمونہ

''ایک اور اہم بات اور یہ بھی میرے نزدیک انتہائی اہم باتوں میں سے ایک ہے بلکہ سب سے اہم بات ہے کہ بچوں کو پانچ وقت نمازوں کی عادت ڈالیں۔ کیونکہ جس دین میں عبادت نہیں وہ دین نہیں۔ اس کی عادت بھی بچوں کو ڈالنی چاہئے اور

اس کے لئے سب سے بڑا والدین کا اپنا نمونہ ہے۔ اگر خود وہ نمازی ہوں گے تو بچے بھی نمازی بنیں گے۔ تو صرف ان کی کھوکھلی نصیحتوں کا بچوں پر کوئی اثر نہیں ہو گا۔"

(خطبہ جمعہ بیان فرمودہ 27 جون 2003ء ماخوز از خطبات مسرور جلد 1 صفحہ 144)

## نمازوں میں ذوق اور سکون

" اگر نمازوں میں رو رو کر اپنے ربّ سے مانگیں گے تو اپنے وعدوں کے مطابق ضرور ہماری دعائیں سنے گا۔ پس سب سے پہلے ہمیں اللہ تعالیٰ کے حضور جھکتے ہوئے اپنی نمازوں کو اپنی دُعاؤں کو اس کے لئے خالص کرنا ہو گا اور یہی بنیادی چیز ہے۔ اگر نمازوں میں ذوق اور سکون میسر آ گیا تو سمجھیں سب کچھ مل گیا۔ نمازوں میں خاص طور پر دعا کریں جو ہمیں آنحضرت ﷺ نے سکھائی ہے۔ حدیثوں میں آتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے... اے اللہ! میرے نفس کو اس کا تقویٰ عطا کر اور اس کو خوب پاک صاف کر دے، اور تو ہی سب سے بہتر ہے جو اس کو پاک کر سکے (دل بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہی پاک صاف ہو سکتا ہے)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے دلوں کو پاک کرنے کی توفیق دے۔"

(خطبات مسرور جلد 2 صفحہ 220)

## 5. Hadith ............................................................ 5-حدیث

### HADITH NUMBER 30

**True Repentance Washes off Sin**

سچی توبہ گناہ کو مٹا دیتی ہے

عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ، كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ۔

(سُنَنُ ابْنِ مَاجَة كِتَابُ الزُّهْدِ بَابُ ذِكْرُ التَّوْبَةِ)

Narrated by Abu Ubaidah bin Abdullah[ra] on the authority of his father: The Prophet of Allah[saw] said:

"The one who repents of sin is like one who has in fact never sinned."

ترجمہ: ابو عبیدہ بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فرماتے تھے کہ گناہ سے توبہ کرنے والا شخص ایسا ہوتا ہے کہ گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔

**Explanatory Note:**

The philosophy of repentance [Taubah] is deeply concerned with spirituality and also exerts a tremendous impact on the morals of men. Through repentance one is helped to remain full of hope from God and thus is enabled to elevate his moral standard. It is a pity, however, that, with the exception of Islam, most religions, having declared the door of repentance closed to man, have instead opened the door promoting, on the one hand, distrust of God, and on the other, pessimism and moral degeneration. As for instance, the Christian Church, following its rejection of the repentance, sought refuge in the totally artificial and unnatural theory of vicarious atonement. And the Hindu religion has bogged down its followers in the quagmire of reincarnation. While the truth of the matter is that the postulate of repentance is clearly a natural remedy, in disregard of which man can neither attain to spiritual perfection nor to moral excellence.

It is a strange irony that the religious systems that bolt the door on repentance are not prepared to concede to God, Creator and Lord of this Universe, even the moral attributes which are considered praiseworthy endowments of a good man. A gentleman overlooks the faults of his children, of his friends, of his subordinates, and of his servants, day in and day out. It is considered praiseworthy on his part. But it is a pity that such generous treatment on the part of God has been considered improper. In fact, it has been considered imperative on His part to crush the sinner even though he was contrite and repented for his sin sincerely. Islam spurns this impure doctrine outright with contempt and opens wide the gate of God's forgiveness and mercy to every truthfully contrite sinner. And it is in this manner that it causes a two-way stream to flow between man and his Creator: of compassion and mercy on the part of God, and of dependence and gratitude on the part of man, as much worthy of the glory of God as it is becoming of the worshipfulness of man.

Clearly, man is weak and prone to stumble often under the pressure of momentary influences. It would be highly unjust to condemn him still to the gallows when he was truly repentant and sincerely contrite.

It is totally fallacious and unreasonable to argue that acceptance of repentance encourages sin.

Far from emboldening in sinfulness, true repentance serves as a means of purifying a man. Islam has laid down such hard conditions as to make true repentance a grave spiritual revolution and a basic mental change. As is clear from the Holy Quran and the Ahadith, these conditions are three:

1. That the repenting person should be contrite of his sin with a true heart and seek forgiveness and protection with heartfelt sincerity.

2. That he should take a vow that he will abstain from such transgression and sinful acts in future and should seek the help of God on this behalf.

3. That if it is possible to make practical amends for the wrong and sin he has committed, he should do so. If, for example, he has misappropriated somebody's property, he should recompense him, and if he has usurped the rights of someone, he should restore the same to the rightful party.

No sensible person can find fault with the repentance governed by such conditions. The truth is that sincere repentance is a death which grants man a new life, opening the way to the mercy, compassion and protecting love of God. Islam alone opens the door to true repentance.

## تشریح

توبہ کا فلسفہ نہ صرف انسان کی روحانیت پر بلکہ اس کے اخلاق پر بھی نہایت گہرا اثر رکھتا ہے۔ توبہ کے ذریعہ انسان خدا کی طرف سے پُر اُمید رہتا ہے اور اپنے اخلاق میں زیادہ بلندی اختیار کر سکتا ہے مگر افسوس ہے کہ اسلام کے سوا اکثر مذاہب نے انسان پر توبہ کا دروازہ بند قرار دے کر اس کے اندر ایک طرف خدا کے متعلق بدگمانی اور دوسری طرف مایوسی اور اخلاقی پستی کا دروازہ کھولا ہے۔ چنانچہ مسیحیت نے توبہ کا دروازہ بند کر کے ایک سراسر مصنوعی اور غیر فطری عقیدہ یعنی کفارہ میں پناہ لی ہے اور ہندو مذہب نے اپنے متبعین کو اواگون یعنی تناسخ کی دلدل میں پھنسا رکھا ہے حالانکہ توبہ کا مسئلہ ایک بالکل فطری مسئلہ ہے جس کے بغیر نہ تو انسان کی روحانیت مکمل ہوتی ہے اور نہ ہی اس کے اخلاق کمال حاصل کر سکتے ہیں۔

پھر تعجب یہ ہے کہ توبہ کا دروازہ بند کرنے والے مذاہب اس دنیا کے خالق و مالک خدا میں وہ اچھے اخلاق بھی تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں جو ایک نیک انسان میں قابلِ تعریف سمجھے جاتے ہیں۔ ایک شریف انسان ہر روز اپنے بچوں اور اپنے دوستوں اور اپنے ماتحتوں اور اپنے نوکروں کی غلطیاں معاف کرتا ہے اور اس کے اس فعل کو قابلِ تعریف سمجھا جاتا ہے لیکن افسوس ہے کہ خدا کے لئے اس کریمانہ خلق کو ناجائز خیال کیا گیا ہے اور ضروری سمجھا جاتا ہے کہ جب کوئی انسان خدا کا کوئی گناہ کرے تو پھر خواہ اس کے بعد وہ کیسا ہی نادم اور تائب ہو خدا کو اسے کچل کر رکھ دینا چاہیے۔ اسلام اس گندے نظریے کو دور سے ہی دھکے دیتا ہے اور ہر سچے توبہ کنندہ کے لئے خدائی مغفرت اور رحمت کا دروازہ کھولتا ہے اور اس طرح خالق و مخلوق کے درمیان ایک طرف سے شفقت و رحمت کی اور دوسری طرف سے انابت و امتنان کی ایسی نہر جاری کر دیتا ہے جو خدا کی خدائی اور بندے کی بندگی کے شایانِ شان ہے۔ ظاہر ہے کہ انسان کمزور ہے اور بسا اوقات وقتی اثرات کے ماتحت لغزش کھا جاتا ہے تو اس صورت میں یہ کتنا ظلم ہے کہ اگر وہ بعد میں سچے دل سے نادم اور تائب ہو تو پھر بھی اسے کُشتنی اور گردن زدنی قرار دیا جائے۔

یہ خیال کرنا کہ توبہ قبول کرنے سے گناہ پر جرات پیدا ہوتی ہے بالکل موہوم اور باطل خیال ہے۔ سچی توبہ تو انسان کو پاک کرنے کا ذریعہ ہے نہ کہ گناہ پر دلیر کرنے کا موجب کیونکہ اسلام نے سچی توبہ کے لئے ایسی شرطیں لگا دی ہیں جو توبہ کو ایک

بھاری انقلاب اور حقیقی قلب ماہیت کا رنگ دے دیتی ہیں اور جیسا کہ قرآن شریف اور حدیث سے ثابت ہوتا ہے یہ شرطیں تین ہیں۔

(۱) یہ کہ توبہ کرنے والا اپنی غلطی اور گناہ پر سچے دل سے ندامت محسوس کرے اور صمیم قلب سے معافی اور مغفرت کا طالب ہو۔

(۲) یہ کہ وہ آئندہ کے لئے اس غلطی اور گناہ سے مجتنب رہنے کا عہد کرے اور اس کے لئے خدا سے توفیق مانگے۔

(۳) یہ کہ اگر اس کی غلطی اور گناہ کی عملی تلافی ممکن ہے تو وہ اس کی تلافی کرے مثلاً اگر اس نے کسی شخص کا مال غصب کیا ہوا ہے تو وہ اسے واپس کرے یا کسی کا حق دبایا ہوا ہے تو اسے بحال کرے۔

ان شرائط کے ساتھ کون عقل مند انسان توبہ کو قابل اعتراض خیال کر سکتا ہے؟ حق یہ ہے کہ سچی توبہ ایک موت ہے جو انسان کو نئی زندگی بخشتی اور خدا کی رحمت اور شفقت اور مغفرت کا رستہ کھولتی ہے اور یہ صرف اسلام ہی ہے جو انسان کیلئے سچی توبہ کا دروازہ کھولتا ہے۔

## 6. Malfoozat ........................................................ 6-ملفوظات

**Third Address of the Promised Messiah[as]**
**at the Annual Convention on 30 December 1897**

**14 January 1898**

**Remember the Hereafter**

The Promised Messiah[as] said: It is incumbent for people to remember the hereafter. One ought to be fearful before punishment arrives.

مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست

*A man who keeps their sights set on the hereafter is fortunate.*

Observe how the people of Lot (as) and others faced their end. It is essential that even if a person is hard-hearted, they ought to admonish it

and teach it to be humble and meek. This is necessary for our community more than all others because they receive fresh insight in matters divine. If an individual claims that they are blessed with divine understanding, but they do not act upon it, then such claims are nothing but mere boasting and bragging. Therefore, our community must not become heedless on account of the negligence of others, nor allow their love to cool on account of the lack of passion in others. An individual harbours many desires. Who has knowledge of the hidden matters of destiny and decree? Life never moves in parallel with one's wishes. A person's longings are one thing, but the design of fate and destiny is quite another, and it is this phenomenon which is true to life. Bear in mind that the circumstances of a person's life are in the knowledge of God Almighty. Who knows what life has in store for them? This is why an individual must constantly awaken their heart to make it vigilant.

The Promised Messiah[as] said: It is a pity that although afflictions have become widespread, the arrogance and pride that consumes the people has not diminished. I truthfully say that they will not be dispelled until the obstinacy and prejudice of the people is removed. I observe that people are not fully prepared to reconcile with God Almighty. During the period of famine, the people remained unmoved. In earlier times, a religious edict issued from Mecca or Medina would frighten the people. When someone would say that an edict had been issued from Mecca, people would become awe-inspired, but now even the calamities of the present day do not inspire them in the least. It is my opinion that until people turn to God completely, divine decree will never change. Allah the Almighty states:

إِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ ۝

*Surely, Allah changes not the condition of a people until they change that which is in their hearts.*

**14 January 1898**

On one occasion, there was some discussion related to the courts, and how witnesses are intimidated by lawyers and judges. The Promised Messiah[as] said:

Often, witnesses become so intimidated by lawyers and judges in court that they fail to protect the rights of mankind, and utter some untrue or false statement here or there, which results in injustice. To be in awe of the courts is also a form of associating partners with Allah. God Almighty states:

إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ ۝

*Surely, associating partners with God is a grievous wrong.*

[Holy Quran 31:14]

The Promised Messiah[as] said: Some British judges are meticulous in examining the facts and only issue a verdict after deep contemplation and reflection. It so happened, as per the will of God, that on one occasion, during the time of Mirza Sahib (my father), I was in Amritsar to appear in the court of the commissioner for a case with some of our tenants. One day before the verdict was to be announced, the commissioner was unjustly favouring the tenants, and turning a blind eye to their mischief, and said in court that these were poor people and we were being unjust towards them. That night I saw in my dream that the very same Englishman was standing before me in the form of a child and I was patting his head with my hand. The next morning when we went to court, his state had changed completely, as if he was a new person altogether. He rebuked the tenants sternly and issued a verdict for the case in our favour, and also ordered them to pay for all our expenses.

The Promised Messiah[as] said: One of the ethical responsibilities of a judge is to reflect deeply over cases so that no one is made to suffer injustice.

The Promised Messiah[as] said: Until and unless an individual is strong-willed and calm in disposition, it becomes difficult for a person to stand in the presence of worldly judges. What then will be the state of such people when they stand before the Lord who is the Greatest of Judges?

The Promised Messiah[as] said: In light of the Torah, the seed which issues forth from adultery is accursed and one who is crucified is also accursed. It is astonishing that for their own salvation, the Christians have crafted the doctrine of atonement and for this purpose they have accepted that Christ was put on the cross and became accursed. When they have accepted one

form of curse to be applicable to Christ, why do they not accept the other form of curse in his respect also, so that their concept of atonement may become even stronger? When the word 'curse' has been deemed acceptable, then it makes no difference whether it is applicable in one sense or two. However, the Holy Quran has refuted both these forms of curse in the case of Jesus and responds by saying that not only was Jesus of pure birth, but his demise was also by natural means, not by crucifixion.

The Promised Messiah[as] said: A righteous person turns to God and the entire world follows them of their own accord. But a worldly person bears grief and pain for the sake of the world, yet even still does not find comfort from the world. Just observe how the companions of the Holy Prophet[saw] abandoned the world, yet despite this, they not only became wealthy in terms of materialistic goods, but also partook in the fruit of the hereafter.

**15 January 1898**

On 15 January 1898 news was received of Khwaja Kamal-ud-Din Sahib B.A. passing his LLB examination. After the *Fajr* prayer, the Promised Messiah[as], our Noble Leader, remained seated and delivered the following brief address:

### Worldly Achievements and Joys Are Not Everlasting

Any occasion of success fills a person with joy. There are three kinds of joy mentioned in the Holy Quran: *lahw*, *la'b* and *tafakhur*. The word *lahw* includes the delight gained through food; *la'b* refers to the joys of marriage and the like; and *tafakhur* refers to pleasure gained through wealth, etc. These are the three categories of pleasure; aside from these, there is no other delight. Always remember, however, that these achievements and joys do not last forever. In fact, if you attach your hearts to these pleasures you will be in a state of loss. Eventually, a time comes when this pleasure begins to turn bitter.

Worldly achievements are never free from trials. The Holy Quran states:

خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ ۝

This means, God has created death and life so that He may try you [Holy Quran 67:3]. Success and failure too is a matter of life and death. Success is

a kind of life. When a person learns that they have succeeded in something they are rejuvenated and a new life is breathed into them, as it were. If a person comes to know that they have failed, they die a living death, and often, many weak-hearted people even die.

It should also be borne in mind that ordinary life and death are easy, but a hellish life and death are intensely painful. A fortunate person ultimately succeeds after their failure, and thus becomes even more fortunate and their faith in God Almighty increases. Such an individual derives pleasure when they reflect over the wonders of God. Worldly success becomes a means of increasing them in their understanding of God. For such people, worldly success becomes a means of leading them to true success (which is known as *falah* in Islamic terminology). I say in earnest that true happiness and true comfort does not at all lie in the world and its possessions. The truth is that even after exhausting all the aspects of the world, a person cannot attain true and everlasting happiness. You observe that the rich and wealthy are always in a state of cheerfulness, but their state may be likened to a person who suffers from eczema. When a person scratches their skin they experience a soothing sensation, yet the final outcome of their scratching is that they begin to bleed. Therefore, do not become so jubilant over these worldly and temporary achievements that you lose sight of true success. Instead, consider your worldly achievements to be an avenue that leads to the recognition of God. Do not take pride in your resolve and effort and do not surmise that any achievement is due to any capability in you or effort on your part. On the contrary, you ought to believe that the merciful God, who does not let anyone's sincere effort go in vain, has given you the fruits of your labour. Do you not observe that everyday hundreds of students fail in their examinations? Do all of these students not make an effort and are they foolish and mindless? Not at all. Some of them are so intelligent and bright that they are sharper than many of the students who have passed. Therefore, it is necessary and incumbent on a believer to perform prostrations of gratitude before God Almighty whenever they are blessed with an achievement that God did not let their effort go in vain. The result of this gratitude will be that a person will increase in their love of God Almighty and grow in faith. In fact, this is not all; such people will be graced with even further successes because God

Almighty states that if one shows gratitude for His bounties, He shall increase His bounties upon such a one; but if one is ungrateful for His blessings, then remember that such a one shall be seized by a grievous punishment.

**The Difference between the Success of a Believer and a Non-Believer**

Always keep the principle in mind that the task of a believer is to feel embarrassed when they are blessed with any form of success, and praise God for having showered His grace upon them. This is how a believer advances, and by demonstrating steadfastness in the face of trial, they receive the favour of God. Apparently, the success of a Hindu and a believer are similar, but remember that the success of a disbeliever is a way that leads to misguidance, whereas the success of a believer opens for them the door of divine blessing. The success of a disbeliever leads to misguidance because they, in turn, do not incline towards God, but rather take their own effort, intelligence and capability to be God. A believer, however, turns to God and gains a new understanding of Him. In this way, after every success, a new relationship between them and God is forged and a transformation begins to take place.

Allah Almighty states:

إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا۟

That is to say, God is with those who are righteous [Holy Quran 16:129]. It ought to be borne in mind that the word *taqwa* (i.e. righteousness) has appeared in the Holy Quran many a time. This word is understood in light of the word *ma'a* (meaning 'with'), which appears before it. That is to say that those who give precedence to God, in return are given precedence by God and He saves such people from every kind of disgrace in this world. It is my belief that if an individual desires to be safeguarded from every kind of disgrace and hardship in this world, there is only one way and that is to become righteous. After this, such a one lacks nothing. Hence, the success of a believer moves them further ahead and they never remain stagnant.

## Blessed Is the One Who Adheres to Righteousness

## At Times of Prosperity and Joy

There are books which contain accounts of numerous people describing how they were initially entangled in worldly matters, rather, they were immensely engrossed in materialism. However, it so happened that they prayed for something and their supplication was heard. After that, their state was transformed completely. Therefore, do not pride yourself over the acceptance of your prayers or on account of your achievements, but rather, value the grace and favour of God. It is a known fact that success breathes a new life into a person's resolve and determination. One should derive benefit from this life and through it, increase in their understanding of Allah Almighty. For the greatest of all things, which becomes a source of benefit, is this very cognizance of the Divine; and this develops when an individual reflects over the grace and mercy of God Almighty. No one can thwart the grace of Allah Almighty. Extreme poverty too can plunge a person into misfortune. This is why it is related in a Hadith: اَلْفَقْرُ سَوَادُ الْوَجْهِ (*Poverty glooms the face*). I have seen poverty drag many people to atheism. A believer, however, does not think ill of God no matter how stringent their circumstances, and deeming it to be the result of their own faults, they beseech God for His mercy and grace. Eventually, when this era passes, and the prayers of a believer come to fruition, they do not forget their time of weakness, but rather, remember it always. Therefore, if you believe in the fact that one is always in need of God, then adopt the way of righteousness. Blessed is the one who adopts righteousness in times of prosperity and joy; and unfortunate is the one who stumbles, yet does not turn to God.

## حضرت اقدس علیہ السلام کی تیسری تقریر

## بر موقعہ جلسہ سالانہ 30/ دسمبر 1897ء

### آخرت پر نظر رکھیں

فرمایا لوگوں کو لازم ہے کہ آخرت پر نظر رکھیں۔ عذاب سے پہلے ڈرنا چاہیے۔

مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست

دیکھو! لوط وغیرہ قوموں کا انجام کیا ہوا۔ ہر ایک کو لازم ہے کہ دل سخت بھی ہو تو اس کو ملامت کر کے خشوع و خضوع کا سبق دے۔ ہماری جماعت کے لئے سب سے ضروری ہے کیونکہ ان کو تازہ معرفت ملتی ہے۔ اگر کوئی دعویٰ تو معرفت کا کرے مگر اس پر چلے نہیں تو یہ لاف و گزاف ہی ہے۔ اس لئے ہماری جماعت دوسروں کی غفلت سے خود غافل نہ رہے اور ان کی محبت کو سرد دیکھ کر اپنی محبت کو ٹھنڈی نہ کرے۔ انسان بہت تمنائیں رکھتا ہے۔ غیب کی قضا وقدر کی کس کو خبر ہے۔ آرزوؤں کے موافق زندگی کبھی نہیں چلتی ہے۔ آرزوؤں کا سلسلہ اور ہے اور قضاو قدر کا سلسلہ اور ہے اور یہی سلسلہ سچا ہے۔ یاد رکھو کہ خدا تعالیٰ کے پاس انسان کے سوانح سچے ہیں۔ اسے کیا معلوم ہے کہ اس میں کیا کیا لکھا ہے، اس لئے دل کو جگا جگا کر متوجہ کرنا چاہیے۔

(فرمایا) افسوس کی بات ہے کہ عام طور پر مصائب کے آنے کی وجہ سے لوگوں کا عُجب و نَخوت دور نہیں ہوا۔ میں سچ کہتا ہوں کہ یہ دور نہ ہوں گی جب تک لوگوں کی ضد اور اَڑ دور نہ ہو گی۔ میں دیکھتا ہوں کہ لوگ خدا تعالیٰ سے پوری مصالحت کے لئے طیار نہیں ہیں۔ قحط کے دوران میں لوگوں نے محسوس نہیں کیا۔ ابتدا میں مکہ و مدینہ کا فتویٰ بھی ڈرا دیا کرتا تھا۔ جب کبھی کوئی کہتا کہ مکہ معظمہ سے یہ فتویٰ آیا ہے تو لوگ ڈر جاتے تھے، لیکن اب ان مصائب کو دیکھ کر بھی لوگ نہیں ڈرتے۔ میری رائے ہے جب تک کہ لوگ کامل طور پر رجوع نہ کریں، تقدیر نہ بدلے گی۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ (الرعد:12)

(الحکم جلد 5 نمبر 22 مورخہ 17 جون 1901 صفحہ 4)

عدالتوں کا ذکر اور عدالتوں میں گواہوں کا وکلا اور حکام کے رعب میں آجانے کا کچھ ذکر ہو رہا تھا۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

عدالتوں میں اکثر گواہوں پر حاکموں اور وکیلوں کا ایسا رعب پڑ جاتا ہے کہ وہ انسانوں کے حقوق کو محفوظ نہیں رکھ سکتے اور کچھ نہ کچھ بے جا اور غلط بات منہ سے نکال دیتے ہیں جس سے ظلم پیدا ہوتا ہے۔ عدالتوں کا رعب بھی ایک شرک ہے۔ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ۔

فرمایا: بعض انگریز مقدمات کے فیصلہ کرنے میں بہت چھان بین کرتے اور غور سے سوچ سوچ کر فیصلہ کرتے ہیں۔ قدرت کی بات ہے کہ میں مرزا صاحب (والد صاحب) کے وقت میں زمینداروں کے ساتھ ایک مقدمہ پر میں امرتسر میں کمشنر کی عدالت میں تھا۔ فیصلہ سے ایک دن پہلے کمشنر زمینداروں کی نہایت رعایت کرتا ہوا اور ان کی شرارتوں کی پروانہ کرکے عدالت میں کہتا تھا کہ یہ غریب لوگ ہیں تم ان پر ظلم کرتے ہو۔ اس رات کو میں نے خواب میں دیکھا کہ وہ انگریز ایک چھوٹے سے بچہ کی شکل میں میرے پاس کھڑا ہے اور میں اس کے سر پر ہاتھ پھیر رہا ہوں۔ صبح کو جب ہم عدالت میں گئے تو اس کی حالت ایسی بدلی ہوئی تھی کہ گویا وہ پہلا انگریز ہی نہ تھا۔ اس نے زمینداروں کو بہت ہی ڈانٹا اور مقدمہ ہمارے حق میں فیصلہ کیا اور ہمارا سارا خرچہ بھی ان سے دلایا۔

فرمایا: حاکم کے لئے دین کا ایک حصہ یہ ہے کہ وہ مقدمات میں اچھی طرح غور کرے تاکہ کسی کا حق تلف نہ ہو جائے۔

فرمایا: دیکھو جب تک انسان مستقل مزاج اور ٹھنڈی طبیعت کا نہ ہو تو ان زمینی حاکموں کے سامنے کھڑا ہونا مشکل ہوتا ہے تو کیا حال ہوگا اس وقت جب کہ اَحْکَمُ الْحٰکِمِیْنَ کے سامنے کھڑے کیے جاویں گے۔

فرمایا: تورات کی رو سے جو زنا کا نطفہ ہو وہ ملعون ہوتا ہے اور جو صلیب دیا جائے وہ بھی ملعون ہوتا ہے۔ تعجب ہے کہ عیسائیوں نے اپنی نجات کے واسطے کفارہ کا مسئلہ گھڑنے کے واسطے یہ تسلیم کر لیا کہ یسوع صلیب پر جا کر ملعون ہو گیا۔ جب ایک لعنت کو انہوں نے یسوع کے واسطے روا رکھا ہے تو پھر دوسری لعنت کو بھی کیوں روا نہیں رکھ لیتے تاکہ کفارہ زیادہ پختہ ہو جائے۔ جب لعنت کا لفظ آگیا تو پھر کیا ایک اور کیا دو مگر قرآن شریف نے ان دونوں لعنتوں کا رڈ کیا ہے اور دونوں کا جواب دیا ہے کہ ان کی پیدائش بھی پاک تھی اور ان کا مرنا بھی عام لوگوں کی طرح تھا، صلیب پر نہ تھا۔

فرمایا: متقی خدا کی طرف جاتا ہے اور دنیا ان کے پیچھے خود بخود آتی ہے، پر دنیادار دنیا کی خاطر رنج اور تکلیف اٹھاتا ہے پھر بھی اسے دنیا سے آرام نہیں ملتا۔ دیکھو! صحابہ نے دنیا کو ترک کیا اور وہ دنیا میں بھی بڑے مالدار ہوئے اور عاقبت کا بھی پھل کھایا۔

## دنیوی کامیابیاں اور خوشیاں دائمی نہیں

انسان کو ہر قسم کی کامیابی کے موقع پر ایک خوشی ہوتی ہے۔ قرآن شریف سے تین قسم کی خوشیاں لہو، لعب، تفاخر معلوم ہوتی ہیں۔ لہو میں اشیاء خوردنی شامل ہیں اور لعب میں شادی وغیرہ کی خوشیاں اور تفاخر میں مال وغیرہ کی خوشیاں۔ یہ تین قسم کی خوشیاں ہیں، ان سے باہر کوئی خوشی نہیں ہے۔ مگر یاد رکھو کہ کامیابیاں اور یہ خوشیاں دائمی نہیں ہوتی ہیں بلکہ ان کے ساتھ دل لگاؤ گے تو سخت حرج ہو گا اور رفتہ رفتہ ایک وقت آتا جاتا ہے کہ ان خوشیوں کا زمانہ تلخیوں سے بدلنے لگتا ہے۔ دُنیا کی کامیابیاں ابتلا سے خالی نہیں ہوتی ہیں۔ قرآن شریف میں آیا ہے:

خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ (الملک:3)

یعنی موت اور زندگی کو پیدا کیا تا کہ ہم تمہیں آزمائیں کامیابی اور ناکامی بھی زندگی اور موت کا سوال ہوتا ہے۔ کامیابی ایک قسم کی زندگی ہوتی ہے۔ جب کسی کو اپنے کامیاب ہونے کی خبر پہنچتی ہے تو اس میں جان پڑ جاتی ہے اور گویا نئی زندگی ملتی ہے اور اگر ناکامی کی خبر آجائے تو زندہ ہی مر جاتا ہے اور بسا اوقات بہت سے کمزور دل آدمی ہلاک بھی ہو جاتے ہیں۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ عام زندگی اور موت تو ایک آسان امر ہے لیکن جہنمی زندگی اور موت دشوار ترین چیز ہے۔ سعید آدمی ناکامی کے بعد کامیاب ہو کر اور بھی سعید ہو جاتا ہے اور خدا تعالیٰ پر ایمان بڑھ جاتا ہے۔ اس کو ایک مزہ آتا ہے جب وہ غور کرتا ہے کہ میرا خدا کیسا ہے اور دنیا کی کامیابی خداشناسی کا ایک بہانا ہو جاتا ہے۔ ایسے آدمیوں کے لیے یہ دنیوی کامیابیاں حقیقی کامیابی کا (جس کو اسلام کی اصطلاح میں فَلَاح کہتے ہیں) ایک ذریعہ ہو جاتی ہیں۔ میں تمھیں سچ سچ کہتا ہوں کہ سچی خوشحالی، سچی راحت دُنیا اور دنیا کی چیزوں میں ہرگز نہیں ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ دُنیا کے تمام شعبے دیکھ کر بھی انسان سچا اور دائمی سرور حاصل نہیں کر سکتا۔ تم دیکھتے ہو کہ دولتمند زیادہ مال و دولت رکھنے والے ہر وقت خنداں رہتے ہیں مگر ان کی حالت جَرَب یعنی خارش کے مریض کی سی ہوتی ہے جس کو کھجلانے سے راحت ملتی ہے لیکن اس خارش کا آخری نتیجہ کیا ہوتا ہے؟ یہی کہ خون نکل آتا ہے۔ پس ان دنیوی اور عارضی کامیابیوں پر اس قدر خوش مت ہو کہ

حقیقی کامیابی سے دور چلے جاؤ بلکہ ان کامیابیوں کو خدا شناسی کا ایک ذریعہ قرار دو۔ اپنی ہمت اور کوشش پر نازمت کرو اور مت سمجھو کہ یہ کامیابی ہماری کسی قابلیت اور محنت کا نتیجہ ہے بلکہ یہ سوچو کہ اس رحیم خدا نے جو کبھی کسی کی سچی محنت کو ضائع نہیں کرتا ہے ہماری محنت کو بارور کیا ورنہ کیا تم نہیں دیکھتے کہ صدہا طالب علم آئے دن امتحانوں میں فیل ہوتے ہیں۔ کیا وہ سب کے سب محنت نہ کرنے والے اور بالکل غبی اور بلید ہی ہوتے ہیں؟ نہیں بلکہ بعض ایسے ذکی اور ہوشیار ہوتے ہیں کہ پاس ہونے والوں میں سے اکثر کے مقابلہ میں ہوشیار ہوتے ہیں۔ اس لیے واجب اور ضروری ہے کہ ہر کامیابی پر مومن خداتعالیٰ کے حضور سجدات شکر بجالائے کہ اس نے محنت کو اکارت تو نہیں جانے دیا۔ اس شکر کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ سے محبت بڑھے گی اور ایمان میں ترقی ہوگی اور نہ صرف یہی بلکہ اور بھی کامیابیاں ملیں گی کیونکہ خداتعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر تم میری نعمتوں کا شکر کروگے تو البتہ میں نعمتوں کو زیادہ کروں گا۔ اور اگر کفرانِ نعمت کروگے، تو یادرکھو، عذاب سخت میں گرفتار ہوگے۔

## مومن اور کافر کی کامیابی میں فرق

اس اصول کو ہمیشہ مد نظر رکھو۔ مومن کا کام یہ ہے کہ وہ کسی کامیابی پر جو اسے دی جاتی ہے۔ شرمندہ ہوتا ہے اور خدا کی حمد کرتا ہے کہ اس نے اپنا فضل کیا اور اس طرح پر وہ قدم آگے رکھتا ہے اور ہر ابتلا میں ثابت قدم رہ کر انعام پاتا ہے۔ بظاہر ایک ہندو اور مومن کی کامیابی ایک رنگ میں مشابہ ہوتی ہے، لیکن یادرکھو کہ کافر کی کامیابی ضلالت کی راہ ہے۔ اور مومن کی کامیابی سے اس کیلئے نعمتوں کا دروازہ کھلتا ہے۔ کافر کی کامیابی اس لئے ضلالت کی طرف لے جاتی ہے کہ وہ خدا کی طرف رجوع نہیں کرتا بلکہ اپنی محنت، دانش اور قابلیت کو خدا بنالیتا ہے مگر مومن خدا کی طرف رجوع کر کے خدا سے ایک نیا تعارف پیدا کرتا ہے اور اس طرح پر ہر ایک کامیابی کے بعد اس کا خدا سے ایک نیا معاملہ شروع ہوجاتا ہے اور اس میں تبدیلی ہونے لگتی ہے اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا (النحل:129) خدا ان کے ساتھ ہوتا ہے جو متقی ہوتے ہیں۔ یادرکھنا چاہیے کہ قرآن شریف میں تقویٰ کا لفظ بہت مرتبہ آیا ہے۔ اس کے معنی پہلے لفظ سے کیے جاتے ہیں۔ یہاں مَعَ کا لفظ آیا ہے یعنی جو خدا کو مقدم سمجھتا ہے خدا اس کو مقدم رکھتا ہے اور دُنیا میں ہر قسم کی ذلتوں سے بچالیتا ہے۔ میرا ایمان یہی ہے کہ اگر انسان دُنیا میں ہر قسم کی ذلت اور سختی سے بچنا چاہے تو اس کے لیے ایک ہی راہ ہے کہ متقی بن جائے۔ پھر اس کو کسی چیز کی کمی نہیں۔ پس مومن کی کامیابیاں اس کو آگے لے جاتی ہیں اور وہ وہیں ہی نہیں ٹھہر جاتا۔

## 7. Prayer To Memorise ............................... 7-زبانی یاد کرنے کیلئے دُعا

### دُعائے نمازِ جنازہ

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا ، وَشَاھِدِنَا وَ غَائِبِنَا، وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا، وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ ، اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَہٗ، وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَہٗ۔

**Translation:** O Allah forgive our living ones and our deceased ones, and those of us who are present and our absent ones, and our young ones, and our older ones, and our males and females. O Allah those of us whom Thou granted life keep them firm on Islam, and those of us whom Thou caused to die, cause them to die in the faith. Deprive us not O' Allah, of the benefits relating him (the deceased) and subject us not to trial after him.

ترجمہ: اے اللہ بخش دے ہمارے زندوں کو اور جو مر گئے ہیں۔ اور جو حاضر ہیں اور جو موجود نہیں۔ اور ہمارے چھوٹوں کو اور بڑوں کو۔ اور ہمارے مردوں کو اور عورتوں کو۔ اے اللہ جسے تو ہم میں سے زندہ رکھے اُسے اسلام پر زندہ رکھ۔ اور جسے تو ہم میں سے وفات دے اس کو ایمان کے ساتھ وفات دے۔ اے اللہ اس کے اجر و ثواب سے ہمیں محروم نہ رکھ۔ اور اس کے بعد ہمیں کسی فتنہ میں نہ ڈال۔

The Janaza prayer consists of the Imam standing in front of the body with congregation behind him lined up in odd number of lines. Imam says loudly *Allah-o- Akbar* and the whole congregation stands with their arms folded. After a few moments the Imam repeats *Allah-o- Akbar* again, then a third time he repeats the same words. At the fourth *Allah-o- Akbar*, he says *AssalaamoAlaikumWarahmatullah* twice and the prayer is over.

At the first *Allah-o- Akbar*, we recite Surah Fatihah, the first Chapter of the Holy Qur'an. After the second *Allah-o-Akbar*, we recite the "Darood Shareef"

After the third *Allah-o-Akbar*, we recite the prayer taught by Holy Prophet Muhammad for funerals, as listed below:

"O God forgive our living ones and our deceased ones, and those of us who are present and those who are absent, and our young ones and old ones, and our males and our females. O God, those of us whom Thou grantest life keep them firm on Islam, and those of us Thou casusest to die, cause them to die in the faith. Deprive us not, O Allah, of the benefits relating to the deceased and subject us not to trial after him."

Prayer starts with seeking forgiveness for the living ones and the deceased ones. This is for all human beings who are living at this time or who have passed away in the past.

The forgiveness is being asked for those who are present, meaning people that are around us and are present in our life. It would include our relatives, family, friends, neighbours, colleagues and even strangers that we see around us. We also seek forgiveness for those who are absent (from our lives). This covers the people around the globe whom we do not recognize and do not have any contact with because they are not related to us nor have any contact with us.

We also seek forgiveness for the young and the old ones. We also include all females and males. In our seeking of forgiveness gender or age does not matter and this prayer includes all these categories specifically and clearly.

At the end of the prayer, we ask for two things from Allah. One is that we should keep on getting benefits from whatever the deceased has done for us. The other thing that we ask is Allah should help us so going through the experience of one departing us does not become a trial for us.

At the fourth calling of *Allah-o-Akbar* by the Imam, the prayer is over.

As far as the prayer being said quietly and not be recited loudly by the Imam, there is also wisdom in it. Funeral service is an emotional time. Relationship with the deceased is directly proportionate to the hurt and pain one feels at the funeral. Some people cannot hold their emotions and would cry openly and that takes attention away from the wonderful prayers that are offered. So everyone is taught to pray quietly, keeping their emotions to themselves and seeking forgiveness and asking God's help at the time of loss.

**Resource:** https://www.alislam.org/articles/philosophy-behind-islamic-funeral-prayer/

## 8. Al-Qaseedah ........................................................ 8-القصیدہ

**(47)**

وَاللّٰهِ إِنَّ مُحَمَّدًا كَرِدَافَةٍ

وَ بِهِ الْوُصُولُ بِسُدَّةِ السُّلْطَانِ

By God! (The Holy Prophet) Muhammad[saw] is certainly like the Prime Minister (in his spiritual relation to Almighty God)

خدا کی قسم! یقیناً محمد (صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے لئے) وزیر اعظم کی مانند ہیں

اور آپ ہی کے واسطہ سے (خدائے) بادشاہ کی چوکھٹ تک رسائی ہوتی ہے

**(48)**

هُوَ فَخْرُ كُلِّ مُطَهَّرٍ وَ مُقَدَّسٍ

وَبِهِ يُبَاهِي الْعَسْكَرُ الرُّوْحَانِي

He is the pride of every purified and holy person;

And the spiritual troops (of Allah, also cherish him and) take pride in him.

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر مطہر اور مقدس کے لئے باعث فخر ہیں

آپ کی ذاتِ اقدس پر خُدا تعالیٰ کا روحانی لشکر (فخر اور) ناز کرتا ہے۔

(English and Urdu translation taken from: Basics of Religious Education; Fifth Edition)

## 8. History Of Islam ................................................. تاریخ اسلام-8

### The Life & Character of the Seal of Prophets

**Hazrat Mirza Bashir Ahmad Sahib M.A[ra] - Volume III**

### The Islāmic Perspective on Preaching

Firstly and foremost it should be known that Islām is a proselytizing religion and its Holy Founder has been instructed to convey to the people all such truths revealed from the heavens through Islām, and nothing should be hidden by him; and to expound each and every one of its aspects. As such, God the Exalted addresses the Holy Prophet[saw] in the Holy Qur'ān saying:

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ

*"O Messenger of Allāh, clearly convey to the people what has been revealed tothee from thy Lord; and if you do it not (hiding a portion thereof, and conveying another), then know that thou shalt not be deemed as one having conveyed God's message."*

Al-Ma'idah (5:68)

Moreover, this obligation of preaching has not been confined to the Holy Prophet[saw] alone. Rather, the same duty has been enjoined upon the followers of the Holy Prophet[saw] as well, in that they convey the truths of Islām to others. As such, the Holy Qur'ān states:

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

*"O Ye Muslims! You are the best people raised for the good of mankind. Your task is to invite people to the good of Islām, and forbid them from evil which is against the teachings of Islām."*

Āl-e-'Imrān (3:111)

Then, at one step further, it enjoins that a party of the Muslims should always remain devoted to the service of preaching Islām, and should wholly devote themselves to the service of religion. Therefore, He states:

وَلۡتَكُنۡ مِّنۡكُمۡ اُمَّةٌ يَّدۡعُوۡنَ اِلَى الۡخَيۡرِ وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ‌ؕ وَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ۝

*"And let there be among you a part of the community who remain devoted to the propagation of truth. Their task is to invite people to goodness, teach virtue and forbid evil; And the truth is that it is these very people who shall prosper."*

Āl-e-'Imrān (3:105)

**No Compulsion in Religion**

Whilst drawing attention towards fervent preaching, the Holy Qur'ān teaches the principle that preaching should always be done in the best possible manner, with wisdom and intelligence, so that the heart of the addressee inclined towards truth does not become obstinate and averse. Instead, the windows ofthe heart open automatically for the acceptance of truth. As such, He states:

اُدۡعُ اِلٰى سَبِيۡلِ رَبِّكَ بِالۡحِكۡمَةِ وَالۡمَوۡعِظَةِ الۡحَسَنَةِ‌ وَجَادِلۡهُمۡ بِالَّتِىۡ هِىَ اَحۡسَنُ ۝

*"O Messenger of God, call people unto the way of thy Lord with wisdom and goodly exhortation; and if ever an occasion of discussion or debate arises, then argue in a manner that is appealing and finest."*

An-Nahl (16:126)

Then, further expounding this principle, Allāh states that a way of compulsion and coercion in the matter of religion is not permissible under any circumstances. Nor can true faith be developed by compulsion and persecution. Once an explanation with proof and argumentation has been furnished, the addressee should have the right to either accept or reject it, as per his wishes, because no individual can be worthy of reward or punishment without free acceptance or rejection. As such, Allāh states:

لَاۤ اِكۡرَاهَ فِى الدِّيۡنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَىِّ ۝

*"There can be no compulsion in the matter of religion. Guidance and misguidance are two distinct things; And every individual has the right to his own decision."*

Al-Baqarah (2:257)

Moreover, He states at another place:

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا

*"Let him who will believe, and let him who will disbelieve. As for those who disbelieve, thus becoming wrongdoers, we have certainly decreed for them a punishment of the fire in the hereafter."*

Al-Kahf (18:30)

Then, whilst expounding another aspect of this beautiful subject, Allāh states that faith, which is produced as a result of compulsion, possesses no reality whatsoever. Rather, the truth is that it is not worthy of being called faith at all, because in such a case, the tongue professes something with which the heart is quite at odds. Then what to talk of being worthy of reward, two faced hypocrites of this type are deserving of a twofold punishment, for their crime of disbelief, is further compounded by the crime of fabrication and deception as well. They are disbelievers, because in their hearts is disbelief; they are liars and impostors, because they falsely profess Islām by their tongues, against the belief of their heart, in order to deceive the Muslims. Assuch, Allāh states:

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ

*"Hypocritical people who profess Islām by their tongues, but their hearts are full of disbelief, shall surely be in the lowest and most severe depth of the Fire in the hereafter."*

An-Nisā' (4:146)

## Universal Message of Islām

At last, Islām addresses the issue that unlike past prophets (i.e., Prophet Moses[as], Jesus[as] and Krishna[as] etc.) the mission of the Holy Prophet[saw] was not confined to his own people, that is, the Arabs alone. Nor was it specific

to any era in time. Rather, it is a message for all peoples and for all times. For this reason, Muslims should equally pay attention to all peoples. As such, God the Exalted states in the Holy Qur'ān:

قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا ۨالَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

*"O Prophet, tell the people that truly I am a Messenger to you all from Allāh. Indeed, the God to Whom belongs the entire universe; the kingdom of the heavens and the earth."* Al-A'rāf (7:159)

Furthermore, in expounding this instruction, regarding his universal mission, the Holy Prophet[saw] states:

أُعْطِيْتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِيْ۔ نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ وَجُعِلَتْ لِيَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّطَهُوْرًا وَاُحِلَّتْ لِيَ الْمَغَانِمُ . . . وَاُعْطِيْتُ الشَّفَاعَةَ وَكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ اِلٰى قَوْمِهٖ خَاصَّةً وَّبُعِثْتُ اِلَى النَّاسِ عَامَّةً۔ وَفِيْ رِوَايَةٍ بُعِثْتُ اِلَى الْاَحْمَرِ وَالْاَسْوَدِ۔

*"I have been granted five distinctions, which none of the Prophets were granted before me. Firstly, I have been reinforced with God-given awe extending as far as a month's journey; secondly, the entire earth has been made for me a mosque and a means of purity; thirdly, the spoils of war have been made lawful for me; fourthly, I have been granted the honour of intercession; fifthly, while Prophets before me were commissioned to their particular people, I have been sent to the whole of mankind, 2 and in another narration it is recorded that I have been sent to all races."*

Musnad, By Imām Aḥmad bin Ḥanbal, Volume 5, p. 38, MusnaduJābir-ibni 'Abdillāhil-Anṣāriyyi, Ḥadīth No. 14314, 'Ālamul-Kutub, Beirut (1998)

All five of these distinctions of the Holy Prophet[saw] possesses a very magnificent aspect within them. At this occasion, we are only concerned with the fifth distinction, wherein it has been clearly announced that the appointment of the Holy Prophet[saw] and the message of Islām is for all the people of the world and not any one people.

# اسلام کا تبلیغی نظریہ

سو سب سے پہلے جاننا چاہئے کہ اسلام ایک تبلیغی مذہب ہے اور اس کے مقدس بانی کو حکم دیا گیا ہے کہ جو صداقت بھی اسلام کے ذریعہ آسمان سے نازل ہوئی ہے اسے اپنے آپ تک چھپا کر نہ رکھے بلکہ لوگوں تک پہنچائے۔ اور اس کے سارے پہلوؤں کو کھول کھول کر بیان کر دے۔ چنانچہ خدا تعالیٰ قرآن شریف میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کر کے فرماتا ہے:

يَاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ۝ (المائدہ: 68)

یعنی ”اے خدا کے رسول جو کچھ بھی تجھ پر تیرے رب کی طرف سے اُتارا گیا ہے وہ لوگوں تک کھول کھول کر پہنچادے اور اگر تو نے ایسا نہ کیا اور کسی حصہ کو چھپا کر رکھا اور کسی کو بیان کر دیا تو جان لے کہ اس صورت میں تو خدا کی رسالت کو پہنچانے والا نہیں سمجھا جائے گا۔“

اور یہ فریضۂ تبلیغ صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ آپ پر ایمان لانے والوں کا بھی یہی فرض مقرر کیا گیا ہے کہ وہ اسلام کی صداقتوں کو دوسروں تک پہنچائیں چنانچہ قرآن شریف فرماتا ہے:

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۝ (آل عمران:11)

یعنی ”اے مسلمانو! تم دنیا کی بہترین امت بنا کر اقوامِ عالم کے فائدہ کے لئے قائم کئے گئے ہو۔ تمہارا یہ کام ہے کہ لوگوں کو اسلام کی نیکی کی طرف بلاؤ اور خلافِ اسلام بدی سے روکو۔“

پھر اس سے بھی ایک قدم آگے بڑھ کر حکم دیتا ہے کہ مسلمانوں کا ایک حصہ ہمیشہ تبلیغِ اسلام کی خدمت کے لئے وقف رہنا چاہئے جو گویا اپنے آپ کو کلیتاً خدمتِ دین کے لئے وقف کر دے۔ چنانچہ فرماتا ہے:

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

(آل عمران:105)

یعنی ”چاہئے کہ تم میں سے ملت کا ایک حصہ تبلیغِ حق کے لئے وقف رہے اس کا کام لوگوں کو نیکی کی طرف بلانا اور بھلائی کی تلقین کرنا اور بدی سے روکنا ہو اور بات یہ ہے کہ یہی لوگ حقیقتاً بامراد ہیں۔“

## دین کے معاملہ میں جبر جائز نہیں

فریضۂ تبلیغ کی طرف توجہ دلانے کے ساتھ ہی قرآن شریف یہ اصول سکھاتا ہے کہ تبلیغ ہمیشہ نہایت احسن طریق پر حکمت و دانائی کے رنگ میں ہونی چاہئے تاکہ صداقت پسند مخاطب کے دل میں ضد اور دوری پیدا ہونے کی بجائے اس کے دل کی کھڑکیاں سچائی کے قبول کرنے کے لئے خود بخود کھلتی چلی جائیں۔ چنانچہ فرماتا ہے:

اُدۡعُ اِلٰى سَبِيۡلِ رَبِّكَ بِالۡحِكۡمَةِ وَالۡمَوۡعِظَةِ الۡحَسَنَةِ وَجَادِلۡهُمۡ بِالَّتِىۡ هِىَ اَحۡسَنُ ۚ

(النحل:126)

یعنی ”اے خدا کے رسول اپنے رب کے رستہ کی طرف حکمت اور عمدہ طریقِ نصیحت کے رنگ میں لوگوں کو دعوت دو اور اگر کبھی بحث و مجادلہ کی صورت پیدا ہو جائے تو بحث بھی دلکش اور بہترین انداز میں کرو۔“

پھر اسی اصول کی مزید تشریح کرتے ہوئے فرماتا ہے کہ دین کے معاملہ میں جبر و اکراہ کا طریق کسی طرح جائز نہیں اور نہ جبر و تشدد کے نتیجہ میں سچا ایمان پیدا ہو سکتا ہے۔ پس دلائل و براہین کے ساتھ سمجھا دینے کے بعد مخاطب کو یہ اختیار ہونا چاہئے کہ اگر وہ چاہے تو قبول کرے اور چاہے تو انکار کر دے کیونکہ آزادانہ اقرار یا انکار کے بغیر کوئی شخص انعام یا سزا کا مستحق نہیں سمجھا جا سکتا۔ چنانچہ فرماتا ہے:

لَاۤ اِكۡرَاهَ فِى الدِّيۡنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَىِّ ۚ (البقرة:257)

یعنی ”دین کے معاملہ میں جبر نہیں ہو سکتا۔ ہدایت اور گمراہی کھلی کھلی چیزیں ہیں اور ہر شخص خود فیصلہ کا حق رکھتا ہے۔“

اور دوسری جگہ فرماتا ہے:

وَقُلِ الۡحَـقُّ مِنۡ رَّبِّكُمۡ‌ ۚ فَمَنۡ شَآءَ فَلۡيُؤۡمِنۡ وَّمَنۡ شَآءَ فَلۡيَكۡفُرۡ‌ ۚ اِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا لِلظّٰلِمِيۡنَ نَارًا ۚ

(الکهف:30)

پس ''جو جو شخص چاہے ایمان لے آئے اور اور جو شخص چاہے انکار کر دے۔ہاں جو لوگ انکار کر کے ظالم بنیں گے ان کے لئے آخرت میں ضرور آگ کا عذاب مقدر ہے۔''

پھر اس لطیف مضمون کے دوسرے پہلو کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتا ہے کہ جبر کے نتیجہ میں پیدا شدہ ایمان قطعاً کوئی حقیقت نہیں رکھتا بلکہ حق یہ ہے کہ وہ ایمان کہلانے کا حق دار ہی نہیں کیونکہ اس صورت میں انسان کی زبان پر کچھ اور ہوتا ہے اور دل میں کچھ اور ہوتا ہے۔ اور انعام کا مستحق ہونا تو درکنار ایسے دورُخے منافق دوہرے عذاب کے سزاوار ٹھہرتے ہیں کیونکہ وہ اپنے کفر کے جرم کے ساتھ جھوٹ اور دھوکے بازی کے جرم کا بھی اضافہ کر لیتے ہیں۔ وہ کافر ہیں کیونکہ ان کے دل میں کفر ہوتا ہے اور وہ جھوٹے اور دھوکے باز ہیں کیونکہ وہ اپنے دل کے یقین کے خلاف مسلمانوں کو دھوکا دینے کے لئے زبان سے جھوٹے طور پر اسلام کا اقرار کرتے ہیں۔ چنانچہ فرماتا ہے:

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ (النساء:146)

یعنی ''منافق لوگ جو زبان سے تو اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں مگر ان کے دل میں کفر بھرا ہوتا ہے وہ آخرت میں دوزخ کی آگ کی سب سے سخت اور سب سے نیچے کی تہہ میں رکھے جائیں گے۔''

## اسلام کا عالمگیر مشن

بالآخر اسلام اس سوال کو لیتا ہے کہ گزشتہ نبیوں (یعنی حضرت موسیٰؑ، حضرت عیسیٰؑ اور حضرت کرشنؑ وغیرہ) کے خلاف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مشن صرف اپنی قوم یعنی عربوں تک ہی محدود نہیں ہے اور نہ صرف کسی خاص زمانہ کے ساتھ مخصوص ہے بلکہ دنیا کی ساری قوموں کے لئے ہے اور سارے زمانوں سے تعلق رکھتا ہے۔ اس لئے مسلمانوں کو ساری قوموں کی طرف یکساں توجہ دینی چاہئے۔ چنانچہ قرآن شریف میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے:

قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨالَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

(الاعراف:159)

یعنی ''اے نبی تو لوگوں سے کہہ دے کہ خدا نے مجھے تم سب کی طرف رسول بنا کر بھیجا ہے۔ ہاں وہی خدا جو اس کل کائنات یعنی آسمانوں اور زمین کا مالک و آقا ہے۔''

اور اس ہدایت کی تشریح میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے عالمگیر مشن کے متعلق فرماتے ہیں:

أُعْطِيْتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِىْ۔ نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ وَجُعِلَتْ لِىَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّطَهُوْرًا وَاُحِلَّتْ لِىَ الْمَغَانِمُ ... وَاُعْطِيْتُ الشَّفَاعَةَ وَكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ اِلٰى قَوْمِهٖ خَاصَّةً وَّبُعِثْتُ اِلَى النَّاسِ عَامَّةً۔ وَفِىْ رِوَايَةٍ بُعِثْتُ اِلَى الْاَحْمَرِ وَالْاَسْوَدِ۔

یعنی ”مجھے پانچ ایسی باتیں عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی اور نبی کو نہیں دی گئیں۔ (۱) مجھے ایک ماہ کی مسافت تک خدا داد رعب عطا کیا گیا ہے۔ (۲) میرے لئے تمام زمین مسجد اور طہارت کا ذریعہ بنائی گئی ہے۔ (۳) میرے لئے جنگوں میں حاصل شدہ مالِ غنیمت جائز قرار دیا گیا ہے۔ (۴) مجھے شفاعت کا مقام عطا کیا گیا ہے اور (۵) مجھ سے پہلے ہر نبی اپنی خاص قوم کی طرف مبعوث ہوتا تھا مگر مجھے سب بنی نوع آدم کے لئے مبعوث کیا گیا ہے اور (ایک روایت میں یہ ہے کہ) میں اسود و احمر کی طرف مبعوث کیا گیا ہوں۔“

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ پانچوں خصوصیات اپنے اندر نہایت شاندار پہلو رکھتی ہیں مگر اس جگہ ہمارا تعلق صرف پانچویں خصوصیت کے ساتھ ہے جس میں نہایت واضح الفاظ میں اعلان کیا گیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت اور اسلام کا پیغام دنیا کی ساری قوموں کے واسطے ہے نہ کہ صرف کسی ایک قوم کے واسطے۔

## 10. Book of the Promised Messiah[as] ... 10- حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب

New book will be prescribed nearer the time.

"O my Lord, increase me in knowledge."

*( Holy Qur'an, 20:115)*

"It is duty of every Muslim man and woman to seek knowledge."

*(Ibn-e-Majah)*

LAJNA IMA'ILLAH UK